UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224515

UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ نصابات علیمیہ جامعہ عثمانیہ

احصا کا ابتدائی رسالہ

حصۂ دوم

مع توضیحات از علم ہندسہ، علم حیل، و طبیعیات

مصنفۂ

جارج اے گبسن ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل ڈی۔ ایف آر ایس ای

جس کا

قاضی محمد حسین صاحب ایم۔ اے

پروفیسر کلیہ جامعہ عثمانیہ سرکار عالی نے اردو میں ترجمہ کیا

سنہ ۱۳۴۶ھ م سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ع

دار الطبع جامعہ عثمانیہ دار العلم حیدرآباد دکن

دیباچہ از مترجم

احصا کے ابتدائی رسالہ مصنفہ گبسن کا ترجمہ اردو میں حسب منظوری مجلس ریاضی و سائنس بی۔ اے کی جماعتوں کے لئے کیا گیا ہے۔ مبتدیوں کے لئے انگریزی زبان میں یہ مفید کتاب ہے، احصا کے اطلاق کے متعلق طبیعی، حیلی و ہندسی مسائل کی کثیر تعداد اس میں موجود ہے۔ ترجمہ تحت لفظی ہے کوئی ترمیم اصل پر نہیں کی گئی۔ کتاب کی ضخامت کی وجہ سے اس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے، ورنہ مضمون بالکل مسلسل ہے، جہاں تکمل کی باضابطہ بحث شروع ہوتی ہے، وہاں سے حصۂ دوم کی ابتدا کی گئی ہے۔ اس کتاب میں تفرق اور تکمل میں کوئی خط فاصل نہیں پیدا کیا گیا اور نہ ہی ہونا چاہئے، ایک نقطہ نظر سے تکمل تفرق کا الٹ ہے، اس لئے جہاں معیاری ضابطے تفرق کے حاصل کئے جاتے ہیں وہاں تکمل کی معیاری صورتیں بھی پیدا ہوتی ہیں، ٹھیک اس موقع پر طالب علم کو ان دونوں اعمال سے تماس پیدا کر لینا چاہئے۔

مجوزہ ترقیم و اصطلاحات کی فہرست اس کتاب کے ساتھ منسلک ہے، احصا کی علامات و رموز اساسی اہمیت رکھتی ہیں اور کثرت سے اعلیٰ ریاضی اور سائنس کے ہر شعبہ میں استعمال ہوتی ہیں، اس لئے ترقیم و علامات کا مناسب انتخاب اور انکے لحاظ سے پوری یکسانیت ریاضی اور سائنس کی تمام شاخوں میں ضروری ہے۔ اس کتاب کے مطبع میں جانے کے بعد سائنس ترقیم کمیٹی جامعہ عثمانیہ نے

انگریزی و یونانی حروف کے لئے مماثل عربی حروف اختیار کئے ہیں جن کے ساتھ مطابقت آیندہ سے سائنس کے تمام شعبوں میں لازمی ہوگی، ان کی فہرست حوالہ کے طور پر یہاں دیجاتی ہے، براہ کرم اس کتاب کی تفصیلی ترقیم کو ان حروف کی مطابقت سے پڑھا جائے۔

مترجم

مفرد حروف انگریزی دیونانی کے مماثل مجوزہ حروف ۔

A	B	C	D	E	F	G	H
ا	ب	ج	د	ع	ف	گ	ح
I	J	K	L	M	N	O	P
آ	ژ	ک	ل	م	ن	ط	پ
Q	R	S	T	U	V	W	X
ق	ر	س	ت	ء	و	ھ	لا
Y	Z						
ے	ما						

انگریزی کے بڑے (Capital) حروف بخط عربی لکھے جائینگے اور چھوٹے حروف بخط فارسی ۔ نیز بڑے حروف جلی لکھے جائیں گے اور ان کے لئے پیمانہ بھی بڑا ہوگا ۔

a	b	c	d .....
ا	ب	ج	د .....
A′	B′	C′	D′ .....
اَ	بَ	جَ	دَ .....
A_1	B_1	C_1	D_1 .....
$ا_1$	$ب_1$	$ج_1$	$د_1$ .....

طہ	یہ	شہ	صہ	ضہ	جہ	بہ	عہ
ط	بھ	ظہ	نہ	سہ	لہ	کہ	حہ
سہ	پہ	خہ	فہ	چہ	ٹہ	شہ	ر، غہ

یونانی بڑے حروف کے لئے آخر میں ھ کی بجائے ا لکھا جائے گا جیسے عا، با، جا، .....

دیباچہ

گذشتہ چند سالوں میں عملی سائنس کی تمام شاخوں میں بیحد ترقی ہوئی ہے۔ جس کی وجہ سے طالب علم کے اوقات پر بوجھ بہت بڑھ گیا ہے، اس لئے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ریاضی کتب نصاب کی نوعیت میں تبدیلی کی ضرورت ہے۔ اس لحاظ سے کئی کتب ریاضی شائع ہوئی ہیں جو طلبہ کی خاص خاص جماعتوں کے لئے موزوں کی گئی ہیں، ان میں صرف اتنی اور اس قسم کی ریاضی مندرج ہوتی ہے جو صرف ان طلبہ کی اغراض کو پورا کرے۔

اس تبدیلی کے حق میں جو دلائل اکثر بیان کئے جاتے ہیں ان میں سے بعض کے ساتھ ہمیں دلی ہمدردی ہے۔ لیکن یہ ہمیشہ سے درست ہے اور آج بھی درست ہے کہ ریاضی سیکھنے کے لئے کوئی شاہ راہ نہیں ہے اور بغیر جانسوز کوشش کے اس علم کی کوئی مفید کار تحصیل نہیں ہو سکتی۔

بعض اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ اگر طالب علم سادہ قوتوں، قوت نمائی اور لوکاری تفاعلوں اور شاید جیب اور جیب التمام کے مشتقوں اور تکملوں کے ساتھ پوری واقفیت رکھتا ہو تو فن انجنیری کے لئے علم احصا کی اسقدر بنیاد کافی ہے۔ اس بیان میں سچائی کی بڑی مقدار موجود ہے، تاہم یاد رہے کہ اگر محض نتائج کے اقتباس اور استعمال کی حد سے زیادہ استعداد مطلوب ہو تو یہ ان چند اسباق سے حاصل نہیں ہو سکتی جو بالعموم ابتدائی اصولوں کی تشریح کے لئے کافی خیال کئے جاتے ہیں۔

یہ شائد ممکن ہے کہ چند سبقوں میں احصا کے خاص نتائج کی کافی مقدار بیان کردیجا سکے اور ان کی توضیح بھی کردیجائے اور ان کی مدد سے طالب علم حیلی اور طبیعی مسائل کی ابتدائی بحث کو ایک حد تک بخوبی سمجھ سکے، لیکن احصا کا اسقدر سطحی کورس اگرچہ فائدہ سے خالی نہیں مگر ہر دو مقدار اور نوعیت کے لحاظ سے یہ اس قسم کے عملی مضامین کے برجستہ مطالعہ کے لئے مطلق کافی نہیں ہے جیسے متبادل برقی رو کا نظریہ، حرحرکیات، حرکت سیالات، لچک کا نظریہ وغیرہ وغیرہ اور جس طالب علم کی بنیاد محض مندرجہ بالا کورس پر رکھی گئی ہے اس کے لئے طبیعیات اور کیمیا کے جدید معلومات اور مضامین تک رسائی محال ہوگی۔ علاوہ اس کے ہر دو انڈین تعلیمی اسکیم کا یہ مقصد ہونا چاہئے کہ طالب علم اپنے مذاق کے خاص فن میں بذات خود تحقیق و تجسس کرنے کے قابل ہوجائے، جدید سائنس کے نہایت پیچیدہ مسائل اور اسقدر تفصیل جو اس کے ساتھ مخصوص ہے ان سب کی بنا پر یہ کچھ کم لازم نہیں آتا کہ ریاضی کی تعلیم میں بخل سے کام نہ لیا جائے۔ اس امر کے مدنظر کہ طالب علم کو بالآخر کسی ایک خاص فن میں مہارت حاصل کرنا ہے یہ اور بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی منزلوں میں اس کی ریاضی کی تعلیم بالکل وہی ہو خواہ بعد میں وہ خالص ریاضی کی تحصیل میں اپنا پورا وقت لگانا چاہئے یا سائنس کی زیادہ عملی شاخوں میں۔ اور یہ خاص طور پر ضروری ہے کیونکہ تخیل کے اعمال جو کسی حیلی، طبیعی یا کیمیاوی مظہر کے سنجیدہ مطالعہ میں شامل ہوتے ہیں وہ ان اعمال کے ساتھ بہت کچھ لگاؤ اور اشتراک رکھتے ہیں جو احصا (کیلکولس) کی تعلیم میں منکشف ہوتے ہیں۔

ابتدا میں احصا پر جو کتابیں لکھی گئیں جیسے **مکلارن** اور **سمسن** کے رسالے وہ صرف خالص ریاضی دانوں کے لئے ہی تصنیف نہیں کی گئی تھیں، بلکہ اکثر ان کی توضیحات طبیعی فلسفہ سے حاصل کی گئی تھیں، بعد میں شاید طبیعیات کی وسعت کے بڑھ جانے سے ایسی کتابوں میں احصا کا طبیعی استعمال کم ہوتا گیا اور احصا کی کتابیں ایک حد تک اعلیٰ ہندسہ کے رسالے بن گئے۔ علم ریاضی کی موجودہ صورت حال یہ ہے کہ احصا کی کتابوں کو نہ اعلیٰ ہندسہ کی کتب نصاب بن جانا چاہئے اور نہ ہی ان کے لئے طبیعیات، انجینیرنگ یا کیمیا کی کتابیں بن جانا درست ہے۔

احصا کے ابتدائی رسالہ سے جو معقول امید کیجا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ طالب علم کو احصا کے اصولوں اور اعمال کو آسانی کے ساتھ اپنے ایسے مطالبات میں لگانیکے لئے تیار کرے جن میں احصا عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اس غرض کو پورا کرنیکے لئے احصا کے مضمون کی توضیح علوم ہندسہ، حیل اور طبیعیات سے ہونی چاہئے جبکہ ان فنون کی ذاتی اور خصوصی مشکلات کو خاص کتب نصاب میں تفصیلی بحث کے لئے جگہ دیجائے اور یہ توضیحات اپنا اصل مقصد صرف عام اصولوں پر روشنی ڈالنے کا پورا کریں اور ذہنی مشکلات کو رفع کرنے کی بجائے انہیں اور پیدا نہ کردیں۔ علم کیمیا کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ احصا کے پختہ علم کی اس میں خاص ضرورت ہے کیونکہ کیمیائی تحقیقات میں ایک سے زیادہ متغیروں کے تفاعلوں کے خواص زیادہ تر استعمال ہوتے ہیں۔

حال میں (Van Laar) کی کتاب [Leherbuch der Mathematischen Chemie] اس قسم کی تصنیفات کا پیش خیمہ ہے جن سے قطع نظر نہیں ہو سکتی۔

اس میں مذکورہ بالا مقاصد کو حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے، طالب علم کی ریاضی قابلیت کے متعلق صرف اتنا فرض کر لیا گیا ہے کہ وہ اس کتاب کے مطالعہ سے پیشتر ہندسہ کے ان مقالوں سے واقف ہے جو اکثر پڑھے جاتے ہیں۔ نیز اسکی استعداد جبر و مقابلہ میں مسئلہ ثنائی تک ہے اور مستوی علم مثلث میں مسئلہ جمع تک۔ لمتف (خیالی) اعداد کو اس کتاب میں استعمال نہیں کیا گیا اور نہ ہی لامتناہی سلسلوں کے علم کو پہلے سے تسلیم کر لیا گیا ہے۔ جدید ریاضی کی باریکیوں کو دیدہ دانستہ جگہ نہیں دی گئی کیونکہ نہ تو وہ مبتدی کے لئے مفید ہیں اور نہ ہی اس کی سمجھ میں آ سکتی ہیں۔ ہندسی تخیلات کیطرف متواتر توجہ دلائی گئی ہے اور ساتھ ہی فن کی طبیعی پیدائش کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

شروع کے ابواب میں بہت سا مواد ہے جو نفس مضمون سے تعلق نہیں رکھتا لیکن ترسیموں اور اکائیوں کا نظریہ اسقدر اہمیت رکھتا ہے اور اسقدر نامکمل طور پر پیش کیا جاتا ہے کہ اس کا تذکرہ اس کتاب میں ضروری خیال کیا گیا۔ ہندسہ تحلیلی کے اصولوں کو جہاں تک وہ احصا کے استعمال اور اس کے بنیادی اصولوں کی

تشریح کے لئے حقیقی طور پر کارآمد ہو سکتے ہیں میں نے بہت تامل کے ساتھ اس کتاب کے متن میں شریک کیا۔ ہندسہ میں احصا کے کثیر استعمال سے اگر قطع نظر کی جائے تو احصا کی تعلیم میں محدودوں کے ہندسہ کے وسیع علم کی چنداں ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ مجھے امید ہے کہ اس ہندسہ کے ابتدائی اصولوں کی کافی تشریح کردی گئی ہے جو بہت سے طلبہ کی عملی ضروریات کو پورا کرے گی' اعلیٰ مستوی منحنیات اور سطحوں کے نظریہ کی بحث کو میں نے اس کتاب میں جگہ نہیں دی کیونکہ میری رائے میں یہ بحث ابتدائی رسالہ کے موزوں نہیں۔

دوسری جدت اس کتاب میں مساواتوں کے نظریہ کا باب ہے' اس جدت کی صرف اس لئے ضرورت نہیں محسوس ہوئی کہ اس سے احصا کی علم حساب سے توضیح ہوتی ہے بلکہ اس لئے بھی کہ عملی نقطہ نظر سے یہ مضمون بڑی اہمیت رکھتا ہے اور ماورائی مساواتوں کی بحث پر بہت کم ابتدائی کتابیں موجود ہیں۔

مضمون کی اس عام ترتیب اور ارتقا کو میں نے کئی سالوں سے اپنی جماعتوں کی تدریس میں استعمال کیا ہے' شرح اور انتہا کے تخیلات کی بحث قدرے طولانی ہے لیکن جیلی یا طبیعی سوالات میں احصا کے استعمال کی خاص مشکلات کا مقابلہ کرنے کے لئے تجربہ کی بنا پر میں نے اس طرز عمل کو نہایت سودمند پایا ہے' اگر یہ تخیلات پورے طور پر سمجھ میں آجائیں تو بعد کی ترقی زیادہ سریع اور یقینی ہوتی ہے۔ تفرق اور تکمل کے درمیان کوئی خاص خط فاصل نہیں کھینچا گیا اور تکمل کے کئی ضروری نتائج اس شاخ کا تفصیلی مطالعہ شروع کرنے سے پہلے حاصل کئے گئے ہیں۔ دسویں باب میں رقبوں اور مشتق و تکملی منحنیات کی جو بحث درج کی گئی ہے اس سے محدود تکملہ کی ہندسی تعریف کے لئے ایک حد تک تسلی بخش بنیاد پیدا کرنا ہی مقصود نہیں ہے بلکہ ترسیمی تکمل کے ایک طریقہ کی توضیح کرنا بھی ہے جو انجینیروں کے لئے اہمیت رکھتا ہے اور خالص نظری بحث میں بھی فائدہ سے خالی نہیں۔

حال کی کتب نصاب کی طرح ٹیلر کے مسئلہ کی بحث بہت بعد میں لائی گئی ہے' ابتدائی منزلوں میں اوسط قیمت کا مسئلہ کافی ہے۔ سلسلوں کے استدقاق اور تسلسل کے متعلق ایک حد تک بسیط مسائل اس کتاب کے آخر کی طرف بحث میں

لائے گئے ہیں۔ تاہم مضمون کی بحث ایسی ہے کہ جو اساتذہ معمولی ترتیب کو زیادہ پسند کریں وہ فوراً مسئلہ اوسط قیمت سے لامتناہی سلسلوں اور ٹیلر کے مسئلہ [ابواب پنجم و ششم حصۂ دوم] کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

ایک سے زیادہ متغیروں کے تفاعل اس قدر تفصیل سے بحث میں نہیں لائے گئے جیسے ایک متغیر کے تفاعل۔ تاہم ان کے نظریہ کے وہ حصے منتخب کر کے پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو طبیعی عملیات میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ کتاب کے آخیر میں ایک چھوٹا سا باب معمولی تفرقی مساواتوں پر ہے جن سے مساواتوں کے ایسے نمونوں کی توضیح ہوتی ہے جو اکثر علم حرکت، طبیعیات، حیلی اور برقی انجینیرنگ میں پائے جاتے ہیں۔

اکثر حصوں کے ساتھ سادہ مشقیں درج ہیں، مثالوں کے ان مستند مجموعوں میں کئی مسئلے اور نتائج ایسے ملینگے جن کے لئے کتاب کے متن میں جگہ نہیں مل سکتی تھی لیکن اہمیت کے لحاظ سے ان کا بالتصریح بیان کیا جانا ضروری تھا۔ طالب علم کی حوصلہ افزائی کے لئے کہ وہ اپنے تئیں اس شوق و محنت میں ڈالے جو احصا کے استعمال میں سہولت و اعتماد حاصل کرنے کے لئے قطعی طور پر لازمی ہے میں نے زیادہ ضروری امثلہ کے حل کے متعلق بلا تکلف اشارے درج کئے ہیں۔

اس کتاب کی تیاری میں کئی رسالوں کے مطالعہ کرنے کا موقع ہوا اور جہاں کہیں جان بوجھکر کوئی طرز تشریح اختیار کی گئی ہے جو کسی خاص مصنف کے ساتھ مخصوص ہے اس کا احتیاط سے مناسب اعتراف کر دیا گیا ہے، لیکن جب کوئی شخص سالہا سال سے ایک مضمون پڑھا رہا ہو اس کے لئے اپنے علم کے تمام ماخذوں کا نشاندہی کر لینا دشوار ہے، پس ممکن ہے کہ میں نے زیادہ وسیع طور پر اقتباس کیا ہو جس کا مجھے علم نہ ہو۔ . . . . . .

. . . . . .

. . . . . .

جارج، اے، گبسن
گلاسگو ستمبر ۱۹۰۱ء

دُوسرے ایڈیشن کا دیباچہ

اس ایڈیشن کے لئے کوئی خاص تبدیلیاں پہلے ایڈیشن پر نہیں کی گئیں، تاہم اس میں دو بابوں کا اس غرض سے اضافہ کر دیا گیا ہے کہ یہ کتاب، ریاضی طبیعیات کے طلبہ کے لئے زیادہ مفید بن جائے۔ علامت تکمیل کے اندر اعمال کی بحث میں مین نے (M Charles J. de la Vallée Poussin) کا طریقہ اختیار کیا ہے جو اُس نے اپنے مکتوب (Etude des intergrals a limites infinies) میں درج کیا ہے، میری رائے میں اس طریقہ کے اندر سادگی اور صحت نمایاں حد تک موجود ہیں۔ یہ امید کیجاتی ہے کہ فوریر کے سلسلوں کا باب اس مضمون کے لئے کافی تمہید ثابت ہوگا لیکن اس امر کی کافی زور سے سفارش نہیں کیجا سکتی کہ طالب علم خود اُن دلچسپ صفحات کا مطالعہ کرے اور ان پر پورا عبور حاصل کرے جن میں خود فوریر کسی اختیاری تفاعل کو موسیقی سلسلوں سے تعبیر کرنیکے عمل کو تکمیل تک پہنچاتا ہے۔

جارج، اے، گبسن

گلاسگو نومبر ۱۹۰۵ء

پہلے مطالعہ کیلئے ہدایات

مبتدی احصا کے مطالعہ میں ذیل کی ترتیب اختیار کر سکتے ہیں۔

باب اول تا چہارم۔ پنجم دفعات ۴۴ تا ۴۷، ششم، ہفتم دفعہ ۶۷ (مشق ۱۴ سوالات ۱ تا ۴ اور ۱۱ تا ۱۴) ہم دفعات ۴۷ تا ۶۷ (مشق ۱۶ ا، ۱۶ ب) دفعہ ۷۸ (مشق ۱۷ سوالات ۱ تا ۶) اس کورس میں جبریہ تفاعلوں کے اساسی خواص معہ ان کے دلچسپ استعمال کے شامل ہیں۔

باب پنجم دفعات ۴۸۔ ۵۰، ہفتم، ہشتم اور باقی حصۂ باب نہم، دہم اور باب اول تا سوم، حصۂ دوم۔

ابواب ۱ تا ۱۰ پر پورا ملکہ حاصل کر لینے کے بعد ابواب یازدہم، دوازدہم۔ باب چہارم تا ہفتم حصہ دوم کا مطالعہ کیا جائے جیسے ضرورت محسوس ہو۔ جب تکمل کے اعمال میں کچھ استعداد حاصل ہو جائے تو اس کے بعد فوراً آٹھواں باب، حصہ دوم شروع کر دیا جا سکتا ہے۔

فہرست مضامین

حصۂ دوم

دفعہ	مضمون	صفحہ
	باب اول	
	تکمل	
۱	تکمل ۔ نامحدود اور محدود تکملہ تکمل کا مشتق	۱
۲	معیاری صورتیں	۴
۳	جبریہ اور مثلثی تحویلیں	۷
	مشق ۱	۱۱
۴	متغیر کی تبدیلی	۱۳
۵	متغیر بدلنے کی مثالیں	۱۵
۶	دوسرے درجہ کے تفاعل	۱۸
۷	مثلثی اور زائدی ابدال	۲۱
۸	مثلثی تکمل	۲۲

	مشق ۲	۲۵
۹	تکمل بالحصص	۲۸
۱۰	متواتر تحویل۔ تکملہ $\int_{۲}^{۲۱} جب^{م} لا جم^{ن} لا فرلا$	۳۱
	مشق ۳	۳۸
۱۱	جزوی کسور	۴۲
۱۲	منطق تفاعلوں کا تکمل	۴۶
۱۳	غیر منطق تفاعل	۴۷
۱۴	عام مشاہدات	۵۰
	مشق ۴	۵۱
	باب دوم	
	محدود تکملے۔ ہندسی سوالات میں ان کا استعمال	
۱۵	محدود تکملہ۔ مسائل	۵۴
۱۶	مربوط تکملے	۵۹
۱۷	لامتناہی حدود۔ لامتناہی متکمل	۶۲
	مشق ۵	۶۶
۱۸	چند معیاری رقبے اور حجم۔ منحنیات کی ترسیم	۷۰
	مشق ۶	
۱۹	بند منحنی کا رقبہ	۸۱

۲۰	رقبہ جو ایک متحرک خط مستقیم اپنی حرکت میں عبور کرتا ہے	۸۶
۲۱	سطح پیما	۸۹
	مشق ۷	۹۰
	باب سوم	
	تکملہ مجموعہ کی انتہا خیال کیا جا سکتا ہے۔ دوہرے تکملے	
۲۲	تکملہ ایک مجموعہ کی انتہا ہے	۹۴
۲۳	مثالیں	۹۸
۲۴	تقریبات سمسن کا کلیہ	۱۰۰
	مشق ۸	۱۰۵
۲۵	اوسط قیمتیں	۱۰۸
۲۶	دوہرے تکملے	۱۰۹
۲۷	دوہرے تکملوں کی ترقسیم۔ قطبی اجزا	۱۱۳
۲۸	جمود کے مرکز	۱۱۹
۲۹	جمود کا معیار اثر	۱۲۳
۳۰	حجم کا قطبی جزو۔ خطی تکملہ اور سطحی تکملہ کی تعریف	۱۲۷
	مشق ۹	۱۳۰
	گاما اور بیٹا تفاعل	۱۳۳
	باب چہارم	
	انحنا۔ لفاف	
۳۱	انحنا۔ اساسی ضابطہ	۱۳۸

۳۲	دائرہ انحنا، نصف قطر، مرکز دائرہ انحنا	۱۴۰
۳۳	انحنا کے لئے اور ضابطے۔ منحنی کی ذاتی مساوات	۱۴۳
	مشق ۱۰	۱۴۹
۳۴	برپیچہ۔ درپیچہ۔ متوازی منحنی	۱۵۳
۳۵	لفاف	۱۵۷
۳۶	لفاف کی مساوات۔ مسئلہ تماس	۱۵۸
۳۷	خط تدویر۔ برتدویر۔ درتدویر	۱۶۲
	مشق ۱۱	
	باب پنجم	
	لامتناہی سلسلے	
۳۸	لامتناہی سلسلے۔ مستدق، مقطع، اہتزازی سلسلے	۱۷۴
۳۹	انتہا کا وجود۔ مسائل	۱۷۷
۴۰	استدقاق پرکھنے کے طریقے۔ بنیادی جانچ۔ مقابلہ کی جانچ	
	جانچ کی نسبت۔ باقی	۱۸۰
۴۱	استدقاق مطلق۔ قوی سلسلے	۱۸۵
۴۲	یکساں استدقاق۔ سلسلوں کا تسلسل	۱۸۹
	مشق ۱۲	۱۹۴
	باب ششم	
	ٹیلر کا مسئلہ	
۴۳	ٹیلر کا مسئلہ۔ مکلارن کا مسئلہ۔ باقی	۱۹۸

۴۴	پھیلاؤ کی مثالیں۔ جب لا جم لا، قوۃ (ا+لا)، نوک (ا+لا)	۲۰۳
۴۵	ن ویں مشتق کا محدب کرنا۔ مثالیں	۲۰۹
۴۶	سلسلوں کا تقرب اور تکمل	۲۱۲
۴۷	پھیلاؤ۔ تقربات۔ سلسلوں کے تکمل کی مثالیں	۲۱۶
	مشق ۱۳	
	باب ہفتم	
	دو یا زیادہ متغیروں کے تفاعلوں کے لئے ٹیلر کا مسئلہ۔ استعمال	
۴۸	دو یا زیادہ متغیروں کے تفاعلوں کے لئے ٹیلر کا مسئلہ	۲۲۹
۴۹	مثالیں۔ مماسی مستوی۔ متجانس تفاعلوں کے متعلق آئلر کے مسئلے	۲۳۴
۵۰	دو یا زیادہ متغیروں کے تفاعل کی اعظم اور اقل قیمتیں	۲۳۶
۵۱	مثالیں۔ غیر معین اجزائے ضربی	۲۳۹
	مشق ۱۴	۲۴۴
۵۲	غیر معین صورتیں۔ ابتدائی طریقے	۲۴۶
۵۳	احصا کا طریقہ	۲۴۹
	مشق ۱۵	۲۵۴
	باب ہشتم	
	تفرقی مساواتیں	
۵۴	تفرقی مساواتیں۔ تعریفات۔ مثالیں	۲۵۸

۵۵	پورا تکملہ	۲۶۰
	مشق ۱۶	۲۶۲
۵۶	رتبہ اول اور درجہ اول کی مساواتیں۔ متغیر جدائی پذیر۔ متجانس مساواتیں خطی مساواتیں۔ ٹھیک مساواتیں	۲۶۴
۵۷	رتبہ اول کی مساواتیں جو درجہ اول کی نہ ہوں۔ کلیروی مساوات۔ نادر حل۔	۲۷۰
۵۸	دوسرے رتبہ کی مساواتیں۔ سادہ رقاص	۲۷۱
۵۹	خطی مساواتیں۔ عام خاصیت	۲۷۳
۶۰	متمم تفاعل	۲۷۴
۶۱	خاص تکملہ	۲۷۷
۶۲	ہمزاد مساواتیں۔ برقی حلقوں کی مثال	۲۸۰
	مشق ۱۷	۲۸۴
	باب نہم	
	محدود تکملے۔ علامت تکمل کے انداعمال	
۶۳	تکملہ کا تسلسل	۲۸۹
	غیر واجب تکملہ	۲۹۱
۶۴	لامتناہی حدود	۲۹۱
	مطلق اور مشروط استدقاق	۲۹۳
۶۵	لامتناہی تکمل۔ دوہرے تکملے	۲۹۵
۶۶	دو مشہور تکملے	۲۹۸
۶۷	گاما تفاعل	۳۰۲

۶۸	اوسط قیمت کا دوسرا مسئلہ۔ یکرنگ تفاعل۔ ایبل کی لاتساوی	۳۰۳
	مشق ۱۸	۳۰۹
۶۹	علامت تکمل کے اندر اعمال۔ تفاعل کا یکساں تسلسل	۳۱۲
۷۰	تکملوں کا یکساں استدقاق	۳۱۸
۷۱	تسلسل اور حدود	۳۲۲
۷۲	علامت تکمل کے اندر اعمال۔ مشہور تکملے	۳۲۶
۷۳	لاانتہا حدود کے لئے تکمل کی ترتیب یکساں استدقاق بالعموم	۳۳۶
۷۴	دیگر غیر واجب تکملے۔ مثالیں	۳۴۱
	مشق ۱۹	۳۴۷
	باب دہم	
	فوریر کے سلسلے	
۷۵	فوریر کے سلسلے۔ مثالیں	۳۵۴
۷۶	مسئلہ کا بیان۔ تفاعل پر قیود	۳۵۷
۷۷	دیر شلے کا تکملہ	۳۶۰
۷۸	سلسلوں کا جمع کرنا	۳۶۲
۷۹	عدم تسلسل	۳۶۵
۸۰	مبدا اور دور کی تبدیلی	۳۶۶
۸۱	جیب اور جیب التمام کے سلسلے	۳۶۷

۸۲	عام امور کا ذکر۔ فوریر کے سلسلوں کا تکمل اور تفرق	۳۶۹
۸۳	مثالیں	۳۷۰
۸۴	چند معیاری سلسلے	۳۷۲
۸۵	فوریر کا دوہرا تکملہ	۳۷۶
۸۶	آزمایشی تفاعل	۳۸۰
۸۷	حوالے	۳۸۰
	مشق ۲۰	۳۸۱
	ضمیمہ	۳۸۷
	جوابات	۳۹۱

احصا کا ابتدائی رسالہ

حصۂ دوم

باب اول

تکمل

ا۔ تکمل ۔ دفعہ ۸۲ حصۂ اول میں تکملی احصا کا اساسی مسئلہ بیان کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے "ایک مسلسل تفاعل فا (لا) معلوم ہے، ایک ایسا تفاعل معلوم کرنا مقصود ہے (۱) جس کا مشتق فا (لا) ہو اور (۲) جو ایک معلومہ قیمت ا اختیار کرے جبکہ لا کو قیمت ا دیجائے"۔

اگر صرف پہلی شرط کی قید ہو تو اس سوال کے بیشمار حل ہونگے، لیکن ہم جانتے ہیں کہ سب حل ایکدوسرے سے صرف بلحاظ ایک مستقل مقدار کے مختلف ہوں گے۔ ایسے کسی ایک حل کو ہم فا (لا) کا نامحدود تکملہ یا تکملی کہینگے اور مذکورہ مستقل تکمل کا مستقل کہلائیگا۔ اس مستقل کو بعض اوقات اختیاری مستقل بھی کہا جائیگا کیونکہ اس کو جو قیمت ہم چاہیں دیسکتے ہیں۔ اگر ف (لا) کوئی ایک تکملہ ہو تو ف (لا) + ج کو ہم عام تکملہ کہینگے جہاں ج اختیاری مستقل ہے۔

مقلوب تفاعلوں کی ترقیم عف^{-1} فا (لا) کی بجائے فا (لا) کے

نامحدود تکملہ کو بالعموم علامت

$\int_{ا}^{ب} ف(لا)\, فرلا \ldots\ldots\ldots (۱)$

سے تعبیر کیا جائیگا اور اسے ہم پڑھینگے "ف (لا) کا تکملہ یا تکملی بلحاظ لا کے" یا مختصراً "ف (لا) فرلا کا تکملہ"۔ تفرقی فرلا تکمل کے متغیر یعنی لا کو ظاہر کرتا ہے اور پوری مشترک علامت $\int_{ا}^{ب}$ .... فرلا سے مراد ہے "..... کا تکملہ بلحاظ لا کے"۔ ف (لا) کو متکمل کہا جائیگا۔

دفعہ ۸۲ حصۂ اول میں جو کچھ $[عف' ف(لا)]_{ا}^{ب}$ سے تعبیر کیا گیا تھا وہ اب

$\int_{ا}^{ب} ف(لا)\, فرلا \ldots\ldots\ldots (۲)$

سے تعبیر ہوگا اور موخر الذکر کو اس طرح پڑھا جائیگا "ف (لا) فرلا کا تکملہ ا سے ب تک"۔ جو تفاعل علامت $\int_{ا}^{ب} ف(لا)\, فرلا$ سے تعبیر ہوتا ہے اسے ہم محدود تکملہ کہینگے اور ا، ب تکملہ کی حدود کہلائینگی۔ نچلی حد ہے اور ب اوپر کی۔ واضح ہو کہ یہاں حد سے صرف مراد ہے متغیر کی وہ قیمت جو وقفہ کے ایک سرے پر ہو یعنی سرے پر کی قیمت۔ حد کے کسی اور اصطلاحی مفہوم سے اسے تمیز کیا جائے۔

ہندسی نقطۂ نظر سے علامت (۲) اس رقبہ کو بلحاظ علامت اور مقدار کے تعبیر کرتی ہے جو ف (لا) کی ترسیم کا معین نچلی حد ا سے اوپر کی حد ب تک جانے میں عبور کرتا ہے۔ اگر ف (لا)، ف (لا) کا ایک نامحدود تکملہ ہو تو حسب دفعہ ۸۲ حصۂ اول

$\int_{ا}^{ب} ف(لا)\, فرلا = [عف' ف(لا)]_{ا}^{ب} = ف(ب) - ف(ا) \ldots\ldots\ldots (۳)$

اگر ہم چاہیں تو ف (لا) کی بجائے عام تکملہ ف (لا) + ج استعمال کر سکتے ہیں مگر حاصل نتیجہ دونوں صورتوں میں وہی ہوگا کیونکہ عمل تفریق میں مستقل ج غائب ہو جائیگا۔ ہندسی مفہوم کی بناء پر یا (۳) سے ظاہر ہے کہ

$\int_{ا}^{ب} ف(لا)\, فرلا = -\int_{ب}^{ا} ف(لا)\, فرلا = ف(ا) - ف(ب) \ldots\ldots\ldots (۴)$

یعنی حدود ا، ب کا باہم تبادلہ ہو سکتا ہے اگر ہم تکملہ کی علامت بدل دیں۔

نیز ہندسی مفہوم سے یا شکل ف (ب) - ف (ا) سے ظاہر ہے کہ محدود تکملہ صرف اپنی حدود کا تفاعل ہے اور متغیر کا تفاعل نہیں ہے۔ پس $\int_{ا}^{ب}$ فا (ع) فرع کی بالکل وہی قیمت ہے جو $\int_{لا}^{ب}$ فا (لا) فرلا کی۔

شرح کے نقطۂ خیال سے اگر دیکھا جائے تو فا (لا) مشتق ہے ف (لا) کا اس لئے یہ اس شرح کا اندازہ کرتا ہے جس کے موافق کہ ف (لا) بلحاظ لا کے بڑھتا ہے۔ پس اگر لا، ا سے ب تک بڑھے تو ف (لا) کا کل اضافہ خواہ یہ مثبت ہو یا منفی،

ف (ب) - ف (ا) کے مساوی ہوتا ہے۔ اسلئے معلوم ہوا کہ محدود تکملہ (۳) وجہ یا دلیل کے اضافے (ب - ا) کے جواب میں ف (لا) کے کل اضافے کا ناپ ہے جبکہ تفاعل کی شرح تغیر فا (لا) معلوم ہو۔

جس تفاعل کا مشتق فا (لا) ہے اور جو ا کے مساوی ہوتا ہے جبکہ لا، ا کے مساوی ہو وہ ہے (دفعہ ۸۲، حصۂ اول)

$$عف^{ا} \text{ فا (لا)} - [عف^{ا} \text{ فا (لا)}]_{ا} + ا$$

اور موجودہ ترقیم کے موافق یہ ہے

$$\int_{ا}^{لا} \text{فا (لا)} \text{ فرلا} + ا \quad \text{یا} \quad \int_{ا}^{لا} \text{فا (ع)} \text{ فرع} + ا \ldots\ldots (۵)$$

یہاں اوپر کی حد لا، وجہ کی وہ خاص قیمت ہے جس کے لئے تفاعل محسوب کیا گیا ہے دفعہ ۸۲ حصۂ اول کی ہندسی تعبیر میں اوپر کی حد لا نقطہ ن کا فصلہ و م ہے، شرح کے نقطہ نظر سے علامت (۵) اس تفاعل کو تعبیر کرتی ہے جو شرح فا (لا) کے حساب سے بدلتا ہے اور جو ا کے مساوی ہوتا ہے جبکہ لا، ا کے مساوی ہو۔

محدود تکملوں کا مضمون اگلے باب میں زیادہ تفصیل سے بحث میں آئیگا تاہم جو کچھ اس کے متعلق اس دفعہ میں یا باب دہم حصۂ اول میں دیا گیا ہے وہ اس امر کے لئے کافی ہے کہ طالب علم رقبوں وغیرہ کے آسان سوالات کو جو اس باب کے آخر میں مشق کے طور پر دئے گئے ہیں بآسانی حل کر سکے۔

۲۔ معیاری صورتیں ۔ جہاں تک موجودہ بحث کا تعلق ہے تکمل محض عمل تفرق کا الٹ ہے اور کسی تکملہ کو محسوب کرنے کے لئے خواہ یہ محدود ہو یا نامحدود یہ ضروری ہے کہ معلومہ تکملوں کی ایک جدول پہلے سے مرتب کرلی جائے۔ یہ جدول تفرق کے معلومہ نتائج سے جو ہم پہلے حاصل کرچکے ہیں مرتب ہوسکیگی۔ اس لئے سب سے پہلے ہم معیاری صورتوں کی جدول تیار کرینگے اس کے بعد ان تکملوں کو جو جدول میں موجود نہیں ایسی صورتوں میں تحویل کرنے کے طریقے بیان کرینگے جن کے تکملے معیاری صورتوں کی مدد سے معلوم ہوسکیں۔ نامحدود تکملوں کی تمام صورتوں میں اس جانچ کو عمل میں لانا چاہئے کہ تکملہ کا مشتق لازماً مساوی ہو متکمل کے۔

یا علامات میں $ف(لا) = \int فا(لا)\, فرلا$ اگر $\frac{فرف(لا)}{فرلا} = فا(لا)$

پس تکملہ کی تعریف یا تعیین کے لئے حسب ذیل مساوات ہے۔

$$\frac{فر}{فرلا}\left[\int فا(لا)\, فرلا\right] = فا(لا)$$

یعنی اعمال $\frac{فر}{فرلا}$ اور $\int \ldots\ldots فرلا$ ایک دوسرے کے الٹ ہیں۔

تفرقوں کے مفہوم کے لحاظ سے $فا(لا)\, فرلا$ تفرقہ ہے $ف(لا)$ کا جبکہ $ف(لا)$ تکملہ ہو $فا(لا)$ کا۔ $ف(لا)$ کو اکثر اوقات تفرقہ $فا(لا)\, فرلا$ کا تکملہ کہا جاتا ہے۔ چونکہ

$$فا(لا)\, فرلا = فرف(لا) = فر\left[\int فا(لا)\, فرلا\right]$$

پس عامل $فر$ اور $\int$ ایک دوسرے کے الٹ ہیں۔

جدول ذیل میں اساسی، معیاری صورتیں دی گئی ہیں باقی مشہور صورتیں بعد میں دی جائینگی۔ بعض معیاری صورتوں کو دو شکلوں میں دکھایا گیا ہے، دلیل اکثر اوقات اس خطی شکل $لا + ب$ میں واقع ہوتی ہے اس لئے طالب علم کو ابتدا سے ہی اسکے متناظر تکملہ سے مانوس ہوجانا چاہئے۔ ان سب نتائج کی جانچ عمل تفرق سے کرلینی چاہئے۔

(۱) اگر ن ≠ −۱ تو

$$\int \text{لا}^{\text{ن}} \, \text{فرلا} = \frac{\text{لا}^{\text{ن}+1}}{\text{ن}+1}, \qquad \int (\text{ولا}+\text{ب})^{\text{ن}} \, \text{فرلا} = \frac{(\text{ولا}+\text{ب})^{\text{ن}+1}}{(\text{ن}+1)\,\text{و}}$$

(۲) اگر ن = −۱ تو

$$\int \frac{1}{\text{لا}} \, \text{فرلا} = \text{لوک لا}, \qquad \int \frac{1}{\text{ولا}+\text{ب}} \, \text{فرلا} = \frac{1}{\text{و}} \, \text{لوک}(\text{ولا}+\text{ب})$$

(۳) $\int \text{ق}^{\text{لا}} \, \text{فرلا} = \text{ق}^{\text{لا}}$, $\int \text{ق}^{\text{ولا}} \, \text{فرلا} = \frac{1}{\text{و}} \, \text{ق}^{\text{ولا}}$

(۴) $\int \text{جب لا} \, \text{فرلا} = -\text{جم لا}$, $\int \text{جب}(\text{ولا}+\text{ب}) \, \text{فرلا} = -\frac{1}{\text{و}} \, \text{جم}(\text{ولا}+\text{ب})$

(۵) $\int \text{جم لا} \, \text{فرلا} = \text{جب لا}$, $\int \text{جم}(\text{ولا}+\text{ب}) \, \text{فرلا} = \frac{1}{\text{و}} \, \text{جب}(\text{ولا}+\text{ب})$

(۶) $\int \text{قط}^{2} \text{لا} \, \text{فرلا} = \text{مس لا}$, $\int \text{قط}^{2}(\text{ولا}+\text{ب}) \, \text{فرلا} = \frac{1}{\text{و}} \, \text{مس}(\text{ولا}+\text{ب})$

(۷) $\int \text{قم}^{2} \text{لا} \, \text{فرلا} = -\text{مم لا}$, $\int \text{قم}^{2}(\text{ولا}+\text{ب}) \, \text{فرلا} = -\frac{1}{\text{و}} \, \text{مم}(\text{ولا}+\text{ب})$

(۸) $\int \frac{\text{فرلا}}{\sqrt{1-\text{لا}^{2}}} = \text{جب}^{-1} \text{لا}$, $\int \frac{\text{فرلا}}{\sqrt{\text{ا}^{2}-\text{لا}^{2}}} = \text{جب}^{-1} \frac{\text{لا}}{\text{ا}}$

یا $= -\text{جم}^{-1} \text{لا}$ یا $= -\text{جم}^{-1} \frac{\text{لا}}{\text{ا}}$

(۹) $\int \frac{\text{فرلا}}{\sqrt{\text{لا}^{2} \pm 1}} = \text{لوک}(\text{لا} + \sqrt{\text{لا}^{2} \pm 1})$, $\int \frac{\text{فرلا}}{\sqrt{\text{لا}^{2} \pm \text{ا}^{2}}} = \text{لوک}(\text{لا} + \sqrt{\text{لا}^{2} \pm \text{ا}^{2}})$

(۱۰) $\int \frac{\text{فرلا}}{1+\text{لا}^{2}} = \text{مس}^{-1} \text{لا}$, $\int \frac{\text{فرلا}}{\text{ا}^{2}+\text{لا}^{2}} = \frac{1}{\text{ا}} \, \text{مس}^{-1} \frac{\text{لا}}{\text{ا}}$

یا $= -\text{مم}^{-1} \text{لا}$ یا $= -\frac{1}{\text{ا}} \, \text{مم}^{-1} \frac{\text{لا}}{\text{ا}}$

(۱۱) $\int \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{2}-\text{ا}^{2}} = \frac{1}{2\text{ا}} \, \text{لوک}\left(\frac{\text{لا}-\text{ا}}{\text{لا}+\text{ا}}\right)$ اگر $\text{لا}^{2} > \text{ا}^{2}$ (دفعہ ۳، مثال ۲)

$$= \frac{1}{2ا} \text{ لوک } \left(\frac{ا - لا}{ا + لا}\right) \text{ اگر } لا^2 < ا^2$$

چونکہ جب$^{-1}$ لا - (- جم$^{-1}$ لا) = $\frac{\pi}{2}$ اسلئے جب$^{-1}$ لا اور - جم$^{-1}$ لا دونوں $\frac{1}{\sqrt{ا^2 - لا^2}}$ کے تکملے ہیں، اسی طرح کے مشاہدات $\frac{1}{ا^2 + لا^2}$ کے تکملہ کے لئے بھی درست ہیں - نامحدود تکملہ اکثر اوقات مختلف شکلوں میں بیان کیا جا سکتا ہے، لیکن ان صورتوں میں سے کوئی دو ایک دوسرے سے صرف بلحاظ ایک مستقل کے مختلف ہونگی - مقلوب مثلثی تفاعلوں پر تکملی اعمال احتیاط سے کئے جائیں کیونکہ یہ کثیر القیمت تفاعل ہیں، بالخصوص زاویہ کی حدود کے متعلق جو قیود (دفعہ ۲۸، ۶۴ حصہ اول) ہیں انکو ہمیشہ پیش نظر رکھا جائے -

اگر لا منفی ہو تو $\frac{1}{لا}$ کا تکملہ لوک لا نہیں ہے بلکہ لوک (- لا) ہے اور اگر لا، ا سے کم ہو تو $\frac{1}{لا - ا}$ کا تکملہ لوک (ا - لا) ہوگا - صورت ۱۱ صورت ۱۰ کے ساتھ مقابلہ کی غرض سے درج کی گئی ہے، اسی غرض سے صورتیں ۸ اور ۹ ایک ساتھ جمع کیگئی ہیں -

اگر لا منفی ہو تو اس کی تصدیق کی جائے کہ $\frac{1}{\sqrt{لا^2 + ک}}$ کا تکملہ

- لوک $\{- لا + \sqrt{لا^2 + ک}\}$ ہے -

صورت ۹ میں لوکارتموں کی بجائے مقلوب زائدی تفاعل استعمال ہو سکتے ہیں (دفعہ ۶۶، حصہ اول)

$$(۹)\ ا - \int \frac{\text{فر لا}}{\sqrt{لا^2 + ا^2}} = \text{جبزا}^{-1}\left(\frac{لا}{ا}\right)، \int \frac{\text{فر لا}}{\sqrt{لا^2 - ا^2}} = \text{جمزا}^{-1}\left(\frac{لا}{ا}\right)$$

اور یاد رہے کہ جمزا$^{-1}$ $\frac{لا}{ا}$ دو قیمتوں والا تفاعل ہے - صورتیں مسزا$^{-1}$ لا، ممزا$^{-1}$ لا ایسی ضروری نہیں -

مشق ۱۔ ذیل کے تفاعلوں کو بلحاظ لا کے تکمل کرو

$$\sqrt{\text{لا}}\ ،\ \frac{1}{\sqrt{\text{لا}}}\ ،\ \sqrt{۳\text{لا}-۴}\ ،\ \frac{1}{\sqrt{۳\text{لا}-۴}}\ ،\ \frac{1}{\sqrt{۳-\text{لا}^۲}}$$

مشق ۲۔ ذیل میں جو تکملے مندرج ہیں اُن کی قیمتیں معلوم کرو

$$\int^{\pi} \text{جب لا فرلا}\ ،\ \int^{\pi} \text{جم لا فرلا}\ ،\ \int^{\frac{\pi}{۲}} \frac{\text{فرلا}}{\text{جم}^۲\text{لا}}\ ،\ \int^{۱} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^۲}\ ،\ \int^{۱} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{۳/۲}}$$

۳۔ جبریہ اور مثلثی تحویلیں۔ تکمل کی تعریف کی رو سے اور مسائل ۲، ۳

دفعہ ۵۸ حصہ اول کے استعمال کرنے سے ذیل کے مسئلے بآسانی ثابت ہو سکتے ہیں

(۱) $\int$ ج فا (لا) فرلا = ج $\int$ فا (لا) فرلا جہاں ج مستقل ہے

(۲) $\int$ (ع − و + ... + ی) فرلا = $\int$ ع فرلا − $\int$ و فرلا + ... + $\int$ ی فرلا

جہاں ع، و، ..... ی متغیر لا کے تفاعل ہیں یا مستقل ہیں۔

(۲) میں دائیں طرف کے تکملہ کا مشتق تعریف کی رو سے ع − و + ... + ی ہے اور مسئلہ ۲، دفعہ ۵۸ حصہ اول کی رو سے بائیں جانب کے مجموعہ کا مشتق رقموں کے مشتقوں کا مجموعہ ہے جو تکملہ کی تعریف کی رُو سے ع − و + ... + ی ہے۔ پس اگر تکمل کے مستقلات سے قطع نظر کی جائے تو مساوات (۲) درست ہے۔

مثال $\int$ (۳ لا^۲ − ۵ لا + ۱) فرلا = $\int$ ۳ لا^۲ فرلا − $\int$ ۵ لا فرلا + $\int$ ۱ فرلا

(۲) کی رُو سے

= ۳ $\int$ لا^۲ فرلا − ۵ $\int$ لا فرلا + $\int$ فرلا (۱) کی رُو سے

= $\frac{۳}{۵}$ لا^۵ − $\frac{۵}{۴}$ لا^۳ + لا

تکمل درحقیقت آزمائشی عمل ہے، اور اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ معلومہ تفاعلوں میں سے کوئی ایسا تفاعل نہیں ملتا جس کا مشتق معلومہ متکمل ہو (دیکھو دفعہ ۸۲ حصہ اول)۔ دفعات ۴، ۹ میں تکمل کے دو عام طریقے دئے جائینگے جو تکملوں کی

تلاش میں نہایت کارآمد ثابت ہوتے ہیں، لیکن یاد رہے کہ اکثر اوقات کسی سادہ سی جبریہ یا مثلثی تحویل کی مدد سے متکمل کو ایسی ارقام کے مجموعہ کی شکل میں لاسکنا ممکن ہوتا ہے کہ ہر ایک رقم معیاری صورت میں آجائے تکمیل کے بعض نتائج اسقدر اہم ہیں کہ انہیں معیاری صورتوں میں شریک کرلینا مناسب ہے لیکن طالب علم کو چاہیئے کہ الگ الگ نتائج کو حفظ یاد رکھنے کی بجائے نفس تحویل کے اصل منشا کو ذہن نشین کرے

اب ہم ایسی تحویلوں کی چند مثالیں درج کرینگے۔

مثال ۱۔ $\frac{۲لا^۳ - ۷لا^۲ + ۱}{۲لا - ۱}$ کو تکمل کرو۔

تقسیم سے $\frac{۲لا^۳ - ۷لا^۲ + ۱}{۲لا - ۱} = لا^۲ - ۳لا - \frac{۳}{۲} - \frac{۱}{۲} \times \frac{۱}{۲لا - ۱}$

تکملہ ہے $\frac{لا^۳}{۳} - \frac{۳لا^۲}{۲} - \frac{۳}{۲}لا - \frac{۱}{۴}$ لوک $(۲لا - ۱)$

ہر ایک ایسی کسر کا تکمل جس میں شمار کنندہ لا کا کوئی منطق صحیح تفاعل ہو اور نسب نما لا کا خطی تفاعل ہو اسی طرح عمل میں آسکتا ہے۔

مثال ۲۔ $\frac{۱}{لا^۲ - ر^۲}$ کو تکمل کرو۔

اسکو جزوی کسروں میں تحلیل کرو

$$\frac{۱}{لا^۲ - ر^۲} = \frac{۱}{۲ر}\left(\frac{۱}{لا - ر} - \frac{۱}{لا + ر}\right)$$

$$\int \frac{فرلا}{لا^۲ - ر^۲} = \frac{۱}{۲ر}\{\text{لوک}(لا - ر) - \text{لوک}(لا + ر)\}$$

$$= \frac{۱}{۲ر}\text{لوک}\frac{لا - ر}{لا + ر}$$

جبکہ $لا^۲ > ر^۲$ کیونکہ صرف اسی صورت میں $\frac{لا - ر}{لا + ر}$ مثبت ہوگا۔ اگر

$لا^{۲} < ا^{۲}$ تو تکملہ $\frac{۱}{۲ا}$ لوک $\frac{ا-لا}{ا+لا}$ ہوگا کیونکہ اس صورت میں $\frac{۱}{لا-ا}$ کا تکملہ لوک $(ا-لا)$ ہے۔

یہ تحویل جزوی کسور کے طریقہ کی ایک خاص صورت ہے۔ اس کے تفصیلی مطالعہ کے لئے طالب علم جبر و مقابلہ کی کوئی مستند کتاب دیکھے۔

ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱۔

چونکہ $\frac{۳لا-۵}{(لا-۱)(لا-۲)} = \frac{۲}{لا-۱} + \frac{۱}{لا-۲}$

اس لئے $\int \frac{(۳لا-۵)\,فرلا}{(لا-۱)(لا-۲)} = ۲\,لوک\,(لا-۱) + لوک\,(لا-۲)$

مثال ۳۔ صورتیں $\frac{۱}{ا+ب\,لا^{۲}}$ اور $\frac{۱}{۲ا+ب\,لا^{۲}}$

اگر ا اور ب دونوں مثبت ہوں تو

$$\int \frac{فرلا}{ا+ب\,لا^{۲}} = \frac{۱}{ب}\int \frac{فرلا}{\frac{ا}{ب}+لا^{۲}} = \frac{۱}{\sqrt{اب}}\,مس^{-۱}\left(\frac{\sqrt{ب}\,لا}{\sqrt{ا}}\right)$$

اگر ا منفی اور ب مثبت ہو تو تکمیل کو مثال ۲ کی شکل میں لانا چاہیے۔

مثلاً $\int \frac{فرلا}{۳لا^{۲}-۵} = \frac{۱}{۳}\int \frac{فرلا}{لا^{۲}-\frac{۵}{۳}} = \frac{۱}{۲\sqrt{۱۵}}\,لوک\,\frac{لا-\sqrt{\frac{۵}{۳}}}{لا+\sqrt{\frac{۵}{۳}}}$

اسی طرح $\frac{۱}{\sqrt{ا+ب\,لا^{۲}}}$ پر بھی عمل ہو سکتا ہے۔

$$\int \frac{فرلا}{\sqrt{۳-۲لا^{۲}}} = \frac{۱}{\sqrt{۲}}\int \frac{فرلا}{\sqrt{\frac{۳}{۲}-لا^{۲}}} = \frac{۱}{\sqrt{۲}}\,جب^{-۱}\left(\frac{لا\sqrt{۲}}{\sqrt{۳}}\right)$$

ذرا سی مشق کے بعد طالب علم بہت سے مدارج زبانی کر سکیگا، پہلی صورت میں پورا عمل یہ ہے

$$\frac{1}{ب}\int \frac{\text{فر}\,لا}{\frac{ا}{ب}+\text{لا}^2} = \frac{1}{ب}\times\frac{1}{\frac{1}{ا ب}}\,\text{مس}^{-1}\left(\frac{\text{لا}}{\frac{1}{ا ب}}\right) = \frac{1}{ا ب}\,\text{مس}^{-1}\frac{\text{لا}\,ا ب}{ا}$$

مثال ۴ - جب^{ن} لا، جم^{ن} لا، جب م لا جم ن لا

جس صورت میں ن چھوٹا مثبت صحیح عدد ہو تو جب^{ن} لا، جم^{ن} لا بآسانی لا کے اضعاف کی جیوب یا جیوب التمام کی رقوم میں بیان ہو سکتے ہیں، ن کی اور قیمتوں کے لئے مسلسل تحویل (دفعہ ۹) یا دفعہ ۵ مثال ۴ کے طریقہ کو استعمال کرنا زیادہ مناسب ہوگا۔

جب^{۲} لا = $\frac{1}{2}$ (۱ - جم ۲ لا)، جب^{۳} لا = $\frac{3}{4}$ جب لا - $\frac{1}{4}$ جب ۳ لا

$$\int \text{جب}^{۲}\,\text{لا فر}\,لا = \frac{1}{2}\,\text{لا} - \frac{1}{4}\,\text{جب ۲ لا}, \quad \int \text{جب}^{۳}\,\text{لا فر}\,لا$$

$$= -\frac{3}{4}\,\text{جم لا} + \frac{1}{12}\,\text{جم ۳ لا}$$

$$\int_{0}^{\frac{\pi}{4}} \text{جب}^{۲}\,\text{لا فر}\,لا = \frac{\pi}{8}, \quad \int_{0}^{\frac{\pi}{4}} \text{جب}^{۳}\,\text{لا فر}\,لا = -\left[-\frac{1}{12}+\frac{3}{4}\right] = \frac{2}{3}$$

اسی طرح جم لا کی قوتوں پر بھی عمل ہو سکتا ہے۔

جیب اور جیب التمام کے حاصل ضرب کو یا دو جیوب یا دو جیوب التمام کے حاصل ضرب کو جیوب یا جیوب التمام کے حاصل جمع یا حاصل تفریق کی رقوم میں بیان کر کے تکمل کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً

جب م لا جم ن لا = $\frac{1}{2}$ {جب (م + ن) لا + جب (م - ن) لا}

اس لئے اگر م ≠ ن تو

$$\int \text{جب م لا جم ن لا فر}\,لا = -\frac{\text{جم}(م+ن)\text{لا}}{۲(م+ن)} - \frac{\text{جم}(م-ن)\text{لا}}{۲(م-ن)}$$

لیکن اگر م = ن تو تکملہ ہے

$$-\frac{1}{4م}\,\text{جم ۲ م لا}$$

مشق ۱

امثلہ ۱ تا ۱۵ کو بلحاظ لا کے تکمل کرو۔

۱۔ $\frac{۳لا^{۳}-۴لا^{۲}+۲لا-۳}{لا-۳}$ ۲۔ $\frac{۲لا+۱}{۲لا-۱}$

۳۔ $\frac{۲لا-۳}{لا^{۲}-۳لا+۲}$ ۴۔ $\frac{۳لا-۷}{(لا-۱)(لا-۲)(لا-۳)}$

۵۔ $\frac{۱}{۷-۳لا^{۲}}$ ۶۔ $\frac{۱}{۷+۳لا^{۲}}$

۷۔ $\frac{۱}{\sqrt{۳-۴لا^{۲}}}$ ۸۔ $\frac{۱}{\sqrt{۳+۴لا^{۲}}}$

۹۔ جم^{۲} لا ۱۰۔ جم^{۳} لا ۱۱۔ جم^{۲} (ا لا+ب)

۱۲۔ جب^{۴} لا ۱۳۔ جب ۳ لا جب ۴ لا

۱۴۔ جب (۳لا+۲) جم (۴لا+۳) ۱۵۔ جم لا جم ۲ لا جم ۳ لا

۱۶ سے ۲۱ تک کے سوالوں میں جو تکملے ہیں اُن کی قیمتیں معلوم کرو۔

۱۶۔ $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ جم^{۲} لا فرلا ۱۷۔ $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ جب^{۲} ۲لا فرلا

۱۸۔ $\int_{۰}^{۲}$ $\frac{فرلا}{لا^{۲}+۴}$ ۱۹۔ $\int_{۰}^{۱}$ $\frac{فرلا}{۴-لا^{۲}}$

۲۰۔ $\int_{۳}^{۴}$ $\frac{فرلا}{۴-لا^{۲}}$ ۲۱۔ $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ $\frac{فرلا}{\sqrt{۳-لا^{۲}}}$

۲۲۔ اگر م، ن نامساوی مثبت صحیح عدد ہوں تو

$\int_{۰}^{\pi}$ جم م لا جم ن لا فرلا = ۰ = $\int_{۰}^{\pi}$ جب م لا جب ن لا فرلا

اور ہر تکملہ کی قیمت معلوم کرو جبکہ م اور ن مساوی مثبت صحیح عدد ہوں۔

۲۳۔ تکملوں کی ترسیموں سے دکھاؤ کہ ذیل کی مساواتیں درست ہیں

(۱) $\int_{\frac{\pi}{2}}^{\pi} \text{جم}^{ن} \text{لا} \, \text{فرلا} = \int_{\frac{\pi}{2}}^{\pi} \text{جب}^{ن} \text{لا} \, \text{فرلا}$ جہاں ن مثبت ہے

(۲) $\int_{\frac{\pi}{2}}^{\pi} \text{جب}^{ن} \text{لا} \, \text{فرلا} = ۲ \int_{\frac{\pi}{2}}^{\pi} \text{جب}^{ن} \text{لا} \, \text{فرلا}$ جہاں ن مثبت ہے

(۳) $\int_{\frac{\pi}{2}}^{\pi} \text{جم}^{ن} \text{لا} \, \text{فرلا} = ۲ \int_{\frac{\pi}{2}}^{\pi} \text{جم}^{ن} \text{لا} \, \text{فرلا}$ اگر ن مفت صحیح عدد ہو

لیکن $= ۰$ اگر ن طاق صحیح عدد ہو

۲۴۔ مکانی $\text{ما} = ۴ \text{ا لا}$ اور نقطہ (ب، ج) میں سے گذرنیوالے دو ہمرے معین کے درمیان جو رقبہ محدود ہے وہ $\frac{۴}{۳}$ ب ج کے مساوی ہے۔

۲۵۔ ا، ب مثبت ہیں اور ا < ب، ثابت کرو کہ جو رقبہ زائد $\text{لا ما} = \text{ج}^{۲}$، محور لا اور ا، ب پر کے معینوں کے درمیان گھرا ہوا ہے وہ $\text{ج}^{۲}$ لوک $\left(\frac{\text{ب}}{\text{ا}}\right)$ کے مساوی ہے۔ اگر زائد کی بجائے معلوم منحنی $\text{ما} = \frac{\text{لا}^{ن}}{\text{ج}^{ن-۱}}$ ہو تو رقبہ

$(\text{ب}^{ن+۱} - \text{ا}^{ن+۱}) / (ن+۱) \, \text{ج}^{ن-۱}$ ہوگا۔

۲۶۔ ثابت کرو کہ موسیقی منحنی $\text{ما} = \text{ب جب} \left(\frac{\text{لا}}{\text{ج}}\right)$ کے ایک محراب اور محور لا کے درمیان جو رقبہ گھرا ہوا ہے وہ ۲ا ب کے مساوی ہے۔

۲۷۔ ناقص اپنے محور اعظم کے گرد گھومتا ہے، ثابت کرو کہ ایک پوری گردش سے جس کرہ نما کا تکوین ہوتی ہے اُس کا حجم $\frac{۴}{۳} \pi \text{ا ب}^{۲}$ ہے۔ اگر گردش کا محور محور اصغر ہو تو حجم $\frac{۴}{۳} \pi \text{ا}^{۲} \text{ب}$ ہوگا۔

۲۸۔ بعض سطحوں کو اگر ایک ایسے نقطہ پر جس کا فصلہ لا ہے محور لا پر عمود اً تراشا جائے تو تراش کا رقبہ $\text{ا} + \text{ب لا} + \text{ج لا}^{۲}$ ہوتا ہے جہاں ا، ب، ج مستقل ہیں، ثابت کرو کہ دو مستوی سطحوں کے درمیان جو محور لا پر عمود دار ہیں ان سطحوں کا حجم

$\text{ا}(\text{ب}_۲ - \text{ب}_۱) + \frac{۱}{۲} \text{ب} (\text{ب}_۲^{۲} - \text{ا}_۱^{۲}) + \frac{۱}{۳} \text{ج} (\text{ب}_۲^{۳} - \text{ا}_۱^{۳})$ منقطع ہوتا ہے۔

جہاں ا، ب اُن نقطوں کے فصلے ہیں جہاں مستویات محور لا کو کاٹتی ہیں (ا < ب)
اس نتیجہ کو ذیل کے حجم معلوم کرنے میں استعمال کرو۔
(۱) مخروط کا حجم (۲) قطعہ کرہ کا حجم (۳) ناقص نما کا حجم جس کی مساوات

$$\frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2} + \frac{\text{حا}^2}{\text{ب}^2} + \frac{\text{ی}^2}{\text{ج}^2} = ۱$$ ہے۔

۲۹۔ مثال ۲۸ میں فرض کرو کہ ا، ب اور اِن کے درمیانی نقطہ میں سے گذرنیوالی ترائیوں کے رقبے بالترتیب ص۱، ص۲ اور ص۳ ہیں اور ب - ا = ۲ ھ، ثابت کرو کہ حجم مذکور $\frac{۱}{۳}$ ھ (ص۱ + ص۲ + ۴ ص۳) ہے۔

۴۔ **متغیر کی تبدیلی**۔ دفعہ ۵۹ حصہ اول میں تفاعل کے تفاعل کو تفرق کرنیکا کلیہ بتایا گیا ہے۔ اسی کلیہ سے تکمل کا ایک مشہور طریقہ حاصل ہوتا ہے، دفعہ گذشتہ میں جن دو عام طریقوں کا ذکر کیا گیا ہے اِن میں سے یہ ایک ہے۔ اس کلیہ کی رو سے تکمل کے متغیر کو بدل کر تکمل عمل میں لاتے ہیں۔ سب سے پہلے سادہ سی مثال لو

$$\text{حا} = \int \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^2 + ۲\text{لا} + ۲}\,, \quad \frac{\text{فرحا}}{\text{فرلا}} = \frac{۱}{\text{لا}^2 + ۲\text{لا} + ۲}$$

رکھو لا + ۱ = ع۔ اس طرح حا، ع کا تفاعل بن جاتا ہے۔

$$\frac{\text{فرحا}}{\text{فرع}} = \frac{\text{فرحا}}{\text{فرلا}} \times \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} = \frac{۱}{\text{لا}^2 + ۲\text{لا} + ۲} = \frac{۱}{\text{ع}^2 + ۱}$$

اب اوپر کا تکمل ع کا تفاعل ہے اور یہ اس طرح لکھا جا سکتا ہے

$$\text{حا} = \int \frac{\text{فرع}}{\text{ع}^2 + ۱} = \text{مس}^{-۱}\text{ع} \text{ یعنی } \text{حا} = \text{مس}^{-۱}(\text{لا} + ۱)$$

متغیر کو بدلنے سے ہم تکمل کو ایک معلومہ شکل میں لے آئے ہیں، اس طرح تکمل آسان ہو گیا ہے۔
اب عام صورت پر غور کرو جہاں تکمل فا (لا) ہے۔ فرض کرو کہ ابدال لا = فہ (ع) کی مدد سے حا کو ع کا تفاعل بنایا گیا ہے، تب

$$\frac{\text{فرحا}}{\text{فرع}} = \frac{\text{فرحا}}{\text{فرلا}} \times \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} = \text{فا (لا)} \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

مساوات (۱) میں $\frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}}$ کو لا = فہ (ع) سے معلوم کرو اور پھر نئے متکمل فا (لا) $\frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}}$ کو اسی مساوات کے ذریعہ ع کی رقوم میں بیان کرو۔ اس طرح مساوات (۱) لا سے پاک ہو جائیگی اور حاصل ہوگا

$$\text{ما} = \int \text{فا}(\text{لا}) \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} \text{فرع} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

یہ ممکن ہے کہ نیا متکمل جو اوپر حاصل ہوا ہے معیاری صورت میں ہو یا اگر ایسا نہ ہو تو بہ نسبت پرانے متکمل کے یہ زیادہ آسانی سے ایسی صورت میں تحویل ہو سکے، پس

$$\text{ما} = \int \text{فا}(\text{لا})\ \text{فرلا} = \int \text{فا}(\text{لا}) \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} \text{فرع} \quad \ldots\ldots (۳)$$

الفاظ میں متغیر کو بدلنے کا قاعدہ یوں بیان ہو سکتا ہے۔

فرلا کی بجائے $\left(\frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}}\right)$ فرع رکھو اور لا اور ع کے درمیان جو مساوات ہے اس کے ذریعہ نئے متکمل فا (لا) $\frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}}$ کو ع کی رقوم میں بیان کرو۔ اس طرح تکملہ نئے متغیر ع کا تفاعل بن جائیگا۔

جب تکمل کا عمل اس طرح پورا ہو چکے تو تکملی تفاعل کو پرانے متغیر کی رقوم میں واپس لے آنا چاہیے۔

جب، لا = ا تو ع = عہ اور جب، لا = ب تو ع = بہ اور اگر لا، ع کا باہمی ربط ایسا ہو کہ جب، لا ا سے ب تک مسلسل طور پر بدلے تو ع بھی عہ سے بہ تک مسلسل طور پر بدلتا ہو تو

$$\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا}(\text{لا})\ \text{فرلا} = \int_{\text{عہ}}^{\text{بہ}} \text{فا}(\text{لا}) \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} \text{فرع} \quad \ldots\ldots\ldots (۴)$$

ظاہر ہے کہ اس صورت میں پرانے متغیر کیطرف واپس آنے کی ضرورت نہیں۔

اوپر کے استحالوں (۳) اور (۴) کے استعمال کرنے میں یہ ضروری ہے کہ تکمل کے وقفوں ب - ا اور ب۱ - ع۱ کے درمیان لا کی ہر ایک قیمت کے جواب میں ع کی ایک اور صرف ایک قیمت ہو اور اسی طرح ع کی ہر ایک قیمت کے جواب میں لا کی ایک اور صرف ایک قیمت ہو، اگر لا اور ع کا باہمی ربط ایسا ہو کہ اس سے ع، لا کے کثیر القیمت تفاعل کے طور پر حاصل ہو یا لا، ع کے کثیر القیمت تفاعل کے طور پر ملے تو احتیاط سے مناسب قیمت کا انتخاب کرنا چاہیئے۔ [ملاحظہ ہو دفعہ ۸، مثال ۳ اور دفعہ ۱۴]

۵۔ متغیر بدلنے کی مثالیں

مثال ۱۔ جب، فا (لا) اس شکل سا (ا لا + ب) کا ہو

فرض کرو کہ ع = ا لا + ب، فرع = ا فرلا، فرلا = $\frac{1}{ا}$ فرع

$$\int \text{سا}(ا لا + ب)\, \text{فرلا} = \frac{1}{ا} \int \text{سا}(ع)\, \text{فرع}$$

یہ نمونہ اکثر واقع ہوتا ہے۔ مثلاً اگر ع = لا - $\frac{1}{۴}$ تو

$$\int \frac{\text{فرلا}}{۲ لا^۲ - لا + ۱} = \frac{1}{۲} \int \frac{\text{فرلا}}{(لا - \frac{1}{۴})^۲ + \frac{۷}{۱۶}} = \frac{1}{۲} \int \frac{\text{فرع}}{ع^۲ + \frac{۷}{۱۶}}$$

$$= \frac{1}{۲} \times \frac{۴}{۷} \text{مس}^{-۱}\left(\frac{۴ ع}{۷}\right) = \frac{۲}{۷} \text{مس}^{-۱}\left(\frac{۴ لا - ۱}{۷}\right)$$

$$\int \frac{\text{فرلا}}{۴ ۲ لا^۲ - لا + ۱} = \frac{1}{۲۷} \int \frac{\text{فرلا}}{(لا - \frac{1}{۴})^۲ + \frac{۷}{۱۶}} = \frac{1}{۲۷} \text{لوک} \left\{ لا - \frac{1}{۴} + \sqrt{لا^۲ - \frac{1}{۲} لا + \frac{1}{۲}} \right\}$$

مستقل جزو ضربی مثلاً ۲ حسب ضرورت تکملی علامت کے باہر نکال لیا جا سکتا ہے اسی طرح اگر ضرورت ہو تو مستقل جزو ضربی داخل کر لیا جا سکتا ہے جیسا مثال ۳ میں۔

مثال ۲۔ جب، فا (لا) اس شکل سا (لا^ن) لا$^{ن-۱}$ کا ہو۔

فرض کرو کہ ع = لا^ن، فرع = ن لا$^{ن-۱}$ فرلا، لا$^{ن-۱}$ فرلا = $\frac{\text{فرع}}{ن}$

$$\int \text{سا}(لا^ن)\, لا^{ن-۱}\, \text{فرلا} = \frac{1}{ن} \int \text{سا}(ع)\, \text{فرع}$$

پس جب، ع = لا۲

$$\int \frac{\text{ا}}{\text{ا}} \overline{\text{لا}^2 + \text{ب}}\ \text{لا فرلا} = \frac{1}{2} \int \frac{\text{ا}}{\text{ا}} \overline{\text{اع} + \text{ب}}\ \text{فرع} = \frac{1}{\text{ا}^3} (\text{اع} + \text{ب})^{\frac{3}{2}}$$

$$= (\text{ا لا}^2 + \text{ب})^{\frac{3}{2}} / \text{ا}^3$$

اس تکملہ کی قیمت اس طرح بھی حاصل ہو سکتی ہے اگر رکھا جائے ع = ا لا۲ + ب

یا ع۲ = ا لا۲ + ب - موخر الذکر ابدال سے

$$\text{لا فرلا} = \frac{1}{\text{ا}} \text{ع فرع} \quad \text{اور} \quad \int \frac{\text{ا}}{\text{ا}} \overline{\text{لا}^2 + \text{ب}}\ \text{لا فرلا} = \frac{1}{\text{ا}} \int \text{ع}^2 \text{فرع} = \frac{\text{ع}^3}{\text{ا}^3}$$

جو قیمت اوپر معلوم ہوئی ہے۔

مثال ۳- جب، فا (لا) اس شکل [سا (لا)]ن سا (لا) کا ہو

فرض کرو کہ ع = سا (لا)، فرع = سا (لا) فرلا

فا (لا) فرلا = ع ن فرع

اور تکملہ قوت کی شکل میں ہوگا اگر ن، - ۱ کے مساوی نہ ہو اور لوکارتم کی شکل میں ہوگا اگر ن = - ۱

$$(\text{۳ ا}) \int [\text{سا}(\text{لا})]^{\text{ن}}\ \text{سا}(\text{لا})\ \text{فرلا} = \frac{1}{\text{ن}+1} [\text{سا}(\text{لا})]^{\text{ن}+1} \quad \text{جبکہ ن} \neq -1$$

$$(\text{۳ ب}) \int \frac{\text{سا}(\text{لا})}{\text{سا}(\text{لا})}\ \text{فرلا} = \text{لوک}\ [\text{سا}(\text{لا})]$$

(۳ ب) سے ہم دیکھتے ہیں کہ جب متکمل ایک کسر ہو جس کا شمار کنندہ نسب نما کا مشتق ہے تو اس کا تکملہ نسب نما کا لوکارتم ہوتا ہے۔

بعض اوقات متکمل کو مثال ۳ کی شکل میں لانیکے لئے ایک مستقل جزو ضربی کا شریک کرنا ضروری ہوتا ہے۔ مثلاً ذیل کے سوالوں میں

$$(\text{۱}) \int \frac{(\text{لا} - 1)\ \text{فرلا}}{\text{ا}\sqrt{2\text{لا}^2 - 4\text{لا} + 1}} = \frac{1}{4} \int (2\text{لا}^2 - 4\text{لا} + 1)^{-\frac{1}{2}} (4\text{لا} - 4)\ \text{فرلا}$$

$$= \frac{1}{2}\ \text{ا}\sqrt{2\text{لا}^2 - 4\text{لا} + 1}$$

(۲) $\int \frac{(\text{لا}+\text{عد})\,\text{فرلا}}{(\text{لا}+\text{عد})^2+\text{ب}^2} = \frac{1}{2}\,\text{لوک}\,\{(\text{لا}+\text{عد})^2+\text{ب}^2\}$

(۳) $\int \text{مس لا فرلا} = -\int \frac{\text{جب لا}}{\text{جم لا}}\,\text{فرلا} = -\,\text{لوک جم لا} = \text{لوک قط لا}$

(۴) $\int \text{مس}^3\text{لا فرلا} = \int \text{مس لا}(\text{قط}^2\text{لا}-۱)\,\text{فرلا} = \int \text{مس لا قط}^2\text{لا فرلا} - \int \text{مس لا فرلا}$
$= \frac{1}{2}\,\text{مس}^2\text{لا} + \text{لوک جم لا}$

مثال ۴۔ فا (لا) = جب^{4}لا جم^{5}لا

(۱) اگر م، ن میں سے کوئی ایک بھی طاق مثبت صحیح عدد ہو تو تکمیل بآسانی عمل میں آسکتا ہے۔ جب، م طاق ہو تو رکھو ع = جم لا اور جب، ن طاق ہو تو رکھو ع = جب لا۔

مثال کے طور پر فرض کرو کہ فا (لا) = جب$^{\frac{1}{2}}$لا جم^{5}لا

رکھو ع = جب لا، فرع = جم لا فرلا، جم^{2}لا = (۱ − ع^2)^2

$\int \text{جب}^{\frac{1}{2}}\text{لا جم}^5\text{لا فرلا} = \int (\text{ع}^{\frac{1}{2}} - ۲\text{ع}^{\frac{5}{2}} + \text{ع}^{\frac{9}{2}})\,\text{فرع} = \frac{2}{3}\text{ع}^{\frac{3}{2}} - \frac{4}{7}\text{ع}^{\frac{7}{2}} + \frac{2}{11}\text{ع}^{\frac{11}{2}}$

$= \text{جب}^{\frac{3}{2}}\text{لا}\,(\frac{2}{3} - \frac{4}{7}\,\text{جب}^2\text{لا} + \frac{2}{11}\,\text{جب}^4\text{لا})$

$\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{\frac{1}{2}}\text{لا جم}^5\text{لا فرلا} = \int_0^1 (\text{ع}^{\frac{1}{2}} - ۲\text{ع}^{\frac{5}{2}} + \text{ع}^{\frac{9}{2}})\,\text{فرع} = \frac{2}{3} - \frac{4}{7} + \frac{2}{11} = \frac{64}{(23)}$

اسی طرح سے اگر ع = جم لا، فرع = − جب لا فرلا

$\int \text{جب}^5\text{لا فرلا} = -\int (۱-\text{ع}^2)^2\,\text{فرع} = -(\text{ع} - \frac{2}{3}\text{ع}^3 + \frac{1}{5}\text{ع}^5)$

$= -\,\text{جم لا} + \frac{2}{3}\,\text{جم}^3\text{لا} - \frac{1}{5}\,\text{جم}^5\text{لا}$

(۲) جب، م + ن جفت، منفی صحیح عدد ہو۔ ایسی صورت میں فرض کرو کہ ع = مس لا (یا م لا)، نیا تکمیل مسئلہ تنائی کی مدد سے پھیلایا جا سکیگا مثلاً

$\int \frac{\text{فرلا}}{\text{جب}^5\text{لا جم}^2\text{لا}} = \int \frac{(۱+\text{ع}^2)^2}{\text{ع}^5}\,\frac{\text{فرع}}{۱+\text{ع}^2} = \int (\frac{1}{\text{ع}^5} + \frac{3}{\text{ع}^3} + \frac{3}{\text{ع}} + \text{ع})\,\text{فرع}$

اور تکملہ بآسانی لا کی رقوم میں حاصل ہو سکتا ہے۔

مثال ۵ - اگر فا(لا)، لا اور √(الا+ب) کا منطق تفاعل ہو تو تعویض یا ابدال
الا+ب = ع² سے نیا متکمل ع کا منطق تفاعل بن جائیگا۔
مثلاً اگر لا+۱ = ع² تو

$$\int لا^{2}\sqrt{الا+1}\,فلا = 2\int (ع^{2}-1)^{2}ع^{2}فع = 2(\frac{1}{7}ع^{7}-\frac{2}{5}ع^{5}+\frac{1}{3}ع^{3})$$

اور تھوڑی سی تحویل کے بعد = ۲√(الا+۱) (۱۵ لا³ + ۳ لا² - ۴ لا + ۸)/۱۰۵ علم
اوپر کی مثالوں میں متغیر بدلنے کی ابتدائی مشہور صورتیں جو اکثر واقع ہوتی ہیں حل کی گئی ہیں طالب
ان کا غور سے مطالعہ کرے اور اس کے بعد مشق ۲ کے اوائل کی مثالوں کے حل کرنے کی
کوشش کرے۔ کافی مشق بہم پہنچانے سے ہی اسکے لئے ایسی تحویلوں کے استعمال میں سہولت
پیدا ہو سکتی ہے۔

۶ - دوسرے درجہ کے تفاعل - اگر ر = √(الا²+ب لا+ج) اور
ف(لا) ایک منطق صحیح تفاعل ہو تو $\frac{ف(لا)}{ر}$ ایک ایسے مجموعہ کی شکل میں بیان
ہو سکتا ہے جو ایک منطق صحیح تفاعل اور ایک کسر واجب $\frac{1}{ر}$ پر مشتمل ہو۔
اہم ان شکلوں $\frac{1}{ر}$ اور $\frac{1}{ر^{2}}$ پر بحث کرینگے۔
مبتدیوں کے لئے آسانی اس میں ہوگی کہ ر کو ذیل کی صورت میں لکھا جائے

$$ر = \sqrt{ا(لا+\frac{ب}{2ا})^{2}+\frac{4اج-ب^{2}}{4ا}}$$

اگر ا مثبت ہو تو اسے ہم +۱ کے مساوی لے سکتے ہیں اور اگر ا منفی ہو تو اسے -۱ کے
مساوی لیا جا سکتا ہے، ایسا کرنے میں حل کی عمومیت میں فرق نہیں آتا کیونکہ مستقل جزو ضربی
ہمیشہ تکملی علامت کے باہر نکال لیا جا سکتا ہے۔
اگر ۴ا ج - ب² مثبت ہو تو ر کے اجزائے ضربی خیالی ہوں گے اور ر
اس شکل کا ہوگا

$$ر = (لا + عم)^2 + بم^2 \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

اگر ۴ ا ج - ب^2 منفی ہو تو ر کے اجزائے ضربی حقیقی ہونگے اور اگر

$$ا = +۱ \text{ تو } ر = (لا + عم)^2 - بم^2 \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$ا = -۱ \text{ تو } ر = بم^2 - (لا + عم)^2 \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

صورت اول - $\int \frac{ا لا + ب}{ر}$

(۱) اگر ر کے اجزائے ضربی حقیقی ہوں تو اس کسر کو دفعہ ۳ مثال ۲ کی مانند جزوی کسروں میں تحلیل کیا جائے۔

(۲) اگر ر کے اجزائے ضربی خیالی ہوں تو ر = $(لا + عم)^2 + بم^2$، ہم اس صورت میں کسر کو اس طرح بدل سکتے ہیں کہ دفعہ ۵ مثال ۳ اور مثال ۱ کی طرح متغیر بدلنے سے حل عمل میں آ سکے۔

لہ اور مہ ایسے معلوم کرو کہ

$$ا لا + ب = لہ (۲ لا + ۲ عم) + مہ ،\ لہ = \frac{۱}{۲} ا ،\ مہ = ب - عم ا$$

اس لئے $\frac{ا لا + ب}{ر} = لہ \frac{۲ لا + ۲ عم}{(لا + عم)^2 + بم^2} + مہ \frac{۱}{(لا + عم)^2 + بم^2}$

اور $\int \frac{(ا لا + ب)}{ر} فرلا = لہ لوک \{(لا + عم)^2 + بم^2\} + \frac{مہ}{ب} مس^{-۱} \left(\frac{لا + عم}{ب}\right)$

پہلا تکملہ دفعہ ۵ مثال ۳ کی صورت ہے اور دوسرا دفعہ ۵ مثال ۱ کی۔

صورت دوم - $\int \frac{ا لا + ب}{\sqrt{ر}}$

(۱) ر فرض کرو کہ $(لا + عم)^2 + بم^2$ ہے یا $(لا + عم)^2 - بم^2$

ا لا + ب کے لئے اوپر کی تحویل عمل میں لاؤ

$$\int \frac{(ا لا + ب) فرلا}{\sqrt{ر}} = لہ \int \frac{(۲ لا + ۲ عم) فرلا}{\sqrt{(لا + عم)^2 \pm بم^2}} + مہ \int \frac{فرلا}{\sqrt{(لا + عم)^2 \pm بم^2}}$$

$$= ۲ لہ \sqrt{ر} + مہ لوک \{(لا + عم) + \sqrt{(لا + عم)^2 \pm بم^2}\}$$

(۲) فرض کرو کہ $س = بہ^{۲} - (لا + عہ)^{۲}$، تب

$$\int \frac{(ا لا + ب) فرلا}{ا س} = -لہ \int \frac{-(۲لا + ۲عہ) فرلا}{ا بہ^{۲} - (لا + عہ)^{۲}} + مہ \int \frac{فرلا}{ا بہ^{۲} - (لا + عہ)^{۲}}$$

$$= -۲لہ \sqrt{س} + مہ حب^{-۱} \left(\frac{لا + عہ}{بہ} \right)$$

جب، ا = ۰ تو لہ = ۰ تو مکمل دفعہ ۵ مثال ۱ کے نمونہ کی ہے۔

عددی مثالوں کے حل کرنے میں سب سے پہلے س کا مشتق معلوم کر لینا چاہئے، اس کے بعد ا لا + ب کو مطلوبہ شکل میں رکھ لینا آسان ہوگا۔

مثال ۱۔ $\int \frac{(۳لا + ۱) فرلا}{۲لا^{۲} + لا + ۳}$

عف $(۲لا^{۲} + لا + ۳) = ۴لا + ۱$، $۳لا + ۱ = \frac{۳}{۴}(۴لا + ۱) + \frac{۱}{۴}$

$$۲لا^{۲} + لا + ۳ = ۲ \left\{ (لا + \frac{۱}{۴})^{۲} + \frac{۲۳}{۱۶} \right\}$$

تکملہ $= \frac{۳}{۴} \int \frac{(۴لا + ۱) فرلا}{۲لا^{۲} + لا + ۳} + \frac{۱}{۸} \int \frac{فرلا}{(لا + \frac{۱}{۴})^{۲} + \frac{۲۳}{۱۶}}$

$$= \frac{۳}{۴} لوک (۲لا^{۲} + لا + ۳) + \frac{۱}{۲ \sqrt{۲۳}} مس^{-۱} \left(\frac{۴لا + ۱}{\sqrt{۲۳}} \right)$$

مثال ۲۔ $\int \frac{(۳لا + ۱) فرلا}{\sqrt{-۲لا^{۲} + لا + ۳}}$

$۳لا + ۱ = -\frac{۳}{۴}(-۴لا + ۱) + \frac{۷}{۴}$

$$\sqrt{-۲لا^{۲} + لا + ۳} = \sqrt{۲} \sqrt{\frac{۲۵}{۱۶} - (لا - \frac{۱}{۴})^{۲}}$$

تکملہ $= -\frac{۳}{۴} \int \frac{(-۴لا + ۱) فرلا}{\sqrt{-۲لا^{۲} + لا + ۳}} + \frac{۷}{۲ \sqrt{۲}} \int \frac{فرلا}{\sqrt{\frac{۲۵}{۱۶} - (لا - \frac{۱}{۴})^{۲}}}$

$$= -\frac{3}{2}\sqrt{-2لا^2+لا+3} + \frac{7}{2\sqrt{24}}\text{جب}^{-1}\left(\frac{4لا-1}{5}\right)$$

یہ نمونے $\frac{1}{لا\sqrt{لا^2+ب لا+ج}}$ ، $\frac{1}{(م لا+ن)\sqrt{ا لا^2+ب لا+ج}}$

اوپر کی صورتوں میں تحویل ہو جائینگے اگر متغیر کو بالترتیب اِن روابط $لا = \frac{1}{ع}$ اور $م لا + ن = \frac{1}{ع}$ کے ذریعہ بدلا جائے۔ لوکارتمی تفرق سے اِن سے حاصل ہوگا

$$\frac{فرلا}{لا} = -فرع \quad \text{اور} \quad \frac{فرلا}{م لا+ن} = -\frac{1}{م}فرع$$

لا کی بجائے $\frac{1}{ع}$ لکھکر متغیر کا بدلنا اور صورتوں میں بھی سودمند ہوتا ہے، مثلاً

$$\int \frac{فرلا}{(ا^2+لا^2)^{\frac{3}{2}}} = -\int \frac{ع\, فرع}{(ا^2ع^2+1)^{\frac{3}{2}}} = \frac{1}{ا^2(ا^2ع^2+1)^{\frac{1}{2}}}$$

لا کی رقوم میں بیان کرنے سے $= \frac{لا}{ا^2(ا^2+لا^2)^{\frac{1}{2}}}$

زیادہ عام صورت $\frac{1}{(ا لا^2+ب لا+ج)^{\frac{3}{2}}}$ اسی طرح حل ہوسکیگی اگر دو درجی جملہ کو اُس شکل میں بیان کرلیا جائے جو اِس دفعہ کے شروع میں دی گئی ہے۔

۷۔ مثلثی اور زائدی ابدال۔ دوسرے درجہ کے تفاعل کے ساتھ عمل کرنیکا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ مثلثی یا زائدی ابدال کے ذریعہ اسے تحویل کیا جائے، تفاعل کی شکل سے مناسب تحویل کا پتہ چلیگا۔

$\sqrt{ا^2-لا^2}$، $\sqrt{ا^2-لا^2}$، $لا = ا\,\text{جب}\,ط$ یا $لا = ا\,\text{جم}\,ط$

$\sqrt{لا^2+ا^2}$، $\sqrt{لا^2+ا^2}$، $لا = ا\,\text{مس}\,ط$ یا $لا = ا\,\text{جنز}\,ط$

$\sqrt{لا^2-ا^2}$، $\sqrt{لا^2-ا^2}$، $لا = ا\,\text{قط}\,ط$ یا $لا = ا\,\text{جمز}\,ط$

$\sqrt{بلا-(لا+حہ)^2}$، $لا+حہ = ب\,\text{جب}\,ط$، وغیرہ

مثال ۱۔ اگر $لا = ا\,\text{جب}\,ط$، $فرلا = ا\,\text{جم}\,ط\,فرط$

$$\int \sqrt{ا^2 - لا^2}\, فرلا = ا^2 \int جم^2 ط\, فرط = \frac{ا^2}{2}(ط + جب ط\, جم ط)$$

اس لئے $\int \sqrt{ا^2 - لا^2}\, فرلا = \frac{1}{2} لا \sqrt{ا^2 - لا^2} + \frac{ا^2}{2} جب^{-1} \frac{لا}{ا}$

مثال ۲۔ اگر $لا = ا\, جیز\, ط$، $فرلا = ا\, جمز\, ط\, فرط$

$$\int \sqrt{لا^2 + ا^2}\, فرلا = ا^2 \int جمز^2 ط\, فرط = \frac{ا^2}{2}(ط + جیز ط\, جمز ط)$$

اسلئے $\int \sqrt{لا^2 + ا^2}\, فرلا = \frac{1}{2} لا \sqrt{لا^2 + ا^2} + \frac{ا^2}{2} جیز^{-1}(\frac{لا}{ا})$

نیز اگر $لا = ا\, جمز\, ط$ تو

$$\int \sqrt{لا^2 - ا^2}\, فرلا = \frac{1}{2} لا \sqrt{لا^2 - ا^2} - \frac{ا^2}{2} جمز^{-1}(\frac{لا}{ا})$$

مثال ۳۔ اگر $لا + ۲ = \sqrt{۳}\, مس\, ط$ تو $فرلا = \sqrt{۳}\, قط^2 ط\, فرط$

$$\int \frac{فرلا}{(لا^2 + ۴لا + ۷)^2} = \int \frac{\sqrt{۳}\, قط^2 ط\, فرط}{(۳\, قط^2 ط)^2} = \frac{\sqrt{۳}}{۹} \int جم^2 ط\, فرط$$

$$= \frac{۱}{۶} \frac{لا + ۲}{لا^2 + ۴لا + ۷} + \frac{\sqrt{۳}}{۱۸} مس^{-1}(\frac{لا + ۲}{\sqrt{۳}})$$

محدود تکملوں کی صورت میں مثلثی ابدال نہایت کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔

۸۔ **مثلثی متکمل**۔ جیب اور جیب التمام کی قوتوں اور حاصل ضربوں کا تکمل دفعہ ۳ مثال ۴، دفعہ ۵ مثال ۴ اور دفعہ ۱۰ امثلہ ۲، ۳ کے طریقوں سے عمل میں آسکتا ہے۔ لیکن ایک اور طریقہ بھی ہے جو اکثر مفید ثابت ہوتا ہے۔ جب متکمل جب لا یا جم لا کا منطق تفاعل ہو تو ابدال $ع = مس \frac{لا}{۲}$ کے ذریعہ تکملۂ ع کے منطق جبریہ تفاعل میں تحویل ہو سکیگا۔ کیونکہ

$$جب لا = \frac{۲ع}{۱ + ع^2}\,،\quad جم لا = \frac{۱ - ع^2}{۱ + ع^2}\,،\quad فرلا = \frac{۲\, فرع}{۱ + ع^2}$$

ذیل کی مثالوں ۱ تا ۳ کو معیاری صورتوں میں شمار کیا جائے، ہر صورت میں اندراج
ع = مس $\frac{لا}{۲}$ ہے۔

مثال ۱۔ $\int \frac{ف لا}{جب لا} = \int \frac{ف ع}{ع}$ = لوک ع = لوک مس $\frac{لا}{۲}$

مثال ۲۔ $\int \frac{ف لا}{جم لا} = \int \frac{۲ ف ع}{۱-ع^۲}$ = لوک $\frac{۱+ع}{۱-ع}$ = لوک $\frac{۱+مس \frac{لا}{۲}}{۱-مس \frac{لا}{۲}}$

یہ تکملہ کئی صورتوں میں بیان ہو سکتا ہے جیسے

لوک مس $(\frac{لا}{۲} + \frac{\pi}{۴})$ یا $\frac{۱}{۲}$ لوک $\frac{۱+جب لا}{۱-جب لا}$

ابدال و = $\frac{\pi}{۲}$ - لا یا و = لا - $\frac{\pi}{۲}$ سے $\frac{۱}{جم لا}$ کا تکملہ $\frac{۱}{جب لا}$ کے تکملہ میں تحویل ہو سکیگا۔

مثال ۳۔ $\int \frac{ف لا}{ا+ب جم لا} = \int \frac{۲ ف ع}{ا(۱+ع^۲)+ب(۱-ع^۲)} = ۲ \int \frac{ف ع}{(ا+ب)+(ا-ب)ع^۲}$

فرض کرو کہ ا + ب مثبت ہے، تب تین صورتیں ہیں، ب تعداداً ا سے کم ہو ا سے بڑا ہو ا سے برابر ہو کے۔

(۱) $ب^۲ < ا^۲$ اور اسلئے ب < ا تعداداً۔

$\int \frac{ف لا}{ا+ب جم لا} = \frac{۲}{\sqrt{ا^۲-ب^۲}}$ مس$^{-۱}$ $(ع \sqrt{\frac{ا-ب}{ا+ب}})$، ع = مس $\frac{لا}{۲}$

(۲) $ب^۲ > ا^۲$ اور اسلئے ب - ا مثبت ہے

$\int \frac{ف لا}{ا+ب جم لا} = \frac{۱}{\sqrt{ب^۲-ا^۲}}$ لوک $\frac{\sqrt{اب+ا^۲} + ع\sqrt{اب-ا^۲}}{\sqrt{اب+ا^۲} - ع\sqrt{اب-ا^۲}}$

(۳) $ب^۲ = ا^۲$، $\int \frac{ف لا}{ا+ا جم لا} = \frac{۱}{ا}$ مس $\frac{لا}{۲}$

$\int \frac{ف لا}{ا-ا جم لا} = -\frac{۱}{ا}$ مم $\frac{لا}{۲}$

صورت دوم ایسی ضروری نہیں جیسی (۱)، تکملہ (۱) کی قیمت ایک اور شکل میں لکھی جا سکتی ہے جسے یاد رکھنا آسان ہے، ملاحظہ ہو حسب ذیل۔

رکھو $\text{ط} = ۲ \text{ مس}^{-۱} \left\{ \text{مس} \frac{\text{لا}}{۲} \times \sqrt{\frac{\text{ا}-\text{ب}}{\text{ا}+\text{ب}}} \right\}$ اس سے

$$\text{جم ط} = \frac{\text{ا جم لا} + \text{ب}}{\text{ا} + \text{ب جم لا}} \quad \text{یا} \quad (\text{ا} - \text{ب جم ط})(\text{ا} + \text{ب جم لا}) = \text{ا}^۲ - \text{ب}^۲$$

اگر ایک قطع ناقص ہو جسکا خروج المرکز $\frac{\text{ب}}{\text{ا}}$ ہے تو لا اسکا اصلی اور ط خروج المرکز زاویہ بیقاعدگی ہے۔ (ملاحظہ ہو گوڈفرمے کی کتاب علم ہئیت دفعہ ۱۸۶، گرمے کا رسالہ طبیعیات دفعہ ۵۲۰)

ا + ب جم لا، اپنی قیمتوں کی پوری سعت میں سے گذر جاتا ہے جبکہ لا، صفر سے π تک بدلتا ہے یا $-\pi$ سے صفر تک منفی قیمتوں میں سے ہوتا ہوا بدلتا ہے۔ اگر لا صفر اور π کے درمیان رہے تو ط مثبت ہوتا ہے اور صفر تا π کے درمیان واقع ہوتا ہے، لیکن اگر لا، $-\pi$ اور صفر کے درمیان واقع ہو تو ط منفی ہوتا ہے اور $-\pi$ اور صفر کے درمیان واقع ہوتا ہے اسلئے مقلوب جیب التمام پر جو قید (دفعات ۲۸، ۴۴) میں لگائی گئی ہے اسکو ملحوظ رکھتے ہوئے

$$\int \frac{\text{ف لا}}{\text{ا} + \text{ب جم لا}} = \frac{۱}{\sqrt{\text{ا}^۲ - \text{ب}^۲}} \text{جم}^{-۱} \left(\frac{\text{ا جم لا} + \text{ب}}{\text{ا} + \text{ب جم لا}} \right) \text{ اگر } - \pi \leqq \text{لا} \leqq \pi$$

لیکن $\frac{-۱}{\sqrt{\text{ا}^۲ - \text{ب}^۲}} \text{جم}^{-۱} \left(\frac{\text{ا جم لا} + \text{ب}}{\text{ا} + \text{ب جم لا}} \right)$ اگر $- \pi \leqq \text{لا} \leqq ۰$ ✓

جب تکملہ کو خاص مقلوب کی رقوم میں بیان کیا جائے تو ایسا اشتباہ واقع نہیں ہوتا۔

مثال ۴۔ $\int \frac{\text{ف لا}}{\text{ا} + \text{ب جب لا}}$، مثبت، $- \frac{\pi}{۲} < \text{لا} < \frac{\pi}{۲}$

$$\text{تکملہ} = \int \frac{۲ \text{ ف ع}}{\text{ا} + ۲ \text{ ب ع} + \text{ا ع}^۲}$$

اگر $\text{ب}^۲ < \text{ا}^۲$ تو ربط لا $= \frac{\pi}{۲} -$ و یا لا $= \frac{\pi}{۲} +$ و سے تکملہ مثال ۳ (۱) میں تحویل ہو جائیگا۔ طالب علم کو یہ دونوں ابدال عمل میں لانا چاہئیں۔ اس طرح اُسے معلوم ہوگا کہ ط کی صرف ایک قیمت کو ہی جو جم ط سے حاصل ہوتی ہے ملحوظ رکھنا کافی نہیں

یہ ابدال اس امر کی اچھی مثال ہے کہ مقلوب تفاعلوں کے ساتھ عمل کرنے میں نہایت احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔ کوئی اشتباہ واقع نہیں ہوتا اگر مثال ۳ (۱) کا تکملہ مقلوب تماس کی رقوم میں استعمال کیا جائے۔

مثال ۵۔ $\int \frac{\text{فر}\,لا}{ا + ب\,\text{جم}\,لا + ج\,\text{جب}\,لا}$ ، ا مثبت

اگر $ب^2 + ج^2 = ک^2$ تو ہم لکھ سکتے ہیں

$ا + ب\,\text{جم}\,لا + ج\,\text{جب}\,لا = ا + ک\,\text{جم}\,(لا - عہ)$

اور تکملہ مثال (۳) کی شکل میں آجاتا ہے۔

اگر $ک^2 < ا^2$ تو تکملہ ہے

$$\frac{\pm 1}{\sqrt{ا^2 - ب^2 - ج^2}}\,\text{جم}^{-1}\left[\frac{ا\,\text{جم}\,(لا - عہ) + ک}{ا + ک\,\text{جم}\,(لا - عہ)}\right]$$

علامت مثبت ہوگی اگر لا − عہ، صفر اور π کے درمیان واقع ہو اور منفی ہوگی اگر یہ − π اور صفر کے درمیان واقع ہو۔

مشق ۲

امثلہ ۱ تا ۲۲ کو بلحاظ لا کے تکمل کرو

۱۔ $\frac{1}{2لا^2 + 3لا + 4}$ ۲۔ $\frac{1}{\sqrt{لا - لا^2}}$ ۳۔ $\frac{1}{\sqrt{لا^2 - لا}}$

۴۔ $\frac{1}{\sqrt{(لا - ا)(ب - لا)}}$ ۵۔ $\frac{لا}{ا^2 + لا^2}$ ۶۔ $\frac{لا}{\sqrt{ا^2 + لا^2}}$

۷۔ $\frac{لا^2}{لا^2 - 1}$ ۸۔ $\frac{لا}{لا^4 + لا^2 + 1}$ ۹۔ $\frac{لا + 1}{\sqrt{لا^2 + 2لا - 3}}$

۱۰۔ مم لا ۱۱۔ $\frac{\text{جم}\,لا}{1 + \text{جب}\,لا}$ ۱۲۔ $\frac{1 + \text{جم}\,لا}{لا + \text{جب}\,لا}$

۱۳- مس^{۴}لا ۱۴- مم^{۵}لا ۱۵- $\frac{۱}{\text{ا}^{۲}\text{جم}^{۲}\text{لا}+\text{ب}^{۲}\text{جب}^{۲}\text{لا}}$

۱۶- جب^{۷}لا ۱۷- جب^{۵}لا جم^{۴}لا ۱۸- $\frac{۱}{\text{جب}^{۲}\text{لا جم}^{۲}\text{لا}}$

۱۹- $\frac{\text{جب لا}}{\text{جم}^{۵}\text{لا}}$ ۲۰- لا$\sqrt{\text{ر}-\text{لا}}$ ۲۱- $\frac{\text{لا}}{\text{ما ر}-\text{لا}}$

۲۲- $\frac{۱}{\text{لا}+\text{ما لا}-۱}$

۲۳- ذیل کے تکملوں کی قیمتیں دریافت کرو

(۱) $\int_{\frac{\pi}{۲}}^{\pi}$ جب^{۵}لا فرلا (۲) $\int_{\frac{\pi}{۲}}^{\pi}$ جب^{۴}لا جم^{۵}لا فرلا (۳) $\int_{۰}^{\pi}$ $\frac{\text{فرلا}}{\text{ا}^{۲}\text{جم}^{۲}\text{لا}+\text{ب}^{۲}\text{جب}^{۲}\text{لا}}$

(۴) $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ $\frac{\text{جم لا فرلا}}{۴-\text{جب}^{۲}\text{لا}}$ (۵) $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۴}}$ مس لا فرلا (۶) $\int_{۰}^{۱}$ $\frac{\text{فرلا}}{۱+\text{لا}+\text{لا}^{۲}}$

(۷) $\int_{۰}^{۱}$ $\frac{\text{فرلا}}{۱-\text{لا}+\text{لا}^{۲}}$ (۸) $\int_{۰}^{\pi}$ $\frac{\text{جب لا فرلا}}{۱+\text{جم}^{۲}\text{لا}}$

امثلہ ۲۴ تا ۴۱ کو بلحاظ لا کے تکمل کرو۔

۲۴- $\frac{\text{لا}+۱}{\text{لا}^{۲}+\text{لا}+۱}$ ۲۵- $\frac{\text{لا}^{۲}-۱}{\text{لا}^{۲}+۱}$ ۲۶- $\frac{\text{لا}^{۴}+۷}{\text{لا}^{۲}+۲\text{لا}+۳}$

۲۷- $\frac{\text{لا}^{۳}+\text{لا}}{\text{لا}^{۴}-۴}$ ۲۸- $\frac{(\text{لا}+۱)^{۲}}{(\text{لا}-۱)^{۲}}$ ۲۹- $\sqrt{\frac{۱+\text{لا}}{۱-\text{لا}}}$

۳۰- $\sqrt{\frac{\text{لا}+۱}{\text{لا}-۱}}$ ۳۱- $\sqrt{\frac{\text{ر}+\text{لا}}{\text{لا}}}$ ۳۲- $\sqrt{\frac{\text{ر}-\text{لا}}{\text{لا}}}$

۳۳- $\frac{۱}{\text{لا}\sqrt{\text{لا}^{۲}+۲\text{لا}-۱}}$ ۳۴- $\frac{۱}{(\text{لا}+۱)\sqrt{\text{لا}^{۲}-۱}}$ ۳۵- $\frac{۱}{(\text{لا}-۱)\sqrt{\text{لا}^{۲}-۱}}$

۳۶- $\frac{1}{(لا+1)\sqrt{1-لا^2}}$ ۳۷- $\frac{1}{(لا-1)\sqrt{1-لا^2}}$ ۳۸- $\frac{1}{لا(لا^{ن}+1)}$

۳۹- $\frac{1}{(لا^2+2لا+3)^{\frac{3}{2}}}$ ۴۰- $\frac{1}{1+مس\ لا}$ ۴۱- $\frac{جم\ لا+جب\ لا}{جب\ لا+2جم\ لا}$

۴۲- ذیل کے تکملوں کی قیمتیں دریافت کرو

(۱) $\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{ف\ لا}{5+3جم\ لا}$ (۲) $\int_{0}^{\pi} \frac{ف\ لا}{5+3جم\ لا}$ (۳) $\int_{-\frac{\pi}{2}}^{\frac{\pi}{2}} \frac{ف\ لا}{5+3جب\ لا}$

(۴) $\int_{0}^{\pi} \frac{ف\ لا}{1-2ر\ جم\ لا+ر^2}$ $(ر^2 \neq 1)$ (۵) $\int_{0}^{\pi} \frac{ف\ لا}{1+جم\ عد\ جم\ لا}$ $(0 < عد < \pi)$

(۶) $\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{ف\ لا}{1-ك^2 جب^2 لا}$ $(ك^2 < 1)$ (۷) $\int_{0}^{\pi} \frac{ف\ لا}{3+5جم\ لا}$

۴۳- $\int_{0}^{\pi} \frac{جب\ عد\ ف\ لا}{1-2لا\ جم\ عد+لا^2}$ کی قیمت دریافت کرو

(۱) جبکہ $0 < عد < \pi$ (۲) جبکہ $\pi < عد < 2\pi$

۴۴- اگر ا مثبت ہو اور ب تعداداً کم ہو ا سے تو ابدال $جم\ ط = \frac{ا جم\ لا + ب}{ا + ب\ جم\ لا}$ کے ذریعہ ثابت کرو کہ $\int_{0}^{\pi} \frac{ف\ لا}{(ا+ب\ جم\ لا)^{ن}} = \frac{1}{(ا^2-ب^2)^{\frac{ن}{2}}} \int_{0}^{\pi} (ا-ب\ جم\ ط)^{ن-1}$ ف ط

۴۵- جو منحنی مساوات $ا\ ما^{ن} = لا^{ن}(ا^{ن}-لا^{ن})$ سے تعبیر ہوتا ہے اُسے مرتسم کرو اور اس کے حلقہ کا رقبہ دریافت کرو۔

۴۶- جو منحنی مساوات $ا^2 ما^{ن} = لا^{ن}(ا^{ن}-لا^{ن})$ سے تعبیر ہوتا ہے اُسے مرتسم کرو اور اُسکے دونوں حلقوں کا رقبہ دریافت کرو۔

۴۷- جس منحنی کی قطبی مساوات $ر = ا + ب\ جم\ ط$ ہے اُسے مرتسم کرو $ا > ب > 0$ اور جو رقبہ یہ گھیرتا ہے اُسے محسوب کرو۔

۴۸- ایک قطع ناقص کی کارٹیزی مساوات $ا\ لا^2 + 2ھ\ لا\ ما + ب\ ما^2 = 1$ ہے،

اسکو قطبی محددوں میں تحویل کرکے اس کا رقبہ دریافت کرو۔

رقبہ ہے $2\int_{-\frac{\pi}{3}}^{+\frac{\pi}{3}} \frac{1}{2}(\text{فر}\,\text{ط})^2 = \int_{-\frac{\pi}{3}}^{+\frac{\pi}{3}} \frac{\text{فر}\,\text{ط}}{(\text{ا}\,\text{جم}^2\text{ط} + 2\text{ھ}\,\text{جب ط جم ط} + \text{ب}\,\text{جب}^2\text{ط})^2}$

$$= \frac{\pi}{\text{ا ب} - \text{ھ}^2}$$

۹۔ تکمل بالحصص۔ تکمل کا دوسرا عام طریقہ ہے جسے ہم "تکمل بالحصص" کہینگے۔ یہ مسئلہ حاصل ضرب کے تفرق کے مسئلہ کے مماثل ہے اگر ہم تکمل کو لاحقہ سے اور تفرق کو زبر سے تعبیر کریں، مثلاً

$$\text{ع}_1 = \int \text{ع}\,\text{فر}\,\text{لا}\,,\quad \text{ع}' = \frac{\text{فر ع}}{\text{فر لا}}$$

تو حاصل ضرب کو تفرق کرنے کے قاعدہ کے موافق

$$\frac{\text{فر}(\text{ع}_1\text{و})}{\text{فر لا}} = \frac{\text{فر ع}_1}{\text{فر لا}}\text{و} + \text{ع}_1\frac{\text{فر و}}{\text{فر لا}}$$

یعنی $\frac{\text{فر}(\text{ع}_1\text{و})}{\text{فر لا}} = \text{ع}\,\text{و} + \text{ع}_1\text{وَ}$ چونکہ $\frac{\text{فر ع}_1}{\text{فر لا}} = \text{ع}$

پس $\text{ع}_1\text{و} = \int(\text{ع}\,\text{و} + \text{ع}_1\text{وَ})\,\text{فر لا} \quad \ldots\ldots\ldots (1)$

$$= \int \text{ع}\,\text{و}\,\text{فر لا} + \int \text{ع}_1\text{وَ}\,\text{فر لا}$$

اس لئے $\int \text{ع}\,\text{و}\,\text{فر لا} = \text{ع}_1\text{و} - \int \text{ع}_1\text{وَ}\,\text{فر لا} \quad \ldots\ldots\ldots (2)$

مساوات (۲) سے مسئلہ مطلوب حاصل ہوتا ہے، ایسا ممکن ہے کہ $\text{ع}_1\text{وَ}$ کا تکملہ $\text{ع}\,\text{و}$ کے تکملہ کی نسبت زیادہ آسانی سے معلوم ہو سکے۔

محدود تکملہ کی صورت میں جبکہ نچلی حد ا ہو اور اوپر کی ب، (۱) کے جواب میں حاصل ہوگا

$$[\text{ع}_1\text{و}]_{\text{ا}}^{\text{ب}} = \int_{\text{ا}}^{\text{ب}}(\text{ع}\,\text{و} + \text{ع}_1\text{وَ})\,\text{فر لا} \quad \ldots\ldots\ldots (3)$$

اور (۲) کی بجائے

$$\int_{\text{د}}^{\text{ب}} \text{ع و فرلا} = [\text{ع و}]_{\text{د}}^{\text{ب}} - \int_{\text{د}}^{\text{ب}} \text{ع و فرلا} \quad \ldots\ldots (۴)$$

جہاں علامت $[\text{ع و}]_{\text{د}}^{\text{ب}}$ سے مراد ہے کہ پہلے لا کی بجائے ب رکھا جائے پھر لا اور دوسرے نتیجہ کو پہلے سے تفریق کیا جائے۔

امثلہ ذیل سے مسئلہ کی اہمیت معلوم ہوگی۔

مثال ۱۔ $\int$ لا جم لا فرلا معلوم کرو

یہاں ہر دو لا اور جم لا کا تکمل معلوم ہو سکتا ہے لیکن ہم فرض کرتے ہیں و = لا چونکہ وَ = ۱، پس

$$\int \text{لا جم لا فرلا} = \text{لا جب لا} - \int ۱ \times \text{جب لا فرلا}$$
$$= \text{لا جب لا} + \text{جم لا}$$

مثال ۲۔ $\int$ لا^{۲} جم لا فرلا معلوم کرو

یہاں بھی ہم فرض کرتے ہیں و = لا^{۲}، چونکہ وَ = ۲لا، نیا تکمل پرانے سے زیادہ سہل ہوگا

$$\int \text{لا}^{۲} \text{جم لا فرلا} = \text{لا}^{۲} \text{جب لا} - \int ۲ \text{لا جب لا فرلا}$$

مسئلہ پھر استعمال ہو سکتا ہے

$$\int ۲ \text{لا جب لا فرلا} = ۲ \text{لا} (-\text{جم لا}) - \int ۲ (-\text{جم لا}) \text{ فرلا}$$
$$= -۲ \text{لا جم لا} + ۲ \int \text{جم لا فرلا}$$
$$= -۲ \text{لا جم لا} + ۲ \text{ جب لا}$$

اس لئے $\int$ لا^{۲} جم لا فرلا = لا^{۲} جب لا + ۲ لا جم لا − ۲ جب لا

مثال ۳۔ $\int$ و$^{\text{لا}}$ جم (ب لا + ج) فرلا اور $\int$ و$^{\text{لا}}$ جب (ب لا + ج) فرلا معلوم کرو

ایک تکملہ کے دریافت کرنے کے عمل میں ہم دوسرے تکملہ کو بھی معلوم کر لیتے ہیں۔

فرض کرو کہ

$ف = \int و^{لا} جم(ب لا + ج)\, فرلا$، $ق = \int و^{لا} جب(ب لا + ج)\, فرلا$

اس صورت میں ہم $و$ کو کسی ایک جزو ضربی کے مساوی لے سکتے ہیں

$$ف = \frac{و^{لا}}{ا} جم(ب لا + ج) - \int \frac{و^{لا}}{ا} \times [-ب جب(ب لا + ج)]\, فرلا$$

$$= \frac{و^{لا} جم(ب لا + ج)}{ا} + \frac{ب}{ا} \int و^{لا} جب(ب لا + ج)\, فرلا -$$

$$= \frac{و^{لا} جم(ب لا + ج)}{ا} + \frac{ب}{ا} ق$$

اس لئے $اف - ب ق = و^{لا} جم(ب لا + ج)$ ..... (۱)

اسی طرح ق پر عمل کرنے سے حاصل ہوگا

$ب ف + اق = و^{لا} جب(ب لا + ج)$ ..... (۲)

(۱) اور (۲) کو ف، ق کے لئے حل کرنے سے

$$ف = \int و^{لا} جم(ب لا + ج)\, فرلا = \frac{و^{لا}[ا جم(ب لا + ج) + ب جب(ب لا + ج)]}{ا^۲ + ب^۲}$$

$$ق = \int و^{لا} جب(ب لا + ج)\, فرلا = \frac{و^{لا}[ا جب(ب لا + ج) - ب جم(ب لا + ج)]}{ا^۲ + ب^۲}$$

یہ دو تکملے ریاضی طبیعیات میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔

مثال (۴) $\int \sqrt{ا^۲ - لا^۲}\, فرلا$ اور $\int \sqrt{لا^۲ \pm ا^۲}\, فرلا$ معلوم کرو

یہاں تکمل میں صرف ایک جزو ضربی ہے، لیکن ہم اکائی کو دوسرا جزو ضربی قرار دیکر اسے ع کے مساوی رکھ سکتے ہیں، فرض کرو کہ ع = ۱

اسلئے $\int \sqrt{ا^۲ - لا^۲}\, فرلا = لا \sqrt{ا^۲ - لا^۲} - \int لا \times \frac{-لا}{\sqrt{ا^۲ - لا^۲}}\, فرلا$

$$= لا \sqrt{ا^۲ - لا^۲} - \int \frac{-لا^۲}{\sqrt{ا^۲ - لا^۲}}\, فرلا \quad \text{..... (۱)}$$

اب ہم لکھتے ہیں $\frac{-لا^{۲}}{\sqrt{ا^{۲}-لا^{۲}}} = \frac{(ا^{۲}-لا^{۲})-ا^{۲}}{\sqrt{ا^{۲}-لا^{۲}}}$

$= \sqrt{ا^{۲}-لا^{۲}} - \frac{ا^{۲}}{\sqrt{ا^{۲}-لا^{۲}}}$

اس میں بائیں جانب کی پہلی رقم خود دیا ہوا متکمل ہے اور دوسری رقم کا تکملہ۔ $ا^{۲}$ جب$^{-۱}\frac{لا}{ا}$ ہے (۱) میں درج کرو اور تکملہ کو دائیں طرف لے آؤ، ۲ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوگا

$$\int \sqrt{ا^{۲}-لا^{۲}}\, فرلا = \frac{۱}{۲} لا \sqrt{ا^{۲}-لا^{۲}} + \frac{۱}{۲} ا^{۲} جب^{-۱}\left(\frac{لا}{ا}\right)$$

یہی نتیجہ دفعہ ۷ مثال (۱) میں حاصل کیا گیا تھا۔
اسی طرح سے یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ

$$\int \sqrt{لا^{۲} \pm ا^{۲}}\, فرلا = \frac{۱}{۲} لا \sqrt{لا^{۲} \pm ا^{۲}} \pm \frac{۱}{۲} ا^{۲} لوک (لا + \sqrt{لا^{۲} \pm ا^{۲}})$$

مقابلہ کرو دفعہ ۷ مثال ۲ کے ساتھ۔
اوپر کی جبروی تحویل اکثر کارآمد ثابت ہوتی ہے، اسی طرح کی تحویل مثلثی تفاعلوں کو تکمل کرنے میں استعمال کی جاتی ہے، (دفعہ ۱۰، مثال ۲، ۳)
جملہ درجہ دوم $\sqrt{ا لا^{۲} + ب لا + ج}$ کو مثل دفعہ ۶ تحویل کرنے اور لا + ا = ع رکھنے سے ہم تکمل کر سکتے ہیں۔
مثال ۵۔ $\int$ لوک لا فرلا معلوم کرو

$$\int لوک لا\, فرلا = لا\, لوک لا - \int لا \frac{۱}{لا} فرلا = لا\, لوک لا - لا$$

۱۰۔ متواتر تحویل۔

مثال ۱۔ فرض کرو کہ $ع_ن = \int لا^{ن} ق^{لا} فرلا$، تکمل بالحصص سے

$$ع_ن = \int لا^{ن} ق^{لا} فرلا = لا^{ن} ق^{لا} - \int ن لا^{ن-۱} ق^{لا} فرلا = لا^{ن} ق^{لا} - ن \int لا^{ن-۱} ق^{لا} فرلا$$

یعنی $ع_ن = لا^ن قو لا - ن ع_{ن-۱}$

ن کی بجائے ن - ۱ رکھنے سے حاصل ہوتا ہے

$ع_{ن-۱} = لا^{ن-۱} قو لا - (ن-۱) ع_{ن-۲}$

پس $ع_ن = لا^ن قو لا - ن لا^{ن-۱} قو لا + ن (ن-۱) ع_{ن-۲}$

اسی طرح عمل کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ اگر ن مثبت صحیح عدد ہو تو تکمل $ع_ن$ بالآخر ع یعنی $\int$ قو لا یا قو لا پر آکے منحصر ہوتا ہے۔ اگر ن مثبت صحیح عدد نہ ہو لیکن مثبت ہو تو $ع_ن$ ایک ایسے تکملہ پر آکے منحصر ہوتا ہے جس میں لا کا قوت نما مثبت کسر واجب ہے۔ اس صورت میں تکملہ معلومہ تفاعلوں کے ذریعہ محدود رقوم میں بیان نہیں ہو سکتا، لیکن آئندہ تحقیق کے لئے نہایت موزوں شکل میں آجاتا ہے۔

تکمیل کے مندرجہ بالا طریقہ کو جس میں ایک تکملہ اُسی قسم کے ایک اور تکملہ پر لا کے منحصر کیا جاتا ہے **متواتر تحویل** کا طریقہ کہتے ہیں۔

$لا^ن$ جب لا، $لا^ن$ جم لا کے تکملوں پر اسی طرح کا عمل ہو سکتا ہے۔

مثال ۲ - $ع_ن = \int$ جب^ن لا فرلا

$ع_ن = \int$ جب^ن لا فرلا $= \int$ جب$^{ن-۱}$ لا × جب لا فرلا

$=$ جب$^{ن-۱}$ لا (- جم لا) - $\int$ (ن-۱) جب$^{ن-۲}$ لا جم لا (- جم لا) فرلا

$= -$ جب$^{ن-۱}$ لا جم لا + (ن-۱) $\int$ جب$^{ن-۲}$ لا جم^۲ لا فرلا

اب جم^۲ لا $= ۱ -$ جب^۲ لا، جب$^{ن-۲}$ لا جم^۲ لا $=$ جب$^{ن-۲}$ لا - جب^ن لا

اسلئے $ع_ن = -$ جب$^{ن-۱}$ لا جم لا + (ن-۱) $ع_{ن-۲}$ - (ن-۱) $ع_ن$

$$\text{پس } ع_{ن} = -\frac{\text{جب}^{ن-1} لا \cdot \text{جم} لا}{ن} + \frac{ن-1}{ن} ع_{ن-2} \quad \ldots\ldots (1)$$

قوت نما ن بقدر ۲ کے کم ہو گیا ہے، ن کی بجائے ن - ۲ لکھنے سے

$$ع_{ن-2} = -\frac{\text{جب}^{ن-3} لا \cdot \text{جم} لا}{ن-2} + \frac{ن-3}{ن-2} ع_{ن-4}$$

$$\text{پس } ع_{ن} = -\frac{\text{جب}^{ن-1} لا \cdot \text{جم} لا}{ن} - \frac{ن-1}{ن} \frac{\text{جب}^{ن-3} لا \cdot \text{جم} لا}{ن-2} + \frac{(ن-1)(ن-3)}{ن(ن-2)} ع_{ن-4}$$

اگر ن مثبت صحیح عدد ہو تو اسی طرح تحویل کو جاری رکھنے سے ہم قوت نما کو ایک بنا سکتے جبکہ ن طاق ہو اور صفر بنا سکتے ہیں جبکہ ن جفت ہو۔

$$ع_{1} = \int \text{جب} لا \, فرلا = -\text{جم} لا \quad \text{اور} \quad ع_{0} = \int \text{جب}^{0} لا \, فرلا = لا$$

اگر ن مثبت ہے لیکن صحیح عدد نہیں ہے تو $ع_{ن}$ کو یہاں تک تحویل کیا جا سکتا ہے کہ قوت نما ن مثبت یا منفی کسر واجب ہو جائے۔ ن کی منفی قیمتوں کے لئے دیکھو مثال ۴۔

ضابطہ (۱) کی نہایت کارآمد صورت اُس وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ تکملہ کو حدود صفر اور $\frac{\pi}{2}$ کے درمیان لیا جائے، اس صورت میں (۱) ہو جاتا ہے

$$\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{ن} لا \, فرلا = [ع_{ن}]_{0}^{\frac{\pi}{2}} = \left[-\frac{\text{جب}^{ن-1} لا \cdot \text{جم} لا}{ن}\right]_{0}^{\frac{\pi}{2}} + \frac{ن-1}{ن} [ع_{ن-2}]_{0}^{\frac{\pi}{2}}$$

$$= \frac{ن-1}{ن} \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{ن-2} لا \, فرلا$$

چونکہ دوسری رقم دونوں حدود پر صفر ہوتی ہے۔

جس صورت میں ن طاق ہو $ع_{ن}$ کی آخری رقم ہوگی

$$\frac{(ن-1)(ن-3)\ldots\ldots 4 \times 2}{ن(ن-2)\ldots\ldots 5 \times 3} (-\text{جم} لا)$$

اور جس صورت میں ن جفت ہو آخری رقم ہوگی

$$\frac{(ن-۱)(ن-۳)(ن-۵)\ldots\ldots ۳\times ۱}{ن(ن-۲)(ن-۴)\ldots\ldots ۴\times ۲}$$ لا

پس $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جب^{ن}$ لا فرلا $= \frac{(ن-۱)(ن-۳)\ldots\ldots ۴\times ۲}{ن(ن-۲)\ldots\ldots ۵\times ۳} \times ۱$ (ن طاق صحیح عدد)

$\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جب^{ن}$ لا فرلا $= \frac{(ن-۱)(ن-۳)\ldots\ldots ۳\times ۱}{ن(ن-۲)\ldots\ldots ۴\times ۲} \times \frac{\pi}{۲}$ (ن جفت صحیح عدد)

اگر $و_{ن} = \int جم^{ن}$ لا فرلا

تو $و_{ن} = \frac{جم^{ن-۱}$ لا جب لا$}{ن} + \frac{ن-۱}{ن} و_{ن-۲}$

ضابطہ سے ثابت کرنا آسان ہے یا بلا واسطہ محدود تکملہ کے مفہوم سے ظاہر ہے کہ

$\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جم^{ن}$ لا فرلا $= \int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جب^{ن}$ لا فرلا

$جب^{ن}$ لا اور $جم^{ن}$ لا کی ترسیموں کو دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ

$\int_{۰}^{\pi} جب^{ن}$ لا فرلا $= ۲ \int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جب^{ن}$ لا فرلا

$\int_{۰}^{\pi} جم^{ن}$ لا فرلا $= ۲ \int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جم^{ن}$ لا فرلا [جبکہ ن جفت صحیح عدد ہو]

$= ۰$ [جبکہ ن طاق صحیح عدد ہو]

اسی طرح نتائج ذیل یا اسی طرح کے اور نتائج بآسانی ثابت ہو سکتے ہیں۔

$\int_{۰}^{\pi} جب^{۳}$ لا فرلا $= ۰$، $\int_{۰}^{\pi} جم^{۶}$ لا فرلا $= ۴ \int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} جم^{۶}$ لا فرلا

نیز ملاحظہ ہو قاعدہ جو مثال ۳ میں دیا گیا ہے۔

مثال ۳۔ ف (م، ن) $= \int جب^{م}$ لا $جم^{ن}$ لا فرلا

ملاحظہ ہو کہ ف (م، ن) میں پہلا حرف جب لا کا قوت نما ہے اور دوسرا جم لا کا۔
اختصار کی خاطر جب لا کو س، سے اور جم لا کو ص سے تعبیر کریں تب

$$ف (م، ن) = \int س^م ص^ن ولا = \int س^م ص \times ص^{ن-1} ولا$$

چونکہ ص مشتق ہے س کا، س^م ص کا تکملہ $\frac{س^{م+1}}{م+1}$ ہے پس

$$ف (م، ن) = ص^{ن-1} \frac{س^{م+1}}{م+1} + \int \frac{ن-1}{م+1} س^{م+2} ص^{ن-2} ولا \quad ..... (ا)$$

لیکن $س^{م+2} ص^{ن-2} = س^م (1-ص^2) ص^{ن-2} = س^م ص^{ن-2} - س^م ص^ن$

اس جملہ میں پہلی رقم ف (م، ن - ۲) کا متکمل ہے اور دوسری ف (م، ن) کا۔
(ا) میں مندرج کرو ف (م، ن) کو دائیں جانب لے جاؤ اور $\frac{م+1}{م+ن}$ سے
ضرب دو، اس طرح حاصل ہوگا

$$ف (م، ن) = \frac{س^{م+1} ص^{ن-1}}{م+ن} + \frac{ن-1}{م+ن} ف (م، ن-2) \quad ..... (ا)$$

پس معلومہ تکملہ ایک اور ایسے تکملہ کے حل پر موقوف ہوتا ہے جس میں قوت نما
م وہی رہتا ہے لیکن دوسرا قوت نما تقدیر ۲ کے کم ہو جاتا ہے۔
اگر ہم متکمل کو اس طرح $س^{م-1} \times س ص^ن$ لکھتے اور جیب التمام کو تکمل کرتے
تو ہمیں یہ ملتا ف (م، ن) = $\frac{س^{م-1} ص^{ن+1}}{م+ن} + \frac{م-1}{م+ن} ف (م-2، ن)$ ..(ب)
اس میں م تقدیر ۲ کے کم ہو گیا ہے اور ن نہیں بدلا۔
اب ہم تحویل کو اس صورت میں جاری رکھینگے جبکہ م، ن مثبت صحیح عدد ہوں اور
اس طرح محدود تکملہ کی قیمت صفر سے $\frac{\pi}{2}$ تک معلوم کرینگے۔
اگر ن طاق ہو تو (ا) سے ف (م، ن) تکملہ ف (م، ۱) پر منحصر ہوتا ہے،
(ب) کے ذریعہ ف (م، ۱) تکملہ ف (۱، ۱) پر منحصر ہوتا ہے اگر م طاق ہو اور

ف (۰، ۱) پر اگر م جفت ہو۔
اگر ن جفت ہو تو (۱) سے ف (م، ن) تکملہ ف (م، ۰) پر موقوف ہوتا ہے لیکن ف (م، ۰) مثال ۲ کا تکملہ ہے جبکہ ن کی بجائے م لکھا جائے، پس مثال ۲ (۱) سے، ف (م، ۰) تکملہ ف (۱، ۰) پر منحصر ہوتا ہے اگر م طاق ہو اور ف (۰، ۰) پر منحصر ہوتا ہے اگر م جفت ہو۔
پس ف (م، ن) تحویل کے بعد ذیل کے چار تکملوں میں سے کسی ایک پر موقوف ہو سکتا ہے۔

$$ف(۱،۱) = \int س\,ص\,فرلا = \frac{۱}{۲} جب^۲ لا،\quad ف(۰،۱) = \int ص\,فرلا = جب لا$$

$$ف(۱،۰) = \int س\,فرلا = -جم لا،\quad ف(۰،۰) = \int ۱\,فرلا = لا$$

اگر تکملہ کو حدود صفر اور $\frac{π}{۲}$ کے درمیان محسوب کیا جائے تو مندرجہ بالا چار تکملوں کی قیمتیں بالترتیب ہوتی ہیں $\frac{۱}{۲}$، ۱، ۱، $\frac{π}{۲}$
طالب علم اب ثابت کرے کہ ذیل کا قاعدہ درست ہے

$$\int_{۰}^{\frac{π}{۲}} جب^م لا\,جم^ن لا\,فرلا = \frac{(م-۱)(م-۳)(م-۵)\ldots\ldots(ن-۱)(ن-۳)(ن-۵)\ldots\ldots}{(م+ن)(م+ن-۲)(م+ن-۴)\ldots\ldots} \times عما$$

جہاں عما = ۱ سوائے اُس صورت کے جبکہ م اور ن دونوں جفت صحیح عدد ہیں، موخرالذکر صورت میں عما = $\frac{π}{۲}$، مخفی نہ رہے کہ اوپر اور نیچے کے تینوں سلسلوں کے اجزائے ضربی کو اُس حد تک جاری رکھنا چاہئے جب تک کہ مثبت رہیں۔ یہ بھی دیکھا جائے کہ ہر سلسلہ کے اجزا بقدر ۲ کے کم ہوتے ہیں۔ اس قاعدہ میں مثال ۲ کے تکملے بھی شامل ہیں جو م (یا ن) کو صفر بنانے اور منفی اجزائے ضربی کو حذف کرنے سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

$$\int_{۰}^{\frac{π}{۲}} جب^۲ لا\,جم^۴ لا\,فرلا = \frac{۱\times۳\times۱}{۲\times۴\times۶} \times \frac{π}{۲} = \frac{π}{۳۲}$$

$$\int_{۰}^{\frac{π}{۲}} جب^۶ لا\,جم^۴ لا\,فرلا = \frac{۱\times۳\times۱\times۳\times۵}{۲\times۴\times۶\times۸\times۱۰} \times \frac{π}{۲} = \frac{π\,۳}{۵۱۲}$$

$$\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{5}\text{لا جم}^{5}\text{لا فرلا} = \frac{2\times4\times2\times4\times6}{2\times4\times6\times8\times10\times12} \times 1 = \frac{1}{120}$$

$$\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{8}\text{لا فرلا} = \frac{1\times3\times5\times7}{2\times4\times6\times8} \times \frac{\pi}{2} = \frac{\pi 35}{256}$$

امثلہ ۲ اور ۳ کی خاص اہمیت اس وجہ سے ہے کہ کئی تکملے مناسب ابدال کے بعد اس شکل میں لائے جا سکتے ہیں، مثلاً اگر ہم ذیل کے تکملہ میں رکھیں لا = ا جب طہ جس سے طہ = ۰ جبکہ لا = ۰ اور طہ = $\frac{\pi}{2}$ جبکہ لا = ا تو حاصل ہوتا ہے

$$\int_{0}^{1} \text{لا}^{6}(\text{ا}-\text{لا}^{2})^{\frac{3}{2}}\text{فرلا} = \text{ا}^{6}\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{2}\text{طہ جم}^{8}\text{طہ فرطہ} = \text{ا}^{6}\,\frac{1\times3\times1}{2\times4\times6}\,\frac{\pi}{2} = \frac{\pi}{32}\,\text{ا}^{6}$$

اگر ہم رکھیں لا = ا جب طہ ذیل کے سوال میں تو

$$\int_{0}^{1} \text{لا}^{2}(\text{ا}-\text{لا}^{2})^{\frac{3}{2}}\text{فرلا} = 2\,\text{ا}^{9}\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{جب}^{5}\text{طہ جم}^{4}\text{طہ فرطہ} = 2\,\text{ا}^{9}\,\frac{1\times3\times2\times4}{1\times3\times5\times7\times9}$$

$$= \frac{16}{315}\,\text{ا}^{9}$$

مثال ۴۔ اگر ن منفی ہو تو عن-۲ میں قوت نما تعداداً ن سے بڑا ہوگا۔

مثال ۲ (۱) میں فرض کرو کہ ن = -م جہاں م مثبت ہے، تب

$$\int \frac{\text{فرلا}}{\text{س}^{\text{م}}} = \frac{\text{ص}}{\text{م س}^{\text{م}+1}} + \frac{\text{م}+1}{\text{م}} \int \frac{\text{فرلا}}{\text{س}^{\text{م}+2}}$$

اس لئے $\int \frac{\text{فرلا}}{\text{س}^{\text{م}+2}} = -\frac{\text{ص}}{(\text{م}+1)\,\text{س}^{\text{م}+1}} + \frac{\text{م}}{\text{م}+1} \int \frac{\text{فرلا}}{\text{س}^{\text{م}}}$

اب رکھو م+۲ = ن جہاں ن مثبت ہے، اس طرح حاصل ہوتا ہے

$$\int \frac{\text{فرلا}}{\text{جب}^{\text{ن}}\text{لا}} = -\frac{\text{جم لا}}{(\text{ن}-1)\,\text{جب}^{\text{ن}-1}\text{لا}} + \frac{\text{ن}-2}{\text{ن}-1} \int \frac{\text{فرلا}}{\text{جب}^{\text{ن}-2}\text{لا}}$$

کئی صورتوں میں تکمل کا عمل ذیل کی تحویل سے آسان ہو جائیگا۔

$$\frac{1}{جب^{ن}لا} = \frac{جب^{2}لا + جم^{2}لا}{جب^{ن}لا} = \frac{1}{جب^{ن-2}لا} + \frac{1}{جب^{ن}لا} \times جم لا$$

لیکن ایسے تکملے ابتدائی حسابات میں چنداں ضروری نہیں، ایسی تحویلوں کا خاص منشا یہ ہے کہ ایک دفعہ تکمل بالحصص کا عمل کرنے کے بعد نیا قوت نما پانے کی نسبت بقدر ۲ کے تفاوت ہو جائے۔ جب قوت نما منفی ہو تو اس میں زیادہ سہولت ہوتی ہے کہ متکمل کے قوت نما کو کم کر کے اسی پر عمل تکمل کیا جائے۔

مثال ۵۔ $ع_{ن} = \int مس^{ن} لا \, فرلا$

$$ع_{ن} = \int مس^{ن-2} لا (قط^{2} لا - 1) \, فرلا = \int مس^{ن-2} لا \, قط^{2} لا \, فرلا - ع_{ن-2}$$

$$پس \; ع_{ن} = \frac{مس^{ن-1} لا}{ن-1} - ع_{ن-2}$$

تحویلی ضابطوں کی اور مثالیں مشقوں میں دی گئی ہیں لیکن کئی صورتوں میں شکلی ابدال سے اکثر تکملے اوپر کی کسی نہ کسی ایک شکل میں لائے جا سکینگے۔

مشق ۳

امثلہ ۱ تا ۲۴ کو بلحاظ لا کے تکمل کرو

۱۔ $لا \, قو لا$ ۲۔ $لا^{2} \, قو لا$ ۳۔ $لا \, جب لا$

۴۔ $لا \, جم لا$ ۵۔ $لا \, جب لا \, جم لا$ ۶۔ $لا^{2} \, جب لا$

۷۔ $لا^{ن} \, لوک لا \; (ن \neq -1)$ ۸۔ $\frac{1}{لا} \, لوک لا$

۹۔ $قو^{-لا} \, جب^{2} لا$ ۱۰۔ $\frac{لا \, قو لا}{(1+لا)^{2}}$ ۱۱۔ $لا \, قو^{-لا^{2}}$

۱۲۔ $جب^{-1} لا$ ۱۳۔ $مس^{-1} لا$ ۱۴۔ $لا \, جب^{-1} لا$

۱۵۔ $لا \, مس^{-1} لا$ ۱۶۔ $\frac{1}{(3+2لا-لا^{2})}$

۱۷- $\sqrt{۳+۲لا+لا^۲}$ ۱۸- $\sqrt{۲ر لا-لا^۲}$ ۱۹- $\sqrt{۲ر لا+لا^۲}$

۲۰- $\frac{لا^۲}{\sqrt{۱-لا^۲}}$ ۲۱- $\frac{لا+جب لا}{۱+جم لا}$

۲۲- $قو^{۳لا}$ جم ۴لا ۲۳- جمز لا جم لا ۲۴- جیز لا جب لا

۲۵- ذیل کے تکملوں کو محسوب کرو

(۱) $\int_{ب}^{۳۲}$ جم^۸ لا فرلا (۲) $\int_{ب}^{۱۲}$ جب^۶ لا فرلا

(۳) $\int_{ب}^{۲}$ جب^۶ لا جم^۴ لا فرلا (۴) $\int_{ب}^{۲}$ جب^۳ لا جم^۴ لا فرلا

(۵) $\int_{ب}^{۳۴}$ جب^۸ لا جم^۴ لا فرلا (۶) $\int_{ب}^{۳۴}$ مس^۶ لا فرلا

۲۶- مثلثی ابدال سے ذیل کے تکملوں کی قیمتیں محسوب کرو

(۱) $\int_{ب}^{۱}$ لا^۲ $\sqrt{۱-لا^۲}$ فرلا (۲) $\int_{ب}^{۱۲}$ لا $\sqrt{۲ر لا-لا^۲}$ فرلا

(۳) $\int_{ب}^{۱۲}$ لا^۲ $\sqrt{۲ر لا-لا^۲}$ فرلا

۲۷- $\int_{ب}^{۱}$ $\frac{لا\sqrt{۱^۲-لا^۲}}{\sqrt{۱^۲+لا^۲}}$ فرلا کو تکمل کرو۔ درج کرو لا^۲ = ۱^۲ جم ۲ط

۲۸- اگر ف (م، ن) = $\int$ لا^م (۱-لا)^ن فرلا تو ثابت کرو کہ

ف (م، ن) = $\frac{لا^{م+۱}(۱-لا)^ن}{م+ن+۱} + \frac{ن}{م+ن+۱}$ ف (م، ن-۱)

اس طرح ابدال لا = جب^۲ ط سے تکملہ

$\int_{ب}^{}$ لا^م (۱-لا)^ن فرلا

کی قیمت معلوم کرو جہاں م، ن دونوں مثبت صحیح عدد ہیں۔

۲۹۔ اگر $ع_ن = \int \frac{ف لا}{(ا^۲ + لا^۲)^ن}$ تو ثابت کرو کہ

$$ع_ن = \frac{لا}{(۲ن-۲)ا^۲(ا^۲+لا^۲)^{ن-۱}} + \frac{۲ن-۳}{(۲ن-۲)ا^۲} ع_{ن-۱}$$

۳۰۔ اگر $ع_ن = \int لا^ن \sqrt{ا^۲ - لا^۲}\, ف لا$ تو ثابت کرو کہ

$$ع_ن = -\frac{لا^{ن-۱}(ا^۲-لا^۲)^{\frac{۳}{۲}}}{ن+۲} + \frac{ن-۱}{ن+۲} ا^۲ ع_{ن-۲}$$

۳۱۔ اگر $ع_ن = \int لا^ن \sqrt{۲ا لا - لا^۲}\, ف لا$ تو ثابت کرو کہ

$$ع_ن = -\frac{لا^{ن-۱}(۲ا لا-لا^۲)^{\frac{۳}{۲}}}{ن+۲} + \frac{۲ن+۱}{ن+۲} ا ع_{ن-۱}$$

لکھو $ع_ن = \int لا^{ن-۱}\{ا-(ا-لا)\}\sqrt{۲ا لا-لا^۲}\, ف لا = ا ع_{ن-۱} - \frac{۱}{۲}\int لا^{ن-۱} \frac{ف(س^{\frac{۳}{۲}})}{ف لا}$

جہاں $س = ۲ا لا - لا^۲$ اور پھر حصوں سے تکمیل کرو۔

۳۲۔ اگر $ع_ن = \int \frac{لا^ن ف لا}{\sqrt{۲ا لا-لا^۲}}$ تو ثابت کرو کہ

$$ع_ن = -\frac{لا^{ن-۱}\sqrt{۲ا لا-لا^۲}}{ن} + \frac{۲ن-۱}{ن} ا ع_{ن-۱}$$

۳۳۔ اگر م، ن مثبت صحیح عدد ہوں تو تکملہ

$$\int (۱-لا^{\frac{۱}{ن}})^م ف لا$$

کی قیمت دریافت کرو۔

۳۴۔ مفصلہ ذیل کی قیمتیں معلوم کرو

(۱) $\int_{\text{لا}^2}^{\text{لا}^1} \frac{\text{لا}^2}{\text{لا}^2 - \text{لا}^2}$ فرلا (۲) $\int_{\text{لا}^1}^{\text{لا}^2} \frac{\text{لا}^2}{\text{لا}^2 - \text{لا}^2}$ فرلا

۳۵۔ زائد $\frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2} - \frac{\text{عا}^2}{\text{ب}^2} = 1$ پر ایک نقطہ ن (ضا، عا) ہے،
اس کا فصلہ و م اور معین مرن ہے اور ضا، عا دونوں مثبت ہیں،
اگر ن کے قریب کا رائس ا ہو تو ثابت کرو کہ رقبہ ا م ن

$= \frac{1}{2}$ ضا عا $- \frac{1}{2}$ ا ب لوک $\left(\frac{\text{ضا}}{\text{ا}} + \frac{\text{عا}}{\text{ب}}\right)$

اور قطاع و ا ن کا رقبہ ہے

$\frac{1}{2}$ ا ب لوک $\left(\frac{\text{ضا}}{\text{ا}} + \frac{\text{عا}}{\text{ب}}\right)$

۳۶۔ منحنی $\text{ما}^2 = (\text{لا} - \text{ا})(\text{لا} - ۳)^2$ کو مرتسم کرو اور اس کے بند حلقے کا رقبہ دریافت کرو۔

۳۷۔ منحنی $\text{را}^2 \text{عا}^2 = \text{لا}^3 (۲\text{ا} - \text{لا})$ کو مرتسم کرو جہاں ا مثبت ہے اور تمام رقبہ جو اس سے گھرا ہوا ہے اُسے معلوم کرو۔

۳۸۔ زنجیرہ $\text{ما} = \frac{1}{2}$ ا $\left(\text{و}\frac{\text{لا}}{\text{ا}} + \text{و}^{-\frac{\text{لا}}{\text{ا}}}\right)$ کی قوس کا طول معلوم کرو جبکہ قوس کو منحنی پر کے نقطہ ج سے ناپنا شروع کیا جائے جہاں لا = ۰، ثابت کرو کہ جو رقبہ دونوں محوروں، منحنی اور ن پر کے معین کے درمیان گھر جاتا ہے وہ قوس ج ن کا ا گنا ہے۔

۳۹۔ خط صنوبری (قلب نما) ر = ا (۱ - جم ط) کی قوس کا طول معلوم کرو جبکہ قوس کو مبدأ سے ناپا جائے۔

۴۰۔ لولبی ر = ا ط کی قوس کا طول معلوم کرو اس شرط کے ماتحت کہ اس = ۰ جبکہ ر = ۰۔

۴۱- لوبی لہ = ۱ تو طہم عملی قوس کا طول معلوم کرو
جبکہ س = ۰ اگر طہ = ۰

۱۱- جزوی کسور۔ کسی منطق کسر کو جزوی کسور میں تحلیل کرنے کے طریقوں کے متعلق بحث جبر و مقابلہ کی اکثر کتب نصاب میں ملے گی، اس نظریہ کی مفصل بحث کے لئے طالب علم کرسٹل کے جبر و مقابلہ حصہ اول، باب ہشتم کی طرف رجوع کرے یہاں ہم صرف چند مثالیں حل کر دینگے۔ مجوزہ کسر کو کسر واجب فرض کیا جائیگا یعنی یہ فرض کیا جائیگا کہ اس کے شمار کنندہ کا درجہ نسب نما کے درجہ کی نسبت کم ہے، نیز یہ بھی فرض کیا جائیگا کہ کسر مفرد ترین رقوم میں بیان کر لی گئی ہے۔

فرض کرو کہ مجوزہ کسر $\frac{ف(لا)}{ق(لا)}$ ہے جہاں ف(لا) اور ق(لا) لا کے منطق صحیح تفاعل ہیں۔ ق(لا) کو حقیقی مفرد اجزائے ضربی کے حاصل ضرب کی شکل میں تحلیل کر لیا جا سکتا ہے جہاں ہر ایک جزو ضربی لا کا خطی تفاعل ہو یا دو درجی لیکن خواہ یہ خطی ہو یا دو درجی یہ اس حاصل ضرب میں کئی مرتبہ تکرار پا سکتا ہے۔

$\frac{ف(لا)}{ق(لا)}$ کو جزوی کسور کے مجموعہ میں ایک اور صرف ایک طرح تحلیل کر سکتے ہیں، یہ جزوی کسریں ذیل کے نمونوں پر مشتمل ہونگی۔

(۱) ف(لا) کے ہر ایسے خطی جزو ضربی لا - عہ کے مماثل جو تکرار نہیں پاتا جزوی کسر اس شکل $\frac{ا}{لا - عہ}$ کی ہوگی۔

(۲) ف(لا) کے ہر ایسے خطی جزو ضربی (لا - بہ) کے مماثل جو ر مرتبہ تکرار پاتا ہے ر جزوی کسریں ذیل کی شکلوں پر مشتمل ہونگی

$$\frac{ب_ر}{(لا - بہ)^ر} + \frac{ب_{ر-۱}}{(لا - بہ)^{ر-۱}} + \cdots + \frac{ب_۲}{(لا - بہ)^۲} + \frac{ب_۱}{(لا - بہ)}$$

(۳) ف(لا) کے ہر ایسے ثنائی جزو ضربی لا^۲ + جہ لا + ل کے مماثل جو تکرار

نہیں پاتا جزوی کسر اس شکل $\frac{ج لا + د}{لا^2 + حہ لا + لہ}$ کی ہوگی۔

(۳) ف (لا) کے ہر ایسے ثنائی جزو ضربی $(لا^2 + حہ لا + لہ)^ر$ کے مماثل جو ر مرتبہ تکرار پاتا ہے رجزوی کسر میں ذیل کی شکلوں پر مشتمل ہوگی

$$\frac{ج لا + د}{(لا^2 + حہ لا + لہ)^ر} + \frac{ج_1 لا + د_1}{(لا^2 + حہ لا + لہ)^{ر-1}} + \dots + \frac{ج_{ر-1} لا + د_{ر-1}}{لا^2 + حہ لا + لہ}$$

سروں $ا، ب، ج$ .... وغیرہ کے دریافت کرنے کا طریقہ ذیل کی مثالوں سے معلوم ہوگا۔

مثال ۱۔ $\frac{لا^2}{(لا^2-1)(لا-2)}$، نسب نما میں کوئی جزو ضربی تکرار نہیں پاتا اسلئے

$$\frac{لا^2}{(لا+1)(لا-1)(لا-2)} = \frac{ا}{لا+1} + \frac{ب}{لا-1} + \frac{ج}{لا-2}$$

کسروں سے خالی کرو۔ اس طرح

$$لا^2 = ا(لا-1)(لا-2) + ب(لا+1)(لا-2) + ج(لا+1)(لا-1)$$

یہ مساوات متطابقہ ہے یہ لا کی ہر ایسی قیمت کے لئے پوری ہوگی جسے ہم مساوات میں درج کریں۔ رکھو لا + ۱ = ۰ یعنی لا = −۱، اس طرح ب اور ج والی رقمیں صفر ہو جاتی ہیں اور ہمیں حاصل ہوتا ہے

$$1 = ا(-1-1)(-1-2) \text{ یا } ا = \frac{1}{6}$$

اسی طرح رکھو لا = ۱، اس سے $ب = -\frac{1}{2}$ اور رکھو لا = ۲ تو $ج = \frac{4}{3}$ اور

$$\frac{لا^2}{(لا^2-1)(لا-2)} = \frac{1}{6}\frac{1}{لا+1} - \frac{1}{2}\frac{1}{لا-1} + \frac{4}{3}\frac{1}{لا-2}$$

یا ا معلوم کرنے کے لئے اس کے نسب نما کے ساتھ دونوں طرف ضرب دے جاؤ اور پھر رکھو لا + ۱ = ۰، اس طرح

$$ا = \left[\frac{لا^{۲}}{(لا-۱)(لا-۲)}\right]_{لا=۱}$$

اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ اگر $(لا-عہ)$، $ف(لا)$ کا ایک جزو ضربی ہو جو مکرر نہیں پاتا اور اسکے مماثل جزوی کسر $\frac{ا}{لا-عہ}$ ہو تو

$$ا = \left[\frac{ف(لا)(لا-عہ)}{ف(لا)}\right]_{لا=عہ}$$

اگر $ف(لا) = (لا-عہ)\,فہ(لا)$

$ف'(لا) = فہ(لا) + (لا-عہ)\,فہ'(لا)$، $ف'(عہ) = فہ(عہ)$

$$\text{پس } ا = \left[\frac{(لا-عہ)\,ف(لا)}{(لا-عہ)\,فہ(لا)}\right]_{لا=عہ} = \frac{ف(عہ)}{فہ(عہ)} = \frac{ف(عہ)}{ف'(عہ)}$$

مثال ۲ - $\frac{لا^{۲}+لا+۲}{(لا-۱)^{۲}(لا^{۲}-لا+۱)}$، مکرر جزو ضربی $(لا-۱)^{۲}$ کے مماثل دو جزوی کسریں ہونگی اور چونکہ $لا^{۲}-لا+۱$ کے دو حقیقی جزو ضربی نہیں حاصل ہو سکتے اس لئے اس کے مماثل نمونہ (۳) کی کسر ہوگی۔ پس

$$\frac{لا^{۲}+لا+۲}{(لا-۱)^{۲}(لا^{۲}-لا+۱)} = \frac{ا}{(لا-۱)^{۲}} + \frac{ب}{لا-۱} + \frac{ج\,لا+د}{لا^{۲}-لا+۱}$$

کسروں سے خالی کرنے سے حاصل ہوگا

$$لا^{۲}+لا+۲ = ا(لا^{۲}-لا+۱) + ب(لا-۱)(لا^{۲}-لا+۱) + (ج\,لا+د)(لا-۱)^{۲}$$

رکھو $لا=۱$، حاصل ہوتا ہے $ا=۴$، $ا$ والی رقم کو دائیں جانب لاؤ اور $ا$ کو ۴ کے مساوی کہنے سے تحویل کرو۔ اب بائیں جانب $(لا-۱)$ جزو ضربی ہے اور چونکہ یہ مساوات متطابقہ ہے اسلئے $(لا-۱)$ دائیں جانب کے تحویل شدہ جملہ کا جزو ضربی ہونا چاہئے۔

اگر ایسا نہیں ہے تو عمل میں کوئی غلطی ہے۔ پس

$$-(۳لا-۲)(لا-۱) = ب(لا-۱)(لا^{۲}-لا+۱) + (ج\,لا+د)(لا-۱)^{۲}$$

$(لا-۱)$ پر تقسیم کرو اور رکھو $لا=۱$، اس طرح $ب=-۱$، اب $ب$ والی رقم کو دائیں

جانب لے جاؤ اور پھر (لا-۱) پر تقسیم کرو۔

تب لا-۳ = ج لا + د

چونکہ یہ مساوات، متطابقہ ہے اسلئے ج = ۱، د = -۳، اسلئے

$$\frac{\text{لا}^2+\text{لا}+2}{(\text{لا}-1)^2(\text{لا}^2+\text{لا}+1)} = \frac{4}{(\text{لا}-1)^2} - \frac{1}{\text{لا}-1} + \frac{\text{لا}-3}{\text{لا}^2+\text{لا}+1}$$

مثال ۳- $\frac{\text{لا}^3-2}{(\text{لا}^2+\text{لا}+2)^2(\text{لا}^2+\text{لا}+1)}$، چونکہ نسب نما کے حقیقی اجزا نہیں ہیں اسلئے نمونوں (۳) اور (۴) کی رو سے

$$\frac{\text{لا}^3-2}{(\text{لا}^2+\text{لا}+2)^2(\text{لا}^2+\text{لا}+1)} = \frac{\text{ا لا}+\text{ب}}{(\text{لا}^2+\text{لا}+2)^2} + \frac{\text{ج لا}+\text{د}}{\text{لا}^2+\text{لا}+2} + \frac{\text{ع لا}+\text{ف}}{\text{لا}^2+\text{لا}+1}$$

کسروں سے خالی کرنے سے لا^3-۲ = (ا لا+ب)(لا^2+لا+۱)+(ج لا+د)(لا^2+لا+۲)(لا^2+لا+۱)

+(ع لا+ف)(لا^2+لا+۲)^2

رکھو لا^2+لا+۲ = ۰، اور لا^2، لا^3 کو اس مساوات کے ذریعہ خطی تفاعلوں میں تحویل کرو

لا^2+لا+۱ = -۱، لا^2 = -لا-۲، لا^3 = -لا^2-۲لا = -لا+۲ اور اسلئے -لا = -ا لا-ب

جس سے ا = ۱، ب = ۰، اب ا اور ب والی رقم کو دائیں جانب لے جاؤ اور لا^2+لا+۲ پر تقسیم کرو جسے لازماً جزو ضربی ہونا چاہئے۔ اسلئے

-۱ = (ج لا+د)(لا^2+لا+۱)+(ع لا+ف)(لا^2+لا+۲)

رکھو لا^2+لا+۲ = ۰۔ اور پہلے کی طرح عمل کرو۔ اس طرح حاصل ہوتا ہے ج = ۰، د = ۱ اسلئے لا^2+لا+۲ پر تقسیم کرنے سے -۱ = ع لا+ف، ع = ۰، ف = -۱

اور کسر مجوزہ = $\frac{\text{لا}}{(\text{لا}^2+\text{لا}+2)^2} + \frac{1}{\text{لا}^2+\text{لا}+2} - \frac{1}{\text{لا}^2+\text{لا}+1}$

ان مثالوں سے سر ا، ب، ج وغیرہ معلوم کرنے کا طریقہ کافی طور پر واضح ہو گیا ہوگا نیز اور کئی طریقے طالب علم کو خود بخود سوجھینگے۔ جزوی کسور کے متعلق پوری بحث

کرسٹل کے جبر و مقابلہ میں ملیگی۔ اسکا حوالہ اوپر دیا گیا ہے۔

۱۲۔ منطق تفاعلوں کا تکمل۔ اگر $\frac{ف(لا)}{ق(لا)}$ کسر واجب نہ ہو تو عمل تقسیم سے اس کو ایک منطق صحیح تفاعل اور ایک منطق کسر واجب کے مجموعہ کے مساوی لکھا جا سکتا ہے۔

منطق صحیح تفاعل کا تکملہ ایک منطق صحیح تفاعل ہوگا۔

$\frac{ا}{(لا - عہ)}$ کا تکملہ $ا$ لوک $(لا - عہ)$ ہے۔

$\frac{ب}{(لا - بہ)^ر}$ کا تکملہ جہاں ر ایک سے مختلف ہے $\frac{-ب}{(ر-ا)(لا-بہ)^{ر-ا}}$ ہے۔

$\frac{ج\,لا + ک}{لا^۲ + جہ\,لا + لہ}$ کے تکملہ پر دفعہ ۱ میں بحث ہو چکی ہے، یہ اس شکل کا ہوگا

$لہ_ا$ لوک $(لا^۲ + جہ\,لا + لہ) + مہ_ا$ مس$^{-ا}$ $\frac{۲\,لا + جہ}{۴\,لہ - جہ^۲}$

اس لئے اب ہم صرف $\frac{ج\,لا + ک}{(لا^۲ + جہ\,لا + لہ)^ر}$ پر غور کرینگے۔

درجہ دوم کے جملہ کو اس شکل $س = (لا + جہ)^۲ + بہ^۲$ میں لکھنے سے تکملہ ہوگا

$$\frac{ا}{۲} ج \int \frac{۲(لا + جہ)\,فرلا}{س^ر} + (ک - جہ ج) \int \frac{فرلا}{س^ر}$$

$$= \frac{-ج}{۲(ر-ا)\,س^{ر-ا}} + (ک - جہ ج) \int \frac{فرلا}{س^ر}$$

عملی طور پر یہ زیادہ آسان ہے کہ $\frac{ا}{س^ر}$ کو ابدال $لا + جہ = بہ$ مس طہ سے تکمل کیا جائے لیکن نظری نقطہ نظر سے تحویلی ضابطہ حاصل کرنا موجب دلچسپی ہوگا۔

اگر ہم $\frac{لا + عہ}{ر_{ر-1}}$ کو تفرق کریں تو حاصل ہوگا

$$\frac{فر}{فرلا}\left(\frac{لا + عہ}{ر_{ر-1}}\right) = \frac{1}{ر_{ر-1}} - \frac{2(ر-1)(لا+عہ)^2}{ر_ر}$$

$$= \frac{-(2ر-3)}{ر_{ر-1}} + \frac{2(ر-1)بہ^2}{ر_ر}$$

جہاں $(لا + عہ)^2$ مساوی $ر - بہ^2$ کے لکھا گیا ہے۔
تکمل کرنے اور ترتیب بدلنے سے

$$\int \frac{فرلا}{ر_ر} = \frac{لا + عہ}{2(ر-1)بہ^2 ر_{ر-1}} + \frac{2ر-3}{2(ر-1)بہ^2}\int \frac{فرلا}{ر_{ر-1}}$$

اسلئے $\frac{ج لا + د}{ر_ر}$ کا تکملہ $\frac{1}{ر}$ کے تکملہ پر جو مقلوب مثلثی تفاعل ہے منحصر ہوسکتا ہے۔

پس لا کے کسی منطق تفاعل کا تکملہ منطق تفاعلوں، لوگارتموں اور مقلوب مستدیر تفاعلوں کی رقوم میں بیان ہوسکتا ہے۔

جزوی کسور کے طریقہ سے تکمل کرنے میں بہت محنت اور طول عمل ہوتا ہے، جزوی کسور میں تحلیل کرنے سے پہلے طالب علم کو یہ دیکھ لینا چاہئے کہ آیا تکملہ کسی طرح کے ابدال سے سادہ شکل میں لایا جاسکتا ہے یا نہیں۔

مثلاً $\int \frac{لا^2 فرلا}{(لا^2+1)^2(لا^2+2)} = \frac{1}{2}\int \frac{ع فرع}{(ع+1)^2(ع+2)}$ جہاں $ع = لا^2$

اور ع والی کسر کے ساتھ عمل کرنا لا والی کسر کی نسبت زیادہ آسان ہے۔

۱۳۔ غیر منطق تفاعل۔ اب ہم ایک دو ایسی صورتوں پر غور کرینگے جن میں متکمل غیر منطق تفاعل ہے۔

(۱) جب متکمل میں صرف لا کی کسور قوتیں شریک ہوں تو فرض کرو کہ ان کسروں کے

نسب نماؤں کا ذو اضعاف اقل ن ہے۔ پس اگر متکمل میں لا = ع^ن لکھا جائے تو اس ابدال سے نیا متکمل ع میں منطق ہو جائیگا۔

پس اگر لا = ع^۲ تو

$$\int \frac{\text{لا}^{\frac{1}{3}}\,\text{فرلا}}{1+\text{لا}^{\frac{4}{3}}} = \int \frac{\text{ع}^3 \times ٦\,\text{ع}^5\,\text{فرع}}{1+\text{ع}^6} = ٦\int \frac{\text{ع}^8\,\text{فرع}}{1+\text{ع}^6}$$

$$= ٦\int \left(\text{ع}^2 - \text{ع}^4 + \text{ع}^2 - 1 + \frac{1}{1+\text{ع}^2}\right)\text{فرع}$$

$$= ٦\left(\frac{\text{ع}^7}{7} - \frac{\text{ع}^5}{5} + \frac{\text{ع}^3}{3} - \text{ع} + \text{مس}^{-1}\text{ع}\right)$$

$$= ٦\left(\frac{1}{7}\text{لا}^{\frac{7}{2}} - \frac{1}{5}\text{لا}^{\frac{5}{2}} + \frac{1}{3}\text{لا}^{\frac{3}{2}} - \text{لا}^{\frac{1}{2}} + \text{مس}^{-1}(\text{لا}^{\frac{1}{2}})\right)$$

(۲) جب متکمل میں $\sqrt{\text{لا}+\text{ب}}$ شریک ہو لیکن کسی طرح کا اور اصم شامل نہ ہو تو ابدال لا + ب = ع^۲ سے نیا متکمل ع میں منطق ہو جائے گا۔

(۳) جب متکمل میں صرف $\frac{1}{\sqrt{\text{لا}^2+\text{ب لا}+\text{ج}}}$ شریک ہو لیکن کسی طرح کا اور اصم شامل نہ ہو تو تکملہ ایک منطق تفاعل کے تکملہ میں اس طرح تحویل ہو سکتا ہے

صورت اول۔ فرض کرو کہ ا مثبت ہے، اصم کو اس شکل میں لکھو

$$\text{ما} = \frac{1}{\text{ا}}\sqrt{\text{لا}^2+\text{ف لا}+\text{ق}}\,,\quad \text{ف} = \frac{\text{ب}}{\text{ا}}\,,\quad \text{ق} = \frac{\text{ج}}{\text{ا}}$$

فرض کرو کہ $\sqrt{\text{لا}^2+\text{ف لا}+\text{ق}} = \text{ع} - \text{لا}$، پس مربع اٹھانے اور لا کے لئے حل کرنے سے

$$\text{لا} = \frac{\text{ع}^2 - \text{ق}}{2\text{ع}+\text{ف}}\,,\quad \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} = \frac{2(2\text{ع}+\text{ف})2\text{ع} - 2(\text{ع}^2-\text{ق})}{(2\text{ع}+\text{ف})^2}$$

$$= \frac{2(\text{ع}^2+\text{ف ع}+\text{ق})}{(2\text{ع}+\text{ف})^2}$$

نیا متکمل صریحاً ع میں منطق ہوگا۔

صورت دوم۔ فرض کرو کہ ا منفی ہے، فا کے حقیقی ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ا لا² + ب لا + ج کے خطی اجزائے ضربی حقیقی ہوں کیونکہ اگر یہ حقیقی نہ ہوں تو جملہ درجہ دوم لا کی تمام حقیقی قیمتوں کے لئے منفی ہوگا اور اس لئے فا خیالی ہوگا۔ اب چونکہ (- ا) مثبت ہے، اس لئے ہم لکھ سکتے ہیں

$$\text{فا} = \sqrt{-ا}\ \sqrt{(\text{لا} - \text{عا})(\text{با} - \text{لا})}$$

تخصیص کی خاطر فرض کرو کہ با > عا (جبریہ لحاظ سے) اور فرض کرو کہ

$$\text{ع}^2 = \frac{\text{لا} - \text{عا}}{\text{با} - \text{لا}}$$

تب

$$\text{لا} - \text{عا} = \frac{(\text{با} - \text{عا})\text{ع}^2}{1 + \text{ع}^2}, \quad \text{با} - \text{لا} = \frac{\text{با} - \text{عا}}{1 + \text{ع}^2}, \quad \text{لا} = \frac{\text{عا} + \text{با ع}^2}{1 + \text{ع}^2}$$

$$\text{فا} = \sqrt{-ا}\ (\text{با} - \text{عا})\ \frac{\text{ع}}{1 + \text{ع}^2}, \quad \frac{\text{فرلا}}{\text{فرع}} = \frac{2(\text{با} - \text{عا})\text{ع}}{(1 + \text{ع}^2)^2}$$

نیا متکمل صریحاً ع میں منطق ہوگا۔

صورت (۲) اور (۳) میں ہم فرض کر سکتے ہیں کہ سب اصلیں مثبت ہیں (دیکھو دفعہ ۱۴)

اوپر کی تحلیل سے ظاہر ہے کہ اگر فا، $\sqrt{\text{ا لا} + \text{ب}}$ کے مساوی ہو یا

$\sqrt{\text{ا لا}^2 + \text{ب لا} + \text{ج}}$ کے اور متکمل ف (لا، فا) ہر دو لا، فا کا منطق تفاعل ہو تو ف (لا، فا) کا تکمل ہر صورت میں ایک منطق تفاعل کے تکمل میں تحویل ہو سکتا ہے اسلئے (دفعہ ۱۱) اس کے تکمل میں صرف منطق تفاعلوں کو کارفرما یا مقلوب مستدیر تفاعلوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

(۴) فرض کرو کہ متکمل $\text{لا}^{\text{ن}} (\text{ا} + \text{ب لا}^{\text{ن}})^{\text{ف}}$ ہے۔

(ا) اگر ف مثبت صحیح عدد ہو تو $(ا + ب لا^{ن})^{ف}$ کو پھیلاؤ۔

(ب) یہ اندراج کر کے دیکھو $ع = ا + ب لا^{ن}$ جس سے حاصل ہوتا ہے

$$لا = \frac{ا}{ب^{\frac{1}{ن}}} (ع - ا)^{\frac{1}{ن}}، \quad \frac{فرلا}{فرع} = \frac{(ع-ا)^{\frac{1}{ن}-1}}{ن ب^{\frac{1}{ن}}}$$

اور تکملہ ہو جاتا ہے $\int ع^{ف} (ع-ا)^{\frac{م+1}{ن}-1} فرع$

$$ن ب^{\frac{م+1}{ن}}$$

پس اگر $\frac{م+1}{ن}$ مثبت صحیح عدد ہو تو جملہ ثنائی کو پھیلایا جا سکتا ہے اور تکملہ محدود ارقام میں حاصل ہو سکتا ہے۔

(ج) اگر $\frac{م+1}{ن}$ مثبت صحیح عدد نہ ہو تو فرض کرو کہ $لا = \frac{ا}{و}$، تکملہ ہو جاتا ہے

$$- \int و^{-م-ن ف-2} (ب + ا و^{ن})^{ف} فرو$$

یہاں م کی بجائے $-(م + ن ف + 2)$ ہے، اسلئے اگر

$\frac{-(م + ن ف + 1)}{ن}$ مثبت صحیح عدد ہو یعنی $\frac{م+1}{ن} + ف$ منفی صحیح عدد ہو تو تکملہ محدود ارقام میں حاصل ہو سکتا ہے۔ ابدال اس صورت میں ہوگا

$ع = ب + ا و^{ن}$ یا $و = (ع - ب)^{\frac{1}{ن}} ا^{-\frac{1}{ن}}$

۱۴ — اس بحث سے معلوم ہوگا کہ تکمل ایک حد تک اتفاقی عمل ہے، عام نتائج صرف دفعات ۱۲ اور ۱۳ میں حاصل کئے گئے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ تکمل جب کبھی حل پذیر ہو سکتا ہے تو ہمیں معلومہ متکمل کو مختلف طریقوں سے چند معیاری صورتوں میں تحول کرنا پڑتا ہے۔ دفعہ ۱۳ کی صورتوں کے لئے بھی اکثر اوقات یہ زیادہ سہولت بخش ہوتا ہے کہ عام مسئلہ تو استعمال کرنے کی بجائے ہم کوئی خاص طریقہ اختیار کریں۔ مبتدیوں کو تکمل میں زیادہ دقت اس وجہ سے ہوتی ہے کہ انہیں جبریہ اور مثلثی

اعمال میں پوری مشق اور مہارت نہیں ہوتی، معیاری صورتوں کو یاد کر لینے کے بعد متغیر کی تبدیلی اور تکمل بالحصص کے دو اصولوں پر حاوی ہو جانا چاہئے، لیکن یاد رہے کہ جو طالب علم ابتدائی قسم کی مشقی اور جبریہ تحویلوں پر پوری قوت اور عبور نہیں رکھتا وہ خاص صورتوں میں خاص خاص ترکیبیں اختیار کرنے کی وجوہات کو سمجھنے سے قاصر رہیگا، علاوہ اس کے اُسے ہر قدم پر ایسی مشکلات کا سامنا ہوگا جو احصا (کیلکولس) کی ذات سے تعلق نہیں رکھتیں بلکہ اُس کی جبریہ تعلیم کی کمی اور کوتاہی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔

تکملہ جبکہ منحصر ہو متغیر کی سعت پر۔ ایک اور طرح کی مشکل قابل توجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ تکمل ایک سعت کے لئے ایک شکل رکھتا ہے اور دوسری وسعت کے لئے دوسری شکل مثلاً $\frac{1}{\text{لا}}$ کا تکملہ لوک لا ہے اگر لا مثبت ہو اور لوک (- لا) ہے اگر لا منفی ہو، اس صورت میں ہم تکملہ کو اس شکل $\frac{1}{2}$ لوک لا^2 میں لکھ سکتے ہیں جو دونوں صورتوں پر مشتمل ہے دیکھو دفعہ ۸ مثال ۳ ایک اور صورت کے لئے۔

نیز جذر کی دوہری علامت تکلیف کا باعث ہو سکتی ہے، ہم نے دیکھا ہے کہ $\frac{1}{\text{ا} + \text{ب جم لا}}$ کے تکملہ کی دو شکلیں اسی دوہری علامت کی وجہ سے ہیں جو وقوع پذیر ہوتی ہے جبکہ مقلوب جیب التمام کو مماس مقلوب سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ علامت جذر کے پہلے ہمیشہ مثبت علامت متصور کی جائیگی تو تحویل $\text{ف} \sqrt{\text{اق}} = \sqrt{\text{اف}^2 \text{ق}}$ صرف اُسی صورت میں درست ہوگی جبکہ ف مثبت ہو، لیکن اگر ف منفی ہو تو لازماً $\text{ف} \sqrt{\text{اق}} = -\sqrt{\text{اف}^2 \text{ق}}$

مشق ۴

امثلہ ۱ تا ۴ کو بلحاظ لا کے تکمل کرو۔

۱۔ $\frac{\text{لا}^2 - 6\text{لا} - 4}{(2\text{لا} + 1)(\text{لا} + 2)(3\text{لا} + 2)}$ ۲۔ $\frac{30\,\text{لا}^5}{(\text{لا}^2 - 1)(\text{لا}^2 - 4)}$

۳۔ $\frac{\text{لا}^4}{(\text{لا} - \text{ا})(\text{لا} - \text{ب})(\text{لا} - \text{ج})}$ ۴۔ $\frac{\text{لا}}{(\text{لا} + 1)^2 (\text{لا} - 1)}$

۵- $\frac{1}{\text{لا}^3(\text{لا}-1)}$

۶- $\frac{1}{(\text{لا}^2-1)^3}$

۷- $\frac{\text{لا}}{(\text{لا}^2-1)^3}$

۸- $\frac{\text{لا}^4+1}{\text{لا}^3+1}$

۹- $\frac{\text{لا}^4}{\text{لا}^2+1}$

۱۰- $\frac{\text{لا}^2+\text{لا}+1}{\text{لا}^2-\text{لا}+1}$

۱۱- $\frac{\text{لا}^2}{\text{لا}^4+\text{لا}^2-2}$

۱۲- $\frac{1}{(\text{لا}^2+\text{ا}^2)(\text{لا}^2+\text{ب}^2)}$

۱۳- $\frac{\text{لا}}{(\text{لا}^2+\text{ا}^2)(\text{لا}+\text{ب}^2)}$

۱۴- $\frac{\text{لا}^2}{(\text{لا}^2+\text{ا}^2)(\text{لا}^2+\text{ب}^2)}$

۱۵- $\frac{1}{(\text{لا}-1)(\text{لا}^2+1)^2}$

۱۶- $\frac{1}{\text{لا}^4+1}$

۱۷- $\frac{\text{لا}^2}{(\text{لا}^2+2\text{لا}+5)^2}$

۱۸- $\frac{1}{\text{لا}^4(\text{ا لا}+\text{ب})}$

۱۹- $\frac{\text{جم لا}}{16+9\text{جب}^2\text{لا}}$

۲۰- $\frac{1}{3\text{جب لا}+\text{جب}^3\text{لا}}$

۲۱- $\frac{\text{لا}+1}{(\text{لا}^2+4\text{لا}+6)^3}$

۲۲- $\frac{\text{لا}^2-\text{ا}^2}{\text{لا}^4+\text{ا}^2\text{لا}^2+\text{ا}^4}$

۲۳- $\frac{1}{(\text{لا}+1)(4\text{لا}^2+17\text{لا}^2+4)}$

۲۴- $\frac{1}{\text{لا}^2(1+\text{لا}^2)^2}$

۲۵- تکملہ $\int \frac{\text{فر لا}}{(\text{لا}-\text{ا})^{\text{م}}(\text{لا}-\text{ب})^{\text{ن}}}$ کو تحویل کر ذیل کے ابدال کی مدد سے

ع = $\frac{\text{لا}-\text{ا}}{\text{لا}-\text{ب}}$ اور اسکی قیمت معلوم کرو جبکہ م = ۳ اور ن = ۲

امسئلہ ۲۶ تا ۳۰ کو بلحاظ لا کے مکمل کرو

۲۶- $\frac{\sqrt{لا}}{۱+لا}$ ۲۷- $\frac{۱}{\sqrt{لا}+\sqrt[۳]{لا}}$ ۲۸- $\frac{\sqrt[۳]{لا}}{\sqrt{لا}-۱}$

۲۹- $\frac{لا}{(۱+ب لا)^{\frac{۳}{۲}}}$ ۳۰- $\frac{۱}{(۱+لا^۲)\sqrt{۱-لا^۲}}$

۳۱- $\frac{۱}{(۱-لا^۲)\sqrt{۱+لا^۲}}$ ۳۲- $\frac{۱}{لا+\sqrt{لا^۲-۱}}$

۳۳- $لا^۳\sqrt{۱+ب لا^۲}$ ۳۴- $لا^{\frac{۵}{۲}}(۱+لا^۲)^{\frac{۱}{۳}}$

۳۵- $\frac{۱}{لا^۲\sqrt{۱+لا^۲}}$ ۳۶- $\frac{۲۱+لا}{۱+لا}\sqrt{\frac{۱-لا}{۱+لا}}$

۳۷- $\sqrt{اس لا}$

باب دوم

محدود تکملے ہندسی سوالات میں ان کا استعمال

۱۵۔ محدود تکملہ۔ اس دفعہ میں اور اگلی دو دفعات میں محدود تکملوں کے متعلق ہم چند ضروری مسائل بیان کرینگے۔

مسئلہ ۱۔ محدود تکملہ صرف اپنی حدود کا تفاعل ہوتا ہے اور یہ تکمل کے متغیر کا تفاعل نہیں ہوتا۔

تکملہ کے ہندسی مفہوم پر غور کرنے سے یہ مسئلہ ظاہر ہے۔ جب تک کہ علامت فا ایک ہی تفاعل کو تعبیر کرتی ہے فا(لا) کی ترسیم جبکہ لا فصلہ ہو وہی ہوگی جو فا(ع) کی ترسیم ہے جبکہ ع کو فصلہ مانا جائے۔ اِس لئے

$$\int_{ل}^{ب} فا(لا)\,فرلا = \int_{ل}^{ب} فا(ع)\,فرع$$

نیز اگر $فا(لا) = عف_{ل}^{ب} ف(لا)$ تو $فا(ع) = عف_{ل}^{ع} ف(ع)$

اور ہر دو علامات ایک ہی جملہ ف(ب) - ف(ل) کو تعبیر کرتی ہیں۔

مسئلہ ۲۔ $\int_{ل}^{ل} فا(لا)\,فرلا = -\int_{ب}^{ل} فا(لا)\,فرلا$ ملاحظہ ہو دفعہ ۱

مسئلہ ۳۔ اگر $ل < ب$ اور فا(لا) تکمل کی سعت کے اندر لا کی ہر قیمت کے لئے مثبت ہو تو تکملہ $\int_{ل}^{ب} فا(لا)\,فرلا$ لازماً مثبت ہوگا اور صفر نہیں ہوگا۔ اگر فا(لا) منفی ہو تو تکملہ منفی ہوگا۔

صیغہ بجا پہلی صورت میں تکملہ جس رقبہ کو تعبیر کرتا ہے وہ مثبت ہے اور دوسری صورت میں

منفی۔ اگر فا (لا) وقفہ (ا، ب) میں لا کی بعض قیمتوں کے لئے صفر ہو لیکن سب قیمتوں کے لئے صفر نہ ہو تو بھی ظاہر ہے کہ یہ مسئلہ درست رہیگا۔ اسی طرح کا مشاہدہ مسائل ۵، ۶، ۷ کی صورت میں صادق آئیگا۔

مثلاً اس طرح کی مساوات

$$\int_{-1}^{2} \frac{\text{فرلا}}{(\text{لا}-1)^2} = \left[\frac{-1}{\text{لا}-1}\right]_{-1}^{2} = -2$$

مہمل ہے۔ اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ مثبت متکمل لا کی قیمت ۱ کے لئے جو وقفہ (۰، ۲) کے اندر واقع ہے غیر مسلسل ہے۔

مسئلہ ۴۔ $\int_{ا}^{ب} \text{فا (لا) فرلا} = \int_{ا}^{ج} \text{فا (لا) فرلا} + \int_{ج}^{ب} \text{فا (لا) فرلا}$

کیونکہ دائیں جانب کے تکملہ سے جو رقبہ تعبیر ہوتا ہے وہ بلحاظ مقدار اور علامت بائیں جانب کے تکملوں کے مجموعہ کے مساوی ہے۔

اسی طرح

$$\int_{ا}^{ب} \text{فا (لا) فرلا} = \int_{ا}^{ج} \text{فا (لا) فرلا} + \int_{ج}^{گ} \text{فا (لا) فرلا} + \int_{گ}^{ب} \text{فا (لا) فرلا}$$

اور ایسے ہی وقفہ (ا، ب) کے حصوں کی کسی تعداد کے لئے۔

واضح ہو کہ درمیانی اعداد ج، گ، ..... میں سے کوئی ایک یا زیادہ عدد وقفہ کے اعداد ا، ب میں سے جو بڑا ہے اس سے بڑے اور جو چھوٹا ہے اس سے چھوٹے ہو سکتے ہیں بشرطیکہ فا (لا) متغیر متبوع لا کی ان سب قیمتوں کے لئے بھی جو اس طرح زیر بحث آجاتی ہیں مسلسل ہو۔

مسئلہ ۵۔ اگر ا < ب اور وقفہ (ا، ب) میں فا (لا) کی بڑی سے بڑی قیمت (جبریہ لحاظ سے) ع ہو اور چھوٹی سے چھوٹی ق تو

$$\int_{ا}^{ب} \text{فا (لا) فرلا} < \text{ع (ب - ا) لیکن} > \text{ق (ب - ا)}$$

ع - فا (لا) اور فا (لا) - ق دونوں مثبت ہیں۔ اسلئے

مسئلہ ۳ کی رو سے تکملے

$\int_{ا}^{ب} [ع - فا(لا)]$ فرلا اور $\int_{ا}^{ب} [فا(لا) - ق]$ فرلا۔

یعنی $\int_{ا}^{ب} ع$ فرلا۔ $\int_{ا}^{ب} فا(لا)$ فرلا اور $\int_{ا}^{ب} فا(لا)$ فرلا۔ $\int_{ا}^{ب} ق$ فرلا

یا ع (ب-ا)۔ $\int_{ا}^{ب} فا(لا)$ فرلا اور $\int_{ا}^{ب} فا(لا)$ فرلا − ق (ب-ا)

دونوں مثبت ہیں۔ پس تکملہ ع (ب-ا) سے کم ہے اور

ق (ب-ا) سے زیادہ ہے۔

تکملہ ط (ب-ا) کے مساوی ہوگا جہاں ط ایک ایسا عدد ہے جو ع سے کم ہے اور ق سے بڑا ہے اب چونکہ فا(لا) مسلسل ہے اسلئے یہ لا کی ایک قیمت لا کے لئے جو ا، ب کے درمیان ہے ط کے مساوی ہوگا۔ اب قیمت لا اس شکل کی ہے ا + ظ (ب-ا) جہاں ۰ < ظ < ۱ (دفعہ ۳، حصۂ اول) اسلئے

$\int_{ا}^{ب} فا(لا)$ فرلا = فا(لا) (ب-ا) = فا{ا + ظ (ب-ا)} (ب-ا)

یہ مسئلہ ذیل کی شکل (۱) سے واضح ہوتا ہے۔ رقبہ اب کرص ج سطح ع × اب سے کم ہے اور ق × اب سے زیادہ ہے یعنی یہ سطح ظ × اب یا ن ل × اب کے مساوی ہے جہاں معیّن ل ن، ع سے کم ہے اور ق سے زیادہ ہے۔

ظ یا فا(لا) کو بعض اوقات سعت (ب-ا) میں فا(لا) کی اوسط قیمت کہتے ہیں [ملاحظہ ہو دفعہ ۲۵]



شکل ۱ شکل ۲

مسئلہ ۶- اگر ا < ب اور وقفہ (ا، ب) میں لا کی ہر ایک قیمت کے لئے فا(لا) جبریہ لحاظ سے فہ (لا) سے کم ہو اور سا(لا) سے بڑا ہو تو

$$\int_{ا}^{ب} فا(لا)\,فلا < \int_{ا}^{ب} فہ(لا)\,فلا \text{ لیکن } < \int_{ا}^{ب} سا(لا)\,فلا$$

اس مسئلہ کو مسئلہ ۵ کی طرح ثابت کیا جا سکتا ہے چونکہ

فہ(لا) - فا(لا) اور فا(لا) - سا(لا)

دونوں مثبت ہیں۔ ہندسی ثبوت کے لئے دیکھو شکل (۲)

مسئلہ ۷۔ ا < ب اور فا(لا) دو تفاعلوں فہ(لا)، سا(لا) کے حاصل ضرب کے مساوی ہے، ان تفاعلوں میں سے ایک یعنی فہ(لا) وقفہ (ا، ب) میں لا کی ہر ایک قیمت کے لئے مثبت ہے۔ ثابت کرو کہ

$$\int_{ا}^{ب} فہ(لا) \times سا(لا)\,فلا < ع \int_{ا}^{ب} فہ(لا)\,فلا$$

لیکن $> ق \int_{ا}^{ب} فہ(لا)\,فلا$

جہاں ع اور ق وقفہ (ا، ب) میں سا(لا) کی (جبریہ لحاظ سے) بڑی سے بڑی اور چھوٹی سے چھوٹی قیمتیں ہیں۔

یہ مسئلہ اسی طرح ثابت ہوتا ہے جیسے مسئلہ ۵ کیونکہ ع - سا(لا) اور سا(لا) - ق اور اسلئے فہ(لا) [ع - سا(لا)] اور

فہ (لا) [سا (لا) ـ ق] مثبت ہیں
اگر وقفہ (ا، ب) کے اندر لا کی ہر قیمت کے لئے فہ (لا) منفی ہو تو

$\int_{ا}^{ب}$ فہ (لا) سا (لا) فرلا > ع $\int_{ا}^{ب}$ فہ (لا) فرلا

لیکن < ق $\int_{ا}^{ب}$ فہ (لا) فرلا

چونکہ سا (لا) مسلسل ہے اسلئے دونوں صورتوں میں مسئلہ ۵ کی مانند لکھ سکتے ہیں

$\int_{ا}^{ب}$ فا (لا) سا (لا) فرلا = سا (لا) $\int_{ا}^{ب}$ فہ (لا) فرلا .....(۱)

جہاں ا < لا < ب

مسئلہ بالا کو جو مساوات (۱) کی صورت میں بیان ہوا ہے اوسط قیمت کا پہلا تکملی مسئلہ کہتے ہیں۔ [ملاحظہ ہو شق ۵ سوالات ۲۹ تا ۳۱]

مثال۔ اگر ن > ۲ تو ثابت کرو کہ تکملہ

$\int_{۰}^{۱}$ $\frac{\text{فرلا}}{\text{ا}+\text{لا}^{\text{ن}}}$ بڑا ہے ۵، سے اور چھوٹا ہے ۵۲۴، سے۔

تکمل کی سعت میں لا کی ہر قیمت کے لئے (سوائے قیمت صفر کے)

لا^{۲} > لا$^{\text{ن}}$ > ۰ ، ۱ + لا^{۲} < ۱ + لا$^{\text{ن}}$ < ۱

$\frac{۱}{۱+\text{لا}^{۲}}$ > $\frac{۱}{۱+\text{لا}^{\text{ن}}}$ > ۱

پس تکملہ کم ہے $\int_{۰}^{۱}$ $\frac{\text{فرلا}}{۱+\text{لا}^{۲}}$ = جب$^{-۱}$ $\frac{۱}{۲}$ = $\frac{\pi}{۶}$ = ...۵۲۳ سے

لیکن بڑا ہے $\int_{۰}^{۱}$ فرلا = ۵، سے

۱۶۔ مربوط تکملے

مسئلہ ۱- $\int_{ا}^{لا} ف(لا) فرلا = \int_{ا}^{لا} ف(ر-لا) فرلا$

فرض کرو کہ لا = ر-ع، تب فرلا = -فرع اور اگر لا = لا. تو ع = ر
اور اگر لا = ر تو ع = ۰

$\int_{ا}^{لا} ف(لا) فرلا = -\int_{ر}^{ر-ع} ف(ر-ع) فرع = \int_{ا}^{ر-ع} ف(ر-ع) فرع$

اس آخری تکملہ میں ہم ع کی بجائے لا لکھ سکتے ہیں [دفعہ ۱۵، مسئلہ ۱]
اسکی کارآمد صورت یہ ہے $\int_{ا}^{\frac{\pi}{2}} ف(جب لا) فرلا = \int_{ا}^{\frac{\pi}{2}} ف(جب[\frac{\pi}{2}-لا]) فرلا$

$= \int_{ا}^{\frac{\pi}{2}} ف(جم لا) فرلا$

مسئلہ ۲- $\int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا = \int_{ا}^{ب} \{ف(ر-لا) + ف(لا)\} فرلا$

کیونکہ $\int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا = \int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا + \int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا$
پہلے تکملہ میں فرض کرو کہ لا = ر-ع، اور یہ ہو جاتا ہے

$-\int_{ب}^{ا} ف(ر-ع) فرع = \int_{ا}^{ب} ف(ر-ع) فرع = \int_{ا}^{ب} ف(ر-لا) فرلا$
جس سے مطلوبہ نتیجہ حاصل ہوتا ہے۔

ظاہر ہے کہ $\int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا = ۲ \int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا$ اگر ف(ر-لا) = ف(لا)

اور $\int_{ا}^{ب} ف(لا) فرلا = ۰$ اگر ف(ر-لا) = -ف(لا)



شکل ۳، ا



شکل ۳، ب

مذکورہ بالا نتائج ہندسی طریق پر اشکال بالا سے واضح ہوتے ہیں۔

مسئلہ ۳۔ $\int_{ا}^{ب} ف(لا)\,فرلا = \int_{ا}^{ج} \{ف(لا) + ف(ا-لا)\}\,فرلا$

جس سے $\int_{ا}^{ب} ف(لا)\,فرلا = ۲ \int_{ا}^{ج} ف(لا)\,فرلا$ اگر $ف(ا-لا) = ف(لا)$

اور = اگر $ف(ا-لا) = -ف(لا)$

ثبوت اسی طرح کا ہے جیسے مسئلہ ۲ کے لئے۔ وقفہ کو حصوں $(۰، \frac{۱}{۲}ا)$ اور $(\frac{۱}{۲}ا، ا)$ میں تقسیم کرو اور دوسرے تکملہ میں رکھو $لا = ا - ع$

اس نتیجہ کی ایک خاص صورت یہ ہے

$$\int_{۰}^{\pi} ف(جب لا)\,فرلا = ۲ \int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}} ف(جب لا)\,فرلا$$

مسئلہ ۴۔ $ف(لا)$ ایک دوری تفاعل ہے اور اس کا دور ا ہے یعنی $ف(لا + ن ا)$، ن کی تمام صحیح قیمتوں کے لئے $ف(لا)$ کے مساوی ہے، ثابت کرو کہ

$$\int_{۰}^{د ا} ف(لا)\,فرلا = د \int_{۰}^{ا} ف(لا)\,فرلا$$

جہاں د کوئی مثبت صحیح عدد ہے۔



شکل ۴

فرض کرو کہ وب = ا = ب ج = ج ص۔
ترسیم کی نوعیت سے ظاہر ہے کہ رقبے وب ک ھ، ب ج ل ک، ج ص م ل
سب مساوی ہیں پس اگر وص = د × وب تو رقبہ
وص م ھ، وب ک ھ کا د گنا ہوگا۔
یا سعت د ا کو د حصوں میں تقسیم کرو جہاں ہر حصہ کا طول ا ہو۔ اس طرح

$$\int_{\text{ا}}^{\text{د ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{فلا} = \int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{فلا} + \int_{\text{ا}}^{(\text{ک}+1)\text{ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{فلا} + \dots$$

$$+ \dots + \int_{(\text{د}-1)\text{ا}}^{\text{د ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{فلا}$$

جس تکملہ میں حدود ک ا، (ک + ۱) ا ہیں اُس میں فرض کرو کہ لا = ع + ک ا
تب فلا = فع اور جب، لا = ک ا، ع = ۰ اور جب، لا = (ک + ۱) ا
تو ع = ا، پس $\int_{\text{ا}}^{(\text{ک}+1)\text{ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{فلا} = \int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{ف}(\text{ع}+\text{ک ا})\,\text{فع} = \int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{ف}(\text{ع})\,\text{فع}$

$= \int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{فلا}$ کیونکہ ف(ع + ک ا) = ف(ع)

اسی طرح مندرجہ بالا د تکملوں میں سے ہر ایک کی یہی قیمت ہے۔ پس نتیجہ ثابت ہوا۔
اگر د منفی ہو تو بھی نتیجہ اسی طرح کے استدلال سے ثابت ہو سکتا ہے۔
خاص صورت میں $\int_{\text{ا}}^{\text{د ا}} \text{ف}(\text{جب لا})\,\text{فلا} = \text{د} \int_{\text{ا}}^{\pi} \text{ف}(\text{جب لا})\,\text{فلا}$

تکملوں کی قیمت معلوم کرنے میں یہ مسائل بہت کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔

۱۷۔ لامتناہی حدود۔ لامتناہی متکمل۔ اب تک ہم نے یہ مانا ہے کہ تکملہ کی حدود محدود ہیں اور متکمل سعت مفروضہ میں متغیر کی ہر قیمت کے لئے مسلسل ہے اور اس لئے محدود ہے، لیکن بعض صورتوں میں انتہاؤں کے استعمال سے ان قیود کا ہٹا دینا ممکن ہے۔

(۱) لامتناہی حدود۔ اگر کسی تکملہ کی ایک حد لامتناہی ہو تو اسکی ہم یہ تعریف اختیار کرتے ہیں۔

$$\int_{\text{ا}}^{\infty} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فرلا} = \text{نہا}_{\text{ب}\to\infty} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فرلا}$$

$$\int_{-\infty}^{\text{ب}} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فرلا} = \text{نہا}_{\text{ا}\to-\infty} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فرلا}$$

بشرطیکہ ہر صورت میں انتہائیں ب ← ∞ اور ا ← − ∞ کے لئے محدود مقداریں ہوں۔

مثال ۱۔ $\int_{\text{ا}}^{\infty} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{\text{ن}}} = \text{نہا}_{\text{ب}\to\infty} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{\text{ن}}} = \text{نہا}_{\text{ب}\to\infty} (\text{ا} - \frac{\text{ا}}{\text{ب}^{\text{ن}-\text{ا}}}) = \text{ا}$

مثال ۲۔ $\int_{\text{ا}}^{\infty} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}} = \text{نہا}_{\text{ب}\to\infty} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}} = \text{نہا}_{\text{ب}\to\infty}$ لوک ب

اس صورت میں لوک ب کی انتہا محدود نہیں ہے، اسلئے تکملہ بے معنی ہے۔

مثال ۳۔ $\int_{\text{ا}}^{\infty} \text{قو}^{-\text{لا}}\,\text{جم لا}\,\text{فرلا}$

دفعہ ۹ مثال ۳ کی رو سے اوپر کا نامحدود تکملہ $\frac{1}{2}$ قو$^{-\text{لا}}$ (− جم لا + جب لا) کے مساوی ہے۔ اب ہمیں $\frac{1}{2} + \frac{1}{2}$ قو$^{-\text{ب}}$ (− جم ب + جب ب) کی انتہا ب ← ∞ کے لئے معلوم کرنا ہے۔ جم ب، جب ب ہمیشہ ایک سے کم رہتے ہیں اور قو$^{-\text{ب}}$ کی انتہا صفر ہے۔ پس تکملہ $\frac{1}{2}$ کے مساوی ہے۔

اپنے تکملوں میں لا^{ن} قو لا کی انتہا معلوم کرنے کی اکثر ضرورت پڑتی ہے جبکہ لا ← ∞ اور ن مثبت ہو۔ دفعہ ۴۹ حصہ اول کی مدد سے یہ دیکھنا آسان ہے کہ

$$\text{نہا}_{\text{لا} \leftarrow \infty} \frac{\text{لا}^{\text{ن}}}{\text{قو لا}} = 0$$

نیز دیکھو مشق ۷، مثال ۹ حصۂ اول۔

(ب) لامتناہی تکمل۔ فرض کرو کہ فا (لا)، ا اور ب کے درمیان لا کی تمام قیمتوں کے لئے مسلسل ہے سوائے قیمت لا = ا کے جسکے لئے یہ لامتناہی ہو جاتا ہے، ہم حدود ا اور ب کے درمیان فا (لا) کے تکملہ کی یہ تعریف اختیار کرتے ہیں۔

اگر ا کم ہو ب سے اور صہ مثبت ہو تو

$$\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا (لا) فرلا} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \int_{\text{ا}+\text{صہ}}^{\text{ب}} \text{فا (لا) فرلا}$$

بشرطیکہ انتہا محدود مقدار ہو۔

اگر فا (لا) مسلسل ہو سوائے لا = ب پر اور صہ مثبت ہو تو

$$\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا (لا) فرلا} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}-\text{صہ}} \text{فا (لا) فرلا}$$

مثال ۱۔ $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{\text{ن}}} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{\text{ن}}} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \frac{(\text{ب}-\text{ا})^{1-\text{ن}}}{1-\text{ن}}$

مثال ۲۔ $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}\sqrt{\text{لا}-\text{ا}}} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}-\text{صہ}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}\sqrt{\text{لا}-\text{ا}}} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \text{جب}^{-1}\left(\frac{\text{ب}-\text{ا}-\text{صہ}}{\text{ا}}\right)$

اسکی انتہا صریحاً جب$^{-1}$ ۱ یعنی $\frac{\pi}{2}$ ہے۔

مثال ۳۔ $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{2}} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \int_{\text{ا}+\text{صہ}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{\text{لا}^{2}} = \text{نہا}_{\text{صہ} \leftarrow 0} \left(\frac{1}{\text{صہ}}-1\right)$

اس صورت میں انتہا محدود نہیں ہے اور تکملہ بے معنی ہے۔

اگر ا < ج < ب اور فا (لا) مسلسل ہو سوائے لا = ج کے لئے تو ا اور ب کے درمیان تکملہ مذکور کی تعریف یہ ہوگی۔

صہ اور صہ دونوں مثبت ہیں

$$\int_{ا}^{ب} فا(لا)\,فرلا = نہا_{صہ\to} \int_{ا}^{ج-صہ} فا(لا)\,فرلا + نہا_{صہ\to} \int_{ج+صہ}^{ب} فا(لا)\,فرلا$$

بشرطیکہ دونوں انتہائیں الگ الگ محدود ہوں۔

مثال ۴۔ $\int_{۱}^{۲} \frac{فرلا}{(۳-لا)^{۲}} = نہا_{صہ\to} (-۳ + \frac{۳}{صہ} + ۳) + نہا_{صہ\to} (۳ - ۳ + صہ)$

اس جگہ پہلی انتہا ۳ ہے اور دوسری بھی ۳ ہے۔ اسلئے تکملہ کی قیمت ۶ ہے۔

مثال ۵۔ $\int_{۲}^{۱} \frac{فرلا}{(لا-۱)^{۲}} = نہا_{صہ\to} (\frac{۱}{صہ} - ۱) + نہا_{صہ\to} (-۱ + \frac{۱}{صہ})$

اس صورت میں انتہا محدود نہیں ہے اور تکملہ بے معنی ہے۔

لامتناہی متکمل یا لامتناہی حدود کی وجہ سے جو مشکلات پیدا ہوتی ہیں وہ اکثر اوقات متغیر کی مناسب تبدیلی سے رفع ہو جاتی ہیں۔ مثلاً مثال ۲ میں رکھو لا = ا جب ط۔ وغیرہ کی صورت جبریہ میں متغیر کی تبدیلی بالخصوص کارگر ثابت ہوگی۔

فا (لا) کی ترسیم کے ذریعہ تکملوں کی ان مستثنیٰ صورتوں کی ہندسی توضیح ہو سکتی ہے۔ فرض کرو کہ فا (لا) = $\frac{۱}{لا^{ن}}$ جہاں ن مثبت ہے۔

اس صورت میں محور لا متقارب ہے اور رقبہ ل م د ج (ن = ۱)

$$\int_{ا}^{ب} \frac{فرلا}{لا^{ن}} = \frac{۱}{ن-۱} \left(\frac{۱}{ا^{ن-۱}} - \frac{۱}{ب^{ن-۱}} \right)$$

جہاں و ل = ا اور و م = ب



شکل ۵

اگر ن > ا تو رقبہ ل م ر ج مائل بہ $\frac{ا}{(ن-ا)\,ا^{ن-ا}}$ ہوتا ہے جبکہ ب مائل بہ ∞ ہو لیکن اگر ۰ < ن < ا تو رقبہ مائل بہ ∞ ہوتا ہے کیونکہ $\frac{ا}{ب^{ن-ا}}$ یعنی $ب^{ا-ن}$ مائل بہ ∞ ہوتا ہے۔ اگر ن = ا تو رقبہ ل م ر ج لوک $(\frac{ب}{ا})$ کے مساوی ہے اور اس لئے ب کے ساتھ مائل بہ ∞ ہوتا ہے بخلاف اسکے فا(لا) = $\frac{ا}{(لا-و)^{ن}}$ پر غور کرو جہاں ن مثبت ہے۔



شکل ۶

اگر و ل = ا، ل ع = صہ، و م = ب

تو رقبہ ع م ر ف (ن ≠ ا)

$$\int_{و+صہ}^{ب} \frac{دلا}{(لا-و)^{ن}} = \frac{ا}{ا-ن}\{(ب-و)^{ا-ن} - صہ^{ا-ن}\}$$

اب اگر ۰ < ن < ۱ تو یہ رقبہ مائل بہ $\frac{(ب-ا)^{۱-ن}}{۱-ن}$ ہوتا ہے جبکہ صہ مائل بہ صفر ہو لیکن اگر ن > ۱ تو رقبہ مائل بہ ∞ ہوتا ہے کیونکہ صہ^{۱-ن} یعنی $\frac{۱}{صہ^{ن-۱}}$ مائل بہ لامتناہی ہوتا ہے جبکہ صہ مائل بہ صفر ہو اگر ن = ۱ تو رقبہ لوگ $(\frac{ب-ا}{صہ})$ کے مساوی ہوتا ہے اور اس لئے یہ مائل بہ ∞ ہوتا ہے جبکہ صہ مائل بہ صفر ہو۔

مسئلہ ۷ دفعہ ۱۵ کی مدد سے یہ ثابت کرنا آسان ہے کہ اگر ا کے نزدیک فا (لا) کی شکل $\frac{فہ (لا)}{(لا-ا)^{ن}}$ ہو جہاں فہ (لا) مسلسل ہے تو رقبہ ع مرکز ف اور متناظر تکملہ دونوں ایک محدود انتہا رکھتے ہیں جبکہ ن مثبت کسر واجب ہو لیکن اگر فہ (ا) صفر نہ ہو تو یہ انتہا لامتناہی ہوتی ہے جبکہ ن ایک کے مساوی یا ایک سے بڑا ہو۔

مستثنےٰ صورتوں کی مزید بحث اس کتاب کی حدود سے باہر ہے۔

مشق ۵

ذیل کے تکملوں کی قیمتیں معلوم کرو

۱۔ $\int_{ا}^{\infty} \frac{جم ب لا \, در لا}{لا^{۲}}$ (ا > ۰)

۲۔ $\int_{ا}^{\infty} \frac{جب ب لا \, در لا}{لا^{۲}}$ (ا > ۰)

۳۔ $\int_{۰}^{\infty} \frac{در لا}{لا^{۲}+۲لا+۲}$ ۴۔ $\int_{ا}^{\infty} \frac{در لا}{(لا^{۲}+ا^{۲})^{۳}}$

۵۔ $\int_{ا}^{ب} \frac{لا^{۴} \, در لا}{(ب-لا)^{۱/۲}}$ ۶۔ $\int_{ا}^{۲ا} \frac{لا \, در لا}{\sqrt{۲ا لا - لا^{۲}}}$

۷- $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{د}\,\text{لا}}{\sqrt{(\text{لا}-\text{ا})(\text{ب}-\text{لا})}}$ [رکھو لا = ا جم^2 ط + ب جب^2 ط]

۸- $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \sqrt{(\text{لا}-\text{ا})(\text{ب}-\text{لا})}\,\text{د}\,\text{لا}$ ۹- $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{د}\,\text{لا}}{\sqrt{(\text{ا}-\text{لا})(\text{ب}-\text{لا})}}$ (ا < ب)

۱۰- $\int_{\text{ا}}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{د}\,\text{لا}}{\text{ا جم}^2\text{لا} + \text{ب جب}^2\text{لا}}$ ۱۱- $\int_{\text{ا}}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{د}\,\text{لا}}{(\text{ا جم}^2\text{لا} + \text{ب جب}^2\text{لا})^2}$

۱۲- $\int_{\text{ا}}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جم}^2\text{لا جب لا د لا}}{1 + \text{ز جم}^2\text{لا}}$ ۱۳- $\int_{\text{ا}}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جم}^2\text{لا جب لا د لا}}{\sqrt{1 + \text{ز جم}^2\text{لا}}}$

۱۴- $\int_{\text{ا}}^{\frac{\pi}{4}} \text{مس}^2\text{لا}\,\text{د}\,\text{لا}$ ۱۵- $\int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{لوک}^2\text{لا}\,\text{د}\,\text{لا}$

۱۶- $\int_{\text{ا}}^{\frac{\pi}{4}} \text{لا}^2\,\text{لوک}^2\text{لا}\,\text{د}\,\text{لا}$

۱۷- اگر م اور ن مثبت ہوں تو ثابت کرو کہ

$$\int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{لا}^{\text{م}}(\text{ا}-\text{لا})^{\text{ن}}\,\text{د}\,\text{لا} = \int_{\text{ا}}^{\text{ا}} \text{لا}^{\text{ن}}(\text{ا}-\text{لا})^{\text{م}}\,\text{د}\,\text{لا}$$

۱۸- اگر ن مثبت ہو تو ثابت کرو کہ

$$\int_{\text{ا}}^{\infty} \text{ق}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}}\,\text{د}\,\text{لا} = \text{ن} \int_{\text{ا}}^{\infty} \text{ق}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}-1}\,\text{د}\,\text{لا}$$

اگر ن مثبت صحیح عدد ہو تو اس تکملہ کی قیمت معلوم کرو

۱۹- اگر ع = $\int_{\text{ا}}^{\pi} \frac{\text{لا جب لا د لا}}{1 + \text{جم}^2\text{لا}}$ تو ثابت کرو کہ

$$\text{ع} = \int_{\text{ا}}^{\pi} \frac{\pi\,\text{جب لا د لا}}{1 + \text{جم}^2\text{لا}} - \text{ع}$$

اس طرح ع کی قیمت معلوم کرو۔

۲۰- اگر $ع = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{لا\ فرلا}{1 + ز\ جب\ لا}$ جہاں $0 < ز < 1$

تو ثابت کرو کہ $ع = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\frac{\pi}{2}\ فرلا}{1 + ز\ جب\ لا} - ع$

اس طرح ع کی قیمت معلوم کرو۔

۲۱- ثابت کرو کہ $\int_{ا}^{ب} فا(لا)\ فرلا = \int_{ا}^{ب} فا(ا+ب-لا)\ فرلا$

۲۲- اگر ن مثبت صحیح ہو تو ثابت کرو کہ

$$\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} جب^{ن} لا\ فرلا > \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} جب^{ن+1} لا\ فرلا$$

اس سے ثابت کرو کہ $\frac{\pi}{2}$، $\frac{2\times2\times4\times4\times6\times6\times\ldots\ldots\times(2ن)\times(2ن)}{1\times3\times3\times5\times5\times7\times\ldots\ldots\times(2ن-1)(2ن+1)}$

اور اس کسر کے درمیان واقع ہوتا ہے جو شمار کنندہ اور نسب نما دونوں سے آخری جزو ضربی حذف کرنے سے حاصل ہو (یہ π کی قیمت والی کے نام کے ساتھ منسوب ہے)

۲۳- اگر ن مثبت صحیح عدد ہو تو ثابت کرو کہ

$$\int_{0}^{\pi} \frac{جب^{ن} لا}{لا}\ فرلا = ع_{0} - ع_{1} + ع_{2} - ع_{3} + \ldots\ldots + (-1)^{ک} ع_{ک} + \ldots\ldots \pm ع_{ن-1}$$

جہاں $ع_{ک} = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{جب\ ع\ فرع}{ع + ک}$

ثابت کرو کہ $ع_{0}$، $ع_{1}$، $ع_{2}$ ..... مثبت ہیں اور اگر ک ایک کے مساوی ہو یا ایک سے بڑا ہو تو $ع_{ک}$ کم ہوگا $\frac{1}{ک}$ سے، $\frac{جب\ لا}{لا}$ کی ترسیم کے ذریعہ ان نتائج کی تعبیر معلوم کرو۔ اور ثابت کرو کہ ن ← ∞ کے تکملہ کی انتہا محدود ہے۔ یہ انتہا $\frac{\pi}{2}$ ہے لیکن اس کا ثبوت یہاں نہیں دیا جا سکتا۔

۲۴۔ ثابت کرو کہ $\int_{۱}^{۲} \frac{\text{فر}\,لا}{(۴-لا^۲+لا^۳)} > \frac{۱}{۲}$ لیکن $< \frac{۲}{۶}$

۲۵۔ ثابت کرو کہ $\int_{۱}^{۲} \frac{\text{فر}\,لا}{(۴-۳لا+لا^۲)} > \int_{۱}^{۲} \frac{\text{فر}\,لا}{(۴-۳لا)} > \int_{۱}^{۲} \frac{\text{فر}\,لا}{۳لا+۸}$

یعنی $> \frac{۲}{۳}$ لیکن $< \frac{۱۹}{۳۲}$

۲۶۔ ثابت کرو کہ $\int_{۱}^{۲} \frac{\text{فر}\,لا}{(۴-۳لا+لا^۳)} > ۰٫۵۷۳$ لیکن $< ۰٫۵۹۵$

رکھو لا = ۱ + ع، پھر ع^۳ + ۳ ع^۲ + ۲ کی بجائے ۴ ع^۲ + ۲ اور ۳ ع^۲ + ۲ رکھو

۲۷۔ اگر عہ اور فہ دو مثبت حادے زاوئے ہوں تو ثابت کرو کہ

$\int_{\text{فہ}}^{۰} \frac{\text{فر}\,لا}{(۱-\text{جب}^۲ \text{عہ}\,\text{جب}^۲ لا)} > \text{فہ}$ لیکن $< \frac{\text{فہ}}{(۱-\text{جب}^۲ \text{عہ}\,\text{جب}^۲ \text{فہ})}$

اگر عہ = فہ = $\frac{۲۲}{۶}$ تو ثابت کرو کہ تکملہ ۰٫۵۲۳ اور ۰٫۵۴۱ کے درمیان واقع ہوتا ہے۔

اور طریقوں سے جن میں زیادہ صحت ممکن ہے اس تکملہ کی تقریبی قیمت ۰٫۵۲۹۴۳ حاصل ہوتی ہے۔

۲۸۔ ثابت کرو کہ

(۱) $\int_{۰}^{\infty} \text{تو}^{-لا^۲} \text{فر}\,لا < \int_{۰}^{\infty} لا\,\text{تو}^{-لا^۲} \text{فر}\,لا$ (۲) $\int_{۰}^{\infty} \text{تو}^{-لا^۲} \text{فر}\,لا < ۱ + \frac{۱}{۲\text{تو}}$

۲۹۔ اس مجسم کے حجم پر غور کرنے سے جو محددوں کی سطحوں، مستویات لا = ا اور لا = ب اور اسطوانوں حا = فہ (لا) اور ی = سا (لا) کے درمیان گھرا ہوا ہے (دفعہ ۱۵، مسئلہ ۷) کی ہندسی تعبیر معلوم کرو۔

۳۰۔ اگر سا (لا) مثبت ہو اور وقفہ (ا، ب) میں فہ (لا) مثبت گھٹنے والا

تفاعل ہو تو شال ۲۹ کا جو مجسم ہے اسکے حجم پر غور کرنے سے ثابت کرو کہ

(۱) $\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ فہ (لا) سا (لا) فرلا = فہ (ا) $\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ سا (لا) فرلا جہاں ا < ضا < ب

لیکن اگر فہ (لا) مثبت، بڑھنے والا تفاعل ہو تو

(۲) $\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ فہ (لا) سا (لا) فرلا = فہ (ب) $\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ سا (لا) فرلا جہاں ا < ضا < ب

۳۱- اگر لا کے ا سے ب تک بڑھنے سے فہ (لا) بڑھے (جبریہ لحاظ سے) تو ثابت کرو کہ شال ۳۰ (۱) میں فہ (لا) کی بجائے فہ (ب) - فہ (لا) رکھا جا سکتا ہے، لیکن اگر فہ (لا) جبریہ لحاظ سے گھٹے تو شال ۳۰ (۲) میں فہ (لا) کی بجائے فہ (ا) - فہ (لا) رکھا جا سکتا ہے۔ ثابت کرو کہ اگر یہ ابدال عمل میں لائے جائیں تو ہر دو (۱) اور (۲) ہو جاتے ہیں

$\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ فہ (لا) سا (لا) فرلا = فہ (ا) $\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ سا (لا) فرلا + فہ (ب) $\int_{\text{ضا}}^{\text{ب}}$ سا (لا) فرلا

اس صورت میں فہ (لا) مثبت ہو سکتا ہے یا منفی۔ اوپر کی مساوات میں جو مسئلہ بیان ہوا ہے اُسے اوسط قیمت کا دوسرا مسئلہ (تکملی) کہتے ہیں۔ یہ مسئلہ درست رہیگا اگر سا (لا) ہر دو مثبت اور منفی قیمتیں اختیار کرے اگرچہ اس صورت میں مسئلہ کی توضیح کے لئے مزید تشریح کی ضرورت ہوگی۔

رقبہ سے توضیح کرو جبکہ سا (لا) = ۱

دفعہ ۱۸ - چند معیاری رقبے اور حجم۔

اس دفعہ میں ہم چند مشہور نتائج جو اس سے قبل حاصل کئے جا چکے ہیں یا بآسانی ثابت ہو سکتے ہیں جمع کرینگے۔

(۱) قائم مستدیر اسطوانہ - فرض کرو کہ قاعدہ کا نصف قطر ا ہے اور ارتفاع ف،

حجم = π ا^{۲} ف، منحنی سطح = ۲ π ا ف

(۲) قائم مستدیر مخروط - فرض کرو کہ قاعدہ کا نصف قطر ا ہے، ارتفاع ف،

ضلع مائل = ل = π ا $\sqrt{ا^2 + ف^2}$

حجم = $\frac{1}{3}$ π ا^2 ف، منحنی سطح = π ا ل

مخروط ناقص کے لئے جس کا ارتفاع ف ہے، مائل ضلع ل اور سروں کے نصف قطر ا اور ب، حجم = $\frac{1}{3}$ π (ا^2 + ا ب + ب^2) ف،
منحنی سطح = π (ا + ب) ل

فرض کرو کہ اسی مخروط کے قاعدہ کا رقبہ ق ہے، ارتفاع ف اور راس سے فاصلہ لا پر قاعدہ کے متوازی جو مخروطی تراش ہے اسکا رقبہ ک ہے

تب لا : ق = لا^2 : ف^2

کیونکہ متوازی تراشیں متشابہ ہوتی ہیں۔ فرض کرو کہ اس حصہ کا حجم ح ہے جس کا قاعدہ ک ہے اور ارتفاع لا۔ پہلے رتبہ کے صغاریات تک مف ح = لا مف لا اور عف ح = لا، اس لئے کل مخروط کا حجم ہے

$\int_{0}^{ف} لا\,ف لا = \frac{ق}{ف^2} \int_{0}^{ف} لا^2\,ف لا = \frac{1}{3}$ ق ف

مخروط ناقص کے لئے جس کا ارتفاع ف ہو اور سروں کے رقبے ا اور ب

حجم = $\frac{1}{3}$ { ا + $\sqrt{اب}$ + ب } ف

(۳) کرہ ۔ فرض کرو کہ کرہ کا نصف قطر ر ہے۔ دفعہ ۵۸، مثال ۲ حصہ اول کی رو سے اس کروی ٹوپی کا حجم جس کا ارتفاع ف ہو = π ف^2 (ر − $\frac{1}{3}$ ف) اور ٹوپی کی کروی سطح = ۲ π ر ف۔ اگر ان نتائج میں ف کو ۲ ر کے مساوی رکھا جائے تو کرہ کا حجم اور سطح بالترتیب $\frac{4}{3}$ π ر^3 اور ۴ π ر^2 حاصل ہوتے ہیں۔ یہ توجہ کے قابل ہے کہ کروی ٹوپی کی منحنی سطح اس اسطوانہ کی منحنی سطح کے مساوی ہے جس کا ارتفاع وہی ہے جو ٹوپی کا ہے اور جس کا قاعدہ کرہ کے بڑے دائرے کے مساوی ہے۔ اگر کروی قطاع کا حجم معلوم کرنا ہو تو ٹوپی کے حجم میں اس مخروط کا حجم جمع کیا جا سکتا ہے

جس کا راس کرہ کے مرکز پر ہو اور جس کا ارتفاع ر - ف ہو۔ پس حجم مطلوبہ ہے

$$\pi ف^2 (ر - \frac{1}{3} ف) + \frac{1}{3} \pi (2 ر ف - ف^2)(ر - ف)$$

$$= \frac{1}{3} \times 2 \pi ر^2 ف = \frac{1}{3} \text{س} ر$$

جہاں س ٹوپی کی سطح ہے۔ یہ نتیجہ زیادہ آسانی سے ثابت ہو سکتا ہے اگر ٹوپی کی سطح کو چھوٹے رقبوں کی بڑی تعداد میں تقسیم کیا ہوا فرض کریں۔ اس طرح قطاع کرہ ایسے مخروطوں کی ایک بڑی تعداد سے بنا ہوا متصور ہوگا جن میں سے ہر ایک کا ارتفاع ر ہے، پس قطاع کا حجم اس طرح بھی $\frac{1}{3}$ س ر ہوگا۔

(۴) ناقص۔ ناقص کے محور ۲ا، ۲ب ہیں، اس کا رقبہ

$$= 4 \int_0^{ا} ما \, فرلا = \frac{4ب}{ا} \int_0^{ا} \sqrt{ا^2 - لا^2} \, فرلا = \pi ا ب$$

اس کرہ نما کا حجم جو ناقص کو محور اعظم ۲ا کے گرد پھرانے سے حاصل ہو

$$= 2 \int_0^{ا} \pi ما^2 \, فرلا = 2 \pi \frac{ب^2}{ا^2} \int_0^{ا} (ا^2 - لا^2) \, فرلا = \frac{4}{3} \pi ا ب^2$$

اس کرہ نما کو انگوری یا لمبوترا کرہ نما کہا جا سکتا ہے۔ جب گردش کا محور محور اصغر ۲ب ہو تو کرہ نما چپٹا سیب کی شکل کا ہوگا، ایسے کرہ نما کا حجم

$$= 2 \int_0^{ب} \pi لا^2 \, فرما = 2 \pi \frac{ا^2}{ب^2} \int_0^{ب} (ب^2 - ما^2) \, فرما = \frac{4}{3} \pi ا^2 ب$$

لمبوترے کرہ نما کی سطح ہے

$$2 \int_0^{ا} 2 \pi ما \frac{فرس}{فرلا} \, فرلا$$

جہاں $(\frac{فرس}{فرلا})^2 = 1 + (\frac{فرما}{فرلا})^2 = \frac{ا^2 - (ا^2 - ب^2) لا^2}{ا^2 (ا^2 - لا^2)}$

فرض کرو کہ ناقص کا خروج المرکز ز ہے، تب $ا^2 ز^2 = ا^2 - ب^2$

اور چونکہ ب = ا $\sqrt{1 - ز^2}$ اسلئے تکملہ اس شکل میں لکھا جا سکتا ہے

$$۴ \pi \int_{0}^{ز} \sqrt{1 - ز^2}\ \sqrt{ا^2 - ز^2 لا^2}\ فرلا$$

اور اسکی قیمت ہے

$$۲ \pi ا^2 \left\{ 1 - ز^2 + \sqrt{1 - ز^2}\ \frac{جب^{-1} ز}{ز} \right\}$$

ز ← ۰ کے لئے اس جملہ کی انتہا ۴ π ا^2 ہے جو نصف قطر ا کے کرہ کی سطح ہے۔ چپٹے کرہ نما کے لئے طالب علم دیکھیگا کہ سطح مطلوبہ ہے

$$۲ \int_{0}^{ع} ۲ \pi لا \frac{فرس}{فرما} فرما = \frac{۴ \pi}{ا - ز^2} \int_{0}^{ع} \sqrt{ا^2 (1 - ز^2)^2 + ز^2 ما^2}\ فرما$$

$$= ۲ \pi ا^2 \left\{ 1 + \frac{1 - ز^2}{۲ ز} لوک \frac{1 + ز}{1 - ز} \right\}$$

چونکہ $\frac{1}{ز}$ لوک $\frac{1 + ز}{1 - ز}$ = لوک $(1 + ز)^{\frac{1}{ز}}$ + لوک $(1 - ز)^{-\frac{1}{ز}}$

اسلئے بہا $\frac{1}{ز}$ لوک $\frac{1 + ز}{1 - ز}$ = لوک قو + لوک قو = ۲ (دفعہ ۴۸ حصہ اول نتیجہ صریح)

پس ز ← ۰ کے لئے اس رقبہ کی انتہا ۴ π ا^2 ہے۔

(۵) ناقص نما $\frac{س^2}{ا^2} + \frac{ص^2}{ب^2} + \frac{ع^2}{ج^2} = ۱$

محدودوں کی مستوی سطحوں پر اس منحنی سطح کی تراشیں ناقص ہیں، سطح ما وے کے متوازی مستوی تراش ل ن ق ہے جو قطع ناقص ہے۔ اگر و ل = لا تو



شکل ۰

$$\text{ل ن} = \frac{\text{ب}}{\text{ر}} \sqrt{\text{ر}^2 - \text{لا}^2}$$

$$\text{ل ق} = \frac{\text{ج}}{\text{ر}} \sqrt{\text{ر}^2 - \text{لا}^2}$$

اور چوتھائی ناقص ن ل ق کا رقبہ

$$\text{لا} = \frac{\pi}{4} \text{ل ن} \times \text{ل ق} = \frac{\pi \text{ب ج}}{4 \text{ر}^2} (\text{ر}^2 - \text{لا}^2)$$

اگر محدودوں کی سطوح مستویہ، سطح ص ع ق ن اور تراش ن ل ق کے درمیان گھرا ہوا حجم ح ہو تو رتبۂ اول کے صغاریات تک

$$\text{مف ح} = \text{لا صف لا} \text{ اور } \text{عف ح} = \text{لا}$$

اسلئے شن و ط ص ع کا حجم

$$= \int_{\text{لا}}^{\text{ر}} \text{ولا} = \frac{\pi \text{ب ج}}{4 \text{ر}^2} \int_{\text{لا}}^{\text{ر}} (\text{ر}^2 - \text{لا}^2) \text{ولا} = \frac{\pi \text{ب ج}}{6}$$

اس لئے ناقص نما کا کل حجم $\frac{4}{3}$ π ب ج ہوا۔

امثلہ ۲ اور ۵ میں حجم دریافت کرنے کا جو طریقہ استعمال کیا گیا ہے اس کا استعمال صریحاً ہر ایسی صورت میں ہو سکتا ہے جہاں محور لا پر کی عمودی تراش کا رقبہ لا کا معلوم تماثل فا (لا) ہو۔ ایسی صورتوں میں حجم مناسب حدود کے اندر تفاضل فا (لا) کا تکملہ ہوتا ہے۔ [دیکھو مثال ۳ دفعہ ۸۵ حصۂ اول] اگر محور قائم نہ ہوں تو اس صورت میں جس تنسیم کی ضرورت ہوگی اوسکا دیکھنا آسان ہے۔

مخنیات کا مرتسم کرنا۔ اگلی مشقوں تک جانے سے پہلے طالب علم ان ہدایات و اشاروں کو غور سے دیکھ لے جو پہلے بابوں میں مخنیات کی ترسیم کے متعلق دئے گئے ہیں۔ ان کی مدد سے اور پہلے اور دوسرے مشقوں کی مزید اعانت سے وہ مقابلتہً آسان مخنیات کی ترسیمیں بنا سکیگا۔ بالعموم اُسے کچھ اس طرح کا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔

(۱) تشاکل دیکھنے کی غرض سے مساوات کا معائنہ کیا جائے۔
(۲) یہ دیکھا جائے کہ منحنی محوروں کو کہاں عبور کرتا ہے۔
(۳) لا کی (یا حا کی) وہ محدود قیمتیں معلوم کی جائیں جو حا کو (یا لا کو) لامتناہی بنا دیتی ہیں۔ یہ قیمتیں بالعموم ان متقاربوں کو ظاہر کرینگی جو محوروں کے متوازی ہیں۔ مائل متقارب سادہ صورتوں میں دفعہ ۲۴ یا دفعہ ۶۰ حصۂ اول کے طریقوں سے حاصل ہو سکتے ہیں لیکن ایسی صورتوں کی تفصیلی بحث اس کتاب کی حدود سے باہر ہے۔
(۴) ایک محدد کی وہ قیمتیں معلوم کی جائیں جو دوسرے محدد کی متناظر قیمتوں کو خیالی بنا دیتی ہیں۔
(۵) منحنی کا ڈھال دریافت کیا جائے (ملاحظہ ہو دفعہ ۵۴ حصۂ اول)۔ نیز موڑ پر کے نقطے معلوم کئے جائیں۔
(۶) دوسرا مشتق معلوم کیا جائے۔ اس سے قوس کے تقعر اور تحدب نیز اس کے نقاط انعطاف کا پتہ چلیگا لیکن دوسرے مشتق کے معلوم کرنیکا عمل اکثر اوقات دشوار اور محنت طلب ہوتا ہے اور منحنی کا عام طریق بغیر اسکی مدد کے عام تخیلات کی بنا پر بخوبی معلوم ہو سکتا ہے۔

قطبی مساواتوں کے لئے بھی طرز عمل ایسا ہی ہے۔ اس میں اکثر اوقات سہولت ہوگی کہ سمتی نیم قطر کو منفی بھی مانا جا سکے۔ مثلاً نقطہ $(-۱، ۱)$ تیسرے ربع میں واقع ہے، اسکے قطبی محدد $(\sqrt{۲}، \frac{۵\pi}{۴})$ یا $(-\sqrt{۲}، \frac{۱\pi}{۴})$ دونوں ہو سکتے ہیں۔ دوسری شکل $(-\sqrt{۲}، \frac{۴\pi}{۴})$ کے یہ معنی ہیں۔ فرض کرو کہ $\angle$ لا ق ن، $\frac{۴\pi}{۴}$ کے مساوی ہے۔ اور ق ن = $\sqrt{۲}$، ن ق کو ق میں سے ن تک اتنا خارج کیا جائے کہ ق ن = ن ق، تب ن مطلوبہ نقطہ $(-\sqrt{۲}، \frac{۴\pi}{۴})$ ہوگا۔ (ملاحظہ ہو مشق ۶، مثال ۲۳)

رقبہ یا قوس کا طول نکالنے سے پہلے منحنی کی عام شکل معلوم کر لینی چاہئے۔ تکملوں کے حل کرنے میں ابدالوں سے کام لینا پڑے گا، طالب علم یاد رکھے کہ ابدال کے مناسب انتخاب سے عمل میں بہت سہولت واقع ہوگی۔

خواہ منحنی کی مساوات قائم محددوں میں ہو بعض اوقات اسے قطبی محددوں میں تبدیل کر لینے سے عمل تکمل میں اختصار پیدا ہوگا۔

مشق ۶

۱۔ مکافی $ما^2 = ۴ ا لا$ محور لا کے گرد گھومنے سے مجسم پیدا کرتا ہے، ایک مستوی سطح نقطہ $لا = ھ$ میں سے محور لا پر عمود وار گذرتی ہے اور اس مجسم کو کاٹتی ہے۔ مقطوعہ کا حجم اور اسکی منحنی سطح معلوم کرو۔

۲۔ محور لا پر کے نقطہ $لا = ھ$ میں سے ایک مستوی سطح محور لا پر عمود وار گزرتی ہے اور مکافی نما $\frac{ما^2}{ب} + \frac{حا^2}{ج} = ۲ لا$ کو قطع کرتی ہے۔ محدود مقطوعہ کا حجم دریافت کرو۔

۳۔ منحنی $ا^2 ما^2 + ب^2 لا^2 = ا^2 ب^2 لا^2$ (شکل ۸) جو رقبہ گھیرتا ہے اسے معلوم کرو۔

دونوں محوروں کے گرد تشاکل،

$لا^2 \geq ا^2$، ما کی قیمت اعظم $= \frac{ب}{۲}$



شکل ۸

محور لا کے گرد گھومنے سے منحنی جو مجسم پیدا کرتا ہے اسکا حجم دریافت کرو۔

۴۔ منحنی $ج^2 ما^2 = لا^2 (لا - ا) (ب - لا)$ ہے جو رقبہ گھیرا ہوا ہے اسے معلوم کرو۔ $ب > ا > ۰$۔

اگر لا کم ہو ا سے یا بڑا ہو ب سے تو ما خیالی ہوتا ہے، سوائے

لا = ۰ کے جبکہ ما = ۰۔ اسلئے یہ بیضی ہے اور محور لا کے گرد متشاکل ہے۔ مبدا منحنی پر واقع ہے مگر اس کے نزدیک کوئی اور نقطہ ہیں۔ یہ اکیلا نقطہ کہلاتا ہے۔

۵۔ منحنی $(\text{لا}^2 + \text{ما}^2)^2 = \text{ا}^2\,\text{لا}^2 + \text{ب}^2\,\text{ما}^2$ کا رقبہ معلوم کرو۔

قطبی محدودوں میں لے جاؤ۔ مبدا اکیلا نقطہ ہے۔

۶۔ منحنی $\text{ب}\,\text{ما}^2 = \text{لا}\,(\text{لا} - \text{ا})(2\,\text{ا} - \text{لا})$ کو مرتسم کرو جہاں ا، ب دونوں مثبت ہیں۔

ما خیالی ہے جبکہ (۱) لا > ۲ ا (۲) ۰ < لا < ا

منحنی ایک لامتناہی شاخ اور ایک بیضوی حلقہ پر مشتمل ہے دیکھو شکل ۹

۷۔ منحنی $16\,\text{ا}^2\,\text{ما}^2 = \text{ب}^2\,\text{لا}^2\,(\text{ا} - 2\,\text{لا})$

کے حلقہ کا رقبہ معلوم کرو، ا اور ب دونوں مثبت ہیں۔



شکل ۹

۸۔ منحنی $\text{ک}\,\text{ما}^2 = (\text{لا} - \text{ا})(\text{لا} - \text{ب})(\text{لا} - \text{ج})$ کو مرتسم کرو جہاں ج > ب > ا > ۰، اور ک > ۰، مفصلہ ذیل صورتوں پر غور کرو۔

(۱) ا = ب (۲) ب = ج (۳) ا = ب = ج

مثال ۶ کی طرح منحنی ایک بیضوی اور ایک لامتناہی شاخ پر مشتمل ہے، صرف بیضوی حلقہ شاخ کے بائیں جانب واقع ہے۔ جب، ا = ب تو بیضوی گھٹکر ایک تنہا نقطہ (ا، ۰) پر رہ جاتا ہے، جب، ا = ب = ج تو منحنی نیم کبھی سکاقی ہو جاتا ہے جہاں (ا، ۰) اس کا قرن ہے۔ عام صورت میں جبکہ ا، ب، ج باہم نامساوی ہوں رقبہ ابتدائی تکملوں کی رقوم میں نہیں بیان کیا جا سکتا۔

۹- منحنی $ما^2 (ا - لا) = لا^2 (ا + لا)$ کو مرتسم کرو (۱) اسکے حلقہ کا رقبہ (۲) منحنی اور متقارب کے درمیان کا رقبہ معلوم کرو۔ شکل ۱۰



شکل ۱۰

اس منحنی کا ڈھال صفر ہے جبکہ لا، $(ا \pm \sqrt{۵})$ ا/۲ کے مساوی ہو لیکن لا = $(ا + \sqrt{۵})$ ا/۲ کے لئے ما خیالی ہوتا ہے۔

۱۰- ایک منحنی کی مساوات $ما^2 (۲ا - لا) = لا^3$ ہے، اس منحنی اور اس کے متقارب کے درمیان جو رقبہ گھرا ہوا ہے اُسے معلوم کرو شکل ۱۱



شکل ۱۱

نیز اس منحنی کو اس کے متقارب کے گرد گھمانے سے جو مجسم پیدا ہوتا ہے اُسکا حجم دریافت کرو۔

اگر ن ل متقارب پر عمود ہو تو حجم مطلوبہ ہے

$۲ \int_{۱۱}^{\infty} ن ل^2 \, در ما = ۲ \pi \int_{۱۲}^{\infty} (۱۲ - لا)^2 \, در ما$

تکمل کرنے کے لئے رکھو

$لا = ۲ ا جب^2 ظ \quad ب ما = \frac{۲ ا جب^3 ظ}{جم ظ}$

اور $ط$ کے حدود ہیں ۔ اور $\frac{۲۱}{۳}$

۱۱۔ منحنی $لا = ا^۲ (ا - لا)$ اور اس کے متقارب کے درمیان جو رقبہ گھرا ہوا ہے اسے معلوم کرو، نیز منحنی کے متقارب کے گرد گردش کرنے سے جو مجسم پیدا ہوتا ہے اس کا حجم معلوم کرو۔

۱۲۔ منحنی $ما^۲ (ا^۲ + لا^۲) = لا^۲ (ا^۲ - لا^۲)$ کے حلقہ کا رقبہ معلوم کرو۔

۱۳۔ ایک ربع دائرہ کا نصف قطر $ا$ ہے، اس کے سروں پر مماس کھینچے گئے ہیں، قوس ربع اور مماسوں کے درمیان جو شکل بنتی ہے اسکو ایک مماس کے گرد پھرانے سے جو مجسم پیدا ہوتا ہے اس کا حجم دریافت کرو۔

۱۴۔ ایک قوس دائرہ جس کا نصف قطر $ا$ ہے اپنے وتر کے گرد گھوم کر ایک مجسم پیدا کرتی ہے، اگر قوس کا طول $۲ ا عہ$ ہو تو ثابت کرو کہ مجسم کا حجم $۲ \pi ا^۳ (جب عہ - \frac{۱}{۳} جب^۳ عہ - عہ جم عہ)$ ہے اور مجسم کی سطح $۴ \pi ا^۲ (جب عہ - عہ جم عہ)$ ہے۔

۱۵۔ اگر منحنی $ا^{ن-۱} ما = لا^ن$ کی قوس کا طول $س$ ہو تو ثابت کرو کہ

$$\frac{فرس}{فرلا} = \frac{۱}{ا^{ن-۱}} \sqrt{ن^۲ لا^{۲ن-۲} + ا^{۲ن-۲}}$$

دکھاؤ کہ قوس کا طول ابتدائی تفاعلوں کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے جبکہ $ن$ ذیل کی کسی صورت کا ہو $\frac{۲ک + ۱}{۲ک}$ یا $\frac{۲ک}{۲ک - ۱}$ جہاں $ک$ کوئی عدد صحیح ہے مثبت یا منفی۔

۱۶۔ $\frac{۴}{(۵لا + \frac{۵}{۴} لا^۴)^{\frac{۱}{۲}}}$ کی ترسیم اور محور لا کے درمیان کا رقبہ معلوم کرو۔

۱۷۔ منحنی $(\frac{لا}{ا})^{\frac{۲}{۳}} + (\frac{ما}{ب})^{\frac{۲}{۳}} = ۱$ سے جو کل رقبہ گھرا ہوا ہے اسے معلوم کرو۔

رکھو $لا = ا جب^۳ ط$، $ب ما = ب جم^۳ ط$ اور رقبہ ہے

$۴ \int ما \, فرلا = ۱۲ ا ب \int جب^۴ ط جم^۲ ط \, فرط = \frac{۳}{۸} \pi ا ب$

۱۸۔ خط تدویر ذیل کی مساواتوں سے حاصل ہوتا ہے (دفعہ ۳۷)

لا = ا (طہ - جب طہ)، ما = ا (۱ - جم طہ)

(۱) منحنی کے ایک محراب اور محور لا کے درمیان کا رقبہ معلوم کرو۔

(۲) محراب کا طول طہ = ۰ سے طہ = عہ تک دریافت کرو۔

(۳) محراب کو محور لا کے گرد گھمانے سے جو مجسم پیدا ہوتا ہے اُس کا حجم معلوم کرو۔

(۴) محراب کو اس کے رأس پر کے مماس کے گرد گھمانے سے جو مجسم پیدا ہوتا ہے اُس کا حجم معلوم کرو (رأس پر طہ = π)

یہاں $\int$ ما فرلا = $ا^۲ \int$ (۱ - جم طہ)^۲ فرطہ، $\frac{\text{فرس}}{\text{فرطہ}}$ = ۲ ا جب $\frac{\text{طہ}}{۲}$

۱۹۔ اُس چارسطحی کا حجم معلوم کرو جو محددوں کی سطوح مستویہ اور مستوی

$$\frac{\text{لا}}{ا} + \frac{\text{ما}}{ب} + \frac{\text{ی}}{ج} = ۱$$

سے بنتی ہے۔

۲۰۔ لا = ۰ اور لا = ا کے درمیان اُس مجسم کا حجم معلوم کرو جسکی مساوات

$$\text{ی}^۲ + \frac{ا^۲ \text{ما}^۲}{\text{لا}^۲} = ج^۲$$

ہے۔ اس مجسم کو ہم "مخروط فانہ" کہینگے۔

۲۱۔ منحنی $\text{لا}^{\frac{۳}{۲}} + \text{ما}^{\frac{۳}{۲}} = ا^{\frac{۳}{۲}}$ کا محیط دریافت کرو۔

اگر لا = ا جب^۳ طہ، ما = ا جم^۳ طہ اور $\frac{\text{فرس}}{\text{فرطہ}}$ = ۳ ا جب طہ جم طہ

محیط ہے ۴ $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ ۳ ا جب طہ جم طہ فرطہ = ۶ ا

۲۲۔ مخروطی کی قطبی مساوات جبکہ ماسکہ قطب ہو ل (۱ + ز جم طہ) = ل ہے۔

(۱) مکافی (۲) ناقص کی صورت میں وہ رقبہ معلوم کرو جو ابتدائی خط، منحنی اور سمتی قطر طہ = عہ کے درمیان گھرا ہوا ہے (عہ < $\frac{\pi}{۲}$)

۲۳۔ دکھاؤ کہ منحنی ر = ا جب ۳ طہ میں مساوی رقبہ کے تین حلقے ہیں

جو سب کے سب نصف قطر ا کے دائرہ کے اندر واقع ہیں، ایک حلقہ کا رقبہ دریافت کرو۔

جیسے ط صفر سے $\frac{\pi}{3}$ تک بڑھتا ہے

مرسّم نقطہ حلقہ و ع ب ج و

مرتسم کرتا ہے۔



شکل ۱۲

ج ب، ط تبدیل $\frac{\pi}{3}$ سے $\frac{2\pi}{3}$

تک بڑھتا ہے تو رمنفی ہوتا ہے اور

مرسّم نقطہ حلقہ و ک ص ف

کو مرتسم کرتا ہے، جیسے ط، $\frac{2\pi}{3}$ سے π تک بڑھتا ہے (مثبت ہوتا ہے اور نقطہ حلقہ و گ ھ ک کو پیدا کرتا ہے۔ ط کے اس سے زیادہ بڑھنے سے کوئی نئی قوس پیدا نہیں ہوتی۔

۲۴ - منحنی ر = ا جب ن ط کے تمام حلقوں کے اندر جو رقبہ گھرا ہوا ہے اُسے معلوم کرو جبکہ (۱) ن طاق عدد صحیح ہو (۲) ن جفت صحیح ہو۔

۲۵ - منحنی ر^2 = ا^2 جب ۳ ط کے ایک حلقہ کا رقبہ معلوم کرو۔

۲۶ - منحنی ر^2 = ا^2 جب ۲ ط کے حلقہ کا رقبہ معلوم کرو۔

۱۹ - بند منحنی۔ فرض کرو کہ ج ن د ن$_1$ ایک منحنی ہے اور ایک خط مستقیم اسکو دو سے زیادہ نقطوں پر نہیں کاٹتا نیز فرض کرو کہ اس کے سب معیّن مثبت ہیں۔ فرض کرو کہ ل ج ع د اس منحنی کے مماس ہیں جو محور ما کے متوازی ہیں۔ نیز و ل = ر

اور و ع = ب

جس رقبہ کا منحنی احاطہ کرتا ہے وہ ہے

$\int_{ب}^{ا} \frac{1}{2}$ مر$_1^2$ فرلا - $\int_{ب}^{ا} \frac{1}{2}$ مر$_2^2$ فرلا

..... (۱)

جہاں ر$_1$ اور ر$_2$ بالترتیب



شکل ۱۳

ج ن ک اور ج ن ک پر انکی سمتوں میں حرکت کرتے ہیں جیسے لا، ا سے ب تک بڑھتا ہے۔
تملے (۱) اس طرح بھی لکھے جا سکتے ہیں

$$\int_{ا}^{ب} مرن\ فرلا + \int_{ا}^{ب} مرن\ فرلا \quad \ldots\ldots (۲)$$

اب فرض کرو کہ اس منحنی پر کے کسی نقطہ کے محدد لا، ما ایک تیسرے متغیر (مثلاً ت) کے تفاعلوں کے طور پر بیان ہو سکتے ہیں اور یہ متغیر ایسا ہے کہ جیسے ت، ت سے ت تک بڑھتا ہے، نقطہ (لا، ما) منحنی کے گرد پورا سفر کر جاتا ہے۔ فرض کرو کہ جیسے ت، ت سے ت تک بڑھتا ہے نقطہ (لا، ما) براستہ قوس ج ن د، ج سے د تک سفر کرتا ہے اور جب ت، ت سے ت تک بڑھتا ہے تو نقطہ (لا، ما) د سے ج تک براستہ قوس د ن ج سفر کرتا ہے۔ مثلاً ہم ت کو منحنی کی قوس فرض کر سکتے ہیں جسے ج سے ناپنا شروع کیا جاتا ہے، پس اس مفروض کے مطابق
ت = ت، = قوس ج ن ک، ت = کل محیط
اگر ت کو تکمل کا متغیر قرار دیا جائے تو (۲) ہو جائیگا

$$\int_{ت}^{ت} مرن \frac{درلا}{درت} درت + \int_{ت}^{ت} مرن \frac{درلا}{درت} درت \quad \ldots\ldots (۳)$$

(۳) میں دوسرا تکملہ منفی ہے کیونکہ مرن مثبت ہے اور $\frac{درلا}{درت}$ منفی ہے جیسے ت، ت سے ت تک بڑھتا ہے۔ جب، ت منحنی کی قوس کو تعبیر کرے تو $\frac{درلا}{درت}$ اس زاویہ کی جیب التمام ہوتی ہے جو (لا، ما) پر کا مماس محور لا کے ساتھ بناتا ہے۔ یہ زاویہ ایسے ناپا جاتا ہے جیسے دفعہ ۹۲ حصہ اول میں۔ ہم (۳) کے دو تکملوں کو ایک تکملہ میں لکھ سکتے ہیں، اس طرح بند منحنی کے رقبہ کے لئے جملہ حاصل ہوتا ہے

$$\int_{ت}^{ت'} ما \frac{فرلا}{فرت} فرت \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

بطور مثال کے فرض کرو کہ ج ن، ک ن، ناقص ہے

$$\frac{(لا-ھ)^۲}{عا^۲} + \frac{(ما-ک)^۲}{بہ^۲} = ۱$$

رکھو لا = ھ - عا جم ت، ما = ک + بہ جب ت

جب، ت صفر سے ۲ π تک بدلتا ہے تو نقطہ (لا، ما) منحنی کے گرد سمت ج ن، ک ن، میں سفر کرتا ہے، رقبہ

$$= \int_{۰}^{۲\pi} (ک + بہ جب ت) عا جب ت فرت = عا بہ \int_{۰}^{۲\pi} جب^۲ ت فرت$$

$$= \pi عا بہ$$

یہ قید کہ خط مستقیم منحنی کو دو سے زیادہ نقطوں پر نہیں کاٹتا بآسانی ہٹا دی جا سکتی ہے۔

مثلاً جب نقطہ (لا، ما) منحنی پر تیروں کی سمت میں حرکت کرتا ہے تو نقطہ کا معین یہ رقبہ عبور کرتا ہے



شکل ۱۴

ل ج ع ص - س ف ع ص + س ف ک م - ل ج ک م

جو صریحاً منحنی سے گھرے ہوئے رقبہ کے مساوی ہے۔ قوس ع ف ک ک ج پر $\frac{فرلا}{فرت}$ منفی ہے، اسلئے متناظر تکملے بھی منفی ہیں، پس رقبوں س ف ع ص، ل ج ک م کے پہلے منفی علامت لکھی گئی ہے۔

ہم (۱) کو اس طرح بھی لکھ سکتے تھے۔ $\int_{ب}^{ا} مدن \frac{فرلا}{فرن} - \int_{ب}^{ا} مدن$

اگر نقطہ (لا، ما) منحنی کے گرد سمت ج ن ک ر ن میں محیط پر سے پورا حرکت کر جائے جبکہ ت، ت سے ت تک بڑھے تو منحنی کا رقبہ ذیل کے جملہ سے بھی تعبیر ہوگا۔

$$\int_{ت}^{ت} ما \frac{در لا}{در ت} در ت \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

رقبہ جو (۴) یا (۴) سے حاصل ہوتا ہے وہ ایک مثبت عدد ہے۔ لیکن اگر ہم رقبہ کو بھی علامت والی مقدار خیال کریں تو تکملہ

$$\int ما \frac{در لا}{در ت} در ت \quad \ldots\ldots\ldots (۵)$$

ہر صورت میں منحنی کے رقبہ کا جبریہ ناپ ہوگا جبکہ اسے منحنی کے محیط کے گرد اگرد لیا جائے یعنی ت کے حدود ایسے ہوں کہ نقطہ (لا، ما) ایک دفعہ منحنی کے محیط کے گرد پورا چکر لگا سکے۔ جیسے ہم نے اوپر ضابطے (۴) اور (۴) حاصل کئے ہیں بالکل اسی طرح سے ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ تکملہ

$$\int لا \frac{در ما}{در ت} در ت \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۶)$$

رقبہ کا جبریہ ناپ ہے جبکہ اسے منحنی کے پورا گرد لیا جائے۔

ہم نے اوپر دیکھا ہے کہ جب ت، ت سے ت تک بڑھتا ہے تو نقطہ سمت ج ن ک ر ن میں منحنی کے گرد حرکت کرتا ہے اگر اس سمت کے لئے تکملہ (۵) مثبت ہے اور (۶) منفی یعنی

$$\int ما \frac{در لا}{در ت} در ت = - \int لا \frac{در ما}{در ت} در ت$$

تو جب نقطہ سمت ج ن ک ر ن میں حرکت کرے گا تو (۵) منفی ہوگا اور (۶) مثبت۔

نقطہ (لا، ما) کی سمت حرکت بالکل اختیاری ہے۔ ریاضی طبیعیات میں یہ دستور بن گیا ہے کہ جب ت کے بڑھنے کے ساتھ مشاہدہ کرنے والا منحنی کے محیط کے گرد اس سمت میں حرکت کرے جس میں کہ کل رقبہ اس کے بائیں جانب رہتا ہے تو اس طرح رقبہ کے ناپ کے لئے جو عدد حاصل ہو اسے مثبت قرار دیتے ہیں۔ اگر ہم یہ دستور اختیار

کریں تو بند منحنی کے رقبہ ا کے لئے حاصل ہوتا ہے

$$ا = \int_{لا}^{ما} ص\,ت = - \int_{ما}^{ولا} ص\,ت = \frac{1}{2} \int_{(لا ما - ما ولا)}^{(لا ولا - ما ما)} ص\,ت \quad \ldots\ldots\ldots\

۲۰ ۔ رقبہ جو ایک متحرک خط مستقیم اپنی حرکت میں عبور کرتا ہے۔ فرض کرو کہ اب خط مستقیم ہے جس کا طول ل ہے اور اس کو نزدیک کے مقام اَب میں ہٹا دیا گیا ہے، اپنی حرکت میں یہ خط رقبہ اب ب ا عبور کرتا ہے۔ یہ رقبہ مثبت ہوگا اگر خیط کے گرد سمت اب ب ا میں جانے سے یہ رقبہ مشاہد کے بائیں جانب رہے اور منفی ہوگا اگر یہ دائیں جانب رہے۔



شکل ۱۷

اج کو اب کے اور ب ج کو وتر ا ا کے متوازی کھینچو۔ فرض کرو کہ ا ا ایک ثابت خط کے متوازی ہے اور زاوئے لا اب، ج اَب بالترتیب عما اور مف عما ہیں۔

صغاریات کے پہلے رتبہ تک رقبہ اب ب ا (مف ی) متوازی الاضلاع اج اور مثلث اج ب کے مجموعہ کے مساوی ہے۔

اب کی حرکت دو حرکتوں سے مرکب ہے۔

(۱) حرکت انتقالیت اج تک۔

(۲) گھماؤ کی حرکت ا کے گرد مقام اَب تک۔

فرض کرو کہ متوازی الاضلاع کا ارتفاع ف ہے، صغاریات کے پہلے رتبہ تک

مف ی = ل ف + ½ ل² مف عما ..... (۱)

فرض کرو کہ اب میں کوئی ثابت نقطہ ن ہے۔

ان = ا = اَن = اَن

اب کی سمت کے عمود وار ن کا جو ہٹاؤ ہے اُس پر غور کرو۔ حرکت نقل کے لئے عمودی ہٹاؤ ف ہے (نہ کہ ن ن)، گھماؤ کی حرکت کے لئے ہٹاؤ ا فرعما ہے۔ ن کا کل عمودی ہٹاؤ فرض کرو فرس ہے۔

فرس = ف + ا فرعہ ..... (۲)

(۲) سے ف = فرس - ا فرعہ، اس کی وجہ سے (۱) ہو جاتا ہے

فری = ل فرس + (½ ل² - ا ل) فرعہ .... (۳)

اگر متغیروں کو ت کے تفاعل فرض کیا جائے جیسا دفعہ ۱۹ میں تو

$\frac{\text{فری}}{\text{فرت}} = \text{ل} \frac{\text{فرس}}{\text{فرت}} + (\frac{1}{2}\text{ل}^2 - \text{ا ل}) \frac{\text{فرعہ}}{\text{فرت}}$ .... (۴)

مساوات (۴) بالکل عام ہے بشرطیکہ متغیروں کو مناسب علامات دی جائیں۔

فرس، $\frac{\text{فرس}}{\text{فرت}}$ دونوں مثبت ہونگے جبکہ ح کی حرکت ایک ایسے مشاہد کے بائیں طرف ہو جو اب کی سیدھ میں ا سے ب کی طرف دیکھ رہا ہو۔ مثبت گھماؤ عہ مخالف سمت ساعت ہوگی۔ مستقل ا مثبت ہوگا جبکہ ح اب پر واقع ہو یا اب ممدودہ پر جبکہ اسے ب میں سے خارج کیا جائے اور منفی ہوگا جبکہ یہ ب ا ممدودہ پر ا سے پرے واقع ہو۔

جیسے ت، ت سے ت_1 تک بڑھتا ہے، اب کا رقبہ عبور کردہ

$$\text{ری} = \text{ل} \int_{\text{ت}}^{\text{ت}_1} \frac{\text{فرس}}{\text{فرت}} \text{فرت} + (\frac{1}{2}\text{ل}^2 - \text{ا ل}) \int_{\text{ت}}^{\text{ت}_1} \frac{\text{فرعہ}}{\text{فرت}} \text{فرت}$$

$$= \text{ل س} + (\frac{1}{2}\text{ل}^2 - \text{ا ل})(\text{عہ}_1 - \text{عہ}) \ldots\ldots (۵)$$

جہاں س اثنائے حرکت میں ح کا کل عمودی ہٹاؤ ہے اور عہ_1، عہ زاویہ عہ کی ابتدائی اور آخری قیمتیں ہیں۔ س بالعموم وہی نہیں ہوتا جو ح کے طریق کا طول ہے۔

اب فرض کرو کہ اب ایک بند منحنی ج مرتسم کرتا ہے، اس منحنی کا رقبہ بھی ج ہے۔

(۱) جب ب منحنی ج کا پورا چکر لگاتا ہے تو فرض کرو کہ ا قوس ع ف پر آگے پیچھے حرکت کرکے اپنے ابتدائی مقام پر آجاتا ہے جبکہ ب اپنے ابتدائی مقام پر آجائے۔



شکل ۱۷

پس (۵) میں عہا = عہا اور ہی محض ج کے مساوی ہے۔ اس طرح

ج = ل س ..... (۶)

جہاں س، ب کا کل عمودی ہٹاؤ ہے، کیونکہ صریحاً تکملہ (۵) رقبہ ا ب ک گ ھ۔ رقبہ ا ب ک گ ھ کو تعبیر کرتا ہے۔ اس صورت میں س، ا پر منحصر نہیں یعنی ا ب پر جو ب کا مقام ہے س اس پر منحصر نہیں ہے۔

(۲) دوسری صورت میں فرض کرو کہ جب ب، ج کے محیط کا پورا چکر لگاتا ہے تو ا ایک بند منحنی ج کے گرد پورا دور کر جاتا ہے۔



شکل ۱۸



شکل ۱۹

اگر ج، ج کے باہر ہو (شکل ۱۸) تو عہا اور عہا باہم مساوی ہونگے، مساوات (۵) کا بایاں رکن ل س ہوگا، لیکن ا ب کا عبور شدہ رقبہ ج - ج ہوگا

پس ج - ج = ل س ..... (۷)

لیکن اگر ج، ج کا پورا احاطہ کرلے (شکل ۱۹) تو عہا - عہا = ۲ π

اس لئے ج ـ ج = ل س + ۲ π (½ ل² ـ ل ل) .....(۸)
اعداد ج، ج کی علامتیں دفعہ ۱۹ (۷) کے دستور کے موافق حاصل ہوتی ہیں۔

۲۱۔ سطح پیما۔ بند منحنی کا جیلی طریق پر رقبہ نکالنے کے لئے بہت سے آلات ایجاد کئے گئے ہیں۔ مذکورۂ بالا دو دفعات میں اجمالی طور پر وہ اصول بتائے گئے ہیں جن پر ایسے بہت سے آلات کی بناوٹ مبنی ہوتی ہے۔ سب سے مشہور **ایمسلر کا قطبی سطح پیما** ہے جس کی بناوٹ کا مختصر ذکر یہاں کیا جائے گا۔

قطبی سطح پیما میں دو سلاخیں **و ا** اور **ا ب** ہوتی ہیں جو **ا** پر آزادانہ طریق سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں، سلاخ **و ا** ایک ثابت نقطہ **و** کے گرد گھومتی ہے۔ اگر **ب** ایک بند منحنی کو مرتسم کرے تو **ا** ایک دائرہ کے محیط پر حرکت کرتا ہے۔ جب **ا** صرف دائرہ کے محیط پر آگے پیچھے حرکت کرے اور پورا چکر نہ لگائے تو جس بند منحنی کے محیط پر **ب** گردش کرتا ہے اس کا رقبہ بموجب دفعہ ۲۰ (۶) ل س ہوتا ہے۔ اس صورت میں سلاخ **ا ب** پر جو **ن** کا مقام ہے س اس پر منحصر نہیں ہوتا۔

س کو معلوم کرنے کے لئے ایک پہیہ جس کا محور **ا ب** کے متوازی ہوتا ہے **ا ب** کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے۔ جیسے **ب** منحنی کے محیط پر حرکت کرتا ہے یہ پہیہ کچھ پھسلتا ہے اور کچھ لڑکتا ہے۔ پھسلنے اور لڑکنے کی حرکتیں باہم بے تعلق ہوتی ہیں یعنی پھسلنے کے وقت پہیہ محور کے گرد نہیں پھرتا۔ پس **ن** کا عمودی ہٹاؤ = پہیہ کا محیط ۲ π ر × ان گردشوں کی تعداد جو بند منحنی کے گرد **ب** کی اثنائے حرکت میں پہیہ لگاتا ہے۔ یعنی س = ۲ π ر ن



شکل ۲۰

ایک تختی پر ن کی قیمت خود بخود درج ہوتی جاتی ہے، ن صحیح یا کسر ہو سکتا ہے۔ اگر ہم منحنی ج کو اتنا بڑا فرض کریں کہ و ا نصف قطر والا دائرہ بالکل اس کے اندر واقع ہو تو بموجب دفعہ ۲۰ (۸)

$$ج - \pi \text{ و } ا^2 = ل س + \pi ۲ (\frac{1}{2} ل^2 - ا ل)$$

یعنی $ج = \pi ۲ ل رن + \pi ۲ (\frac{1}{2} ل^2 - ا ل) + \pi$ و $ا^2$ کیونکہ $س = \pi ۲ رن$

اس جملہ میں سوائے ن کے اور سب اعداد آلہ کے مستقلات ہیں۔ اس مضمون پر مزید معلومات کے لئے ملاحظہ ہو ہنرسی کی "رپورٹ سطح پیمائوں پر" برٹش ایسوسی ایشن رپورٹ ۱۸۹۴ء۔

دفعات ۱۹، ۲۰ کا طریق ثبوت فی الحقیقت ایپل (Appell) کا ہے جو اس نے اپنی کتاب مبادیات ریاضی تحلیل Elements d' Analyse Mathematique میں دیا۔

مشق ۷

۱۔ ثابت کرو کہ قطبی محددوں میں ایک بند منحنی کا رقبہ تکملہ

$$\frac{1}{2} \int ر^2 \, د ظ$$

سے حاصل ہوتا ہے جبکہ تکملہ کو پورے محیط کے گرد لیا جائے، اس نتیجہ کو ثابت کرو

(۱) رقبہ دریافت کرنے کے لئے جو قطبی ضابطہ ہے اسے استعمال کرنے سے

(۲) دفعہ ۱۹، (۷) میں جو آخری تکملہ ہے اسمیں لا = رجم ظہ، ما = رجب ظہ رکھکر تبدیل کرنے سے۔ [دیکھو مشق ۱۲، سوال ۱۵ حصۂ اول]

۲۔ مثلث و اب کے رأسوں کے خدو ترتیب و، ا، ب میں بالترتیب $(۰، ۰)$، $(لا، ما)$، $(لا + مف لا، ما + مف ما)$ ہیں، ہندسی طریق سے ثابت کرو کہ بلحاظ علامت اور مقدار مثلث کا رقبہ $\frac{1}{2}$ (لا مف ما - ما مف لا) ہے۔ اس نتیجہ کی مدد سے مثال ماقبل کا مسئلہ حاصل کرو۔

۳۔ مکافیات $ما^2 = ۴ ا لا$، $لا^2 = ۴ ا ما$ کا مشترک رقبہ معلوم کرو۔

۴۔ متقارب $ما = ا$، محور ما اور منحنی $با^2 (ا + لا) = ا لا^2$ کی اس شاخ کے

درمیان جو ربع اول میں ہے جو رقبہ گھرا ہوا ہے اُسے معلوم کرو۔

یہ رقبہ ہے $\lim_{ب \to \infty} \int_{1}^{ب} (ا - ما)\, فرلا = ا^2 + \lim_{ب \to \infty} ا[ب - \{ا^2 + ب^2\}] = ا^2$

لحاظ ما کے تکمل کرنے سے رقبہ معلوم کرو۔

۵۔ "لنگر چھلا" وہ مجسم ہے جو ایک دائرہ کو اس کی سطح میں کے ایک خط مستقیم کے گرد گھمانے سے حاصل ہوتا ہے۔ فرض کرو کہ دائرہ کا نصف قطر ا ہے، گردش کا محور، محور ما ہے اور دائرہ کا مرکز محور لا پر مبدأ سے فاصلہ ج پر واقع ہے، دائرہ کے کسی نقطہ کے محدد ہیں

لا = ج + ا جم ت، ما = ا جب ت

اگر لنگر چھلے کا حجم ح ہو اور سطح س تو ثابت کرو کہ جس صورت میں ج ≥ ا

(۱) $ح = \pi \int_{0}^{2\pi} (ج + ا جم ت)^2 ا جم ت\, فرت = 2\pi^2 ا^2 ج = ق ل$

(۲) $س = 2\pi \int_{0}^{2\pi} (ج + ا جم ت) ا فرت = 4\pi^2 ا ج = ط ل$

جہاں ق دائرہ معلومہ کا رقبہ ہے اور ط محیط اور ل اُس دائرہ کا محیط $(2\pi ج)$ ہے جو گردش کرنے والے دائرہ کا مرکز مرتسم کرتا ہے۔

۶۔ منحنی ر = ۳ + ۲ جم طا میں ایک ہی بیضوی حلقہ ہے۔ منحنی کو مرتسم کرو اور اسکا رقبہ معلوم کرو۔

۷۔ منحنی ر = ۲ + ۳ جم طا دو بیضوی حلقوں پر مشتمل ہے (شکل ۲۱)

اگر جم عا = $-\frac{2}{3}$ $(0 < عا < \pi)$ تو ثابت کرو کہ بڑے حلقہ کا رقبہ ہے

ا = $\frac{17}{2}$ عا + ۱۲ جب عا + $\frac{9}{2}$ جب عا جم عا

اور چھوٹے بیضوی کا رقبہ ہے $\frac{17}{2}\pi - ا$

نیز ثابت کرو کہ $\frac{1}{2}$ ا کا تکملی حدود

طا = ۰ اور طا = 2π

کے درمیان ان دو رقبوں کے مجموعہ کے مساوی ہے۔



شکل ۲۱

اشکلہ ۶، سے منحنی ر = ا + ب جم ط کی نوعیت کا پتہ چلتا ہے
جبکہ ا < ب اور ا > ب۔

۸۔ بتاؤ مساوات ف (م لا^ن ما) = ۰ والا منحنی جہاں م، ن مستقل ہیں ف (لا^ما) = ۰ سے کیسے حاصل ہو سکتا ہے۔ اگر دوسرا منحنی بند حلقہ ہو تو پہلا بھی بند ہوگا اور ف (م لا^ن ما) = ۰ کا رقبہ ف (لا^ما) = ۰ کے رقبہ کے مساوی ہوگا جبکہ موخرالذکر کو م ن پر تقسیم کر دیا جائے۔

فرض کرو کہ م لا^ن = لا^ن ما = ما^ن، اس لئے لا ر ما^ن = م ن لا ر ما
اب دفعہ ۱۹ (۷) کو استعمال کرو۔ لا ر ما^ن کا تکملہ منحنی ف (لا^ن ما^ن) = ۰ کے اگرد (جو وہی بات ہے کہ لا ر ما کا تکملہ منحنی ف (لا^ما) = ۰ کے گرد) مساوی ہوگا م ن لا ر ما کے تکملہ کے جبکہ اسے منحنی ف (م لا^ن ما) = ۰ کے گرد لیا جائے یعنی لا ر ما کا تکملہ منحنی ف (لا^ما) = ۰ کے گرد مساوی ہے اس رقبہ کا م ن گنا جو منحنی ف (م لا^ن ما) = ۰ سے گھرا ہوا ہے (کیونکہ م ن مستقل ہے اور لا ر ما کا تکملہ رقبہ ہے)

۹۔ مشق ۶ مثال ۵ پر مثال بالا کا طریقہ استعمال کرنے سے منحنی
(م^ر لا^ر + ن^ر ما^ر)^ر = ا^ر لا^ر + ب^ر ما^ر
کا رقبہ معلوم کرو۔

۱۰۔ جب، اَب (دفعہ ۲۰) ایک گردش پوری کرتا ہے تو ن ایک ایسا منحنی مرتسم کرتا ہے جس کا رقبہ ج ذیل کی مساوات سے حاصل ہوتا ہے

(۱) ج = ط (ا ج + ب ج) / (ا + ب) − ۲۲ ا ب

جہاں ج ب = ب اور ا، ج، ج سے وہی مقداریں تعبیر ہوتی ہوتی ہیں جن کا دفعہ ۲۰ میں ذکر ہوا۔

نیز ثابت کرو کہ اگر سرے اَب ایک بند مبضوی منحنی ج پر حرکت کریں تو

(۲) ج − ج = ۲۲ ا ب [ہولڈچ کا مسئلہ]

مساوات (۸) دفعہ ۲۰ کو استعمال کرو۔ رکھو ل = ا + ب، اس طرح ج - جً حاصل ہوگا، پھر رکھو ل = ا، جس سے جً - جً حاصل ہوتا ہے۔ س کو ساقط کرنے سے نتیجہ (۱) حاصل ہوگا۔ (۲) حاصل کرنے کے لئے ان اور ب ن کے عبور کردہ رقبوں پر غور کرو۔

باب سوم

تکملہ مجموعہ کی انتہا خیال کیا جا سکتا ہے

دوہرے تکملے

۲۲۔ تکملہ ایک مجموعہ کی انتہا ہے۔ تکملہ کو ایک مجموعہ کی انتہا سمجھنا بعض مسائل میں علم آموز ہونے کے علاوہ ضروری ہوتا ہے، فا (لا) حسب معمول مسلسل خیال کیا جائیگا۔

ابتدا میں فرض کرو کہ ا < ب اور فا (لا) ایک مثبت، بڑھنے والا تفاعل ہے، بعد میں ان قیود کو ہٹا دیا جائیگا۔ ا اور ب کے درمیان صعودی ترتیب میں (ن-۱) قیمتیں لا۱، لا۲، ..... لا$_{ن-۱}$ مندرج کرو اور ن فرقوں (لا۱-ا)، (لا۲-لا۱)، (لا۳-لا۲)، ..... (ب-لا$_{ن-۱}$) کو محسوب کرو۔ ان سب فرقوں کی ایک ہی علامت ہے، اس صورت میں مثبت ہے اور ان کا مجموعہ ب-ا ہے، واضح ہو کہ وقفہ ب-ا کو ن ذیلی وقفوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

اب ہر ذیلی وقفہ کو فا (لا) کی اس قیمت کے ساتھ ضرب دو جو اس وقفہ کی ابتدا میں ہے، اس طرح جو ن حاصل ضرب حاصل ہونگے ان کو جمع کرنے سے

فا(ا)(لا۱-ا) + فا(لا۱)(لا۲-لا۱) + فا(لا۲)(لا۳-لا۲) + ... + فا(لا$_{ن-۱}$)(ب-لا$_{ن-۱}$) ..... (۱)

یا فرقوں کی معمولی ترقیم مف ا، مف لا۱ ..... کے مطابق

فا(۱) مف ۱ + فا(لا) مف لا + فا(لا) مف لا + ... + فا(لا) مف لا ..... (۱)
ن-۱ ۲

مجموعہ (۱) زیادہ برجستہ شکل میں اس طرح لکھا جا سکتا ہے۔

$$\sum_{\text{لا}=۱}^{\text{لا}=ب} \text{فا(لا) مف لا} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots \quad (۲)$$

علامت $\sum$ فا(لا) مف لا سے مراد ہے "اُن سب رقموں کا مجموعہ جو اس نمونہ فا(لا) مف لا کی ہوں" اس کو ہم پڑھینگے "حاصل جمع یا ج فا(لا) مف لا"۔ محض اس علامت سے پورا معلوم نہیں ہوتا کہ وقفہ ب ۔ ۱ کس طرح تقسیم کیا گیا ہے، یہ عبارت یا سوال کے عمل سے معلوم کرنا چاہئے۔ وقفہ کے جس سرے سے تقسیم شروع ہوتی ہے اُسے "لا = ۱" سے ظاہر کرتے ہیں اور دوسرے سرے کو "لا = ب" سے، ہر فرق مف لا کی وہی علامت ہے جو ب ۔ ۱ کی جو اس صورت میں مثبت ہے۔

ہم مجموعہ (۱) یا (۲) کی انتہا معلوم کرنا چاہتے ہیں جبکہ ن کو لا انتہا بڑھایا جائے ظاہر ہے کہ ن کو لا انتہا بڑھانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ فرق مف ۱، مف لا، .... لا انتہا کم ہو جائینگے۔ یہ انتہا معلوم کرنے کے لئے فا(لا) کی ترسیم (شکل ۲۲) پر غور کرو۔

فرض کرو کہ ول = ۱، ول = لا، ..... ول = ب
ن-۱ ۲ م

تب ل ع = فا(۱)، ل ع = فا(لا)، ..... ل ع = فا(لا)، مط = فا(ب)
۱ ۲ ن-۱ ن-۱



شکل ۲۲

ع ک$_1$، ع ک$_2$، ..... ع ک$_{ن-1}$ محور لا کے متوازی ہیں۔

صریحاً حاصل جمع (۱) مستطیلوں ل ک$_1$، ل ک$_2$، ل ک$_3$، .... ل ک$_{ن-1}$ کے رقبوں کے مجموعہ کو تعبیر کرتا ہے

مستطیلوں کا یہ رقبہ، رقبہ ل م ط ع سے کم رہتا ہے بقدر ذیل کے کروی مثلثات کے مجموعہ کے ع ک$_1$ ع، ع ک$_2$ ع، ..... ع ک$_{ن-1}$ ط۔

ع ک کو ل م کے متوازی کھینچو، یہ خط م ط کو ک پر کاٹتا ہے۔ ع ک کو ف تک اتنا خارج کرو کہ ک ف ذیلی وقفوں ل ل$_1$، ل$_1$ ل$_2$، ..... میں سے سب سے بڑے کے مساوی ہو۔ مستطیل ک ف گ ط کی تکمیل کرو۔

فرض کرو کہ رقبہ ل م ط ع ی سے تعبیر ہوتا ہے، تب ی اور مجموعہ (۱) کا فرق کم ہے ذیل کے ن مستطیلوں کے مجموعہ سے

ع ک$_1$ × ک$_1$ ع، ع ک$_2$ × ک$_2$ ع، ..... ع ک$_{ن-1}$ × ک$_{ن-1}$ ط

یعنی کم ہے مستطیل ک ف (ک$_1$ ع + ک$_2$ ع + ... + ک$_{ن-1}$ ط) سے

یعنی کم ہے ک ف × ک ط سے

یعنی کم ہے ک ف {ف (ب) - ف (ا)} سے۔

اگر لا انتہا بڑھے اور اسی آن میں ہر ذیلی وقفہ لا انتہا کم ہو تو انتہا میں ک ف صفر ہوگا اور (۱) کی انتہا ی ہوگی۔ اس لئے

نہا$_{ن \to \infty}$ ک$_{لا=ا}^{لا=ب}$ ف (لا) مف لا = ی = رقبہ ل م ط ع .... (۳)

البتہ ہم لکھ سکتے ہیں

ک$_{لا=ا}^{لا=ب}$ ف (لا) مف لا = ی تقریباً

یہ قیود جو ابتدا میں لگائی گئی تھیں کہ فا (لا) مثبت ہے، بڑھنے والا تفاعل ہے اور ا کم ہے ب سے، یہ اب ہٹادی جاسکتی ہیں۔

اگر ا < ب اور فا (لا) مثبت اور گھٹنے والا تفاعل ہو تو اوپر کے عمل میں تبدیلی صرف اتنی ہوگی کہ ی مجموعہ (۱) سے کم ہوگا۔ اگر فا (لا) کہیں بڑھتا ہو اور کہیں گھٹتا ہو تو فا (لا) کے بڑھنے اور گھٹنے کی صورتوں کے لئے نتائج کو الگ الگ صحیح تسلیم کرکے عام صورت میں ان کو باہم ملایا جاسکتا ہے۔

اگر ا > ب اور فا (لا) مثبت ہو تو ہر ایک فرق (لا - ا)، (لا - ا)... منفی ہوگا اور اس صورت میں بھی انتہا لینے سے مخنی کا رقبہ معلوم ہوگا مگر اسکی علامت منفی ہوگی۔

آخری صورت میں اگر فا (لا) منفی ہو تو انتہا لینے سے مخنی کا رقبہ ملیگا بشرطیکہ دفعہ ۸۰ حصہ اول کے موافق مناسب علامت منتخب کی جائے۔

اگر ہم چاہیں تو ذیلی وقفوں کو باہم مساوی خیال کرسکتے ہیں، ایسی صورت میں ہر وقفہ $\frac{ب - ا}{ن}$ کے مساوی ہوگا۔ ذیلی وقفوں پر فقط اتنی قید ہے کہ ہر وقفہ کو انتہا میں صفر ہو جانا چاہیے جبکہ ن انتہا میں لامتناہی ہو جائے۔

مجموعہ (۱) میں ہم نے فرض کیا ہے کہ فا (لا) ہر وقفہ میں شروع کی قیمت اختیار کرتا ہے لیکن اگر یہ ہر وقفہ کے آخر کی یا درمیان کی کوئی قیمت اختیار کرے تو بھی دفعہ ۸۷ مسئلہ ۲، حصہ اول کی مدد سے ثابت کیا جاسکتا ہے کہ انتہا یہی رہتی ہے۔

ہم صرف اس صورت پر غور کرتے ہیں کہ ا < ب اور فا (لا) مثبت ہے کیونکہ باقی صورتیں اس سے بآسانی مستنبط ہوسکتی ہیں۔

اگر لَ، لَ، لَ ..... لا کی قیمتیں ہوں بالترتیب وقفوں (لا - ا)، (لا - لا)، (لا - لا) ..... کے آخر یا درمیان میں تو ہم لے سکتے ہیں

بہ = فا (لَ) (لا - ا)، بہ = فا (لَ) (لا - لا) .....

گہ = فا (لَ) (لا - ا)، گہ = فا (لَ) (لا - لا) .....

اور مسئلہ مذکورہ کے شرائط عائد ہوتے ہیں کیونکہ فَ(لا) مسلسل ہے اور ن ← ∞ کے لئے $\frac{ب}{ن}$، $\frac{ب^2}{ن^2}$، $\frac{ب^3}{ن^3}$ ..... میں سے ہر ایک کی انتہا ایک ہے۔

یہ ثابت کرنے کے بعد کہ (۱) کی انتہا رقبہ ی ہے ہم حسب دفعہ ۸۸ حصۂ اول ثابت کر سکتے ہیں کہ اس انتہا کا مشتق بلحاظ ب کے مط ہے یعنی فَ(ب)۔ تکملوں کے متعلق جملہ مسائل مجموعہ (۱) کی انتہا پر استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ اب تکملوں کی عام ترقیم کی وجہ ظاہر ہے، لفظ "مجموعہ" کا ابتدائی حرف میم ہے، مگر یہ یاد رہے کہ تکملہ مجموعہ نہیں ہے لیکن مجموعہ کی انتہا ہے۔ (دیکھو دفعہ ۲۳ مثال ۲)

۲۳۔ مثالیں مثال ۱۔ $\int_{0}^{ب} لا^2 \, فرلا$ کی قیمت معلوم کرو۔

وقفہ ب کو ن مساوی حصوں میں تقسیم کرو۔ دفعہ ۲۲ کی ترقیم کے مطابق

$$ول_0 = 0، \quad ول_1 = \frac{ب}{ن}، \quad ول_2 = \frac{2ب}{ن}، \quad ..... \quad ول_{ن-1} = \frac{(ن-1)ب}{ن}$$

مجموعہ (۱) ہو جاتا ہے $\times \frac{ب}{ن} + \left(\frac{ب}{ن}\right)^2 + \left(\frac{2ب}{ن}\right)^2 + ... + \left\{\frac{(ن-1)ب}{ن}\right\}^2$

$$= \frac{ب^3}{ن^3}\left\{1^2 + 2^2 + ... + (ن-1)^2\right\}$$

$$= \frac{ب^3}{ن^3} \frac{(ن-1)ن(2ن-1)}{6} \text{ یا } \frac{ب^3}{3}\left\{1 - \frac{3}{2ن} + \frac{1}{2ن^2}\right\}$$

اور انتہا صریحاً $\frac{ب^3}{3}$ ہے۔

مثال ۲۔ ثابت کرو کہ اگر دفعہ ۲۲ (۲) میں رکھا جائے فَ(لا) = فَ(لا) تو انتہا ف(ب) - ف(۱) ہوگی۔

مشتق کی تعریف کے بموجب

$$\frac{ف(لا + مف لا) - ف(لا)}{مف لا} = فَ(لا) + عہ$$

یعنی ف(لا+مف لا)- ف(لا) = فَ(لا) مف لا + عہ مف لا
(ا) .....

جہاں عہ، مف لا کے ساتھ معدوم ہو جاتا ہے۔
(ا) میں کے لا اور مف لا کو بالتواتر دفعہ ۲۲ کی قیمتیں دو۔ لا کی تمام قیمتوں کے لئے بالعموم عہ کی وہی قیمت نہیں ہوگی اس لئے ہم لاحقے استعمال کرتے ہیں پس

ف(لا۱)- ف(ا) = فَ(ا) مف ا + عہ۱ مف ا
ف(لا۲)- ف(لا۱) = فَ(لا۱) مف لا۱ + عہ۲ مف لا۱
ف(لا۳)- ف(لا۲) = فَ(لا۲) مف لا۲ + عہ۳ مف لا۲
. . . . . .

ف(ب)- ف(لا ن-۱) = فَ(لا ن-۱) مف لا ن-۱ + عہ ن مف لا ن-۱

جمع کرنے سے ف(ب)- ف(ا) = مجموع (لا=ا تا لا=ب) فَ(لا) مف لا + س

جہاں س = عہ۱ مف ا + عہ۲ مف لا۱ + ... + عہ ن مف لا ن-۱

فرض کرو کہ مقادیر عہ۱، عہ۲، ..... میں سے عہ تعداد سب سے بڑا ہے، تب عددی قیمت کے لحاظ سے

س < عہ (مف ا + مف لا۱ + مف لا۲ + ... + مف لا ن-۱) یا عہ (ب-ا)

چونکہ ہر عہ اور اس لئے ہر عہ کی انتہا صفر ہے، اسلئے س کی انتہا بھی صفر ہوگی
پس نتیجہ ثابت ہوتا ہے۔

مثال ۳۔ ن ← ∞ کے لئے

$$\frac{۱}{ن+۱} + \frac{۱}{ن+۲} + \frac{۱}{ن+۳} + \ldots\ldots + \frac{۱}{۲ن}$$

کی انتہا معلوم کرو۔

ہم اس مجموعہ کو اس طرح لکھ سکتے ہیں

$$\frac{1}{1+\frac{1}{ن}} \times \frac{1}{ن} + \frac{1}{1+\frac{1}{2ن}} \times \frac{1}{ن} + \frac{1}{1+\frac{1}{3ن}} \times \frac{1}{ن} + \dots + \frac{1}{1+\frac{1}{ن^2}} \times \frac{1}{ن}$$

یا اس طرح سے $\sum_{ر=1}^{ر=ن} \frac{1}{1+\frac{1}{ر ن}} \times \frac{1}{ن}$

تفاعل $فا(لا) = \frac{1}{لا}$ پر غور کرو۔ دفعہ ۲۲ میں فرض کرو کہ ہر فرق $\frac{1}{ن}$ ہے۔ فرض کرو کہ ا = ۱، ب = ۲ اوپر کا مجموعہ اسی طرح کا سلسلہ ہوگا جیسا (۱) دفعہ ۲۲ ہے اگر ہم $فا(لا)$ کی قیمتیں ہر وقفہ کے آخر کی فرض کریں۔

پس مطلوبہ انتہا ہے $\int_{1}^{2} \frac{دلا}{لا} = [\text{لوک } لا]_{1}^{2} = \text{لوک } ۲ = ۰٫۶۹۳$

۲۴۔ تقریبات۔ تکملہ کی قیمت معلوم کرنے میں بالعموم پہلے وہ تفاعل معلوم کیا جاتا ہے جس کا مشتق معلومہ متکمل ہو۔ اب اگر یہ تفاعل معلوم نہ ہو سکے تو یہ طریقہ ناکام رہیگا۔ ایک مشہور صورت جس میں یہ طریقہ استعمال نہیں ہو سکتا طبیعی مثالوں میں پیدا ہوتی ہے جہاں متکمل کے لئے تحلیلی جملہ معلوم ہونے کی بجائے اس کا گراف معلوم ہوتا ہے اس لئے جب متکمل کی قیمتوں کی صرف محدود تعداد معلوم ہو تو اس صورت میں بھی تکملہ کی تقریبی قیمت معلوم کرنے کے طریقے ایجاد کئے گئے ہیں یہ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ متکمل کو ایک مسلسل تفاعل متصور کیا جا سکتا ہے اگرچہ اسکی قیمتوں کی صرف محدود تعداد معلوم ہونے کی وجہ سے تفاعل کے لئے تحلیلی جملہ معلوم نہیں ہو سکتا۔ جو طریقے اب بیان کئے جائینگے وہ تحلیلی شکل کے تفاعلوں کے لئے بھی استعمال ہو سکتے ہیں اگرچہ ایسی صورت میں زیادہ قوی طریقے میسر آ سکتے ہیں بالخصوص سلسلوں میں پھیلانے کا طریقہ۔

فرض کرو کہ ل م کو ن مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر حصہ ھ کے مساوی ہے۔ نیز فرض کرو ل، م اور باقی (ن - ۱) نقاط تقسیم پر کے معین
$ما_1$ $ما_2$ $ما_3$ ..... معلوم ہیں۔

تکملہ $\int_{ل}^{م} فا(لا) فرلا$ ..... (۱)

کے محسوب کرنے سے یہی مراد ہے کہ رقبہ ل م ط ع معلوم کیا جائے [شکل ۲۳] ترسیم کی بجائے فرض کرو کہ کثیر الاضلاع $ع ع_1 ع_2$ ..... ہے، پہلے منحرف کا رقبہ $\frac{1}{2}$ ھ ($ما_1$ + $ما_2$) ہے اور یہ رقبہ، ل م ط ع کے متناظر ٹکڑے کے رقبہ سے بہت تھوڑا کم ہوگا۔ ان سب منحرفوں کو جمع کرنے سے اس رقبہ ل م ط ع کی اور اسلئے تکملہ (۱) کی تقریبی قیمت معلوم ہوتی ہے

$ق = \frac{1}{2}$ ھ ($ما_1$ + $ما_2$) + $\frac{1}{2}$ ھ ($ما_2$ + $ما_3$) + ... + $\frac{1}{2}$ ھ ($ما_ن$ + $ما_{ن+1}$)

$= \frac{1}{2}$ ھ { $ما_1$ + $ما_{ن+1}$ + ۲ ($ما_2$ + $ما_3$ + ... + $ما_ن$) } ..... (۲)



شکل ۲۳

اگر ترسیم اپنے طول میں سراسر اوپر کی طرف محدب ہو جیسے شکل ۲۳ میں تو ق اصلی رقبہ سے کم رہے گا اور اگر منحنی اوپر کی طرف مقعر ہو تو ق رقبہ سے بڑھ جائے گا۔ جفت معینوں $ما_2$، $ما_4$ ..... کے

سروں میں سے مماس کھینچو اور انہیں اتنا خارج کرو کہ یہ متصلہ طاق معینوں سے جا کر ملیں۔ اگر کل معینوں کی تعداد طاق ہو یعنی ۲ ن + ۱، تو اس طرح ن منحرف حاصل ہونگے جن کا مجموعہ ل مط ع سے زیادہ ہوگا جب گراف بالتمام اوپر کی طرف محدب ہو۔ پہلے منحرف کا رقبہ ۲ ھ حا۱ ہے، دوسرے کا ۲ ھ حا۲ اور علیٰ ہذا القیاس اس لئے رقبہ زیر بحث کا ہمیں ایک اور تقرب حاصل ہوتا ہے

ق۱ = ۲ ھ (حا۱ + حا۲ + ... + حا۲ن) ..... (۳)

تکملہ (۱) کی قیمت ہمیشہ ق۱ اور ق۲ کے درمیان واقع ہوتی ہے جبکہ قوس ع ط پر کوئی نقطہ انعطاف نہ ہو اور ہر تقرب کے لئے فرق ± (ق۲ - ق۱) غلطی یا خطا کا ناپ ہوگا۔

ضابطہ (۲) کو ذو زنقہ قاعدہ کہا جا سکتا ہے۔

ایک اور ضابطہ جو عملی طور پر (۲) یا (۳) کی نسبت زیادہ صحیح ثابت ہوتا ہے اس طرح حاصل ہو سکتا ہے، دفعہ ۲، حصۂ اول کی رو سے ہم لکھ سکتے ہیں

فا (لا) = فا (ج) + (لا - ج) فا' (ج) + ½ (لا - ج)² فا'' (لا۱)

اگر لا - ج چھوٹا ہو تو ہم یہ مان سکتے ہیں کہ فا'' (لا۱) کا فرق فا'' (ج) سے بہت کم ہے، اگر فا (لا) دوسرے درجہ کا ہو تو فا'' (لا۱)، فا'' (ج) کے بالکل مساوی ہوگا۔

اب مساوات حا = فا (ج) + (لا - ج) فا' (ج) + ½ (لا - ج)² فا'' (ج) ..... (۴)

ایک مکافی کو تعبیر کرتی ہے، پس فا (لا) کی ترسیم کے ایک چھوٹے سے طول کی بجائے ہم اس مکافی کی قوس رکھ سکتے ہیں۔

اب دو ہرے ٹکڑے ل۱ ع۱ ع۲ پر غور کرو، سہولت کی خاطر فرض کرو کہ ول۱ = ج، ول۲ = ج - ھ، ول۳ = ج + ھ، اب یہ تسلیم کر کے کہ قوس ع۱ ع۲ ع۳ پر فا (لا) کی قیمت (۴) کو استعمال کرنے سے حاصل

ہو سکتی ہے ہمیں رقبہ ل ل، ع، ع کے لئے حاصل ہوتا ہے

$$\int_{ج-ھ}^{ج+ھ} فا(لا)\,فرلا = \int_{ھ}^{ھ} فا(لآ+ج)\,فرلآ = ۲ھ\,فا(ج) + \frac{ھ^۳}{۳}\,فا''(ج) \quad \ldots\ldots (۵)$$

جہاں تکمل کرنیکے لئے ہم رکھتے ہیں لا = لآ + ج۔ یہ تسلیم کرکے کہ فا (لا) کی قیمت (۴) سے حاصل ہوتی ہے ہم (۵) کو ھ، حا۱، حا۲، حا۳ کی رقوم میں بیان کر سکتے ہیں کیونکہ فا (ج) = حا۲ اور

$$حا۱ = فا(ج-ھ) = فا(ج) - ھ\,فا'(ج) + \frac{۱}{۲}ھ^۲\,فا''(ج)$$

$$حا۳ = فا(ج+ھ) = فا(ج) + ھ\,فا'(ج) + \frac{۱}{۲}ھ^۲\,فا''(ج)$$

جمع کرنے سے

$$ھ^۲\,فا''(ج) = حا۱ + حا۳ - ۲\,فا(ج) = حا۱ + حا۳ - ۲\,حا۲$$

اور (۵) ہو جاتی ہے $\frac{۱}{۳}ھ(حا۱ + ۴حا۲ + حا۳)$ ..... (۶)

اب فرض کرو کہ رقبہ ل مط ع کو متساوی الفصل معینوں کی طاق تعداد ۲ن + ۱ سے ٹکڑوں کی جفت تعداد ۲ن میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ضابطہ (۶) کو سلسلہ وار ن دوہرے ٹکڑوں کے لئے استعمال کرنے سے ن جملوں کا مجموعہ حسب ذیل حاصل ہوتا ہے، رقموں کو نئی ترتیب کے موافق لکھا گیا ہے

$$ق_۳ = \frac{۱}{۳}ھ\{حا۱ + حا۲ن+۱ + ۲(حا۳ + حا۵ + \ldots + حا۲ن-۱)$$

$$+ ۴(حا۲ + حا۴ + \ldots + حا۲ن)\} \quad \ldots\ldots (۷)$$

(۷) سمپسن کا ضابطہ کہلاتا ہے۔ الفاظ میں اسے یوں بیان کر سکتے ہیں، رقبہ کو متساوی الفصل معینوں سے ٹکڑوں کی جفت تعداد میں تقسیم کرو۔

(۱) شروع اور اخیر کے معینوں کا مجموعہ معلوم کرو۔

(۲) باقی ماندہ طاق معینوں کے مجموعہ کا دوچند معلوم کرو۔

(۳) جفت معینوں کے مجموعہ کا چار گنا معلوم کرو۔
اِن تین مجموعوں کو جمع کرو اور اِس حاصل جمع کو معینوں کے مشترک فاصلہ کے ایک تہائی سے ضرب دو۔

فرض کرو کہ $ع = ما_1 + ما_{2ن+1}$

$و = ما_2 + ما_4 + ما_6 + \ldots\ldots + ما_{2ن}$

$ر = ما_3 + ما_5 + \ldots\ldots + ما_{2ن-1}$

تب ھ، ع، و، ر کی رقوم میں

$ق_1 = \frac{1}{2} ھ(ع + 2و + 2ر)$، $ق_2 = 2 ھ و$

$ق_3 = \frac{1}{3} ھ (ع + 4و + 2ر)$

اِس لئے $ق_3 = \frac{2}{3} ق_1 + \frac{1}{3} ق_2$ ..... (۸)

فرض کرو کہ ترسیم اوپر کی طرف محدب ہے اور معین مثبت ہیں یعنی

$ق_1 <$ رقبہ ل م ط ع $< ق_2$

تب $ق_3 - ق_1 = \frac{1}{3} (ق_2 - ق_1)$

$ق_2 - ق_3 = \frac{2}{3} (ق_2 - ق_1)$

اِس لئے سمسن کے کلیہ میں غلطی یا خطا $\frac{2}{3} (ق_2 - ق_1)$ یا $\frac{1}{3} ھ(2و - 2ر - ع)$ سے کم ہے۔ ..... (۹)

ضابطہ (۸) سے ظاہر ہوتا ہے کہ سمسن کے کلیہ میں بیرونی کثیر الاضلاع کی نسبت اندرونی کثیر الاضلاع کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔

تقرب کے مندرجہ بالا طریقے ایک محدود تکملہ کی صورت میں بھی استعمال ہو سکتے ہیں خواہ فا (لا) کو نخی کا معین تصور کیا جائے یا نہ کیا جائے مثلاً قطبی محددوں میں

فا (لا)، کسی سمتی کا سمتی نیم قطر ہو سکتا ہے اور لا سمتی زاویہ۔ اس صورت میں معینوں فا، فا، فا ..... کی بجائے تفاعل کی وہ قیمتیں استعمال ہونگی جو دلیل یا وجہ کی متساوی الفرق قیمتوں کے جواب میں حاصل ہوں۔ تقریبات کے استعمال کی مشہور عملی صورت مجسمات کی مساحت میں ملتی ہے جہاں فا، فا، ..... متساوی الفصل تراشوں کے رقبے ہوتے ہیں (عملی مساحت میں سمسن کے کلیہ کے استعمال کے متعلق ملاحظہ ہو لوج کی مساحت اعلیٰ مدارج کے طلبہ کے لئے، لنڈن، لونگ مین)

مثال $\int_{\text{لا}}^{\text{۲لا}} \text{ف}$ کو محسوب کرو۔

فرض کرو کہ ۲ن + ۱ = ۱۱، ھ = ۱ی، لا = ۱، ب = ۲

معمولی حساب سے معلوم ہوگا کہ

ع = ۱۱۵، و = ۳۱۴۵۹۵۳۹۴، ل = ۲۷۲۸۱۷۴۶

ق۱ = ۱۱۶۹۳۷۰۱، ق۲ = ۱۱۶۹۱۹۰۸، ق۳ = ۱۱۶۹۳۱۵۰

تکملہ کی ٹھیک قیمت لوک ۲ یعنی ۱۱۶۹۳۱۴۷ ہے، $\frac{۲(\text{ق}_۱ - \text{ق}_۲)}{۳}$ کی قیمت ۰۰۱۲۴۲ ہے اور ق۳ - لوک ۲ کی ۳ ..... ہے

بالعموم سمسن کے ضابطہ کی غلطی اس اندازہ سے بہت کم ہوتی ہے جو (۹) سے حاصل ہوتا ہے۔

مشق ۸

۱۔ ایک مستوی سطح جو محور کا پر عمود دار ہے ایک سطح کو کاٹتی ہے اور اس تراش کا رقبہ فا (لا) ہے، دفعہ ۲۴ میں جو معین فا، فا، فا ..... ہیں اگر ان کی بجائے تراشوں س، س، ..... کے رقبے استعمال کئے جائیں تو جملات (۲)، (۳)، (۶)، (۷) سے سطح کا حجم معلوم ہوتا ہے جو متناظر مستوی سروں کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ پس (۶) سے حجم معلوم ہوگا

$$\text{ح} = \frac{۱}{۳} \text{ھ} (\text{س}_۱ + ۴\text{س}_۲ + \text{س}_۳) \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

جہاں $س_1$، $س_2$ سروں کی تراشوں کے رقبے ہیں، $س_2$ وسطی تراش کا رقبہ ہے اور ۲ ھ سروں کی تراشوں کا درمیانی فاصلہ ہے، قیمت (۱) تقریبی ہونے کی بجائے بالکل صحیح ہوگی جبکہ $ف(لا)$ لا کا دو درجی تفاعل ہو۔

اس ضابطہ کو استعمال کرنے سے دفعہ ۱ کے حجموں کے متعلق نتائج حاصل کرو۔ نیز اس ضابطہ کو اُس مجسم پر لگاؤ جو مکافی کے محور کے گرد گھومنے سے پیدا ہوتا ہے۔

۲۔ ثابت کرو کہ ضابطہ (۱) منشور نما کے لئے بھی درست رہتا ہے۔

منشور نما ایک مجسم ہے جس کی اوپر اور نیچے کی احاطہ کرنیوالی سطحیں کثیر الاضلاع اشکال ہوتی ہیں، اِن اشکال کے متناظر اضلاع متوازی ہوتے ہیں اور ان کی تعداد اضلاع دہی ہوتی ہے۔ اور اِس حجم کے اطراف احاطہ کرنے والی سطحیں منحرف ہوتی ہیں۔

۳۔ شراب کے ایک پیپے میں د چوٹی کا قطر ہے اور $د_2$ ڈاٹ والا قطر ہے اور ھ پیپے کی گہرائی ہے، ثابت کرو کہ جب پیپے کا منحنی مکافی ہو تو اسکا حجم ہوگا

$$\frac{۲}{۱۲} ھ \{ د_1^2 + ۲ د_2^2 - \frac{۴}{۱۰} (د_2 - د_1)^2 \}$$

جب پیپے کے نچلے اور اوپر کے نصف باہم مساوی اور متشاکل ہوں اور ہر نصف گردش کا ناقص یا کٹا ہوا مکافی نما ہو اور بڑے سرے پیپے کے وسط میں جوڑے جائیں، تو ثابت کرو کہ پیپے کا حجم

$$\frac{۲}{۸} ھ (د_1^2 + د_2^2)$$ ہے۔

۴۔ اگر $ف(لا) = ا + ب(لا - ج) + ع(لا - ج)^2 + ف(لا - ج)^3$ تو ثابت کرو کہ دفعہ ۲۴ کا ضابطہ (۶) قائم رہتا ہے۔

۵۔ اگر $ف(لا) = ا + ب(لا - ج) + ع(لا - ج)^2 + ف(لا - ج)^3$ اور اگر $ف(لا)$ کی قیمتیں لا کی قیمتوں $ل$، $ل + ھ$، $ل + ۲ ھ$، $ل + ۳ ھ$ کے جواب میں بالترتیب $ف_1$، $ف_2$، $ف_3$، $ف_4$ ہوں تو ثابت کرو کہ جو رقبہ منحنی، محور لا اور معینوں $ف_1$، $ف_4$ کے درمیان گھرا ہوا ہے وہ $\frac{۳}{۸} ھ (ف_1 + ۳ ف_2 + ۳ ف_3 + ف_4)$ ہے۔

اس ضابطہ کو بعض اوقات سمسن کا دوسرا کلیہ کہتے ہیں۔
اسے ثابت کرنے کے لئے رکھو لا = ا + ھ ت، تب فا (لا) کی شکل ہوگی

فہ (ت) = ح + ق ت + ر ت² + س ت³

اور حا، حا۱، حا۲، حا۳ فہ (ت) کی قیمتیں ہیں ت کی قیمتوں ۰، ۱، ۲، ۳ کے لئے اور رقبہ ہے

$$\int_{ا}^{ا+۳ھ} فا(لا)\, ولا = ھ \int_{۰}^{۳} فہ(ت)\, وت$$

۶۔ ثابت کرو کہ

$$\int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ جب\ لا\ ولا = -\int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لا\ ضم\ لا\ ولا$$

اور سمسن کے کلیہ سے تکملہ کی قیمت معلوم کرو۔
تکملہ کی صحیح قیمت ۔ $\frac{π}{۲}$ لوک ۲ ہے۔
تکملہ کو ع سے تعبیر کرو۔ تب

$$ع = \int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ جب\ لا\ ولا = \int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ جم\ لا\ ولا = \frac{۱}{۲}\int_{۰}^{\frac{π}{۲}} (لوک\ جب\ لا + لوک\ جم\ لا)\ ولا$$

$$پس\ ۲ع = \int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ (\tfrac{۱}{۲}\ جب\ ۲لا)\ ولا - \frac{π}{۲} لوک\ \tfrac{۱}{۲} + \int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ جب\ ۲لا\ ولا$$

$$نیز \int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ جب\ ۲لا\ ولا = \frac{۱}{۲}\int_{۰}^{π} لوک\ جب\ ی\ وی = \int_{۰}^{\frac{π}{۲}} لوک\ جب\ ی\ وی$$

اور نتیجہ حاصل ہوتا ہے۔

۷۔ ثابت کرو کہ $\int_{۰}^{\frac{π}{۲}}$ لوک مس لا ولا = ۰ [عمل تکمل کی ضرورت نہیں۔]

۸۔ ثابت کرو کہ جب ن مائل ∞ ہو تو $\sum_{ر=۰}^{ر=ن-۱} \frac{۱}{\sqrt{ن^۲ - ر^۲}}$ کی انتہا $\frac{π}{۲}$ ہے۔

۹۔ ثابت کرو کہ جب ن مائل بہ ∞ ہو تو $\frac{\text{حد}}{\text{ن}} \frac{\text{ن}^{\text{ن}-1}}{\text{ن}^{\text{ن}}+\text{ر}^{\text{ن}}}$ کی انتہا $\frac{\pi}{4}$ ہے۔

۲۵۔ اوسط قیمتیں۔ ن مقادیر ما_1، ما_2، ما_3 ..... $\text{ما}_\text{ن}$ کا اوسط حسابی $\frac{\text{ما}_1+\text{ما}_2+\ldots+\text{ما}_\text{ن}}{\text{ن}}$ ہے۔ فرض کرو کہ لا کی قیمتوں ا_1، $\text{ا}_1+\text{ھ}$، $\text{ا}_1+2\text{ھ}$، $\text{ا}_1+3\text{ھ}$ ..... ب۔ ھ کے جواب میں فا (لا) کی قیمتیں ما_1، ما_2، ما_3 ..... ما ہیں جہاں وقفہ ب۔ ا کو طول ھ کے ن مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ما_1، ما_2 ..... $\text{ما}_\text{ن}$ کے اوسط حسابی کی انتہا جبکہ ن ← ∞ تفاعل فا (لا) کی اوسط قیمت کہلاتی ہے سعت ب۔ ا میں۔

اوسط قیمت کو بطور تکملہ کے بیان کر سکتے ہیں کیونکہ

$$\left(\frac{\text{ما}_1+\text{ما}_2+\ldots+\text{ما}_\text{ن}}{\text{ن}}\right) = \left(\frac{\text{ما}_1\text{ھ}+\text{ما}_2\text{ھ}+\ldots+\text{ما}_\text{ن}\text{ھ}}{\text{ب}-\text{ا}}\right) \ldots (1)$$

اور بائیں جانب کی کسر کا شمار کنندہ

$$\text{فا}(\text{ا})\text{ھ}+\text{فا}(\text{ا}+\text{ھ})\text{ھ}+\ldots+\text{فا}(\text{ب}-\text{ھ})\text{ھ}$$

ہے اور اسکی انتہا ن ← ∞ (اور اس لئے ھ ← ۰) کے لئے ہے

$$\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فرلا}$$ - پس اوسط قیمت ہے

$$\frac{1}{\text{ب}-\text{ا}} \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فرلا} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (2)$$

مثال ۱۔ نیم قطر ا کے نصف دائرہ کے معیّن کی اوسط قیمت ہے

$$\frac{1}{\frac{1}{2}\text{ا}^2} \int_{0}^{\text{ا}} \sqrt{\text{ا}^2-\text{لا}^2}\,\text{فرلا} = \frac{\pi}{4}\text{ا} = ۰.۷۸۵۴\text{ا}$$

اس صورت میں قطر کو ن مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ لیکن اگر نصف محیط کو ن مساوی حصوں میں تقسیم کیا جائے اور تفاعل کا متغیر متبوع قوس اطہ ہو جہاں طہ قطر کے ایک سرے سے اس نقطہ تک ناپا گیا ہے جہاں سے معین

گرایا گیا ہے تو چونکہ معین کا طول $ا جب ط$ ہے اس لئے اوسط قیمت ہوگی

$$\frac{۱}{\pi ا} \int_{۰}^{\pi} ا جب ط \, ا \, فرط = \frac{۲}{\pi} ا = ۰٫۶۳۶۶ ا$$

پس یاد رہے کہ اوسط قیمت کا ذکر کرنے میں متغیر متبوع کی تخصیص ضروری ہے۔

مثال ۲۔ موسیقی منحنی کی صورت میں لا = ۰ سے لا = π تک (۱) اوسط معین (۲) اور معین کے مربع کا جو اوسط ہے اس کا جذر المربع معلوم کرو۔

(۱) اوسط معین = $\frac{۱}{\pi} \int_{۰}^{\pi} ا جب لا \, فرلا = \frac{۲}{\pi} ا = ۰٫۶۳۶۶ ا$

صورت (۲) میں تفاعل ہے $ما^۲$ اور $ما$ کی اوسط قیمت

$$\frac{۱}{\pi} \int_{۰}^{\pi} ا^۲ جب^۲ لا \, فرلا = \frac{۱}{۲} ا^۲$$

اور اس اوسط کا جذر المربع $\frac{ا}{\sqrt{۲}}$ یعنی $۰٫۷۰۷ ا$ ہے۔

متبادل برقی رو کے نظریہ میں کارآمد اوسط (۱) نہیں ہے بلکہ (۲) ہے، موخر الذکر کو اختصاراً معین کی اوسط مربع قیمت کہا جا سکتا ہے۔

اگر وقفہ ب۔ا کو ن ذیلی وقفوں $ھ_۱$، $ھ_۲$، ..... میں تقسیم کیا جائے اور اگر ان وقفوں میں کے کسی نقاط پر بالترتیب $ف(لا)$ کی قیمتیں $ما_۱$، $ما_۲$، ..... ہوں تو جب، ن لا انتہا ہوگا (یعنی ہر ذیلی وقفہ $ھ_۱$، $ھ_۲$، ..... صفر ہوگا)

تو $\frac{ما_۱ ھ_۱ + ما_۲ ھ_۲ + ... + ما_ن ھ_ن}{ب - ا}$ کی انتہا وہی (۲) ہوگی۔

پس تکملہ (۲) کو ہم $ف(لا)$ کی اوسط قیمت کی تعریف خیال کر سکتے ہیں۔

۲۶۔ دوہرے تکملے

فرض کرو کہ $ع ف گ ح$ (شکل ۲۴) ایک مستوی منحنی ہے اور ف (لا، $ما$) منحنی کے اندر یا اوپر کے سب نقاط کے لئے ایک وحید القیمت مسلسل تفاعل ہے۔ فرض کرو کہ $ا ح$، $ب ف$ اور $ج ع$، $د گ$ محورین کے متوازی مماس ہیں۔ ہم مان لیتے ہیں کہ کوئی خط مستقیم منحنی کو دو سے زیادہ

نقطوں پر نہیں کاٹتا۔
اگر کوئی منحنی اس شرط کو
پورا نہ کرے تو اسے
ایسے جزوی رقبوں
میں تقسیم کیا جا سکتا
ہے جن میں سے ہر ایک
اس شرط کو پورا کرے۔



شکل ۲۴

فرض کرو کہ $ا_1 ب_1$ کو م اور $ج_1 د_1$ کو ن ذیلی وقفوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور نقاط تقسیم میں سے محوروں کے متوازی خط کھینچے گئے ہیں۔ رقبہ $ع ف گ ح$ اس طرح چھوٹے چھوٹے مستطیلوں میں تقسیم ہو جائیگا اگرچہ $ع ف گ ح$ کے محیط کے نزدیک ان مستطیلوں کے ایسے نقاط ہوں گے جو منحنی کے باہر واقع ہوں گے۔

فرض کرو کہ $ا_1 ب_1$ پر کے دو متصل نقاط تقسیم کے فصلے لا، لا + مف لا ہیں اور $ج_1 د_1$ پر کے دو متصل نقاط تقسیم کے معین ما، ما + مف ما ہیں اور نقاط ص، صَ کے محدد (لا، ما)، (لا + مف لا، ما + مف ما) ہیں۔

مستطیل ص صَ کے رقبہ مف لا مف ما کو ف (لا، ما) کے ساتھ ضرب دو جو ف (لا، ما) کی قیمت ص پر ہے، اس طرح سے حاصل جمع

$$\text{ح ف (لا، ما) مف لا مف ما} \quad \ldots\ldots (۱)$$

$ع ف گ ح$ کے محیط اور اندر کے سب نقاط کے لئے مرتب کرو۔

[ھندسی نقطہ نظر سے ی = ف (لا، ما) ایک سطح کو تعبیر کرتی ہے۔
حاصل جمع (۱) کے نمونہ کی رقم ف (لا، ما) مف لا مف ما اس

متوازی السطوح کا حجم ہے جس کا قاعدہ مستطیل صف لا مف طل ہے اور ارتفاع اس نقطہ کا ی، محدد ف (لا، طل) ہے جہاں نقطہ ص پر چھوٹے مستطیل پر کا عماد سطح سے ملتا ہے۔ پس مجموعہ (۱) اس مجسم کے حجم کو تقریباً تعبیر کرتا ہے جو گھرا ہوا ہے سطح ی = ف (لا، ما) سے، سطح مستوی لا وما سے اور اس اسطوانہ سے جو ایک خط مستقیم محیط ع ف گ ح کے گرد حرکت کرنے سے پیدا کرتا ہے جبکہ یہ خط اثنائے حرکت میں ہمیشہ سطح لا وما پر عمود رہے [مقابلہ کرو اشکال ۴۸، ۴۹ حصۂ اول کے ساتھ]

ہم (۱) کی انتہا معلوم کرنا چاہتے ہیں جبکہ م اور ن میں سے ہر ایک لانہایت بڑھے اور ساتھ ہی ہر جزو صف لا، صف طل اور اس لئے ہر رقبہ صف لا صف طل لانہایت گھٹے۔ چونکہ (۱) میں دو طرح کے اضافے ہیں ہم (۱) کو جائز طور پر دوہرے مجموعہ سے تعبیر کر سکتے ہیں

$$\sum_{\text{من}}^{\text{من}} \sum_{\text{من}}^{\text{من}} \text{ف}(\text{لا}، \text{طل})\ \text{صف لا صف طل} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

جہاں ایک $\sum$ صف طل سے متعلق ہے اور دوسرا صف لا سے۔

پہلے لا اور صف لا کو مستقل رکھو یعنی ن ← ∞ کے لئے انتہا معلوم کرو

$$\text{نہا}_{\text{ن}\to\infty} \sum_{\text{من}}^{\text{من}} \text{ف}(\text{لا}، \text{طل})\ \text{صف طل}$$

جو ایک متغیر (یعنی ما) کے تکملہ کی تعریف کے مطابق $= \int_{\text{من}}^{\text{من}} \text{ف}(\text{لا}، \text{ما})\ \text{فرما}$ ..... (۳)

تکملہ (۳) میں لا، من، من واقع ہونگے لیکن من اور من دونوں منحنی ع ف گ ح کی مساوات کی وجہ سے و یعنی لا کے تفاعل ہیں۔ اس لئے (۳)، لا کا تفاعل ہے اور فما (لا) سے تعبیر ہو سکتا ہے۔ [ہندسی نقطہ نظر سے فما (لا) مذکورہ بالا مجسم کی اس تراش کے منحنی کا رقبہ ہے

جو ن ن میں سے گذرنیوالی مستوی سطح جو لا و ما پر عمود دار ہے مجسم سے کاٹتی ہے، اور اگر صغاریات کے صرف پہلے رتبہ کو ملحوظ رکھا جائے تو فہ (لا) مف لا مجسم کے ایک ٹکڑے کا حجم ہے جس کی موٹائی مف لا ہے]

اس کے بعد م ← ∞ کے لئے انتہا معلوم کرو۔

$$\text{نہا}_{م \to \infty} \text{مف لا فہ (لا)} = \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فہ (لا) فرلا} \quad \ldots\ldots (۴)$$

پس (ا) کی انتہا تکملہ (۴) کے ذریعہ بیان ہو سکتی ہے اور یہ انتہا مذکورۂ بالا مجسم کا حجم ہے۔

چونکہ فہ (لا) خود ایک تکملہ ہے، اس لئے جملہ (۴) دوہرا تکملہ ہے اور یہ دوہرا تکملہ اس علامت سے تعبیر ہو سکتا ہے

$$\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فرلا} \int_{\text{من}}^{\text{من}} \text{ف (لا، ما) فرما} \quad \ldots\ldots (۵)$$

(۴) کے طرز ثبوت سے ظاہر ہے کہ (۵) جو محض ضابطہ (۴) کی علامتی ترقیم ہے الفاظ میں اس طرح بیان ہو سکتا ہے۔ ف (لا، ما) کو بلحاظ ما کے ما = من سے ما = من تک تکمل کرو اور اس عمل تکمل میں لا کو مستقل قرار دو پھر ماحصل کو بلحاظ لا کے لا = ا سے لا = ب تک تکمل کرو۔

ہم پہلے م کو پھر ن کو لا انتہا بنانے سے (ا) کی انتہا معلوم کر سکتے ہیں، اس صورت میں نتیجہ اس طرح بیان ہوگا

$$\int_{\text{ج}}^{\text{د}} \text{فرما} \int_{\text{ق}}^{\text{ق}} \text{ف (لا، ما) فرلا} \quad \ldots\ldots (۶)$$

(۶) میں عمل تکمل پہلے بلحاظ لا کے کیا جاتا ہے اور اس عمل میں ما کو مستقل رکھا جاتا ہے، پھر ماحصل کو بلحاظ ما کے تکمل کیا جاتا ہے۔ صریحاً دوہرے تکملے (۵) اور (۶) باہم مساوی ہیں کیونکہ وہ ایک ہی حجم کو تعبیر کرتے ہیں۔

جب رقبہ زیر بحث مستطیل $ا ب ج د$ ہو تو (۵) میں ما کے حدود مستقل ہونگے یعنی $و ج$، $و د$ بالترتیب اور (۶) میں لا کے حدود $ل ق$، $ل ف$ بھی مستقل ہوں گے یعنی $و ل$، $و ب$ بالترتیب۔ اس لئے $و ا$، $و ب$، $و ج$، $و د$ کی بجائے بالترتیب $ا$، $ب$، $ا ب$ لکھنے سے

$$\sum_{ا}^{ب} ف(لا، ما)\, فرما = \sum_{ا}^{ب} فرما \sum_{ا}^{ب} ف(لا، ما)\, فرلا \ldots (۷)$$

یعنی جب سب حدود مستقل ہوں تو ما اور لا کے حدود وہی ہونگے خواہ تکمل کے اعمال کو کسی ترتیب میں لیا جائے۔ جب حدود سب مستقل نہ ہوں تو (۵) میں ما کے (یا لا کے) حدود وہی نہیں ہونگے جو مساوی تکملہ (۶) میں ما کے (یا لا کے) حدود ہیں دوہرے تکملہ کی ہندسی تعبیر نہایت کارآمد ثابت ہوتی ہے، لیکن اسکے مفہوم کی توضیح اور طرح سے بھی ہو سکتی ہے، مثلاً $ف(لا، ما)$ کو رقبہ $ع ف گ ح$ پر مادہ کی متغیر سطحی کثافت خیال کیا جا سکتا ہے، اس صورت میں تکملہ سے کل کمیت مادہ حاصل ہوگی۔

۲۷۔ دوہرے تکملوں کی ترقیم۔ قطبی اجزا۔ ضابطہ (۵) اور (۶)

کی شکل سے ٹھیک طور پر واضح ہوتا ہے کہ تکملے کس ترتیب سے لئے جانے چاہئیں لیکن اور ترقیمیں بھی استعمال ہو سکتی ہیں جو اگرچہ ایسی صریح اور بین نہیں تاہم آسان اور سہولت دہ ضرور ہیں مثلاً یہ صورت

$$\sum \sum ف(لا، ما)\, فرلا\, فرما \ldots\ldots (۸)$$

کچھ ایسے اضافہ کے ساتھ کہ "عمل تکمل کو کل رقبہ $ع ف گ ح$ پر وسعت دیجائے"

(۵) یا (۶) کے معادل کے طور پر استعمال ہو سکتی ہے۔

(۵) کی بجائے ذیل کی علامت اکثر استعمال کی جائے گی

$$\text{کل}_{\text{من}}^{\text{وب}} \; \text{ف}(\text{لا}, \text{ما}) \; \text{فرلا فرما}$$

جس کے متعلق اس دستور کو ملحوظ رکھا جائیگا کہ پہلا تکمل بلحاظ اس متغیر کے ہوگا جو سب سے بائیں جانب ہے یعنی ما اور اس کے حدود اس علامت پر مرقوم ہونگے جو عین تکمل کے پاس ہے یعنی من، من۔ علاوہ اس کے ہم فرض کر سکتے ہیں کہ رقبہ ع ف گ ح ایسے جزوی رقبوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو مستطیل نہیں ہیں۔ اگر نمونہ کا ایسا جزوی رقبہ مف س ہو اور اگر مف س کے اندر یا اسکے محیط پر کے کسی نقطہ کے محدد (لا، ما) ہوں تو (۱) کے جواب میں مجموعہ

$$\text{ح ف}(\text{لا}, \text{ما}) \; \text{مف س} \; \ldots\ldots\ldots\ldots \; (\text{ا})$$

مرتب ہوگا۔ ہندسی نقطہ نظر سے اگر دیکھا جائے تو (ا) سے دفعہ گذشتہ کے مجسم کا تقریبی حجم حاصل ہوگا۔ رقبوں مف س کی تعداد کے لاانتہا بڑھانے اور اسکی بناء پر ہر رقبہ مف س کے لاانتہا گھٹانے سے جو انتہا حاصل ہوگی وہ مجسم مذکور کا حجم ہوگا۔ اس انتہا کو اس طرح تعبیر کیا جائیگا

$$\text{کل ف}(\text{لا}, \text{ما}) \; \text{مف س} \; \ldots\ldots\ldots\ldots \; (۹)$$

جہاں عمل تکمل کو کل رقبہ ع ف گ ح پر توسیع دی گئی ہے۔

مسئلہ ۲ دفعہ ۸ حصۂ اول کی رو سے یہ دیکھنا آسان ہے کہ جہاں تک مجموعہ (ا) کی انتہا (۹) کا تعلق ہے (لا، ما) مف س کے اندر یا محیط پر کوئی نقطہ ہو سکتا ہے۔ اس بات کا یاد رکھنا نہایت ضروری ہے کیونکہ اس میں جو اصول پنہاں ہے وہ اکثر استعمال کیا جاتا ہے (مثال کے طور پر دیکھو دفعہ ۲۸ کی مثال ۳)

فرض کرو مف س کا تعین اس طرح ہوتا ہے۔ دو متحد المرکز دائرے لو جن کے نصف قطر ر اور ر + مف ر ہوں، ان کے دو نصف قطر لو جو ابتدائی خط کے ساتھ زاوئے طہ اور طہ + مف طہ بنائیں۔ جو دائروں کی قوسوں

اوران نصف قطروں کے درمیان چھوٹا رقبہ گھرا ہوا ہے اُسے ہم مف س فرض کرسکتے ہیں، ظاہر ہے کہ اس میں ر، طہ نقطہ کے قطبی محدد ہیں، پس

$$\text{مف س} = \frac{1}{2}(\text{ر} + \text{مف ر})^2 \text{مف طہ} - \frac{1}{2}\text{ر}^2 \text{مف طہ}$$

$$= \text{ر مف ر مف طہ} + \frac{1}{2}(\text{مف ر})^2 \text{مف طہ}$$

پس صغاریات کے رتبہ اول تک مف س = ر مف ر مف طہ

اگر ف (لا، ما) میں لا = رجم طہ، ما = رجب طہ رکھا جائے اور اسکی تبدیل شدہ شکل فا (ر، طہ) ہو جائے تو (۹) کی بجائے یا اسکے معادلات (۵)، (۶) کی بجائے لیگا۔

$$\int\int \text{فا}(\text{ر}، \text{طہ})\, \text{ر}\, \text{فر}\, \text{فطہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱۰)$$

جہاں عمل تکمل کو کل رقبہ ع ف گ ح پر توسیع دی گئی ہے۔ بلحاظ طہ کے تکمل کرنے میں ر کو مستقل رکھا جائیگا، طہ تکمل سے ہندسی تعبیر کے مطابق مجسم کی اسطوانی تراش کا رقبہ لیگا۔ تکملہ (۱۰) کی قیمت معلوم کرنے سے پہلے منحنی ع ف گ ح کو کھینچ لینا چاہئے اور اس امر کی احتیاط رکھنی چاہیے کہ کوئی رقبہ سوائے اُن رقبوں کے جو منحنی سے متعلق ہیں حساب لگانے میں شریک نہ ہو جائے، منحنی سے متعلق کوئی رقبہ حساب لگانے میں رہ نہ جائے یہی ہدایت اکثر تکملی اعمال پر عائد ہوگی۔ طالب علم اِن نتائج کی توسیع بآسانی تہرے تکملوں

$$\int\int\int \text{ف}(\text{لا}، \text{ما}، \text{ی})\, \text{فلا فرما فری} \quad \text{یا} \quad \int\int\int \text{ف}(\text{لا}، \text{ما}، \text{ی})\, \text{فح}$$

کی صورت میں کرسکتا ہے جہاں فلا فرما فری یا فح حجم کا ایک جزو ہے اور ف (لا، ما، ی) مثلاً نقطہ (لا، ما، ی) پر کثافت ہے، بلحاظ ی کے تکمل کرنے سے جبکہ لا، ما کو مستقل رکھا جائے اُس ستون کی کمیت حاصل ہوگی جو قاعدہ فلا فرما پر کھڑا ہے۔ پھر ما کے تکمل سے جبکہ لا کو مستقل رکھا جائے ایک ایسی قاش کی کمیت حاصل ہوگی جس کی موٹائی فلا ہے اور جو محور لا پر عمود وار ہے اور آخر الامر لا،

تکمل سے حجم کی کل کمیت حاصل ہوگی۔

مثال ۱۔ اس چارسطحی کا حجم معلوم کرو جو محددوں کی سطوح مستویہ اور سطح

$\frac{لا}{ا} + \frac{ما}{ب} + \frac{ی}{ج} = ۱$ سے گھری ہوئی ہے، ا، ب، ج تینوں مثبت ہیں۔

منحنی ع ف گ ح اس صورت میں مثلث و ط ط ہے، ط ط کی مساوات ہے



شکل ۲۵

$ما = ب(۱ - \frac{لا}{ا})$

اور $مںن = ب(۱ - \frac{لا}{ا})$

اور دفعہ ۲۶ کا مںن اسجگہ صفر ہے۔

$س ر = ف(لا، ما) = ی$

$= ج(۱ - \frac{لا}{ا} - \frac{ما}{ب})$

اس لئے (۵) کو استعمال کرنے سے حجم حاصل ہوگا

$\int_{ا}^{0} فرلا \int_{ب}^{0} \int_{مںن}^{ی} فرما = ج \int_{ا}^{0} فرلا [(۱ - \frac{لا}{ا}) ما - \frac{۱}{۲} \frac{ما^۲}{ب}]_{مںن}$

$= \frac{۱}{۲} ب ج \int_{ا}^{0} (۱ - \frac{لا}{ا})^۲ فرلا = \frac{۱}{۶} ا ب ج$

صریحاً $\frac{۱}{۲} ب ج (۱ - \frac{لا}{ا})^۳$ مثلث ل مںن کا رقبہ ہے۔

مثال ۲۔ تکملہ $\int لا^۲ فرح$ کی قیمت معلوم کرو جبکہ اسے ناقص نما

$\frac{لا^۲}{ا^۲} + \frac{ما^۲}{ب^۲} + \frac{ح^۲}{ج^۲} = ۱$ کے تمام حجم میں سے لیا جائے۔

$\int لا^۲ فرح = \int لا^۲ فرلا \int فرما \int فرح = \int_{ا}^{0} لا^۲ فرلا [\frac{۲}{۳} ب ج (۱ - \frac{لا^۲}{ا^۲})]$

کیونکہ بلحاظ ما اور ی کے تکمل کرنے میں لا مستقل ہے اور ∫∫ فرما فری اس تراش کا رقبہ ہے جو محور لا پر عمود وار ہے۔ اب بلحاظ لا کے تکمل کرو، نتیجہ $\frac{۴\ \pi\ ا^{۳} ب\ ج}{۱۵}$ حاصل ہوتا ہے۔ تفاعل لا^۲ کی اوسط قیمت ناقص نما کے تمام حجم میں اوپر کی قیمت $\frac{۴\ \pi\ ا^{۳} ب\ ج}{۱۵}$ کو حجم پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے یعنی $\frac{ا^{۲}}{۵}$۔

بالعموم تفاعل ف (لا، ما) کی اوسط قیمت رقبہ ع ف گ ح (شکل ۲۴) پر تکملہ (۵) یا (۶) کو کل رقبہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوگی اور اسی طرح کی تعریف کل حجم میں کی اوسط قیمت کے لئے صادق آئے گی۔ اگر اس مثال میں لا^۲ نقطہ (لا، ما) پر ناقص نما کی کمیت مادہ کی کثافت ہو تو $\frac{ا^{۲}}{۵}$ اس کمیت مادہ کی اوسط کثافت ہوگی۔

مثال ۳۔ فہ (لا) صرف لا کا تفاعل ہے اور سا (ما) صرف ما کا اور ف (لا، ما) ان دو تفاعلوں کا حاصل ضرب ہے دفعہ ۲۶ سے یہ لازم آتا ہے کہ حاصل ضرب فہ (لا) سا (ما) کا تکملہ جبکہ اسے ستطیل $ا^{۲} ب^{۲} ج^{۲} د^{۲}$ (شکل ۲۴) پر لیا جائے ذیل کے تکملوں کے حاصل ضرب کے مساوی ہوگا

$$\int_{ا} فہ (لا)\ فرلا \quad \text{اور} \quad \int_{ب} سا (ما)\ فرما$$

اب فرض کرو کہ فہ (لا) = تو_لا^۲ اور سا (ما) = تو_ما^۲

اور ع = $\int\int$ تو_لا^۲ فرلا = $\int\int$ تو_ما^۲ فرما ..... (۱)

ظاہر ہے کہ ان دو تکملوں کا حاصل ضرب ع^۲ مساوی ہے ذیل کے تکملہ کے جبکہ اسے مربع ف ل م ن پر لیا جائے (شکل ۲۶) جس کا ضلع ف ل = ا

$$\int\int تو_{(لا^{۲}+ما^{۲})}\ فرلا\ فرما \ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$



شکل ۲۶

ق کو مرکز مان کر دو دائروں کی قوسیں کھینچو، ایک دائرہ کا نصف قطر ق ل = ا ہو، اور دوسرے کا ق م = لا، تکملہ (۲) بڑا ہے اس تفاعل کے تکملہ سے جبکہ اسے رقبہ ق ل د ن پر لیا جائے اور چھوٹا ہے اس تفاعل کے تکملہ سے جبکہ اسے رقبہ ق ع م ف پر لیا جائے۔ یہ دو تکملے قطبی محدودوں میں تبدیل کرنے سے باسانی حاصل ہو سکتے ہیں، فرلا فرما کی بجائے ر فرر فرطہ ہوگا اور تو^۲(لا^۲ + ما^۲) کی بجائے تو^۲ر^۲ اور (۲) ہو جائیگا رقبہ ق ل د ن کے لئے

$$\int\int \text{تو}^2 \text{ر}\, \text{فرر}\, \text{فرطہ} = \int \text{تو}^2 \text{ر}\, \text{فرر} \int_{\text{طہ}}^{\frac{\pi}{4}} \text{فرطہ} = \frac{\pi}{4}(1 - \text{تو}^2)$$ کیونکہ

تو^۲ر کا تکملہ - $\frac{1}{2}$ تو^۲ر ہے

جب تکملہ کو رقبہ ق ع م ف پر محسوب کیا جائے تو تکملہ کی قیمت $\frac{\pi}{4}(1 - \text{تو}^2)$ ہوگی۔ ع^۲ ان دو قیمتوں کے درمیان واقع ہوتا ہے، لیکن جب، ا مائل بہ لاانتہا ہو تو دونوں قیمتیں مائل بہ $\frac{\pi}{4}$ ہوتی ہیں اور اس صورت میں ع^۲ مائل بہ $\frac{\pi}{4}$ اور ع مائل بہ $\frac{1}{2}\sqrt{\pi}$ ہوتا ہے۔ پس

$$\int_{\text{ا} \to \infty}^{\infty} \text{تو}^{\text{لا}^2}\, \text{فرلا} = \text{لہا} \int_{\text{ا} \to \infty} \text{تو}^{\text{لا}^2}\, \text{فرلا} = \frac{1}{2}\sqrt{\pi}$$

یہ مثال ایک مشہور تکملہ کی خاص صورت ہے (دیکھو مشق ۹، مثال ۲۱) اور

اوپر کا استحالہ قابل توجہ ہے۔

۲۸۔ **جمود کے مرکز**۔ علم حیل کی کتابوں میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے ن ذرات کا مرکز جمود (لا، ما، ی) جن کی کمیتیں م۱، م۲، م۳، ..... م ن ہوں اور جو بالترتیب نقاط (لا۱، ما۱، ی۱)، (لا۲، ما۲، ی۲)، ..... (لا ن، ما ن، ی ن) پر واقع ہوں ذیل کی مساواتوں سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{لا} = \frac{\text{م}_1 \text{لا}_1 + \text{م}_2 \text{لا}_2 + \ldots + \text{م}_\text{ن} \text{لا}_\text{ن}}{\text{م}_1 + \text{م}_2 + \ldots + \text{م}_\text{ن}} = \frac{\Sigma \text{م لا}}{\Sigma \text{م}} \quad \ldots\ldots (۱)$$

اور اسی طرح کے جملے ما، ی کے لئے حاصل ہوتے ہیں۔

اگر مجسم میں مادہ کی تقسیم مسلسل ہو تو نقطہ (لا، ما، ی) پر حجمی کثافت ک، $\frac{\text{مف م}}{\text{مف ح}}$ کی انتہا ہوگی جبکہ مف ح ← ۰۔ جہاں مف م نقطۂ مذکورہ کے گرد کے حجم مف ح کی کمیت مادہ ہے۔ اسلئے صغاریات کے رتبۂ اول تک

$$\text{مف م} = \text{ک مف ح}$$

جب یہ فرض کیا جا سکے کہ سب کمیت ایک سطح پر یا ایک خط پر مکثف ہے تو اسی طرح سے مف م = کہ مف س، مف م = لہ مف س جہاں کہ اور لہ نقطہ مفروضہ پر بالترتیب سطحی اور خطی کثافتیں ہیں اور مف س اور مف س نقطہ کے گرد رقبہ اور قوس کے اجزا ہیں۔

کسی مسلسل کمیت مادہ کو کمیت مف م کے ن اجزا میں تقسیم کیا ہوا فرض کیا جا سکتا ہے، اگر جزو مف م میں کے کسی نقطہ کے محدد (لا، ما، ی) ہوں تو اس مقدار مادہ کے مرکز جمود کے محدد ہوں گے

$$\text{لا} = \text{بہا}_{\text{ن} \to \infty} \frac{\Sigma \text{لا مف م}}{\Sigma \text{مف م}} = \frac{\int \text{لا مف م}}{\int \text{مف م}} \quad \ldots\ldots (۲)$$

اور اسی طرح کے جملے ما، ی کے لئے حاصل ہوں گے۔ جملہ (۲) میں جو تکملے ہیں

انہیں تمام مقدار مادہ میں لیا جائیگا۔
مادہ کی حجمی، سطحی اور خطی تقسیم میں مساواتیں (۲) یہ شکلیں اختیار کرینگی۔

$$\frac{\text{ک لا ک فرح}}{\text{ک ک فرح}} \quad ، \quad \frac{\text{ک لا ک فرس}}{\text{ک ک فرس}} \quad ، \quad \frac{\text{ک لا لا فرس}}{\text{ک لا فرس}} \quad \ldots\ldots\ldots (۳)$$

نسب نما ہر صورت میں تمام کمیت مادہ ہے۔
مرکز جمود کی بجائے بعض اوقات مصطلحات مرکز کمیت یا مرکز ہندسی استعمال ہوتی ہیں، کسی حجم، رقبہ یا خط کا مرکز ہندسی یکساں کثافت کی کسی کمیت مادہ کا مرکز جمود ہے جو اس حجم، رقبہ یا خط کے اندر شامل ہو۔
مثال ۱۔ یکساں کثافت کے دائرہ کی قوس ب ع ج (شکل ۸۰)
فرض کرو کہ دائرہ کا مرکز و ہے، و ع = ا اور ج و ب = ۲ عہ
فرض کرو کہ و ع زاویہ ج و ب کی تنصیف کرتا ہے، و ع کو محور لا مقرر کرو۔
ازروئے تشاکل ما = ۰۔
فرض کرو کہ ∠ لا و ن = ط
و ل = لا = ا جم ط
قوس ع ن = س = ا ط
فرس = ا فرط
خطی کثافت ۱ مستقل ہے،
اس لئے کمیت ۲ لہ ا عہ ہے۔



شکل ۲۷

نیز ک لا لا فرس = لہ $\int_{-عہ}^{عہ}$ ا جم ط ا فرط = ۲ لہ ا جب عہ

اسلئے لا = $\frac{\text{۲ لہ ا جب عہ}}{\text{۲ لہ ا عہ}} = \frac{\text{ا جب عہ}}{\text{عہ}}$

مثال ۲۔ یکساں کثافت کا مستوی تپہ جس کی شکل ناقص کے ربع و ع ن ص کی ہے (شکل ۲۸)

دوسرے تکملی کو استعمال کرنے کے بغیر ایسے سوال حل ہو سکتے ہیں۔



شکل ۲۸

و ع کے متوازی ایک پتلا ٹکڑا مَ ن ن مَ لو جس کا عرض فرما ہو اسکو کمیت کا ایک جزو مانو اس ٹکڑے کا مرکز جمود اس نقطہ تنصیف پر ہے اور و ص کے گرد اس کا سیار اثر

$\frac{1}{2}$ لا × کما لا فرما یعنی $\frac{1}{2}$ کما لا^2 فرما ہے۔

کل کمیت $\frac{\pi}{4}$ کما اب ہے۔

اس لئے $\frac{\pi \text{ کما اب}}{4}$ لا^2 = $\frac{1}{2}$ کما $\int_{0}^{\text{ب}}$ لا^2 فرما = $\frac{1}{2}$ کما $\frac{\text{ا}^2}{\text{ب}^2}$ $\int_{0}^{\text{ب}}$ (ب^2 − ما^2) فرما

= $\frac{1}{3}$ کما ا^2 ب

اس لئے لا^2 = $\frac{4}{3\pi}$ ا^2

اسی طرح سے ما^2 = $\frac{4}{3\pi}$ ب^2 حاصل ہوگا اگر ٹکڑے ل ل ن ن کو کمیت کا ابتدائی جزو مانا جائے۔

اگر کثافت یکساں نہ ہو تو اوپر کا طریقہ بالعموم کارگر نہیں ہوتا۔

فرض کرو کہ کما = س لا ما (س مستقل)

کل کمیت ت = ∫ س لا ما فرلا فرما = س ∫ لا فرلا ∫ ما فرما

= ½ س ∫ لا × و مہ فرلا

اور چونکہ و مہ = ما = ب² (۱ − لا²/ب²) ہیں بآسانی حاصل ہوتا ہے

ت = ¼ س ا² ب²

نیز ت لا = ∫ لا × س لا ما فرلا فرما = س ∫ لا فرلا ∫ ما فرما

= ۱/۱۵ س ا² ب²

اسلئے لا = ۸/۱۵ ا، اسی طرح سے ما = ۸/۱۵ ب

مثال ۳۔ یکساں کثافت کا قطاع دائرہ۔

مثال (۱) کی ترتیم اختیار کرو۔ چھوٹے قطاع و ن ق کو کمیت کا جزو مانو، و ن ق کا مرکز جمود نقطہ (۲/۳ ا، طہ) پر ہے اور جزو کا معیار اثر و ما کے گرد ہے

۲/۳ ا² جم طہ × کہ ۱/۲ ا² فرطہ = ۱/۳ کہ ا⁴ جم طہ فرطہ

کل کمیت ت = کہ ا² عہ، ازروئے تشاکل ما = ۰، پس

ت لا = ۱/۳ کہ ا² ∫ عہ جم طہ فرطہ = ۲/۳ کہ ا² جب عہ

پس لا = ۲/۳ ا جب عہ / عہ

اگر کثافت یکساں نہ ہو تو بالعموم دوہرے تکمل کی ضرورت ہوگی۔

و ن ق کے مرکز جمود کو و ن پر مانا گیا ہے، یہ کئی بار جتایا گیا ہے کہ انتہا لینے میں ایک ہی بات ہے خواہ نقطہ (۲/۳ ا، طہ) کو یا (۲/۳ ا، طہ) کو

مرکز جمود مانا جائے جہاں طہ، طہ اور طہ + مف طہ کے درمیان کوئی قیمت ہے۔ اس قسم کے اختصار سے اکثر کام لیا جاتا ہے۔ اسی طرح سے مثال (۲) میں اختصاراً یہ مان لیا گیا تھا کہ ٹکڑے مدن، نَ مَ کا مرکز جمود مدن کے نقطۂ تنصیف پر ہے۔

مثال ۴۔ یکساں قائم مستدیر مخروط۔

ازروئے تشاکل مرکز جمود محور پر واقع ہے۔ رأس سے فاصلہ لا پر ایک تراش لو جو محور پر عمود وار ہو۔ اگر مخروط کا ارتفاع ف اور قاعدہ کا رقبہ ق ہو تو اس تراش کا رقبہ $\frac{\text{لا}^2 \text{ق}}{\text{ف}^2}$ ہوگا۔ اس تراش اور رأس سے فاصلہ لا + صف لا پر جو متوازی تراش ہے اُن کے درمیان کی قاش کو کمیت کا جزو قرار دو۔ کل کمیت

$$\text{ت} = \frac{1}{4} \text{ک ف ق}$$

اور

$$\text{ت لا} = \int_{\text{لا}}^{\text{ف}} \text{ک} \frac{\text{لا}^2}{\text{ف}^2} \text{ق فرلا} = \frac{1}{4} \text{ک ف ق}$$

اور

$$\text{لا} = \frac{3}{4} \text{ف}$$

اگر کثافت یکساں نہ ہو تو دوہرے یا تہرے تکملی استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی کیونکہ کمیت کا جزو حسب بالا منتخب نہیں کیا جا سکتا، لیکن اگر کثافت صرف لا کا تفاعل ہو تو یہی طریقہ صادق آئیگا مثلاً اگر ک = د لا (د مستقل) تو طالب علم ثابت کر سکتا ہے کہ

$$\text{ت} = \frac{\text{ق}}{\text{ف}^2} \int_{\text{ک}}^{\text{ف}} \text{لا}^2 \text{فرلا} = \frac{1}{4} \text{د ق ف}^2 \text{ یعنی لا} = \frac{4}{5} \text{ف}$$

۲۹۔ جمود کا سعیار اثر۔ فرض کرو کہ ن، ذرات ہیں جنکی کمیتیں بالترتیب م۱، م۲، ..... م ن ہیں اور ایک ثابت محور ق ط سے ان کے فاصلے بالترتیب ر۱، ر۲، ..... ر ن ہیں، علم حیل کی کتابوں میں مجموعہ

$$م ر_1^2 + م ر_2^2 + م ر_3^2 + \dots\dots + م ر_ن^2$$

یا اختصاراً $\Sigma م ر^2$ کو اس نظام ذرات کے جمود کا معیار اثر یا صرف معیار کہتے ہیں محور ق ط کے گرد۔

جب یہ کمیتیں ایک مسلسل جسم کی شکل میں ہوں تو حاصل جمع کی بجائے عمل تکمل کرنا ہوگا جیسا کہ جمود کے مرکزوں کی صورت میں دیکھا گیا۔

اگر نظام کی کل کمیت م ہو اور ک ایک مقدار اس طرح منتخب کی جائے کہ

$$م ک^2 = \Sigma م ر^2 \quad یا \quad م ک^2 = \int ر^2 دم$$

تو مقدار ک کو نظام کا گردش کا نصف قطر کہتے ہیں محور کے گرد۔ جمود کے معیار اثر کو ہم بالعموم صرف ج سے تعبیر کرینگے۔

جمود کے معیار اثر معلوم کرنیکا عمل مسائل ذیل کی مدد سے آسان ہو جاتا ہے

(۱) و لا، و ما، و ے تین قائم محور ہیں، ایک مستوی پتر اسطح لا و ما میں واقع ہے اور اس کے جمود کے معیار اثر و لا، و ما، و ے کے گرد بالترتیب $ج_{لا}$، $ج_{ما}$، $ج_{ے}$ ہیں۔ تب

$$ج_{ے} = ج_{لا} + ج_{ما}$$

(۲) کسی محور و س کے گرد جمود کا معیار اثر $ج_{س}$ ہے، جسم کے مرکز جمود ث میں سے گذرنے والے متوازی محور کے گرد معیار اثر $ج_{ث}$ ہے اور ان محوروں کا باہمی فاصلہ ا ہے۔ تب

$$ج_{س} = ج_{ث} + م ا^2$$

جہاں م نظام کی کل کمیت ہے۔

ان مسائل کے ثبوت نہایت آسان ہیں، یہ طالب علم کے لئے چھوڑ دئے گئے ہیں۔

علم جبل کی کسی کتاب میں مل سکینگے۔

مثال ۱۔ یکساں کثافت کی ایک پتلی سیدھی سلاخ کے جمود کا معیار اثر ایک ایسے محور کے گرد جو سلاخ کے ایک سرے میں سے گذرتا ہے اور اس پر عمود وار ہے۔

فرض کرو کہ سلاخ پر کے کسی نقطہ کا فاصلہ محور سے لا ہے، لہ خطی کثافت ہے اور ل سلاخ کا طول ہے۔ کمیت کا جزو لہ مف لا فرض کرو۔ پس

جمود کا معیار اثر = $\int_{0}^{ل} لا^{۲} \times لہ \, مف \, لا = \frac{۱}{۳} لہ ل^{۳} = \frac{۱}{۳} م ل^{۲}$

جہاں م = لہ ل سلاخ کی کمیت ہے، پس گردش کا نصف قطر ک = $\frac{ل}{\sqrt{۳}}$

اگر گردش کا محور سلاخ کے نقطہ تنصیف میں سے گذرے اور سلاخ پر عمود وار ہو تو اسکے گرد معیار $\frac{م ل^{۲}}{۱۲}$ ہوگا۔ یہ بلا واسطہ ثابت کیا جا سکتا ہے یا مسئلہ (۲) کو استعمال کرنے سے۔

مثال ۲۔ یکساں مستطیل پترے کے جمود کا معیار ایک ایسے محور کے گرد جو اس کے مرکز میں سے گذرتا ہے اور اس کے ایک ضلع کے متوازی ہے۔

فرض کرو کہ اضلاع کے طول ا، ب ہیں اور محور ضلع ا کے متوازی ہے۔ پترے کو ایسے باریک ٹکڑوں میں تقسیم کرو جو ضلع ب کے متوازی ہوں، فرض کرو کہ ایک ٹکڑے کی کمیت مف م ہے اور کل پترے کی م۔

مثال (۱) کی رو سے مف م کا معیار محور کے گرد مف م × $\frac{ب^{۲}}{۱۲}$ ہے اسلئے کل مستطیل کے جمود کا معیار اثر $\frac{۱}{۱۲}$ م ب^۲ ہوا۔

اگر گردش کا محور مرکز میں سے گذرے اور ضلع ب کے متوازی ہو تو اس کے گرد جمود کا معیار $\frac{م ا^{۲}}{۱۲}$ ہوگا، اس لئے مسئلہ (۱) کی رو سے جمود کا معیار ایک ایسے محور کے گرد جو مرکز میں سے گذرے اور پترے کی سطح پر عمود وار ہو $\frac{م(ا^{۲}+ب^{۲})}{۱۲}$ ہوگا۔

اوپر کے نتائج کو استعمال کرنے سے ہم ایک یکساں مستطیلی متوازی السطوح کا معیار ایک ایسے محور کے گرد بآسانی معلوم کر سکتے ہیں جو مرکز میں سے گذرے اور ایک کنارے کے متوازی ہو۔ فرض کرو کہ متوازی السطوح کے کنارے ا، ب، ج ہیں اور گردش کا محور کنارہ ج کے متوازی ہے۔ مجسم کو کمیت مف م کی پتلی قاشوں میں تقسیم کرو جو کنارہ ج پر عمود دار ہوں۔ ایک قاش کے جمود کا معیار اثر مندرجہ بالا نتیجہ کی رو سے

مف م $\frac{(ا^2+ب^2)}{12}$ ہے، اس لئے مجسم کا معیار $\frac{م(ا^2+ب^2)}{12}$ ہے جہاں م مجسم کی کمیت ہے۔

مثال ۳۔ یکساں ناقص پترے کے جمود کا معیار محور اعظم کے گرد۔

ایسے خطوط کے ذریعہ جو محور اصغر کے متوازی ہوں پترے کو کمیت مف م کے پتلے ٹکڑوں میں تقسیم کرو۔

مثال (۱) کی رو سے اس ٹکڑے کا معیار مف م × $\frac{(2ما)^2}{12}$ یعنی مف م × $\frac{ما^2}{3}$

ہے جہاں ما ٹکڑے کا معین ہے۔

اگر پترے کی کثافت ک ہو تو مف م = ۲ک ما مف لا، اسلئے

ج = $\int \frac{1}{3} ما^2 مف م = \frac{2ک}{3} \int_{0}^{ا} ما^3 مف لا = \frac{4ک}{3} \times \frac{ب^3}{3} \int_{0}^{ا} (ا-لا)^3 ولا$

لیکن $\int_{0}^{ا} (ا-لا)^3 ولا = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} جم^4 ط وط = \frac{3}{16} \pi$ [لا کی بجائے ا جب ط رکھنے سے]

کل کمیت م = π ک ا ب

اسلئے ج = $\frac{1}{4}$ π ک ا ب^3 = $\frac{1}{4}$ م ب^2

محور اصغر کے گرد معیار $\frac{م ا^2}{4}$ ہے اور مرکز میں سے گذرنیوالے محور کے گرد جو پترے کی سطح پر عمود دار ہو معیار $\frac{م(ا^2+ب^2)}{4}$ ہے۔

دائرہ کی صورت میں معیار ایک قطر کے گرد $\frac{\text{مر}^2}{4}$ ہوگا [ب کو ا کے مساوی رکھنے سے] اور مرکز میں سے گزرنے والے محور کے گرد جو پترے کی سطح پر عمود وار ہو معیار $\frac{\text{مر}^2}{2}$ ہوگا۔

موخرالذکر قیمت دائرہ کو باریک ہم مرکز ٹکڑوں میں تقسیم کرنے سے بآسانی حاصل ہو سکتی ہے، پھر چونکہ تشاکل کی رو سے تمام قطروں کے گرد جمود کے معیار اثر مساوی ہوں گے اسلئے مسئلہ (۱) سے ظاہر ہے کہ کسی قطر کے گرد کا معیار اس محور کے گرد کے معیار کا آدھا ہوگا جو مرکز میں سے گزرتا ہے اور سطح پر عمود وار ہے۔

مثال ۴۔ یکساں ناقص نما کے جمود کا معیار اثر و ع کے گرد۔ مستوی تراشوں سے جو و ع پر عمود وار ہوں ناقص نما کو پتلی قاشوں میں تقسیم کرو۔

ایسی ایک تراش کی کمیت $\text{مف م} = \pi \text{ ک ب ج} \left(1 - \frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2}\right) \text{مف لا}$

اور گذشتہ مثال کی رو سے مف م کا معیار و ع کے گرد $\frac{1}{4} \text{ مف م} (\text{ا}^2 + \text{ب}^2)$

جہاں ۲ ا، ۲ ب اس تراش کے محور ہیں۔

لیکن $\text{ا}^2 = \text{ب}^2 \left(1 - \frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2}\right)$، $\text{ب}^2 = \text{ج}^2 \left(1 - \frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2}\right)$

قیمتیں مندرج کرنے اور لا سے ا تک تکمل کرنے سے جمود کا معیار اثر

$$= \frac{1}{4} \pi \text{ ک ب ج} (\text{ب}^2 + \text{ج}^2) \int_{-\text{ا}}^{\text{ا}} \left(1 - \frac{\text{لا}^2}{\text{ا}^2}\right)^2 \text{فر لا}$$

$$= \text{م} \frac{\text{ب}^2 + \text{ج}^2}{5} \quad \text{جہاں م} = \frac{4}{3} \pi \text{ ک ا ب ج}$$

= ناقص نما کی کمیت

دوسرے محوروں کے گرد کے معیار از روئے تشاکل حاصل ہو سکتے ہیں۔

۳۰۔ حجم کا قطبی جزو۔ طبیعی مثالوں میں کسی نقطہ ن کے گرد قطبی محددوں

(ر، طہ، فہ (دفعہ ۸۹ ا، حصۂ اول) کی رقوم میں حجم کا جزو مف ح مطلوب ہوتا ہے۔

نقطہ ن اور محور قے میں سے جو سطح مستوی گذرتی ہے اُسے عہ سے تعبیر کرو۔ سب سے پہلے ر اور فہ کو مستقل رکھو اور فرض کرو کہ طہ ہو جاتا ہے طہ + مف طہ، اس طرح ن ق ایک دائرہ کی قوس ن ق سطح عہ میں مرتسم کرتا ہے اور ن ق = ر مف طہ، اسکے بعد فرض کرو کہ محدد ر، طہ مستقل رہتے ہیں اور سطح عہ، قے کے گرد بطور محور کے چھوٹے زاویہ مف فہ میں گھومتی ہے۔ ن ایک قوس ن ر = ر جب طہ مف فہ مرتسم کریگا اور اگر مف طہ مستقل رہے تو قوس ن ق کے گھومنے سے ایک رقبہ مف س پیدا ہوگا جو تقریباً قوس ن ق × قوس ن ر یعنی ر۲ جب طہ مف طہ مف فہ کے مساوی ہوگا آخر الامر طہ، فہ، مف طہ، مف فہ کو مستقل رکھو اور فرض کرو کہ ر بدلکر ر + مف ر ہو جاتا ہے۔ رقبہ مف س حجم کا ایک جزو مف ح پیدا کرے گا جو تقریباً مف س × مف ر یعنی ر۲ جب طہ مف ر مف طہ مف فہ کے مساوی ہوگا۔

مف ح کی انتہا حجم کا قطبی جزو ہے، پس

فر ح = ر۲ جب طہ فر ر فر طہ فر فہ

ایک کرہ کا نصف قطر ر ہے، اسکی سطح کا جزو

فر س = ر۲ جب طہ فر طہ فر فہ

فرض کرو کہ ر = ف (طہ) ایک منحنی کی قطبی مساوات ہے جو سطح مستوی ے ولا میں واقع ہے اور وے خط ابتدائی ہے، فر ح کو فہ = ۰ سے فہ = ۲ π تک اور پھر ر = ۰ سے ر = ف (طہ) تک تکمل کرنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ تدویری یا گردشی سطح کے حجم کا قطبی جزو $\frac{2}{3}$ π ر۳ جب طہ فر طہ ہے جہاں اس میں ر سے مراد ف (طہ) ہے۔

فرض کرو کہ سطح پر کوئی نقطہ ن (لا، ما، ی) ہے اور ایک مستطیلی متوازی السطوح جو قاعدہ مف لا مف ما پر کھڑا کیا جائے وہ سطح سے رتبہ کا جزو مف سہ کاٹتا ہے اور ن پر کی مماسی سطح سے مف سہ۔ اگر ن پر کی مماسی سطح پر کا عمود ے کے ساتھ زاویہ گہ بنائے تو

مف سہ جم گہ = مف لا مف ما

مف سہ = مف لا مف ما قط گہ

اگر $\frac{\text{مف سہ}}{\text{مف سہ}}$ کی انتہا ہم ایک مان لیں تو

فرسہ = فرلا فرما قط گہ

عمود کی سمتی جیوب التمام معلوم ہو سکتی ہیں جبکہ سطح کی مسادات معلوم ہو (دفعہ ۹۱ حصۂ اول) اس طرح سے فرسہ متغیرات لا، ما $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}}$، $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف ما}}$ کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے۔

تعریفات ۔ مصطلحات خطی تکملہ اور سطحی تکملہ کثیر الاستعمال ہیں، انکی تعریف کر دینا مناسب ہوگا اگرچہ انکی خاصیتوں اور تعلقات کی بحث کے لئے اس جگہ گنجائش نہیں

فرض کرو کہ ص ایک ایسی مقدار ہے جو سمت اور مقدار دونوں رکھتی ہے جیسے رفتار یا قوت۔ اور ایک منحنی اف کے کسی نقطہ ن پر ص کی سمت اور ن پر کے مماس کی سمت میں زاویہ صہر بنتا ہے۔ اگر اس قوس کا طول ہو جو منحنی پر کے ایک ثابت نقطہ اور ن کے درمیان ہے تو تکملہ

$$\int \text{ص جم صہر فرس} \quad \ldots\ldots (1)$$

کو ہم ص کا خطی تکملہ منحنی اب کے ساتھ ساتھ کہینگے جبکہ تکملہ کوس کی اس قیمت سے جو ر پر ہے ب تک کی قیمت تک لیا جائے۔

مثلاً دفعہ ۹۵ حصۂ اول میں کام ک قوت ق کا خطی تکملہ ہے منحنی اف کے ساتھ ساتھ۔ اگر سمتی ص کے اجزائے ترکیبی محوروں کے متوازی لا، ما، ے ہوں تو تکملہ (۱) کو اس طرح بھی لکھ سکتے ہیں [دفعہ ۹۵ (۳) حصۂ اول]

$$\int (لا \frac{فرلا}{فرس} + ما \frac{فرما}{فرس} + ے \frac{فرے}{فرس}) فرس \quad .....(۲)$$

نیز فرض کرو کہ مف س سطح کا ایک جزو ہے، ن جزو مف س پر ایک نقطہ ہے اور سطح کے نقطہ ن پر کے عماد اور ص کی سمت کے درمیان زاویہ صہ بنتا ہے، تب

تکملہ $\int ص جم صہ فرس$ ..... (۳)

کو جب سطح کے کسی حصہ پر لیا جائے تو ہم اس کو ص کا سطحی تکملہ اس حصہ پر کہینگے۔ مثلاً اگر ن پر برقی حدت ص ہو تو حدت کا عمادی جزو ترکیبی ع = ص جم صہ اور تکملہ (۳) سے عمادی برقی حدت کا سطحی تکملہ مراد ہوگا سطح کے مذکورہ حصہ پر۔

مشق ۹

۱۔ ما کی اوسط قیمت سعت ۰ تا ۲π میں معلوم کرو جبکہ

(۱) ما = ا جب لا + ا جب ۲لا + ... + ا جب نلا

(۲) ما = ب جم لا + ب جم ۲لا + ... + ب جم نلا

۲۔ اگر ما = ا جب لا + ب جم لا + ا جب ۲لا + ب جم ۲لا

اور ی = ا جب لا + ب جم لا + ا جب ۲لا + ب جم ۲لا

تو حاصل ضرب ما ی کی اوسط قیمت سعت ۰ تا ۲π کے اندر معلوم کرو۔

۳۔ ایک ذرہ حالت سکون سے آزادانہ گرتا ہے، ثابت کرو کہ اسکی اوسط رفتار بلحاظ وقت کے آخری رفتار کی نصف ہے اور اسکی اوسط رفتار بلحاظ فاصلہ کے آخری رفتار کی دو تہائی ہے۔

۴۔ کمیت م کا ایک ذرہ اپنی حرکت سے سادہ موسیقی حرکت پیدا کرتا ہے جسکا

حیطہ ل ہے اور مدت دوران ت ۔ ثابت کرو کہ اسکی اوسط توانائی بالحرکت اس کی توانائی بالحرکت کی قیمت اعظم کی نصف ہے۔

۵ ۔ اگر ایک مستوی رقبہ کو متجانس مائع کے اندر ڈبویا جائے تو ثابت کرو کہ جاذبۂ ارض کے زیر عمل رقبہ کے دباؤ کی اوسط حدت وہی ہوگی جو رقبہ کے ہندسی مرکز پر دباؤ کی حدت ہے۔

۶ ۔ زمین کے مرکز سے فاصلہ ر پر کثافت ک = $\frac{\text{ک جب ل ر}}{\text{ل ر}}$ جہاں ل مستقل ہے، ثابت کرو کہ اوسط کثافت

۳ ک (جب ل سر - ل سر جم ل س) / ل۳ سر۳

ہے جہاں سر زمین کا نصف قطر ہے۔ [یمپسن کا احصا]

جم کا جزو مف ح لو جہاں مف ح نصف قطر ر اور (ر + مف ر) والی دو کروی سطحوں کے درمیان کے خول کا حجم ہے۔ مف ح = ۴ ط ر۲ مف ر اور مف ۴ = ک مف ح ۔ کل کمیت اگ مف ح کو ر = ۰ سے ر = سر تک مکمل کرنے سے حاصل ہوگی۔

۷ ۔ ذیل کی صورتوں میں جو رقبے یا حجم ہیں اُن کے ہندسی مرکز معلوم کرو۔

(۱) رقبہ جو مکافی کی قوس، محور اور (ھ، ک) میں سے گذرنے والے معین کے درمیان گھرا ہوا ہے۔

(۲) قطعہ مکافی جو رأس اور نقطہ (ھ، ک) کے ملانے والا خط مستقیم منحنی سے قطع کرتا ہے۔

(۳) قطعہ ب ع ج (شکل ۲۷)

(۴) کروی قطاع جو قطاع دائرہ و ع ب (شکل ۲۷) کو و ع کے گرد گھمانے سے حاصل ہوتا ہے۔

(۵) خط صنوبری ر = ل (۱ + جم ط ھ)

۸ ۔ ایک نصف کرہ کے کسی نقطہ پر کثافت ایسے بدلتی ہے جیسے احاطہ کرنے والی مستوی سطح سے اس نقطہ کا فاصلہ۔ ثابت کرو کہ اس سطح سے مرکز جمود کا فاصلہ $\frac{۸}{۱۵}$ سر ہے جہاں سر نصف قطر ہے۔

۹ ۔ پیپس کے مسئلے ثابت کرو یعنی

(۱) اگر ایک مستوی منحنی کی قوس ایک محور کے گرد گردش کرے جو اس کی سطح میں واقع ہو لیکن اسے قطع نہ کرے تو اسکے گھومنے سے جو سطح پیدا ہوگی اُس کا رقبہ = قوس کا طول × اسکے مرکز ہندسی کے طریق کا طول۔

(۲) ایک مستوی رقبہ ایک ایسے محور کے گرد گھومتا ہے جو اسکی سطح میں واقع ہے لیکن اسے قطع نہیں کرتا۔ ثابت کرو کہ رقبہ کے گھومنے سے جو حجم پیدا ہوتا ہے وہ = یہ رقبہ × رقبہ کے ہندسی مرکز کے طریق کا طول۔

محور گردش کو محور x مانو۔ مذکورہ بالا مسائل ۲ و ۳ کے ساتھ ضرب دینے سے ذیل کی مساواتوں سے حاصل ہونگے

$$\text{ما} \int \text{فرس} = \int \text{ما فرس}, \quad \text{ما} \int \text{فرس} = \int \text{ما فرس} = \frac{1}{2} \int (\text{ما}_2^2 - \text{ما}_1^2) \text{ فرا}$$

آخری تکملہ میں ما_1، ما_2 اُن نقطوں کے معین ہیں جہاں ایک خط مستقیم جو محور x پر عمود ہے منحنی کو قطع کرتا ہے۔

(۲) سے گردشی سطح (دفعہ ۲۰) کی صورت میں حجم کے قطبی جزو کے لئے ضابطہ حاصل کرو۔

۱۰۔ ذیل کی صورتوں میں جمود کے معیار معلوم کرو۔ کثافت یکساں ہے۔

(۱) کمیت $م$ کے ایک گول پترے کا معیار اس کے راس کے گرد، پترے کا نصف قطر $ر$ ہے۔

(۲) کمیت $م$ کے ایک کرہ کا معیار مماسی خط کے گرد، کرہ کا نصف قطر $ر$ ہے۔

(۳) کمیت $م$ کے ایک مثلثی پترے کا معیار قاعدہ کے گرد۔ پترے کا ارتفاع $ف$ ہے۔

(۴) ایک قائم مخروط کی کمیت $م$ ہے، ارتفاع $ف$ اور قاعدہ کا نصف قطر $ر$۔ اسکا معیار معلوم کرو (۱) اسکے محور کے گرد (۲) راس میں سے گذرنیوالے ایک ایسے محور کے گرد جو قاعدہ کے متوازی ہے۔

۱۱۔ ایک مستطیل ا ب ج د ایک ایسے محور کے گرد گردش کرتا ہے جو اسکی سطح میں ا ب کے متوازی ہے لیکن مستطیل کو قطع نہیں کرتا، اگر

(ب، ج، د) کے فاصلے محور سے ا، ب ہوں تو ثابت کرو کہ مجسم کی گردش کا نصف قطر ک^2 = $\frac{1}{2}$ (ا^2 + ب^2)

۱۲- لنگر چھلے (مشق ۷، مثال ۵) کے جمود کا معیار اثر محور کے گرد م (ج^2 + $\frac{3}{4}$ ا^2) ہے اگر مجسم کی کثافت یکساں فرض کی جائے۔

۱۳- اگر ر^2 = لا^2 + ما^2 + ی^2 تو ثابت کرو کہ ر^2 کی اوسط قیمت ناقص نما

$\frac{لا^2}{ا^2} + \frac{ما^2}{ب^2} + \frac{ی^2}{ج^2} = ۱$ کے حجم پر میں $\frac{ا^2 + ب^2 + ج^2}{5}$ ہے۔

۱۴- اس فانہ کا حجم جو اسطوانہ لا^2 + ما^2 = ۲ ا لا اور مستوی سطحوں ی = لا مس عدا اور ی = لا مس بدا کے درمیان گھرا ہوا ہے ۲ (مس بدا - مس عدا) ہے۔

۱۵- اگر ن > ۰ تو تکملہ $\int_{0}^{\infty} ق^{-لا} لا^{ن-1}$ فرلا کی ایک معین قیمت ہے۔ یہ تکملہ ن کا تفاعل ہے جسے بالعموم گاما تفاعل کہتے ہیں، اسے ہم علامت جا (ن) سے تعبیر کرتے ہیں۔

تکمل بالحصص سے ثابت کرو کہ

جا (ن) = (ن - ۱) جا (ن - ۱) ..... (۱)

اور جس صورت میں ن صحیح عدد ہو تو جا (ن) = (ن - ۱)! جا (۱) = ۱

اگر ن صحیح عدد نہ ہو تو فرض کرو کہ ن سے عین چھوٹا صحیح عدد د ہے، یعنی (ن - د) کسر واجب ہے۔ تب (۱) سے ظاہر ہے کہ

جا (ن) = (ن - ۱) (ن - ۲) ..... (ن - د) جا (ن - د) .... (۲)

۱۶- ثابت کرو کہ

(۱) جا ($\frac{1}{2}$) = $\sqrt{\pi}$

(۲) جا (م + $\frac{1}{2}$) = $\frac{۱ \cdot ۳ \cdot ۵ \cdots (۲م-۱)}{۲^م}$ × $\sqrt{\pi}$ [م صحیح عدد]

دفعہ ۲۷ شال ۳ میں لا = ۱ رکھنے سے مساوات (۱) حاصل ہوتی ہے

$$\frac{\pi}{4} = \int_0^\infty \frac{1}{1+\text{ی}^2}\,\text{فی} = \frac{1}{2}\int_0^\infty \text{ی}^{-\frac{1}{2}}(1+\text{ی})^{-1}\,\text{فی} = \frac{1}{2}\,\text{جا}\left(\frac{1}{2}\right)$$

پھر مساوات (۲) حاصل ہوتی ہے شال ۱۵ (۲) مندرجہ بالا سے۔

۱۷۔ ثابت کرو کہ $\int_0^\infty \text{ق}^{-\text{لا}}\,\text{لا}^{\text{ن}-1}\,\text{فلا} = \frac{\text{جا}(\text{ن})}{\text{ل}^{\text{ن}}}$ [ل مثبت]

۱۸۔ مندرجہ ذیل ابدال استعمال کرنے سے جا(ن) کے لئے اور ضابطے ثابت کرو

$$\text{لا} = \text{ل}^2\,\text{ی}\quad \text{جا}(\text{ن}) = 2\int_0^\infty \text{ق}^{-\text{ل}^2\text{ی}}\,\text{ل}^{2\text{ن}-1}\,\text{ی}^{\text{ن}-1}\,\text{فی} \quad \ldots\ldots\ldots (1)$$

$$\text{ق}^{-\text{لا}} = \text{ی}\quad \text{جا}(\text{ن}) = \int_0^1 \left(\text{لوک}\,\frac{1}{\text{ی}}\right)^{\text{ن}-1}\,\text{فی} \quad \ldots\ldots (2)$$

۱۹۔ جب م اور ن دونوں مثبت ہوں تو تکملہ

$$\int_0^1 \text{لا}^{\text{م}-1}\,(1-\text{لا})^{\text{ن}-1}\,\text{فلا}$$

کی ایک معین قیمت ہے، یہ قیمت م اور ن کا تفاعل ہوگی، اسے بیٹا تفاعل کہتے ہیں، ہم اسے با(م، ن) سے تعبیر کرینگے

ثابت کرو کہ با(م، ن) = با(ن، م)

۲۰۔ مندرجہ ذیل ابدال استعمال کرنے سے، با(م، ن) کے لئے اور ضابطے حاصل کرو

$$\text{لا} = \text{جم}^2\,\text{ط}\quad \text{با}(\text{م}، \text{ن}) = 2\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جم}^{2\text{م}-1}\,\text{ط}\;\text{جب}^{2\text{ن}-1}\,\text{ط}\;\text{فط} \quad \ldots (1)$$

$$\text{لا} = \frac{1}{1+\text{ما}}\quad \text{با}(\text{م}، \text{ن}) = \int_0^\infty \frac{\text{ما}^{\text{ن}-1}\,\text{فما}}{(1+\text{ما})^{\text{م}+\text{ن}}} \quad \ldots\ldots (2)$$

۲۱۔ مثال ۱۸ کی شکل (۱) کو استعمال کرنے سے لکھو

$$\text{جا}(م) = 2\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جو}^{م} \text{لا}^{م-1} \text{فر لا}\ \text{جا}(ن) = 2\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جو}^{م} \text{ما}^{ن-1} \text{فر ما}$$

اور پھر دفعہ ۲۷، مثال ۳ کی مانند دکھاؤ کہ

$$\text{جا}(م) \times \text{جا}(ن) = 4\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جو}^{م-1} \text{ر}^{م+ن-1} \text{فر} \int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جم}^{م-1} \text{ط}\ \text{جب}^{ن-1} \text{ط فر ط}$$

اس لئے اشلہ ۱۸ (۱) اور ۲۰ (۱) کی مدد سے

$$\text{جا}(م)\,\text{جا}(ن) = \text{جا}(م+ن)\,\text{با}(م، ن)$$

اس طرح بیٹا تفاعل گاما تفاعل کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے۔

۲۲۔ فرض کرو کہ ۲م − ۱ = ف، ۲ن − ۱ = ق، تب اشلہ ۲۰ (۱) اور ۲۱ سے

$$\int_0^{\frac{\pi}{2}} \text{جم}^{ف} \text{ط}\ \text{جب}^{ق} \text{ط فر ط} = \frac{\text{با}\left(\frac{ف+1}{2}، \frac{ق+1}{2}\right)}{2} = \frac{\text{جا}\left(\frac{ف+ق+2}{2}\right)}{2}$$

جہاں چونکہ م > ۰، ن > ۰، اسلئے $\frac{1}{2}$ (ف + ۱) > ۰، اور $\frac{1}{2}$ (ق + ۱) > ۰۔

یعنی ف اور ق میں سے ہر ایک −۱ سے بڑا ہے۔

طالب علم اس کی جانچ کرے کہ اس نتیجہ میں دفعہ ۱۰ کا قاعدہ شامل ہے۔

لوک جا (ن) کی جدولیں $1 \leqq ن \leqq 2$ کے لئے مرتب کی گئی ہیں

(مثال ۱۵ (۲) کی رو سے ن کے لئے اس سے بڑی سعت کی ضرورت نہیں)

کئی سیکلے گاما تفاعلوں کی رقوم میں بیان ہو سکتے ہیں۔

۲۳۔ ایک کرہ کا نصف قطر ا ہے، اس کی سطح پر کمیت م یکساں طور پر پھیلا دی گئی ہے (کثافت کہ)، اس کمیت کا قوہ ق کسی نقطہ ع پر معلوم کرو۔

کرہ کے مرکز و کو مبدا مانو اور وع کو محور لے، فرض کرو کہ نقطہ ص پر کرہ کی سطح کا جزو فرس ہے۔ فرض کرو کہ ص ع = ر اور وع = ج

$$\text{ق} = \int \frac{\text{کہ فرس}}{\text{ن ع}}، \quad \text{فرس} = \text{ا}^2 \text{جب ط فر ف فر ط}، \quad \text{ر}^2 = \text{ا}^2 + \text{ج}^2 - 2\text{اج جم ط}$$

فا کے لئے حدود ۰ تا ۲π ہیں اور طا کے ۰ تا π ۔ بلحاظ فا کے تکمل کرنے میں دوسرا متغیر طا اور اس لئے اس صورت میں ف ع یعنی ر (جو طا کا تفاعل ہے اور فا کا نہیں ہے) مستقل رکھا جائیگا۔ اس لئے

$$ق = کہ ا^{۲} \int^{π} \frac{جب^{۲} طا \, فرطا}{ر} \int^{۲π} فرفا = ۲π کہ ا^{۲} \int^{π} \frac{جب^{۲} طا \, فرطا}{ر}$$

اب متغیر کو طا سے مر میں بدلو، اس طرح حاصل ہوگا ر فرر = ا ج جب طا فرطا جب، طا = ۰ تو ر = ± (ا - ج)، ر ایک مثبت عدد ہے، پس اگر ع کرہ کے باہر ہو تو ر = ج - ا اور اگر ع کرہ کے اندر ہو تو ر = ا - ج اگر، طا = π تو ر = ا + ج دونوں صورتوں میں۔

اسلئے $ق = ۲π کہ ا^{۲} [\frac{ر}{ا ج}] = \frac{۴π کہ ا^{۲}}{ج}$ (ع کرہ کے باہر) ..... (۱)

$= ۴π کہ ا$ (ع کرہ کے اندر) ..... (۲)

پس $ق = \frac{م}{ج}$ جبکہ ع کرہ کے باہر ہو لیکن $ق = \frac{م}{ا}$ مستقل جبکہ ع کرہ کے اندر ہو۔

۲۴۔ وہی سوال جو مثال ۲۳ میں ہے مجسم کرہ کے لئے [کثافت ک مستقل] نصف قطر ر اور ر + فر کی کروی سطحوں کے درمیان جو خول ہے اسکو کمیت کا جزء قرار دو۔ مثال ۲۳ کے کہ کی بجائے ک فر ر اور ا کی بجائے ر رکھکر اسکے نتائج کو استعمال کرو۔

اگر ع باہر واقع ہو تو نتیجہ (۱) سے حاصل ہوگا

$$ق = \frac{۴π ک (۲ فر ر)}{ج} = \frac{۴π ک}{۳} \frac{ا^{۳}}{ج} ..... (۳)$$

اگر ع کرہ کے اندر ہو تو ق دو حصوں پر مشتمل ہوگا ق۱ اور ق۲۔

قوہ $ق_۱$ نصف قطر ج کے کرہ کی وجہ سے پیدا ہوگا اور اوپر کے نتیجہ کی مدد سے

$$ق_۱ = \frac{ک ۴ \pi}{۳} \times \frac{ج^۳}{ج} = \frac{ک ۴ \pi}{۳} ج^۲$$

قوہ $ق_۲$ اُس خول کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جس کے نصف قطر ج اور ا ہیں۔
مثال ۲۳ کے نتیجہ (۲) کی رو سے

$$ق_۲ = \int_{ج}^{ا} ۴ \pi ک \times صفر = ۲ \pi ک (ا^۲ - ج^۲)$$

اسلئے $ق = ق_۱ + ق_۲ = ۲ \pi ک (ا^۲ - \frac{۱}{۳} ج^۲)$ ..... (۴)

جب ج = ا تو (۳) اور (۴) سے جو قیمتیں حاصل ہوتی ہیں وہ ایک ہی ہیں۔

باب چہارم

انحنا لفاف

۱۴۱۔ انحنا۔ فرض کرو کہ ایک مستوی منحنی پر نقطے ن اور ق ہیں اور ن اور ق پر کے مماس محور لا کے ساتھ زاوئے فا، فا + مف فا بناتے ہیں اور منحنی پر کے کسی ثابت نقطہ سے ن تک کی قوس کا طول س ہے اور قوس ن ق، مف س ہے، ن اور ق پر کے مماسوں کا درمیانی زاویہ مف فا ہوگا (شکل ۲۹، صفحہ ۱۴۱)

تعریفات (۱) زاویہ مف فا قوس ن ق کا کل انحنا کہلاتا ہے۔

(۲) حاصل قسمت $\frac{\text{مف فا}}{\text{مف س}}$ کو قوس ن ق کا اوسط انحنا کہتے ہیں۔

(۳) $\frac{\text{مف فا}}{\text{مف س}}$ کی انتہا $\frac{\text{فر فا}}{\text{فر س}}$ کو جبکہ ق انتہائی صورت میں ن کے لاانتہا قریب آجائے منحنی کا انحنا نقطہ ن پر کہتے ہیں۔

ایک دائرہ کے لئے جس کا نصف قطر ر ہو مف س = ر مف فا

اسلئے $\frac{\text{مف فا}}{\text{مف س}} = \frac{۱}{ر}$، $\frac{\text{فر فا}}{\text{فر س}} = \frac{۱}{ر}$ ..... (۱)

یعنی دائرہ کی کسی قوس کا اوسط انحنا دائرہ کے کسی نقطہ پر کے انحنا کے مساوی ہوتا ہے، دوسرے الفاظ میں دائرہ ایک ایسا منحنی ہے جس کا انحنا مستقل ہے اور اس کا انحنا اسکے نصف قطر کے متکافی کے مساوی ہے۔

انحنا ایک ایسی مقدار ہے جس کا بعد طول کے لحاظ سے ۱ ہے۔

انحنا کسی نقطہ کے معین کے پہلے اور دوسرے مشتقوں کی رقوم میں بیان ہو سکتا ہے اور وہ اس طرح

$$\text{مس فہ} = \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\text{،}\quad \text{جم فہ} = \frac{\text{فرلا}}{\text{فرس}}$$

پہلی مساوات کو بلحاظ س کے تفرق کرنے سے

$$\frac{\text{فرمس فہ}}{\text{فرفہ}} \times \frac{\text{فرفہ}}{\text{فرس}} = \frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}\left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)\frac{\text{فرلا}}{\text{فرس}}$$

یعنی $\text{قط}^{۲}\text{ فہ}\ \frac{\text{فرفہ}}{\text{فرس}} = \frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}}\ \frac{\text{فرلا}}{\text{فرس}} = \frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}} \div \text{قط فہ}$

اسلئے $\frac{\text{فرفہ}}{\text{فرس}} = \frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}} \div \text{قط}^{۳}\text{ فہ} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$

اب چونکہ $\text{قط}^{۲}\text{ فہ} = ۱ + \left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)^{۲}$ اسلئے

$$\frac{\text{فرفہ}}{\text{فرس}} = \frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}} \div \left\{۱ + \left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)^{۲}\right\}^{\frac{۳}{۲}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

(۱) کو اساسی ضابطہ تصور کیا جائے۔

نتیجہ صریح جس صورت میں ڈھال $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ اسقدر چھوٹا ہو کہ سعت زیر بحث میں سکا مربع نظر انداز ہو سکے تو انحنا تقریباً $\frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}}$ ہوگا، علم حیل میں خاصکر شہتیروں کے جھکنے کے نظریہ میں یہ تقریبی قیمت اکثر استعمال ہوتی ہے۔

مثال ۱۔ مکانی $\text{ما} = ۴\text{ لا}$

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{\text{لا}۲}{\text{ما}}\text{،}\quad \frac{\text{فر}^{۲}\text{ما}}{\text{فرلا}^{۲}} = -\frac{\text{لا}۲}{\text{ما}^{۲}}\ \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = -\frac{\text{لا}^{۲}۴}{\text{ما}^{۳}}$$

$$\frac{\text{فرقہ}}{\text{فرس}} = \frac{-۴ د^۲}{۲ ما} \div \left\{ ۱ + \frac{۴ د^۲}{۴ ما^۲} \right\}^{\frac{۳}{۲}} = \frac{-۴ د^۲}{(ما^۲ + ۴ د^۲)^{\frac{۳}{۲}}}$$

اگر ک (لا، ما) پر کا عماد محور سے گ پر ملے تو

$$ن گ^۲ = ما^۲ + ۴ د^۲ \text{ اور } \frac{\text{فرقہ}}{\text{فرس}} = -\frac{۴ د^۲}{ن گ^۳}$$

منفی علامت کے مفہوم کی طرف دفعہ ۳۲ میں توجہ کی جائیگی۔

مثال ۲۔ ناقص $\frac{لا^۲}{د^۲} + \frac{ما^۲}{ب^۲} = ۱$

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = -\frac{ب^۲ لا}{د^۲ ما}، \quad \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}^۲} = -\frac{ب^۲}{د^۲ ما} + \frac{ب^۲ لا}{د^۲ ما^۲}\left(-\frac{ب^۲ لا}{د^۲ ما}\right) = -\frac{ب^۴}{د^۲ ما^۳}$$

کیونکہ ناقص کی مساوات سے $ب^۲ لا^۲ + د^۲ ما^۲ = د^۲ ب^۲$

اس لئے $\frac{\text{فرقہ}}{\text{فرس}} = -\frac{د^۴ ب^۴}{(ب^۴ لا^۲ + د^۴ ما^۲)^{\frac{۳}{۲}}}$

اگر مرکز سے نقطہ (لا، ما) پر کے مماس پر عمود کھینچا جائے اور اس کا طول ع ہو تو

$$ع = \frac{د^۲ ب^۲}{(ب^۴ لا^۲ + د^۴ ما^۲)^{\frac{۱}{۲}}} \text{ اور } \frac{\text{فرقہ}}{\text{فرس}} = -\frac{ع^۳}{د^۲ ب^۲}$$

اگر ن گ نقطہ ن (لا، ما) پر کا عماد ہو تو

$$ن گ^۲ = \frac{ب^۴ لا^۲ + د^۴ ما^۲}{د^۴} \text{ اور } \frac{\text{فرقہ}}{\text{فرس}} = -\frac{ب^۴}{د^۲ ن گ^۳}$$

اسی طرح کا نتیجہ نائد کے لئے درست ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی محرو طی تراش کا انحنا عماد کے مکعب کے بالعکس بدلتا ہے۔

۳۲۔ دائرۂ انحنا، نصف قطر، مرکز دائرہ انحنا۔

فرض کرو کہ ن اور ق پر کے عماد نقطہ ح پر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں (شکل ۲۹) جب، ق انتہائی صورت میں ن پر آئیگا تو عمادوں کا نقطہ

تقاطع ح انتہائی صورت میں ن پر کے عمود پر ایک انتہائی مقام ح اختیار کریگا اور اس حالت میں ن ح، $\frac{\text{فرس}}{\text{فرفہ}}$ کے مساوی ہوگا۔

کیونکہ ∠ ن ح ق = مف فہ اور

$$\frac{\text{ن ح}}{\text{جب ن ق ح}} = \frac{\text{وتر ن ق}}{\text{جب ن ح ق}} = \frac{\text{وتر ن ق}}{\text{جب مف فہ}} \times \frac{\text{مف س}}{\text{مف فہ}}$$



شکل ۲۹

ن ق ح کی انتہا ۹۰° ہے اور موخرالذکر تین کسروں کی انتہائیں بالترتیب ۱، $\frac{\text{فرس}}{\text{فرفہ}}$، ۱ ہیں، اس لئے ن ح کی انتہا $\frac{\text{فرس}}{\text{فرفہ}}$ ہے اور یہی ثابت کرنا مطلوب تھا۔

اس لئے اگر ح کو مرکز ح ن کو نصف قطر مان کر ایک دائرہ کھینچا جائے تو نقطہ ن پر اس کا ماس اور انحنا دونوں وہی ہونگے جو مفروضہ منحنی کے نقطہ ن پر ہیں۔

اس دائرہ کو دائرہ انحنا کہتے ہیں، اس کا نصف قطر ن ح یا $\frac{\text{فرس}}{\text{فرفہ}}$

نصف قطر انحنا کہلاتا ہے اور اس کا مرکز ح ن پر کے دائرۂ انحنا کا مرکز کہلاتا ہے اگر ن میں سے گذرنے والا کوئی خط دائرہ کو دوبارہ ط پر ملے تو ن ط کو انحنا کا وتر کہتے ہیں۔

اگر ن کے محدد (لا فا) ہوں، ح کے (ضا، عا) اور انحنا کے نصف قطر ن ح یعنی فرس کو س سے تعبیر کیا جائے تو یہ بآسانی ثابت ہو سکتا ہے کہ

ضا = لا − س جب فہ، عا = ما + س جم فہ ..... (۱)

ہم نصف قطر انحنا کو بالعموم س سے تعبیر کرینگے، اس طرح انحنا $\frac{1}{س}$ سے تعبیر ہوگا۔

اگر $\frac{فرما}{فرلا^2}$ نقطہ ن پر صفر ہو تو (۱) کی رو سے س یا ن ح لامتناہی ہوگا پس معلوم ہوا کہ منحنی کے نقطۂ انعطاف پر س لامتناہی ہوتا ہے۔

شکل ۲۹ کو ہم معیاری تصویر مانینگے، اگر اس قرارداد کو ہم تسلیم کرلیں کہ فہ ہمیشہ مادہ ہوگا (دفعہ ۲ حصۂ اول) تو $\frac{فرلا}{فرس}$ اور قط فہ ہمیشہ مثبت ہونگے اور (۱) میں جذر کی علامت مثبت ہوگی۔ اس لئے س اور $\frac{1}{س}$ دونوں مثبت ہونگے اگر $\frac{فرما}{فرلا^2}$ مثبت ہو اور دونوں منفی ہونگے اگر $\frac{فرما}{فرلا^2}$ منفی ہو یعنی س اور $\frac{1}{س}$ مثبت ہونگے اگر ن کے نزدیک منحنی اوپر کی طرف مقعر ہو اور منفی ہونگے اگر منحنی اوپر کی طرف محدب ہو۔ اور قراردادوں سے کام لیا جا سکتا ہے لیکن اگر شکل بنائی جائے تو ذرا سی احتیاط سے علامت کا سوال طے ہو سکیگا۔ لیکن اکثر اوقات عددی قیمت ہی ضروری اور مطلوب ہوتی ہے۔

نقطہ ح کے انتہائی مقام ح کو بعض اوقات منفصل عمادوں کا نقطہ تقاطع کہتے ہیں، لیکن کوئی ایک عماد نہیں ہے جو کسی ایک عماد کا متصل ہو مگر اس طرز بیان میں بہ نسبت اسکے جو اس دفعہ کے شروع میں درج ہے اختصار ہے، اس لئے بعض اوقات اسے استعمال کرتے ہیں۔

یہ قابل توجہ ہے کہ جب قوس ن ق رتبہ اول کا صغاریہ ہو تو ن ح اور ق ح کا فرق اعلیٰ رتبہ کا صغاریہ ہوگا کیونکہ $\frac{\text{ق ح} - \text{ف ح}}{\text{مف س}}$ کی انتہا صفر ہے اور وہ اسلئے کہ ق ح - ن ح = ق ح (۱ - جم مف ف) = ن ق جم ق ن ح

۳۳۔ انحنا کے لئے اور ضابطے۔ ضابطہ (۱) اتنا سہولت بخش

ثابت نہیں ہوتا جبتک کہ منحنی کی مساوات اس شکل ما = ف (لا) میں نہ دی ہوئی ہو یا مشتقوں کی قیمتیں بآسانی نہ محسوب ہوسکیں جیسا کہ دفعہ ۳۱ کی مثالوں میں ہے اسلئے ہم ایک دو ضابطے اس جگہ اور حاصل کرینگے واضح ہو کہ ر کی علامت خاص توجہ کے قابل ہوتی ہے۔

(۱) لا = ف (ت)، ما = فا (ت) کی شکل کی مساوات۔

ہم لا، ما کے مشتقوں کو اختصار کی خاطر زبروں سے تعبیر کرینگے

(۱) میں عف ما، عف ۲ ما کی قیمتیں لآ، لآ ما، ما کی رقوم میں بیان کرو۔ یہ قیمتیں دفعہ ۹۸ حصۂ اول میں معلوم کی گئی ہیں، ایسا کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{۱}{ر^۳} = (\text{لآ ما}'' - \text{ما لآ}'') \div (\text{لآ}^۲ + \text{ما}'^۲)^{\frac{۳}{۲}} \quad \ldots\ldots (ب)$$

اب چونکہ $\text{عف}^۲ \text{ما} = \frac{(\text{لآ ما}'' - \text{ما لآ}')}{\text{لآ}^۳}$ اس لئے ہم ر کی علامت حسب ضرورت دفعہ ۳۲ کی قرارداد کے موافق معلوم کر سکتے ہیں۔

(۲) قطبی مساواتیں۔ (۱) میں عف ما، عف ۲ ما کی قیمتیں عف طا، عف ۲ طا کی رقوم میں مندرج کرنے سے حاصل ہوگا

$$\frac{۱}{ر^۳} = \left\{ ر^۲ + ۲ \left(\frac{\text{فر}'}{\text{فر طا}}\right)^۲ - ر \frac{\text{فر}''}{\text{فر طا}} \right\} \div \left\{ ر^۲ + \left(\frac{\text{فر}'}{\text{فر طا}}\right)^۲ \right\}^{\frac{۳}{۲}} \quad \ldots\ldots (ج)$$

ضابطہ (ج) بے ڈول ہے، اکثر اوقات یہ زیادہ آسان ہوتا ہے کہ منحنی کی ع، ر مساوات معلوم کیجائے یعنی منحنی کے ہر نقطہ کے لئے عمود وے (جو مبدا و سے کسی نقطہ ن (شکل ۲۹) پر کے مماس پر کھینچا جائے) اور سمتی نیم قطر وَن کے درمیان ربط معلوم کیا جائے اور پھر انحنا معلوم کرنے کے لئے یہ ضابطہ استعمال کیا جائے جو ابھی ہم حاصل کرتے ہیں

شکل ۲۹ میں وے = ع، وَن = ر

وَحَ = وَن² + نَحَ² - ۲ وَن × نَحَ جم وَن حَ

= ر² + نَحَ² - ۲ ع × نَحَ

کیونکہ ع = وَن جم وَن حَ = ر جب سا جہاں سا حسب معمول مماس اور سمتی نیم قطر کا درمیانی زاویہ ہے۔

اگر وَق = ر + مفار اور ع + مفع = عمود نقطہ و سے قَ کے مماس پر تو اسی طرح حاصل ہوگا

وَحَ² = (ر + مفار)² + قَحَ² - ۲ (ع + مفع) قَحَ

وَحَ² کی دونوں قیمتیں مساوی رکھنے سے

۲ ر مفار + (مفار)² + (قَحَ - نَحَ)(قَحَ + نَحَ - ۲ ع)

- ۲ قَحَ مفع = ۰

لیکن قَحَ - نَحَ اور (مفار)² رتبۂ اول سے بڑے رتبہ کے ہیں

اسلئے ر = نہسا قَحَ = $\frac{\text{ر فرر}}{\text{فرع}}$ ..... (د)

ضابطہ (د) اس طرح بھی حاصل ہو سکتا ہے۔

چونکہ ع = رجب سا اور فہ = ط + سا اسلئے (دفعہ ۸۸ حصہ اول)

$$\frac{\text{فرع}}{\text{فرر}} = \text{جب سا} + \text{رجم سا} \frac{\text{فرسا}}{\text{فرر}} = \frac{\text{ردطا}}{\text{فرس}} + \frac{\text{ردسا}}{\text{فرس}} = \frac{\text{ردفہ}}{\text{فرس}}$$

اسلئے $\frac{\text{فرس}}{\text{فرفہ}} = \frac{\text{ردر}}{\text{فرع}}$

اشکال کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ جب منحنی مبدأ کی طرف مقعر ہو (جیسا کہ قطع ناقص کی صورت میں جبکہ مرکز مبدأ ہو) تو ع اور ر ایک ساتھ بڑھتے اور گھٹتے ہیں، اس لئے $\frac{\text{فرر}}{\text{فرع}}$ اور س دونوں مثبت ہوتے ہیں۔ جب منحنی مبدأ کی جانب محدب ہو تو س منفی ہوتا ہے۔

اب ہم (ج) کو (د) سے حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ (دفعہ ۸۸ حصۂ اول سے)

$$\text{مس سا} = \frac{\text{ردطہ}}{\text{فرر}}$$

اور $\frac{1}{\text{ع}^2} = \frac{1}{\text{ر}^2 \text{جب}^2 \text{سا}} = \frac{1}{\text{ر}^2} + \left(\frac{1}{\text{ر}^2} \frac{\text{فرر}}{\text{فرطہ}}\right)^2 \ldots\ldots (۱)$

اور بلحاظ ر کے تفرق کرنے سے ہم $\frac{\text{فرع}}{\text{فرر}}$ معلوم کر سکتے ہیں۔

اب ہم اس سے ذرا مختلف ضابطہ حاصل کرینگے جو علم حرکت میں اکثر استعمال ہوتا ہے۔ رکھو ر = $\frac{1}{\text{ع}}$، اس طرح س، ع اور طہ کی رقوم میں حاصل ہوگا

$$\frac{\text{فرر}}{\text{فرطہ}} = \frac{\text{فرر}}{\text{فرع}} \frac{\text{فرع}}{\text{فرطہ}} = -\frac{1}{\text{ع}^2} \frac{\text{فرع}}{\text{فرطہ}}$$

اس طرح مساوات (۱) ہو جائیگی

$$\frac{1}{\text{ع}^2} = \text{ع}^2 + \left(\frac{\text{فرع}}{\text{فرطہ}}\right)^2 \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

اب بلحاظ ع کے تفرق کرنے سے

$$-\frac{2}{ع^{3}}\frac{فرع}{فرع}=2ع+2\left(\frac{فرع}{فرطہ}\right)\frac{فر^{2}ع}{فرطہ^{2}}\frac{فرطہ}{فرع}$$

$$=2ع+2\frac{فر^{2}ع}{فرطہ^{2}}\quad\ldots\ldots\ldots\ldots(۳)$$

لیکن $\frac{فرع}{فرع}=\frac{فرع}{فرر}\times\left(-\frac{1}{ع^{2}}\right)$، $\frac{1}{ر}=\frac{فرع}{فرر}=-ع^{2}\frac{فرع}{فرع}$

اب (۳) میں مندرج کرنے اور (۲) کو استعمال کرنے سے

$$\frac{1}{ر}=ع^{3}\left(ع+\frac{فر^{2}ع}{فرطہ^{2}}\right)\div\left\{ع^{2}+\left(\frac{فرع}{فرطہ}\right)^{2}\right\}^{\frac{3}{2}}$$

$$=\left(ع+\frac{فر^{2}ع}{فرطہ^{2}}\right)\div\left\{1+\left(\frac{1}{ع}\frac{فرع}{فرطہ}\right)^{2}\right\}^{\frac{3}{2}}$$

$\ldots\ldots\ldots\ldots(ع)$

اوپر کے جملہ میں اگر جذر کو مثبت علامت دی جائے تو ر مثبت ہوگا اگر قوس مبدا کی جانب مقعر ہو اور منفی ہوگا اگر قوس مبدا کی طرف محدب ہو۔

(۳) **ذاتی مساوات**۔ فرض کرو کہ ایک منحنی کی قوس کا طول منحنی کے ایک ثابت نقطہ سے نقطہ ن تک س ہے اور ن پر کا مماس ایک ثابت محاس کے ساتھ زاویہ ف بناتا ہے۔ جو مساوات س اور ف کا باہمی ربط ظاہر کرتی ہے اسے منحنی کی ذاتی مساوات کہتے ہیں۔

یہ مساوات حوالہ کے ایسے خطوط پر منحصر نہیں ہے جو منحنی کے باہر واقع ہوں مثلاً کوئی قائم محور۔ اس بنا پر اسے منحنی کی ذاتی مساوات کہتے ہیں۔

جب منحنی کی ذاتی مساوات دی ہوئی ہو تو تفرق کرنے سے ر فوراً معلوم ہو سکتا ہے لیکن ابتدائی کام میں ذاتی مساوات چنداں اہمیت نہیں رکھتی، اسے بالعموم معمولی مساوات سے عمل تکمل کے ذریعہ حاصل کرنا پڑتا ہے، اس صورت میں کسی ثابت محاس کو محددوں کا ایک محور مانتے ہیں۔ اس صورت میں ف پر ماوہ زاویہ ہونے کی قید نہیں ہونا چاہئے۔

مثال ۱- $لا^{\frac{2}{3}} + ما^{\frac{2}{3}} = ا^{\frac{2}{3}}$

فرض کرو کہ $لا = ا جم^3 ت$، $ما = ا جب^3 ت$ ضابطہ (ب) استعمال کرو

$لا = -۳ ا جم^2 ت جب ت$، $لا' = ۳ ا جم ت (۲ جب^2 ت - جم^2 ت)$

$ما = ۳ ا جب^2 ت جم ت$، $ما' = ۳ ا جب ت (۲ جم^2 ت - جب^2 ت)$

$لا^2 + ما^2 = ۹ ا^2 جب^2 ت جم^2 ت$، $لا ما' - ما لا' = -۹ ا^2 جب^2 ت جم^2 ت$

$س = -۳ ا جب ت جم ت = -۳ (ا لا ما)^{\frac{1}{3}}$

اس صورت میں $عف_{لا} ما = \frac{ا}{۳ ا جب ت جم ت}$ اور س اگر دفعہ ۳۲ کے دستور کے موافق لیا جائے تو یہ $۳ ا جب ت جم ت$ ہوگا۔

مثال ۲- $ر^4 = ا^4 جم م ط$

اس منحنی کی ع، ر مساوات مرتب کرو اور ضابطہ (د) استعمال کرو۔

$مس سا = \frac{ر فر ط}{فر ر} = -م م ط = مس (م ط + \frac{۲π}{۲})$

ہم لینگے $سا = م ط + \frac{۲π}{۲}$، اس طرح

$ع = ر جب سا = ر جم م ط = \frac{ر^{۱+۴}}{ا^4}$

اس لئے $س = \frac{ر فر ر}{فر ع} = \frac{ا^4}{(۴+۱) ر^{۴-۱}}$

م کو مختلف قیمتیں دینے سے ہمیں کئی مشہور مساواتیں حاصل ہوتی ہیں۔

ملاحظہ ہو مشق ۱۰ سوال (۱۰)

مثال ۳- قطع ناقص کے انحنا کا مرکز اور اس مرکز کا طریق معلوم کرو۔

ترقیم دفعہ ۳۱ مثال ۲ کے موافق یہ ثابت کرنا آسان ہے کہ

جب فہ = - $\frac{ع لا}{ا^۲}$ ، جم فہ = $\frac{ع ما}{ب^۲}$ ، ر = - $\frac{ا^۲ ب^۲}{ع^۳}$

ضا = لا - ر جب فہ = لا (۱ - $\frac{ب^۲}{ع^۲}$) ، عا = ما (۱ - $\frac{ا^۲}{ع^۲}$)

اگر ن (لا ، ما) کا خارج المرکز زاویہ طہ ہو تو یہ قیمتیں ہو جائینگی

ا ضا = (ا^۲ - ب^۲) جم^۳ طہ ، ب عا = - (ا^۲ - ب^۲) جب^۳ طہ

مرکز انحنا کا طریق معلوم کرنے کے لئے طہ کو ساقط کرو

(ا ضا)^$\frac{۲}{۳}$ + (ب عا)^$\frac{۲}{۳}$ = (ا^۲ - ب^۲)^$\frac{۲}{۳}$

اب اگر رواں محدد لا ، ما ہوں تو

(ا لا)^$\frac{۲}{۳}$ + (ب ما)^$\frac{۲}{۳}$ = (ا^۲ - ب^۲)^$\frac{۲}{۳}$

اس منحنی کی ترسیم کے لئے ملاحظہ ہو شکل ۳۰ دفعہ ۳۴ -

مثال ۴ - ثابت کرو کہ ایک منحنی کے کسی نقطہ ن پر کا عمودی اسراع $\frac{و^۲}{ر}$ ہے جہاں و مماسی رفتار ہے اور $\frac{۱}{ر}$ نقطہ ن پر منحنی کا انحنا ہے -

(شکل ۲۹) فرض کرو کہ ق پر مماسی رفتار و + مف و ہے ، ن ح کی سمت میں ن اور ق پر کی رفتاروں کے اجزاء ترکیبی بالترتیب صفر اور (و + مف و) جب مف فہ ہیں ، اس لئے ن پر کا عمادی اسراع ہے

یہا مف ت ← . $\frac{(و + مف و) جب مف فہ}{مف ت} = \frac{و مف فہ}{مف ت} = \frac{و مف فہ}{مف س} \times \frac{مف س}{مف ت}$

$= و \times \frac{۱}{ر} \times و$

اور یہی ثابت کرنا مطلوب تھا -

مشق ۱۰

۱۔ کسی مخروطی کی مساوات اس شکل میں لکھی جا سکتی ہے ما^{۲} = ۲ ا لا + ب لا^{۲} جہاں محور لا ماسکی محور ہے اور ۲ ا وتر خاص کا طول ہے۔ اگر ن پر کا عمود محور لا سے گ پر ملے اور ن گ اور ماسکی فاصلہ س ن کے درمیان زاویہ عما بنے تو ثابت کرو کہ

$$ر = \frac{ن گ^{۳}}{ا^{۲}} = \frac{ن گ}{جم^{۲} عما}$$

یہ قابل توجہ ہے کہ ن گ کا ظل س ن پر نیم وتر خاص کے مساوی ہے۔

۲۔ مثال ۱ میں جو ر کی قیمت عما کی رقوم میں معلوم کی گئی ہے اس سے کسی مخروطی تراش کے مرکز انحنا معلوم کرنے کا یہ عمل ثابت کرو۔ گ ح کو ن گ پر عمود وار کھینچو اور فرض کرو کہ یہ ن س سے ح پر ملتا ہے۔ پھر ح ک کو ح ن پر عمود وار کھینچو اور اسے اتنا بڑھاؤ کہ ن گ سے یہ ك پر ملے۔ ك مرکز انحنا ہوگا۔

۳۔ قائم زائد کے لئے لا ما = ج^{۲}، ثابت کرو کہ

$$ر = (لا^{۲} + ما^{۲})^{\frac{۳}{۲}} / ۲ ج^{۲}$$

۴۔ قطع ناقص کا مرکز ج ہے اور اسکے محیط پر کے ایک نقطہ ن کا خارج المرکز زاویہ طما ہے۔ ج ق ناقص کا ایک نیم قطر ہے جو ن پر کے مماس کے متوازی ہے۔

ثابت کرو کہ عددی لحاظ سے)

$$ر = (ا^{۲} جب^{۲} طما + ب^{۲} جم^{۲} طما)^{\frac{۳}{۲}} / ا ب = \frac{ج ق^{۳}}{ا ب}$$

یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ ق کا خارج المرکز زاویہ طما $\pm \frac{۳ ط}{۲}$ ہے۔

ج ن ج ق کو مزدوج نیم قطر کہتے ہیں کیونکہ ہم بآسانی دیکھ سکتے ہیں کہ ان میں سے

کوئی سا قطر دوسرے کے متوازی وتروں کی تنصیف کرتا ہے۔

۵۔ ناقص کے ایک نقطہ ن کا مرکزی نیم قطر ر ہے اور اگر مرکز سے ن پر کے مماس پر عمود نکالا جائے تو اس کا طول ع ہوتا ہے۔ ثابت کرو کہ

$$ا^۲ + ب^۲ - ر^۲ = \frac{ا^۲ ب^۲}{ع^۲} \text{ ، } ر = \frac{ا^۲ ب^۲}{ع^۳}$$

زائد کے لئے ثابت کرو (متشابہ ترقیم کے موافق)

$$ر^۲ - ا^۲ + ب^۲ = \frac{ا^۲ ب^۲}{ع^۲} \text{ ، } ر = - \frac{ا^۲ ب^۲}{ع^۳}$$

۶۔ منحنی $ا^۲ ما = لا^۳$ کے لئے ثابت کرو کہ $ر = (ا^۲ + ۹ لا^۲)^{\frac{۳}{۲}} / ۶ ا^۴ لا$ اور منحنی $ا ما^۲ = لا^۳$ کے لئے $ر = لا^{\frac{۳}{۲}} (۴ ا + ۹ لا)^{\frac{۳}{۲}} / ۶ ا$

۷۔ ایک منحنی کی مساوات $ا ما = ب لا^۲ + ۲ ج لا ما + گ ما^۲ + ع ما^۳ + ع ما^۴ + ... + ع_ن$ ہے جہاں $ع_ن$، $لا^ن$ ما میں ن؛ ویں درجہ کا متجانس جملہ ہے ثابت کرو کہ مبدأ پر جو منحنی پر واقع ہے

$$عف ما = ۰ \text{ ، } عف^۲ ما = \frac{۲ ب}{ا} \text{ ، } ر = \frac{ا}{ب^۲}$$

۸۔ مبدأ پر منحنی $ما = ۲ لا + ۳ لا^۲ - ۲ لا ما + ما^۲$ کی صورت میں ثابت کرو کہ نیم قطر انحنا $\frac{۵ \sqrt{۵}}{۶}$ ہے۔

۹۔ ثابت کرو کہ زنجیرہ

$$ما = \frac{ا}{۲} (قو^{\frac{لا}{ا}} + قو^{-\frac{لا}{ا}})$$

کے انحنا کا نصف قطر $\frac{ما^۲}{ا}$ ہے اور یکساں مضبوطی کے زنجیرہ

ما = ج لوک قط $(\frac{ل}{ج})$ کے لئے $ر = ج$ قط $(\frac{ل}{ج})$

۱۰۔ دفعہ ۳۳ مثال ۲ میں جو عام نتائج مرتب کئے گئے ہیں ذیل کی خاص صورتوں میں ان کی تصدیق کرو

(۱) اٹیرن کی شکل کا منحنی $ر^۲ = ا^۲$ جم ۲ طا، $ر^۳ = ا^۲ ع$، $س = \frac{ا^۲}{ر^۳}$

(۲) قائم زائد $ر^۲$ جم ۲ طا $= ا^۲$، $ع ر = ا^۲$، $س = \frac{ر^۳}{ا^۳}$

(۳) مکافی $ر(۱+$ جم طا$) = ۲ ا$، $ا ر = ع^۲$، $س = \frac{۲ ر^۳}{ا^۲}$

(۴) خط صنوبری $ر = ا(۱+$ جم طا$)$، $ر^۳ = ۲ ا ع^۲$، $س = \frac{۴ ا ع}{ر^۳}$

مکافی کے لئے م $= -\frac{۱}{۲}$، صنوبری کے لئے م $= \frac{۱}{۲}$ اور ۲ ا، ا کی بجائے۔

۱۱۔ ثابت کرو کہ مبدأ میں سے گذرنیوالا وتر انحنا ۲ ع $\frac{\text{فر}^۲}{\text{فر ع}}$ ہے،

منحنی $ر^۲ = ا^۲$ جم م طا کے لئے یہ وتر $\frac{۲ ر}{م+۱}$ ہے۔

۱۲۔ ثابت کرو کہ مساوی الزاویہ لولبی $ر = ا$ قوطا م عا کی صورت میں نیم قطر انحنا رقم عا ہے، نیز نیم قطر انحنا کے سامنے مبدأ پر زاویہ قائمہ بنتا ہے۔

۱۳۔ اگر ایک مخروطی تراش میں ماسکی نیم قطر اور ن پر کے مماس کے درمیان زاویہ سا ہو اور ماسکی نیم قطر اور عماد کا درمیانی زاویہ عا ہو تو ضابطہ (ع) کی مدد سے ثابت کرو کہ

$$س = \frac{ل}{\text{جب}^۳ \text{سا}} = \frac{ل}{\text{جم}^۳ \text{عا}}$$ جہاں مخروطی کی مساوات ہے

$$ل ع = ۱ + ز \text{ جم طا}$$

اگر ر، رَ ماسکی فاصلے ہوں تو ثابت کرو کہ

رَ رَ جم عا = ب۲ = ا ل

اور ر = $\frac{(رَ رَ)^{\frac{3}{2}}}{ا ب}$ = $\frac{رَ رَ}{ا جم عا}$

۱۴- زبروں سے مراد تفرق بلحاظ س کے ہے۔ اگر مرکز انحنا کے محدد (ضا، عا) ہوں تو مساواتوں جم فا = لا، جب فا = ما کو تفرق کرنے سے ثابت کرو کہ

$\frac{ا}{ر} = \frac{لا}{ما} = \frac{ما}{لا}$، $\frac{ا}{ر^2} = (لا)^2 + (ما)^2$

اور ضا = لا + ر لا، عا = ما + ر ما

۱۵- ضابطہ (ع) سے ثابت کرو کہ نقطۂ انعطاف کے لئے شرط ہے

ع + $\frac{ر^2 ع}{رطہ^2}$ = ۰

۱۶- دائرہ (لا - عا)۲ + (ما - با)۲ = د۲ اور منحنی ما = ف (لا)

ایک دوسرے کو نقطہ ن (ا، ب) پر قطع کرتے ہیں، اگر نقطہ ن پر عف ما اور عف۲ ما کی قیمتیں دائرہ اور منحنی دونوں کے لئے ایک ہی ہوں تو ثابت کرو کہ دائرہ نقطہ ن پر منحنی کا دائرۂ انحنا ہے۔

نقطہ ن پر دائرہ اور منحنی دونوں کا مماس ایک ہی ہے کیونکہ ن دائرہ اور منحنی دونوں پر واقع ہے اور دائرہ کا ڈھال نقطہ ن پر مساوی ہے منحنی کے ڈھال کے اسی نقطہ پر۔ دائرہ کی مساوات کو دو مرتبہ تفرق کرو اور تفرق کے بعد لا، ما، عف ما، عف۲ ما کی بجائے بالترتیب ا، ب، ف (ا)، ف (ا) ف (ا) رکھو۔ اس طرح حاصل ہوگا

(ا - عا)۲ + (ب - با)۲ = د۲ ..... (۱)

(ا - عا) + (ب - با) ف (ا) = ۰ ..... (۲)

۱ + [ف (ا)]۲ + (ب - با) ف (ا) = ۰ ..... (۳)

(۲) اور (۳) سے حاصل ہوتا ہے

$$ب - بہ = -[۱ + \{ف'(ا)\}^{۲}] \div ف''(ا)$$

$$ا - عہ = ف'(ا)[۱ + \{ف'(ا)\}^{۲}] \div ف''(ا)$$

یہ قیمتیں (۱) میں مندرج کرنے سے

$$د = [۱ + \{ف'(ا)\}^{۲}]^{\frac{۳}{۲}} \div ف''(ا) \ldots\ldots\ldots (۴)$$

لیکن (۴) سے جو د کی قیمت حاصل ہوتی ہے وہ نقطہ ف پر نیم قطر انحنا ہے اور (عہ، بہ) نقطہ ن پر کے مرکز انحنا کے محدد ہیں۔

تعریف۔ دو منحنی ما = فا (لا) اور ما = ف (لا) جو ایکدوسرے کو نقطہ ن (ا، ب) پر قطع کریں وہ ن پر ایک دوسرے کے ساتھ ن، ویں رتبہ کا تماس رکھتے ہیں اگر فا'(ا) = ف'(ا)، فا''(ا) = ف''(ا)، .....

فا^{ن}(ا) = ف^{ن}(ا) لیکن فا$^{ن+۱}$(ا) مساوی نہ ہو ف$^{ن+۱}$(ا) کے

اس لحاظ سے دائرہ انحنا اصلی منحنی کے ساتھ دوسرے رتبہ کا تماس رکھتا ہے۔

ٹیلر کے مسئلہ (دفعہ ۴۳) سے معلوم ہوگا کہ جب دو منحنی ایک دوسرے کے ساتھ نقطہ (ا، ب) پر ن، ویں رتبہ کا تماس رکھیں تو (ا، ب) کے نزدیک متناظر معینوں کا فرق فا(لا) - ف(لا)، (ن + ۱) ویں رتبہ کا صغاریہ ہوگا جبکہ لا - ا کو صدر صغاریہ خیال کیا جائے۔ کیونکہ

$$فا(لا) - ف(لا) = \frac{(لا - ا)^{ن+۱}}{ن + ۱} \{فا^{ن+۱}(ا) - ف^{ن+۱}(ا) + ب\}$$

جہاں ب صفر ہوتا ہے جبکہ لا = ا

۳۴۔ برپیچہ، درپیچہ، متواری منحنی۔

تعریف۔ کسی منحنی کے مرکز انحنا کے طریق کو ہم اس منحنی کا برپیچہ کہینگے۔

منحنی کے کسی نقطہ ن (لا، عا) کے جواب میں جو مرکز انحنا ح ہے اس کے محدد (ضا، عا) ذیل کی مساواتوں سے حاصل ہوتے ہیں

ضا = لا - ر جب فا، عا = عا + ر جم فا ..... (۱)

چاروں مقداریں لا، عا، فا، ر ایک ہی مقدار لا یا س یات کی رقوم میں بیان ہو سکتی ہیں۔ اگر اس مقدار کو مساواتوں (۱) سے ساقط کیا جائے تو ضا، عا میں ربط ملیگا جو منحنی کے پرمیچہ کی مساوات ہوگی۔

ناقص کے پرمیچہ کی مساوات $(\text{لا})^{\frac{2}{3}} + (\text{ب عا})^{\frac{2}{3}} = (\text{ا}^2 - \text{ب}^2)^{\frac{2}{3}}$

پہلے معلوم کی گئی ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۳۳ مثال ۳) اور اس کی ترسیم شکل ۳۰ میں کھینچی گئی ہے۔



شکل ۳۰

ناقص کے راسوں ع، ع، ص، ص کے جواب میں انحنا کے مرکز ط، ط، ف، ف ہیں اور $\text{ع ط} = \text{ع ط} = \frac{\text{ب}^2}{\text{ا}}$، $\text{ف ص} = \text{ص ف} = \frac{\text{ا}^2}{\text{ب}}$

یہ واضح ہے کہ نصف قطر انحنا کو منحنی کے مرتسم کرنے میں کسطرح استعمال کر سکتے ہیں۔

ذیل میں برپیچہ کی مشہور خاصیتیں مندرج ہیں۔

(۱) مفروضہ منحنی کے نقطہ ن پر کا عماد برپیچہ کے نقطہ ح پر مماس ہے۔

(۲) برپیچہ کی کسی قوس کا طول اصلی منحنی میں انحنا کے ان نیم قطروں کے فرق کے مساوی ہوتا ہے جو قوس کے سروں کے متناظر نقطوں پر کھینچے جائیں۔

(۱) مساواتوں (۱) میں س کو جو مفروضہ منحنی کی قوس کا طول ہے متغیر متبوع مانو، تب

$$\frac{\text{فرضا}}{\text{فرس}} = \frac{\text{فرلا}}{\text{فرس}} - \text{ر جم فنا} \frac{\text{فرفنا}}{\text{فرس}} - \text{جب فنا} \frac{\text{فرر}}{\text{فرس}}$$

$$= - \text{جب فنا} \frac{\text{فرر}}{\text{فرس}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

کیونکہ $\frac{\text{فرلا}}{\text{فرس}} = \text{جم فنا}$، $\frac{۱}{\text{ر}} = \frac{\text{فرفنا}}{\text{فرس}}$

اسی طرح سے $\frac{\text{فرعا}}{\text{فرس}} = \text{جم فنا} \frac{\text{فرر}}{\text{فرس}} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$

اس لئے $\frac{\text{فرعا}}{\text{فرضا}} = \frac{\frac{\text{فرعا}}{\text{فرس}}}{\frac{\text{فرضا}}{\text{فرس}}} = - \text{مم فنا}$

اب مرکز انحنا ح (ضا، عا)، ن پر کے عماد پر واقع ہے اور برپیچہ کا ڈھال نقطہ ح پر $\frac{\text{فرعا}}{\text{فرضا}}$ یعنی - مم فنا ہے۔ لیکن مفروضہ منحنی کے نقطہ ن جو عماد ہے اُس کا ڈھال - مم فنا ہے۔ اسلئے عماد ن ح برپیچہ کے مماس پر منطبق ہوتا ہے۔

(۲) فرض کرو کہ فرنا برپیچہ کی قوس کا تفرقہ ہے، (۲) اور (۳) سے

فرضا = - جب فنا فرر، فرعا = جم فنا فرر

پس $\text{فرشہ} = \pm \sqrt{\text{فرضا}^2 + \text{فرعا}^2} = \pm \text{فر س} \quad \ldots\ldots\ldots (۴)$

یہ علامت مثبت ہوگی اگر س کے بڑھنے کے ساتھ شہ بڑھے اور منفی ہوگی اگر س کے بڑھنے کے ساتھ شہ گھٹے۔ مثبت علامت لینے سے

شہ = س + مستقل .... (۵)

شکل ۳۱ میں فرض کرو کہ شہ کو $ح_1$ سے ناپنا شروع کرتے ہیں اور

$ن_1 ح_1 ، ن_2 ح_2 ، ن_3 ح_3$

کے طول بالترتیب $س_1$، $س_2$، $س_3$ ہیں۔



شکل ۳۱

(۵) کی رو سے

قوس $ح_1 ح_2 = س_2 +$ مستقل

$= س_2 - س_1$

قوس $ح_1 ح_3 = س_3 - س_1$

جس سے مطلوبہ نتیجہ ثابت ہوتا ہے۔

اگر منحنی $ح_1 ح_2$ پر تاگا لپیٹ دیا جائے جس کا طول $س_3$ ہو اور اس کا ایک سرا $ح_3$ پر ثابت کر دیا جائے تو ظاہر ہے کہ جب تاگے کو منحنی پر سے خوب تان کر اتارا (کھولا) جائیگا تو اس کا آزاد سرا منحنی $ن_1 ن_2 ن_3$ کو مرتسم کرے گا۔ برپیچہ کی وجہ تسمیہ یہی ہے۔

منحنی $ن_1 ن_2 ن_3$ کو $ح_1 ح_3$ کا درپیچہ کہتے ہیں، ظاہر ہے کہ تاگے پر کا کوئی نقطہ

ایک درپیچہ مرتسم کریگا۔ پس کسی مفروضہ منحنی کا صرف ایک برپیچہ ہوتا ہے لیکن اسکے بیشمار درپیچے ہوتے ہیں۔

دو درپیچوں $ن_1 ن_2$، $ن_3 ن_4$ کو متوازی منحنی کہتے ہیں کیونکہ ان کا باہمی عمودی فاصلہ مستقل ہے۔

۳۵۔ لفاف مساوات $ما = عا لا + \frac{ا}{عا}$ ..... (۱)

جہاں عا اور ا مستقل ہیں ایک خط مستقیم کو تعبیر کرتی ہے۔ اگر عا کو کوئی مختلف مستقل قیمت مثلاً $عا_1$ دی جائے تو مساوات ہو جاتی ہے

$ما = عا_1 لا + \frac{ا}{عا_1}$ ..... (۲)

اور یہ ایک مختلف خط مستقیم کو تعبیر کرتی ہے۔

(۱) اور (۲) کے نقطہ تقاطع کے محدد ہیں

$لا = \frac{ا}{عا عا_1}$ ، $ما = \frac{ا}{عا} + \frac{ا}{عا_1}$ ..... (۳)

اب فرض کرو کہ $عا_1$ بلحاظ قیمت عا کے قریب آتا جاتا ہے، اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ خط (۲) خط (۱) کے قریب آتا جائیگا، لیکن مساواتوں (۳) سے ظاہر ہے کہ جب، $عا_1$ انتہا میں مائل بہ عا ہو تو نقطہ تقاطع انتہائی صورت میں ایک محدود مقام کی طرف مائل ہوتا ہے جس کے محدد

$لا = \frac{ا}{عا^2}$ ، $ما = \frac{ا ۲}{عا}$ ..... (۴)

ہیں۔ اگر ہم مساواتوں (۴) سے عا کو ساقط کردیں تو مساوات

$ما^2 = ۴ ا لا$ ..... (۵)

حاصل ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عا خواہ کوئی قیمت اختیار کرے، انتہائی نقطہ تقاطع مکافی (۵) پر واقع ہوتا ہے نیز اسکی بآسانی تصدیق ہو سکتی ہے کہ عا کی خواہ کچھ ہی قیمت ہو خط (۱) مکافی کا مماس ہے۔

بالعموم کسی منحنی کی مساوات ف (لا، ما) = ۰ میں ایسے مستقل شامل ہوتے ہیں جو منحنی کی شکل، ناپ اور مقام کا تعین کرتے ہیں، ان مستقلوں کو سلسلہ وار مختلف قیمتیں دینے سے مختلف منحنیات کا ایک سلسلہ حاصل ہوتا ہے، لیکن اس جگہ ہم صرف اس صورت پر غور کرینگے جس میں صرف ایک مستقل کو مختلف قیمتیں دینے سے منحنیات کا سلسلہ حاصل ہو۔ اس سلسلہ کو ہم قبیل منحنیات کہینگے۔ ایسی صورت میں مستقل کو قبیل کا متبدل کہتے ہیں، مثلاً (۱) میں عہ خطوط مستقیم کے قبیل کا متبدل ہے۔

کسی قبیل کے کوئی دو منحنی بالعموم ایکدوسرے کو قطع کرینگے، اگر قبیل کے دو منحنیات م اور ص کے لئے متبدل کی قیمتیں عہ اور عہ + مف عہ ہوں تو انکا نقطہ یا نقاط تقاطع محدود انتہائی مقام اختیار کرینگے جبکہ مف عہ مائل بہ صفر ہو۔ ان انتہائی مقامات کے طریق کو قبیل منحنیات کا لفاف کہتے ہیں۔

مثلاً مکافی (۵) قبیل (۱) کا لفاف ہے، کسی منحنی کا برمیچہ ایسے خطوط مستقیم کے قبیل کا لفاف ہے جو منحنی کے عماد ہوں۔ (دفعات ۳۲، ۳۴)

۳۶۔ لفاف کی مساوات۔ فرض کرو کہ مساوات

ف (لا، ما، عہ) = ۰ ..... (۱)

ایک قبیل منحنیات کو تعبیر کرتی ہے اور قبیل کا متبدل تفاعلی علامت میں جداگانہ دکھایا گیا ہے، نظام کے کسی ایک منحنی کے لئے عہ مستقل ہے

فرض کرو کہ مساوات

ف (لا، ما، عہ + مف عہ) = ۰ ..... (۲)

نظام کے ایک اور منحنی کو تعبیر کرتی ہے۔ (۱) اور (۲) کے نقاط تقاطع کے محدد

ف (لا، ما، عہ + مف عہ) - ف (لا، ما، عہ) = ۰

کو یعنی {ف (لا، ما، عہ + مف عہ) - ف (لا، ما، عہ)} / مف عہ = ۰

..... (۳)

کو پورا کرینگے۔

(۳) کی انتہا مف عہ ← ۰ کے لئے

$$\frac{\text{جف ف (لا، ما، عما)}}{\text{جف عما}} = \text{۰} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

ہے، اسلئے لفاف پر کے نقاط کے محدد مساواتوں (۱) اور (۴) کو پورا کرتے ہیں اور لفاف کی مساوات ان دو مساواتوں سے عما کو ساقط کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اوپر کے ثبوت سے ظاہر ہے کہ (۴) کے مرتب کرنے میں لا اور ما دونوں کو مستقل قرار دیا گیا ہے۔

مثلاً اگر ف (لا، ما، عما) = − ما + عما لا + $\frac{۱}{\text{عما}}$

$$\frac{\text{جف ف (لا، ما، عما)}}{\text{جف عما}} = \text{لا} - \frac{۱}{\text{عما}^{۲}}$$

مساواتوں − ما + عما لا + $\frac{۱}{\text{عما}}$ = ۰ اور لا − $\frac{۱}{\text{عما}^{۲}}$ = ۰

سے عما کو ساقط کرنے سے حاصل ہوتا ہے ما^{۲} = ۴ لا پس لفاف مکافی ہے جیسا کہ دفعہ ۳۵ میں حاصل کیا گیا۔

دفعہ ۳۵ میں ہم نے دیکھا کہ قبیل (۱) کا ہر ایک رکن مکافی (۵) کا مماس ہے۔ اب ہم ذیل کا مسئلہ ثابت کرینگے۔

مسئلہ۔ بالعموم کسی قبیل منحنیات کا لفاف قبیل کے ہر ایک رکن کو مس کرتا ہے۔

(۱) کے نقطہ (لا، ما) پر ڈھال ذیل کی مساوات سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}} \frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}} = \text{۰} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۵)$$

جہاں عمل تفرق میں عما کو مستقل رکھنا چاہیئے

بخلاف اس کے لفاف کی مساوات حاصل کرنے میں عما کو (۱) اور (۴) میں سے ساقط کیا جاتا ہے۔ اس لئے (۱) کو لفاف کی مساوات مانا جاسکتا ہے بشرطیکہ عما کو لا، ما کا ایک ایسا تفاعل قرار دیا جائے جس کا تعین (۴) سے ہوتا ہے۔ پس لفاف کے کسی نقطہ

(لا، ما) پر کا ڈھال (ا) کا پورا مشتق لینے سے حاصل ہوگا پورا مشتق ذیل کی مساوات سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}} \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{\text{جف ف}}{\text{جف عہ}} \frac{\text{فرعہ}}{\text{فرلا}} = ۰ \quad \ldots\ldots (۶)$$

اب فرض کرو کہ نقطہ (لا، ما) کے محدد (ا) اور (۴) دونوں کو پورا کرتے ہیں، اس طرح یہ نقطہ منحنی (ا) اور لفاف دونوں پر واقع ہوگا۔ نیز (۴) کی رو سے مساوات (۶) مساوات (۵) میں تحویل ہو جاتی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ نقطہ (لا، ما) پر ڈھال $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ منحنی (ا) اور لفاف دونوں کے لئے وہی ہے۔ مسئلہ ثابت ہوا۔

یہ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ $\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}}$، $\frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}}$ دونوں صفر نہیں ہیں۔

اگر یہ صفر ہوں تو $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کی قیمت جو (۵) یا (۶) سے حاصل ہوتی ہے غیر معیّن ہوگی، اس صورت میں ممکن ہے کہ مسئلہ درست نہ ہو، مگر ایسی صورتوں کی بحث اس کتاب کی حدود سے باہر ہے۔

تحلیلی نقطہ نظر سے قبیل (ا) کے لفاف معلوم کرنے کا عمل وہی ہے جو تغیر عہ کے تفاعل ف (لا، ما، عہ) کے موڑ کی قیمتیں معلوم کرنے کا عمل ہے جبکہ لا، ما کو مستقل مانا جائے۔

طالب علم عہ کی مثبت اور منفی قیمتوں کے لئے قبیل ما = عہ لا + $\frac{\text{ا}}{\text{عہ}}$ کے چند خطوط کھینچے، اس طرح اُسے ایک ایسے منحنی کا اچھا اندازہ ہو جائیگا جو اپنے مماسوں کا لفاف ہے۔ یہ خط بآسانی کھینچ سکینگے کیونکہ ان کے مقطوعے محاور پر بالترتیب

$$-\frac{\text{ا}}{\text{عہ}^۲}, \frac{\text{ا}}{\text{عہ}}$$

ہیں۔

مثال ۱۔ مکافی ما^۲ = ۴ ا لا کا پیچہ مکافی کے عمادوں کا لفاف خیال کیا جا سکتا ہے۔

(ھ، ک) پر کا عمود ہے

۲ لا (ما - ک) + ک (لا - ھ) =

یا ۸ لا² ما + ۴ لا (لا - ۲ لا) ک - ک³ = ... (۱)

کیونکہ مکافی کی مساوات سے ھ = $\frac{ک^۲}{۴ لا}$

ک کو خطوط مستقیم (۱) کے قبیل کا متبدل مانکر اس کے لفاف کی مساوات دریافت کرو

(۱) کو بلحاظ ک کے تفرق کرو، اس طرح حاصل ہوگا

۴ لا (لا - ۲ لا) - ۳ ک² = ... (۲)

(۱) اور (۲) کے درمیان ک کو ساقط کرنے سے حاصل ہوتا ہے

۲۷ لا² ما² = ۴ (لا - ۲ لا)³

جو برپیچہ کی مساوات ہے۔

مثال ۲۔ اُن دائروں کا لفاف معلوم کرو جو مبدأ میں سے گذرتے ہیں اور جن کے مرکز زائد لا² - ما² = ج² پر واقع ہوتے ہیں۔

فرض کرو کہ قبیل کے کسی دائرہ کا مرکز (عا، بما) ہے، دائرہ کی مساوات ہے

لا² + ما² - ۲ عا لا - ۲ بما ما = ... (۱)

مساوات میں مستقل رقم نہیں ہے کیونکہ دائرہ مبدأ میں سے گذرتا ہے۔

چونکہ مرکز زائد پر واقع ہیں، اس لئے

عا² - بما² = ج² ..... (۲)

ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ مساوات (۲) کو بما کے لئے عا کی رقوم میں حل کیا گیا ہے اور پھر اس قیمت کو (۱) میں درج کر دیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مساوات (۱) میں دراصل ایک متبدل ہے لیکن اس میں زیادہ سہولت ہے کہ بما کو عا کا ایک ایسا تفاعل سمجھکر جس کی تعیین (۲) سے ہوتی ہے مساواتوں کو بلحاظ عا کے تفرق کیا جائے پھر عا، بما اور $\frac{\text{فرق بما}}{\text{فرق عا}}$ کو ساقط کیا جائے۔

(۱) اور (۲) کو بلحاظ عا کے تفرق کرنے سے

$$لا + ما \frac{فربہ}{فرعہ} = ۰ \quad ، \quad عہ - بہ \frac{فربہ}{فرعہ} = ۰ \quad ..... \quad (۳)$$

(۳) سے $\frac{عہ}{لا} = - \frac{بہ}{ما}$

اس لئے (۲) سے $\frac{عہ}{لا} = - \frac{بہ}{ما} = \frac{ج}{لا^۲ - ما^۲}$

(۱) میں عہ اور بہ کے لئے مندرج کرو، تحویل سے حاصل ہوتا ہے

$$(لا^۲ + ما^۲)^۲ = ۴ ج^۲ (لا^۲ - ما^۲)$$

جو ایبرن کی شکل کے منحنی کی مساوات ہے۔

ظاہر ہے کہ اوپر کا عمل وہی ہے جو اعظم و اقل قیمتیں معلوم کرنیکا عمل ہے۔

۳۷۔ چونکہ خط تدویر علم حرکت میں کچھ اہمیت رکھتا ہے ہم اجمالی طور پر اسکی مشہور خاصیتوں پر غور کرینگے۔

تعریف جب ایک دائرہ ایک ثابت خط مستقیم پر لڑکتا ہے (بغیر پھسلنے کے) تو اس کے محیط پر کا کوئی نقطہ ایک مستوی منحنی مرتسم کرتا ہے جسے ہم خط تدویر کہینگے۔

شکل ۳۲ میں فرض کرو کہ ق د قاعدہ ہے، ن مکون دائرہ ص ن ے پر مرسم نقطہ ہے اور طہا نصف قطر س ن اور نصف قطر س ے کے درمیان کا زاویہ ہے جہاں سے دائرہ کا قاعدہ کے ساتھ نقطہ تماس ہے۔

فرض کرو کہ ن، ق پر ہوتا ہے جبکہ دائرہ لڑکنا شروع کرتا ہے، ن ل، ق د پر عمود کھینچو اور فرض کرو کہ ق ل = لا، ل ن = ما۔

تب اگر نصف قطر ۱ ہو تو

$$ق ے = قوس ن ے = ا طہا$$

$$لا = ق ے - س ن جب طہا = ا (طہا - جب طہا)$$

$$ما = ے س + س ن جم ص س ن = ا (ا - جم طہا) \quad \} \quad ..... (۱)$$



شکل ۳۲

جہاں سے س ص نقطہ ے میں سے گذرنیوالا قطر ہے (۱) خط تدویر کی مساواتیں ہیں۔

اگر طا = π تو لا = π ا = و ب اور ن اسوقت نقطہ ا پر ہوتا ہے اور اس حالت میں اس کا فاصلہ قاعدہ سے زیادہ سے زیادہ ہے، ا کو راس کہتے ہیں۔

جسوقت طا = ۲ π تو لا = ۲ π ا = و ر، اس وقت ن، ر پر ہوتا ہے۔

محراب و ا ر ب ا کے گرد متشاکل ہے، ب ا کو محور کہتے ہیں۔ اگر دائرہ اور لڑکتا رہے تو ن سلسلہ وار کئی محراب مرتسم کریگا جو و ا ر کے متماثل ہونگے۔ جب خط تدویر کا ذکر کیا جائے تو بالعموم اسکے ایک محراب سے مراد ہوتی ہے۔ ا اس صورت میں راس ہے اور ب ا محور۔

خاصتین ذیل کے خواص بآسانی ثابت ہو سکتے ہیں۔

(۱) س فا = عف ما = م طا/۲ = س (π/۲ - طا/۲) = س ن = ے ص

اسلئے فا = π/۲ - طا/۲ = ن ے ص

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ن ص مماس ہے اور ن سے نقطہ ن پر کا عمود ہے۔

(۲) س = قوس و ن = ۴ ا (۱ - جم $\frac{\text{طا}}{۲}$) قوس و ا = ۴ ا

(۳) ر = ن ح = ۴ ا جب $\frac{\text{ضا}}{۲}$ = ۲ ن ے (تعداداً)

[اگر مماس ات اور عمود اب کو محور مانا جائے اور ن م، ات پر عمود کھینچا جائے تو زاویہ طا = ص س ن = ۲۲ - طا۔

اس صورت میں

لا = ام = ا (طا + جب طا)، ما = مد ن = ا (۱ - جم طا) ....(۱)

(۱ ا) فا = ے ن ص م = $\frac{۱}{۲}$ طا = ے ن ے ص

(۲ ا) س = قوس ان = ۴ ا جب $\frac{\text{طا}}{۲}$، س^{۲} = ۸ ا^{۲} × مد ن = ۸ ا ما]

مرکز انحنا ح کے محدد ہیں

ضا = و ل + ۴ ا جب $\frac{\text{طا}}{۲}$ جم $\frac{\text{طا}}{۲}$ = ا (طا + جب طا)

عا = - ے ح جب $\frac{\text{طا}}{۲}$ = - ا (۱ - جم طا)

مساواتوں (۱) کے ساتھ مقابلہ کرنے سے ظاہر ہے کہ خط تدویر و ا ر کا برپیچہ ایک مساوی تدویر ہے جو دو نصفوں و ح ب، ب ک ر پر مشتمل ہے۔ (۱) میں محور ما کی مثبت سمت نیچے کی طرف ہے اور جب و مبدأ ہو تو مثبت سمت اوپر کیطرف ہے، پس اس لئے عا منفی ہے۔

ب برپیچہ پر ایک قرن ہے، و اور ر اصلی تدویر کے قرن اور برپیچہ کے رأس ہیں۔

برتدویر اور درتدویر جب ایک دائرہ ایک ثابت دائرہ کے محیط پر لڑھکتا ہو (بغیر پھسلنے کے) تو اول الذکر کے محیط پر کا کوئی نقطہ جو منحنی مرتسم کرتا ہے اُسے ہم برتدویر کہینگے اگر متحرک دائرہ ثابت دائرہ کے باہر ہو اور درتدویر کہینگے اگر یہ دائرہ اندر ہو۔

جب لڑکنے والا دائرہ ثابت دائرہ کے گرد پورا حائط ہو تو برتدویر کو حول تدویر کہا جا سکتا ہے۔

شکل ۳۳ میں برتدویر کی تکوین دکھائی گئی ہے، نقطہ ن مرسم نقطہ ہے اور ق نقطہ ابتدائی ہے۔ فرض کرو کہ ثابت اور لڑکنے والے دائروں کے نصف قطر بالترتیب ا، ب ہیں، زاویہ ق ا ے = طہ اور زاویہ ے ب ن = طہَ، ا م = لا، م ن = ما، تب

قوس ن ے = قوس ق ے یعنی ب طہَ = ا طہ

لا = (ا + ب) جم طہ - ب جم (طہ + طہَ)

= (ا + ب) جم طہ - ب جم $\frac{ا+ب}{ب}$ طہ

ما = (ا + ب) جب طہ - ب جب $\frac{ا+ب}{ب}$ طہ ..... (۲)



شکل ۳۳

جب دائرے ے پر کے مماس کے ایک ہی جانب واقع ہوں یعنی در تدویر کے لئے (ب < ا) اور حول تدویر کے لئے (ب > ا) صرف ب کی علامت بدل دینا کافی ہوگا، در تدویر کی مساواتیں اس شکل کی ہونگی

$$لا = (ا - ب) جم ط + ب جم \frac{(ا - ب) ط}{ب}$$

$$ما = (ا - ب) جب ط - ب جب \frac{(ا - ب) ط}{ب} \quad \ldots\ldots (۳)$$

اگر نسبت ب : ا کوئی متوافق عدد ہو تو دائرہ ب کا مرسم نقطہ ن پھر ابتدائی نقطہ ف پر واپس آئیگا جبکہ متحرک دائرہ ب ثابت دائرہ کے گرد ایک یا زیادہ دفعہ پورا لڑھک جائے۔ اگر نسبت ب : ا متباین ہو تو ن پھر ف پر واپس نہیں آئے گا۔

استداری خط یا استداری۔ اگر مرسّم نقطہ ن محیط پر واقع نہ ہو بلکہ ایک نصف قطر پر یا نصف قطر مخروجہ پر واقع ہو تو مرسّمہ منحنی کو ہم استداری یا براستداری یا دراستداری کہینگے۔

طالب علم بآسانی دیکھ لیگا کہ اگر دائرہ کے مرکز سے ن کے فاصلہ کو نصف قطر کے ساتھ نسبت لہ : ا ہو تو مساواتوں (۱) میں جب ط اور جم ط کو لہ کے ساتھ ضرب دینے سے استداری کی مساواتیں حاصل ہونگی اور مساواتوں (۲) اور (۳) میں دوسری رقم کے سر جب کو لہ کے ساتھ ضرب دینے سے بالترتیب دراستداری اور براستداری خطوط کی مساواتیں حاصل ہونگی۔

مشق ۱۱

۱۔ ثابت کرو کہ مکافی $ما^۲ = ۴ ا لا$ کی صورت میں

$س = ۲ ا جم^۳ ف$، $ضا = ۲ ا + ۳ ا جم^۲ ف$، $عا = - ۲ ا جم^۳ ف$

پھر برمیچہ کی مساوات حاصل کرو۔

۲۔ زائد $\frac{لا^۲}{ا^۲} - \frac{ما^۲}{ب^۲} = ۱$ کی صورت میں ثابت کرو کہ

$ا^۴ ضا = (ا^۲ + ب^۲) لا^۳$، $ب^۴ عا = - (ا^۲ + ب^۲) ما^۳$

اور برپیچہ کی مساوات ہے

$$(\text{ا}\,\text{لا})^{\frac{2}{3}} - (\text{ب}\,\text{ما})^{\frac{2}{3}} = (\text{ا}^2 + \text{ب}^2)^{\frac{2}{3}}$$

۳۔ ثابت کرو کہ قائم زائد لا ما = ج^2 کے لئے

$$\text{ضا} = \frac{3}{2}\text{لا} + \frac{\text{ما}^3}{2\text{ج}^2}\text{،}\quad \text{عا} = \frac{3}{2}\text{ما} + \frac{\text{لا}^3}{2\text{ج}^2}$$

اور برپیچہ کی مساوات ہے

$$(\text{لا} + \text{ما})^{\frac{2}{3}} - (\text{لا} - \text{ما})^{\frac{2}{3}} = (4\text{ج})^{\frac{2}{3}}$$

۴۔ ثابت کرو کہ منحنی لا$^{\frac{2}{3}}$ + ما$^{\frac{2}{3}}$ = ا$^{\frac{2}{3}}$ کے لئے (ملاحظہ ہو دفعہ ۳۳، شق ۱)

$$\text{ضا} = \text{ا}\,\text{جم}^3\text{ت} + 3\,\text{ا}\,\text{جم ت جب}^2\text{ت}\text{،}\quad \text{عا} = \text{ا}\,\text{جب}^3\text{ت} + 3\,\text{ا}\,\text{جب ت جم}^2\text{ت}$$

اور برپیچہ کی مساوات ہے

$$(\text{لا} + \text{ما})^{\frac{2}{3}} + (\text{لا} - \text{ما})^{\frac{2}{3}} = 2\,\text{ا}^{\frac{2}{3}}$$

۵۔ ثابت کرو کہ خطوط مستقیم $\frac{\text{لا}}{\text{عا}} + \frac{\text{ما}}{\text{بیا}} = 1$ کے قبیل کا لفاف

(۱) جبکہ عا بیا = ا^2 زائد ۴ لا ما = ا^2 ہے

(۲) جبکہ عا + بیا = ا مکافی $\sqrt{\text{لا}} + \sqrt{\text{ما}} = \sqrt{\text{ا}}$ ہے

(۳) جبکہ عا^2 + بیا^2 = ا^2 منحنی لا$^{\frac{2}{3}}$ + ما$^{\frac{2}{3}}$ = ا$^{\frac{2}{3}}$ ہے

متبدل عا، بیا جن شرائط کے تابع ہیں اُن کا ہندسی مفہوم بیان کرو۔

۶۔ ثابت کرو کہ ناقصوں $\frac{\text{لا}^2}{\text{عا}^2} + \frac{\text{ما}^2}{\text{بیا}^2} = 1$ کے قبیل کا لفاف

(۱) جبکہ عا بیا = ا^2 ووزائد ۲ لا ما = ± ا^2 ہے

(۲) جبکہ عہ + بہا = اُ منحنی $\frac{لا^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{ما^{۲}}{ب^{۲}} = ۱$ ہے

متبدل عہ، بہا جن شرائط کے تابع ہیں ان کا ہندسی مفہوم بیان کرو۔

۷۔ ثابت کرو کہ مکافی کے دو ہمرے معینوں کو قطر مان کر جو دائرے کھینچ سکتے ہیں اُن کا نقاف ایک مساوی مکافی ہے۔

۸۔ اگر ن، ق، ر ایک نقطہ کے محددوں کے تفاعل ہوں اور عہ متبدل ہو تو ن عہ^{۲} + ۲ ق عہ + ر = ۰ کا نقاف

ق^{۲} − ن ر = ۰ ہے۔ اور ن جم عہ + ق جب عہ = ر کا نقاف ن^{۲} + ق^{۲} = ر^{۲} ہے۔

۹۔ م کی خواہ کچھ ہی قیمت ہو ثابت کرو کہ خط مستقیم

$$ما = م لا + \sqrt{\{(ا^{۲} + ب^{۲} م^{۲}) / ا ب\}}$$

مخروطی $\frac{لا^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{ب م^{۲}}{ا^{۲}} = ۱$ کو مس کرتا ہے۔

۱۰۔ ایک متحرک خط مستقیم ہے، دو ثابت نقطوں (ج، ۰) اور (−ج، ۰) سے اس پر جو عمود کھینچ سکتے ہیں اُن کے مربعوں کا (۱) حاصل ضرب (۲) مجموعہ مستقل رہتا ہے۔ ثابت کرو کہ ہر صورت میں نقاف ایک مرکز دار مخروطی تراش ہے۔

۱۱۔ ثابت کرو کہ ناقص کے مرکزی نصف قطروں کو قطر مان کر جو دائرے بنائے جا سکتے ہیں اُن کا نقاف $(\frac{لا^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{ما^{۲}}{ب^{۲}})^{۲} = \frac{لا^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{ما^{۲}}{ب^{۲}}$ ہے۔

۱۲۔ ناقصوں $\frac{(لا - عہ)^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{(ما - بہا)^{۲}}{ب^{۲}} = ۱$ کا نقاف جبکہ عہ، بہا مساوات $\frac{عہ^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{بہا^{۲}}{ب^{۲}} = ۱$ کے ذریعہ مربوط ہوں ناقص $\frac{لا^{۲}}{ا^{۲}} + \frac{ما^{۲}}{ب^{۲}} = ۱$ ہے۔ ہندسی زبان میں اس مسئلہ کو بیان کرو۔

۱۳۔ ثابت کرو کہ خطوط مستقیم کے قبیل

ا لا قط عہ - ب ما قم عہ = ا^{۲} - ب^{۲}

کا لفاف منحنی (ا لا)$^{\frac{۲}{۳}}$ + (ب ما)$^{\frac{۲}{۳}}$ = (ا^{۲} - ب^{۲})$^{\frac{۲}{۳}}$ ہے۔

۱۴۔ اگر شکل ۲۹ میں و ے = ع تو ثابت کرو کہ ط پر کے مماس اور عمود کی مساواتیں ہیں

لا جب فہ - ما جم فہ = ع ..... (۱)

لا جم فہ + ما جب فہ = $\frac{\text{فرع}}{\text{فرفہ}}$ ..... (۲)

اور (۲) سے ثابت کرو کہ ے ن = $\frac{\text{فرع}}{\text{فرفہ}}$

منحنی کو اس کے مماسوں کا لفاف تصور کرو۔

۱۵۔ مثال ۱۴ میں جو ترقیم استعمال کی گئی ہے اس کے موافق ثابت کرو کہ مرکز انحنا کے محدد (ضا، عا) ذیل کی مساواتوں سے معلوم ہوتے ہیں

ضا جم فہ + عا جب فہ = $\frac{\text{فرع}}{\text{فرفہ}}$ ، - ضا جب فہ + عا جم فہ = $\frac{\text{فرع}^{۲}}{\text{فرفہ}^{۲}}$

یا ضا = $\frac{\text{فرع}}{\text{فرفہ}}$ جم فہ - $\frac{\text{فرع}^{۲}}{\text{فرفہ}^{۲}}$ جب فہ، عا = $\frac{\text{فرع}}{\text{فرفہ}}$ جب فہ + $\frac{\text{فرع}^{۲}}{\text{فرفہ}^{۲}}$ جم فہ

۱۶۔ اوپر کی دو مثالوں کی ترقیم کے موافق ثابت کرو کہ و ح کا مثل ن ح پر جہاں ح مرکز انحنا ہے

- ضا جب فہ + عا جم فہ

ہے اور ر = ع - ضا جب فہ + عا جم فہ = ع + $\frac{\text{فرع}^{۲}}{\text{فرفہ}^{۲}}$

۱۷۔ ثابت کرو کہ کسی منحنی کے ہر پیچہ کا نصف قطر انحنا ر $\frac{\text{فرر}}{\text{فرس}}$ ہے جہاں ر اصلی منحنی کے متناظر نقطہ پر نصف قطر انحنا ہے۔

دفعہ ۳۴، (۲) کو استعمال کرو، منحنی اور بربیچہ کے لئے فر فنا وہی ہے۔

۱۸- ایک منحنی، اس کے بربیچہ اور اس کے انحنا کے دو نصف قطروں کے درمیان جو رقبہ گھر جاتا ہے وہ $\frac{1}{2}$ ہے، ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{فر}^2 \text{ا}}{\text{فر}^2 \text{لا}} = \frac{1}{2} \text{ر}^2 \frac{\text{فر}^2 \text{فنا}}{\text{فر}^2 \text{لا}} = \frac{1}{2} \left\{ 1 + \left(\frac{\text{فر}^2 \text{ما}}{\text{فر}^2 \text{لا}} \right)^2 \right\} \div \frac{\text{فر}^2 \text{ما}}{\text{فر}^2 \text{لا}}$$

۱۹- ا ب ج ایک دائرہ کی قوس ہے جس کا مرکز ق ہے اور نصف قطر ق ج، ج ن نقطہ ج پر مماس ہے اور ا ن دائرہ کے دربیچہ کا ایک حصہ ہے، ق ا کو محور لا اور فنا کو زاویہ ا ق ج مان کر ثابت کرو کہ ن کے محدد (لا، ما) ہیں

لا = ا جم فنا + ا فنا جب فنا، ما = ا جب فنا - ا فنا جم فنا

اور دربیچہ کی ذاتی مساوات ہے س = $\frac{1}{2}$ ا فنا^2

دائرہ کے سب دربیچے متطابقاً مساوی ہیں اس لئے حوالہ کے وقت صرف دائرہ کا "دربیچہ" کہا جا سکتا ہے۔

۲۰- ثابت کرو کہ دائرہ کے دربیچہ کی ع، ر مساوات ہے

ر^2 = ع^2 + ا^2

۲۱- ناقص کے بربیچہ کا کل طول ہے

۴ (ا^2 - ب^2) / ا ب

۲۲- ثابت کرو کہ خط تدویر کی ذاتی مساوات جبکہ رأس ا مبدأ ہو جہاں سے س ناپا جائیگا اور ا ت ثابت مماس ہو س = ۴ ا جب فنا ہے [شکل ۳۲]

۲۳- ثابت کرو کہ شکل (۳۳) میں ن م نقطہ ن پر کا مماس ہے اور ن ل سے عماد۔

کیونکہ مس فنا = $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{\text{جم طنا - جم (طنا + طا)}}{\text{جب (طنا + طا) - جب طنا}} = \text{مس} (\text{طنا} + \frac{1}{2} \text{طا})$

اور ن ل محور لا کے ساتھ زاویہ طنا + $\frac{1}{2}$ طا بناتا ہے۔

اسی طرح کے نتائج درتدویر کے لئے بھی درست ہیں۔

۲۴۔ شکل ۳۳ میں اگر برتدویر کی قوس ق ف = س تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{فرس}}{\text{قرطف}} = ۲(ا+ب)\text{جب}\frac{ا\,\text{طف}}{۲ب}\,،\quad س = \frac{۴ب(ا+ب)}{ا}\left(۱-\text{جم}\frac{ا\,\text{طف}}{۲ب}\right)$$

اور ق ف کا طول ہے $\frac{۸ب(ا+ب)}{ا}$ ہے۔

۲۵۔ ثابت کرو کہ برتدویر کی ذاتی مساوات ہے س = $\frac{۴ب(ا+ب)}{ا}\left\{۱-\text{جم}\frac{ا\,\text{فف}}{ا+۲ب}\right\}$

اور نصف قطر انحنا ہے ر = $\frac{۴ب(ا+ب)}{ا+۲ب}\text{جب}\left(\frac{ا\,\text{فف}}{ا+۲ب}\right)$

اسی طرح کے نتائج در تدویر کے لئے بھی درست ہیں اگر ب کی علامت بدل دی جائے۔

۲۶۔ اگر ب = $\frac{ا}{۴}$ تو ثابت کرو کہ اس در تدویر کے چار قرن ہیں اور اس کی مساواتیں ہیں لا = ا جم^۳ طف ، ما = ا جب^۳ طف

طف کو ساقط کرنے سے لا$^{\frac{۲}{۳}}$ + ما$^{\frac{۲}{۳}}$ = ا$^{\frac{۲}{۳}}$ حاصل ہوتا ہے۔

۲۷۔ اگر ب = $\frac{ا}{۲}$ تو ثابت کرو کہ خط در تدویر ثابت دائرہ کا قطر بن جاتا ہے

۲۸۔ اگر ب = ا اور مبدا نقطہ ق پر ہو تو ثابت کرو کہ برتدویر خط صنوبری ر = ۲ا (۱-جم طف) بن جاتا ہے۔ یعنی

رجم طف = لا - ا ، رجب طف = ما

۲۹۔ مثال ۲۵ میں رکھو

$$\text{فف} = \frac{(ا+۲ب)^{۲}}{ا^{۲}}\text{فف}\,،\quad س = \frac{۴ب(ا+ب)}{ا} + س$$

یعنی قوس کو ق ف کے نقطہ وسطی ص (راس) سے ناپنا شروع کرو اس طرح حاصل ہوگا

$$س = \frac{۴ب(۱+ب)}{۱} \text{ جب } \frac{۱ فہ}{۱+۲ب}$$

ثابت کرو کہ مساوات س = ل جب ن فہ ایک برتدویر کو تعبیر کرے گی اگر ن ایک سے کم ہو اور درتدویر کو اگر ن ایک سے بڑا ہو۔

۳۰۔ اگر ایک منحنی اور اس کے برپیچہ کی متناظر قوسیں س اور ث ہوں تو

$$ث = \pm \frac{فر س}{فر فہ} + \text{مستقل}$$

مثال ۲۹ کے نتیجہ سے ثابت کرو کہ برتدویر کا برپیچہ ایک برتدویر ہے اور درتدویر کا درتدویر ہے۔

۳۱۔ ایک دائرہ کے محیط پر متوازی شعاعیں پڑتی ہیں اور منعکس ہوتی ہیں اور زاویہ انعکاس زاویہ وقوع کے مساوی ہے، دائرہ کا نیم قطر ۱ ہے اور نقطہ وقوع (۱ جم طہ، ۱ جب طہ) ہے جو دونوں کا مبدا دائرہ کا مرکز ہے اور محور لا سمت وقوع کے متوازی ہے، ثابت کرو کہ شعاع منعکسہ کی مساوات ہے

$$ما جم ۲طہ - لا جب ۲طہ + ۱ جب طہ = ۰$$

اور شعاع منعکسہ کا لفاف ذیل کی برتدویر ہے

$$لا = \frac{۱}{۴}(۳ جم طہ - جم ۳طہ)، \quad ما = \frac{۱}{۴}(۳ جب طہ - جب ۳طہ)$$

۳۲۔ اگر ایک ذرہ مرکزی مدار ایک ایسی قوت ق کے ماتحت مرتسم کرے جو سمتی نیم قطر کی سمت میں باہر کی طرف عمل کرتی ہو تو مستعملہ ترقیم کے مطابق

$$ق = \frac{ھ^۲}{ع^۲}$$ جہاں و رفتار ہے اور ع عمود کا طول۔

ثابت کرو کہ

$$ق = فر_{\frac{۱}{ر}}(\frac{۱}{۲} و^۲) = -ھ^۲ ع^۲ (\frac{فر^۲_ع}{فر^۲_طہ} + ع) \text{ جہاں } ع = \frac{۱}{ر}$$

یہ مساوات مدار کی تفرقی مساوات ہے۔ اگر $\theta = \pm \phi + \alpha$ تو ثابت کرو کہ مدار ایک مخروطی ہے جہاں قوت کا مرکز اس کے ایک ماسکہ پر ہے۔
(ملاحظہ ہوں دفعات ۶۰، ۶۱)

باب پنجم

لامتناہی سلسلے

۳۸۔ **لامتناہی سلسلے**۔ لامتناہی سلسلوں کی مکمل بحث کے لئے طالب علم کرسٹل کے جبر و مقابلہ حصۂ دوم کے متعلقہ ابواب کا مطالعہ کرے، انکے متعلق نہایت عمدہ ابتدائی بیان اوسگڈ کی کتاب "لامتناہی سلسلوں کی تمہید" (انٹروڈکشن ٹو انفنٹ سیریز، کمبرج، صوبجات متحدہ امریکہ، ہارورڈ یونیورسٹی) میں ملے گا۔ یہاں ہم اپنی توجہ صرف اُن مسائل تک محدود رکھینگے جن کو آئندہ اکثر استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی۔

لامتناہی سلسلہ کی تعریف۔ فرض کرو کہ $ع_۱$، $ع_۲$، $ع_۳$، ..... مقادیر کی ایک جمعیت ہے جو تعداد میں لاانتہا ہے، اور $ع_ن$ عدد ن کا ایک وحید القیمت تفاعل ہے، نیز فرض کرو کہ $س_ن$ پہلی ن قیموں کے مجموعہ کو تعبیر کرتا ہے، تب

$$س_ن = ع_۱ + ع_۲ + ع_۳ + \ldots + ع_ن \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

اگر ن کو لاانتہا بڑھایا جائے تو سلسلہ (۱) لامتناہی سلسلہ ہو جائیگا۔

اگر ن کے لاانتہا بڑھنے سے مجموعہ $س_ن$ ایک معین محدود انتہا س کی طرف مائل ہو تو لامتناہی سلسلہ کو مستدق کہتے ہیں اور اس امر کو کئی طرح سے بیان کرتے ہیں، سلسلہ کا مجموعہ س ہے یا سلسلہ کی قیمت س ہے، سلسلہ قیمت س کی طرف مستدق ہوتا ہے۔

مثال ۱۔ فرض کرو کہ $س_ن = ۱ + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۴} + \ldots + \frac{۱}{۲^{ن-۱}}$

یہاں $س_ن = ۲ - \frac{۱}{۲^{ن-۱}}$، نہا $س_ن = ۲ = س$

اگر ن کے لاانتہا بڑھنے سے $س_ن$ کسی معین محدود انتہا کی طرف مائل نہ ہو تو سلسلہ کو غیر مستدق کہتے ہیں۔ اس صورت میں یا تو $س_ن$ تعداداً لاانتہا بڑھے گا اور سلسلہ متسع کہلائے گا یا $س_ن$ کی کوئی معین انتہا نہیں ہوگی اور اس حالت میں سلسلہ کو اہتزازی سلسلہ کہینگے۔

مثال ۲۔ فرض کرو کہ $س_ن = ۱ + ۲ + ۳ + ... + ن$

یہاں $س_ن$ لاانتہا بڑھتا ہے، اس لئے سلسلہ متسع ہے۔

مثال ۳۔ فرض کرو کہ $س_ن = ۱ - ۱ + ۱ - ۱ + ... (-۱)^{ن-۱} \times ۱$

اگر ن جفت ہو تو $س_ن$ صفر ہوتا ہے اور اگر طاق ہو تو ایک۔ اگرچہ اس صورت میں $س_ن$ لامتناہی نہیں ہوتا تاہم اس کی انتہا ایک معین محدود مقدار نہیں ہے، اس لئے سلسلہ اہتزاز کرتا ہے۔

ظاہر ہے کہ اگر $ع_۱، ع_۲، ....$ سب متحد العلامت ہوں تو سلسلہ اہتزاز نہیں کر سکتا۔

ترقیم لامتناہی سلسلہ کو ہم اس طرح تعبیر کرینگے

$ع_۱ + ع_۲ + ...$، یا $\sum_{۱}^{\infty} ع_ن$

ذیل کے مسائل بآسانی ثابت ہو سکتے ہیں۔

مسئلہ ۱۔ اگر $ع_۱ + ع_۲ + ع_۳ + ...$ قیمت $س$ کی طرف استدقاق کرے تو سلسلہ $ج ع_۱ + ج ع_۲ + ج ع_۳ + ...$، ج $س$ کی طرف استدقاق کریگا جہاں ج کوئی محدود مقدار ہے

اس کا ثبوت آسان ہے اور طالب علم کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے۔

مسئلہ ۲۔ اگر $ع_۱ + ع_۲ + ...$ مائل بہ $س$ ہو اور $ف_۱ + ف_۲ + ...$ مائل بہ $ت$ تو سلسلہ $(ع_۱ + ف_۱) + (ع_۲ + ف_۲) + ...$ مائل بہ $(س + ت)$ ہوگا

فرض کرو کہ $س_ن = ع_1 + ع_2 + \ldots + ع_ن$
اور $ت_ن = و_1 + و_2 + \ldots + و_ن$، تو ن کی تمام قیمتوں کے لئے

$$(ع_1 + و_1) + (ع_2 + و_2) + \ldots + (ع_ن + و_ن) = س_ن + ت_ن$$

جس سے نتیجہ ثابت ہوتا ہے۔

پہلے مسئلہ سے واضح ہوتا ہے کہ ج اور ح ع کا حاصل ضرب ح ج ع ہے اور دوسرے سے کہ ح ع اور ح و کا حاصل جمع ح (ع + و) ہے، ظاہر ہے کہ اصطلاح حاصل جمع کو حاصل تفریق پر بھی شامل خیال کیا جا سکتا ہے۔

$س_ن$ کے مرتب کرنے میں یہ مان لیا گیا ہے کہ رقموں کو اُسی ترتیب میں جمع کیا گیا ہے جس ترتیب میں یہ سلسلے کے اندر واقع ہوتی ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ اگر سلسلہ مستدق ہو تو اسکے لئے قانون اجتماع درست ہوگا یعنی رقموں کو خواہ کسی طرح گروہوں میں تقسیم کیا جائے (جبتک اِن کی ترتیب نہ بدلی جائے) سلسلہ کی قیمت میں فرق نہیں آئے گا۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ اگر رقموں کو مختلف ترتیب میں لکھنے سے ایک نیا سلسلہ مرتب کیا جائے تو یہ سلسلہ بھی اسی قیمت کی طرف مستدق ہوگا جس کی طرف اصلی سلسلہ مستدق ہوتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۱)۔

جملات "عددی قیمت" یا "مطلق قیمت" کے لئے ہم یہ ترقیم اختیار کرتے ہیں۔ |ا| اسے مراد ہے ا کی عددی یا مطلق قیمت۔ مثلاً

$$|2| = 2,\quad |-2| = 2,\quad |-10 + 6| = 4$$

ذیل کے بیانات باسانی ثابت ہو سکتے ہیں۔

$$|ا + ب + ج + \ldots| \leq |ا| + |ب| + |ج| + \ldots\ldots$$

تساوی صرف اسی صورت میں درست ہوگی جبکہ ا، ب، ج، ..... سب کے سب ایک ہی علامت رکھتے ہوں۔

(۲) اگر ج مثبت ہو تو لاتساوی $|ا - ب| < ج$ ذیل کی کسی ایک لاتساوی کے مترادف ہے۔

ب - ج < ا < ب + ج ، ا - ج < ب < ا + ج

۳۹ - **انتہا کا وجود** کسی تفاعل کا تعین ایک لامتناہی سلسلہ سے ہوسکتا ہے بشرطیکہ سلسلہ متدق ہو، تمثیلاً لامتناہی سلسلہ

ا + ا لا + ا لا^{۲} + ...

قیمت $\frac{ا}{۱ - لا}$ کی طرف متدق ہوتا ہے جب تک کہ لا تعداداً ایک سے کم رہے۔ اس صورت میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر - ۱ < لا < ا تو تفاعل $\frac{ا}{۱ - لا}$ اس لامتناہی سلسلہ سے تعبیر ہوتا ہے یا سلسلہ تفاعل کا تعین کرتا ہے۔ اگر لا ایک سے بڑا ہو تو سلسلہ متسع ہوتا ہے اور یہ تفاعل $\frac{ا}{۱ - لا}$ کو مطلق تعبیر نہیں کرسکتا۔ عملی نقطہ نظر سے صرف متدق سلسلے زیادہ تر کارآمد ہوتے ہیں، سوائے بعض قیود کے اُن پر اسی آسانی سے ریاضی اعمال صادر ہوسکتے ہیں جو محدود رقموں والے جملات پر، غیر متدق سلسلے صرف خاص خاص حالات کے ماتحت استعمال میں آتے ہیں۔

جب ایک سلسلہ دیا گیا ہو تو سلسلہ ہندسیہ کی طرح اس عدد کی فوراً تخصیص کرلینا جو س$_{ن}$ کی انتہا ہو ایسا آسان نہیں ہوتا پس اس امر کی تحقیق کے لئے کہ کسی خاص صورت میں سلسلہ کی انتہا ہے بھی یا نہیں کسی جانچ کا قائم کرنا ضروری ہے، اس غرض سے ہم ذیل کے تین مسائل بیان کرتے ہیں جو علاوہ ازیں سلسلوں کے استدقاق کے متعلق چند سادہ آزمائشی اصولوں کے منضبط کرنے میں کارآمد ہوں گے۔ ہم مان لیتے ہیں کہ متغیر س$_{ن}$، ن کا ایک قیمت والا تفاعل ہے، اس میں ن کو لا انتہا بڑھانا پڑے گا۔ چونکہ تمام انتہاؤں میں ن ← ∞، اس لئے عمل میں ہم لاحقہ ن ← ∞ کو حذف کردینگے۔

مسئلہ ۱ - اگر س$_{ن}$، ن کا ایک ایسا تفاعل ہو جو (۱) ن کے بڑھنے سے

ہمیشہ بڑھے لیکن (۲) ایک محدود مقدار ا سے ہمیشہ کم رہے تو ن کے لا انتہا بڑھنے سے یہ ایک خاص انتہا کی طرف مستدق ہوگا جو ا سے کم یا ا کے مساوی ہوگی۔

مسئلہ ۲۔ اگر س ن، ن کا ایک ایسا تفاعل ہو جو (۱) ن کے بڑھنے سے ہمیشہ گھٹے لیکن (۲) ایک خاص مقدار ب سے ہمیشہ بڑا رہے تو ن کے لا انتہا بڑھنے سے یہ ایک خاص مقدار کی طرف مستدق ہوگا جو ب سے زیادہ یا ب کے مساوی ہوگی۔

مسئلہ ۳۔ اس امر کے لئے ضروری اور کافی شرط کہ ن کے لا انتہا بڑھنے سے س ن ایک معین انتہا کی طرف مائل ہو یہ ہے کہ ن کے لا انتہا بڑھنے سے (س ن+ف - س ن) کی انتہا ف کی ہر ایک قیمت کے لئے صفر ہو۔ دوسرے الفاظ میں فرض کرو کہ صہ کوئی اختیاری چھوٹی مثبت مقدار ہے۔ اگر ن کی ایسی قیمت مثلاً ن = م معلوم ہو سکے کہ جب ن ≥ م تو فرق (س ن+ف - س ن) تعداداً کم ہو صہ سے ف کی تمام مثبت صحیح قیمتوں کے لئے تو س ن کے استدقاق کے لئے یہ شرط ضروری اور کافی ہوگی۔

ہم ان مسئلوں کے یہاں ثبوت نہیں دینگے، مسئلہ ۱ اور ۲ بطور مشق کے اس سے قبل (مشق، سوال ۱۴، ۱۵ حصۂ اول میں) دئے گئے ہیں اور جو ہندسی توضیح ان کی وہاں دی گئی ہے اس کی بنا پر ہم ان کی صداقت کو ماننے کے مجاز ہیں۔ مسئلہ ۳ کے متعلق ہم بآسانی دیکھ سکتے ہیں کہ اوپر کی شرط ضروری ہے۔ کیونکہ اگر س ن کی معین انتہا س ہو تو

(س ن+ف - س ن) = (س ن+ف - س) + (س - س ن)

اسلئے نہا (س ن+ف - س ن) = نہا (س ن+ف - س) + نہا (س - س ن) =

یہ ثابت کرنے کے لئے کہ یہ شرط کافی ہے محور لا پر نقطے ا۱، ا۲، ا۳، ا۴ ..... لو من کے فصلے بالترتیب س۱، س۲، س۳، س۴ ..... ہیں۔ اس صورت میں ا ن+۱، ا ن کے دائیں بائیں کسی جانب واقع ہو سکتا ہے کیونکہ ن کے بڑھنے سے س ن لازمی طور پر نہ ہمیشہ بڑھتا ہے اور نہ ہمیشہ گھٹتا ہے۔ لیکن حسب مفروض اگر ن ≥ م تو

اس ن+ف - س ن | < صہ، یعنی س م - صہ < س م+ف < س م + صہ

اگر ط، ق وہ نقطے ہوں جنکے فصلے س م - صہ اور س م + صہ ہیں تو حصے ط ق کا طول ۲ صہ ہوگا اور ہر ایسا نقطہ ا ن جس کی صورت میں ن پڑا ہے م سے اس حصہ کے اندر واقع ہوگا، صہ کو بتدریج چھوٹی اور چھوٹی قیمتیں دینے سے یہ حصے بتدریج کم ہوتی جائینگے ط ق، ط' ق'، ط'' ق''، ..... جن میں سے ہر ایک حصہ پہلے کے اندر واقع ہوتا ہے نقاط ط، ط'، ط''، ..... دائیں جانب حرکت کرتے ہیں اور ق، ق'، ق''، ..... بائیں جانب۔ مسئلہ (۱) کی رو سے ط، ط'، ط''، ..... ایک محدود انتہا کی طرف مائل ہوتے ہیں اور مسئلہ (۲) کی رو سے ق، ق'، ق''، ..... بھی ایک محدود انتہا کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ نیز چونکہ صہ کو ہم اتنا چھوٹا مان سکتے ہیں جتنا چاہیں، اس لئے یہ دونوں انتہائیں (فرض کرو) نقطہ س پر منطبق ہوتی ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ نقاط ا ن کی انتہا س کی طرف مائل ہوتی ہے اور س کا فصلہ س، س ن کی انتہا ہے۔

مشق، حصہ اول کے سوالات ۱۶ اور ۱۷ سے مسئلہ (۱) کی توضیح ہوتی ہے، مسئلہ (۳) کی توضیح کے لئے فرض کرو کہ

$$س_ن = ۱ - \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{۴} + ... + (-۱)^{ن-۱} \frac{۱}{ن}$$

یہاں $س_{ن+ف} - س_ن = \pm \left(\frac{۱}{ن+۱} - \frac{۱}{ن+۲} + ... \pm \frac{۱}{ن+ف} \right)$

اور $\frac{1}{ن+۱} - \frac{1}{ن+۲} + \dots \pm \frac{1}{ن+ف} = \frac{1}{ن+۱} - (\frac{1}{ن+۲} - \frac{1}{ن+۳}) - \dots$

$< \frac{1}{ن+۱}$ کیونکہ ہر خطوط وحدانی کے اندر کا جملہ مثبت ہے۔

اگر ف جفت ہو تو آخری خطوط وحدانی میں صرف ایک رقم ہوگی $\frac{1}{ن+ف}$۔

نیز $\frac{1}{ن+۱} + \frac{1}{ن+۲} + \frac{1}{ن+۳} + \dots \pm \frac{1}{ن+ف} = (\frac{1}{ن+۱} - \frac{1}{ن+۲})$

$+ (\frac{1}{ن+۳} - \frac{1}{ن+۴}) + \dots$

بائیں طرف کا جملہ مثبت ہے۔ اسلئے $|س_{ن+ف} - س_ن|$ صفر اور $\frac{1}{ن+۱}$ کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ اسلئے $س_{ن+ف} - س_ن$ کی انتہا صفر ہے اور $س_ن$ ایک معین انتہا کی طرف مائل ہوتا ہے۔ بعد میں ہم دیکھینگے کہ یہ انتہا لوک ۲ ہے (دفعہ ۴۴ (۵))۔ پس

لوک ۲ = $۱ - \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{۴} + \dots$

ظاہر ہے کہ اگر $س_ن$ کی بجائے کوئی لا کا مسلسل تفاعل ف (لا) ہو تو بھی یہ تینوں مسئلے (۱)، (۲)، (۳) اسکی صورت میں درست رہینگے۔

اگر لا ایک محدود انتہا لا کیطرف مائل ہوتا ہو تو ہم لا کی بجائے لا $\pm \frac{۱}{ن}$ رکھ سکتے ہیں، اس طرح ن کے لا انتہا بڑھنے سے لا کی انتہا لا ہوگی۔ اگر لا مائل بہ ∞ ہوتا ہو تو ہم لا کی بجائے ن رکھ سکتے ہیں۔

۴۰۔ استدقاق پر کھنے کے طریقے۔ اگر لامتناہی سلسلے حج ع کا

مجموعہ س سے تعبیر کیا جائے اور اس کی ن رقموں کا س ن سے تو فرق س - س ن کو باقی کہتے ہیں ن رقموں کے بعد۔
اگر اس باقی کو ب ن لکھیں تو

س = س ن + ب ن

صریحاً ب ن خود ایک لامتناہی سلسلہ ہے ع ن+۱ + ع ن+۲ + ع ن+۳ + ...
اور ب ن کی انتہا صفر ہے۔ اگر سلسلہ ایسا ہو کہ | ب ن | چھوٹا ہو جبکہ ن چھوٹا ہو تو سلسلہ سرعت سے مستدق ہوتا ہے کیونکہ سلسلہ کی صرف چند رقمیں لینے سے س کی قیمت کا اچھا اندازہ لگ سکتا ہے۔ سلسلوں کی قیمتوں کے محسوب کرنے میں استدقاق کی سرعت خاص اہمیت رکھتی ہے لیکن یاد رہے کہ ایک سلسلہ مستدق ہی کہلائے گا خواہ اسکی قیمت کا معمولی اندازہ لگانے میں دس لاکھ رقموں کی ضرورت ہو۔

بنیادی پرکھ یا جانچ۔ فرض کرو کہ ف ب ن، س ن+ف - س ن کو تعبیر کرتا ہے یعنی

ف ب ن = ع ن+۱ + ع ن+۲ + ع ن+۳ + ... + ع ن+ف

تب ف ب ن کو ن رقموں کے بعد جزوی باقی کہینگے۔ دفعہ ۳۹ مسئلہ ۳ کی رُو سے اس امر کے لئے ضروری اور کافی شرط کہ ح ع مستدق ہو یہ ہے کہ ف ب ن کی انتہا ف کی ہر قیمت کے لئے صفر ہو۔

اگر ف = ۱ تو ف ب ن = ع ن+۱، اس لئے استدقاق کی ایک ضروری شرط یہ ہے کہ ع ن+۱ یا (جو وہی بات ہے کہ) ع ن مائل بہ صفر ہو، مگر ہم آگے دیکھینگے (مثال ۱) کہ یہ شرط کافی نہیں ہے۔

اس جانچ کو آسانی سے استعمال نہیں کیا جا سکتا، اس لئے ہم ایک دو اور جانچ کے طریقے حاصل کرتے ہیں جو آسانی استعمال میں آسکیں۔

مقابلہ کی جانچ۔ فرض کرو کہ $ع_۱ + ع_۲ + ع_۳ + \ldots$ مثبت رقموں کا ایک سلسلہ ہے۔ اگر اس سلسلہ کی ہر ایک رقم، ایک اور مثبت رقموں والے مستدق سلسلہ $ا_۱ + ا_۲ + ا_۳ + \ldots$ کی متناظر رقم سے کم ہو یا مساوی ہو تو سلسلہ $ع_۱ + ع_۲ + ع_۳ + \ldots$ بھی مستدق ہوگا لیکن اگر اس سلسلہ کی ہر ایک رقم مثبت رقموں والے ایک متسع سلسلہ $ب_۱ + ب_۲ + \ldots$ کی متناظر رقم کے مساوی ہو یا اس سے بڑی ہو تو سلسلہ $ع_۱ + ع_۲ + \ldots$ بھی متسع ہوگا۔

فرض کرو کہ $س_ن = ع_۱ + ع_۲ + \ldots + ع_ن$، $ص_ن = ا_۱ + ا_۲ + \ldots + ا_ن$، $ص = نہا_{ن=∞} ص_ن$

تب $س_ن \leqq ص_ن$، $ص_ن < ص$ کیونکہ سلسلہ $ا_۱ + ا_۲ + \ldots$ کی سب رقمیں مثبت ہیں، اس لئے $س_ن$، جو ن کے بڑھنے سے بڑھتا ہے ہمیشہ ص سے کم رہتا ہے یعنی $س_ن$ ایک ایسی انتہا کی طرف مستدق ہوتا ہے جو ص سے کم ہے یا اس کے مساوی ہے [دفعہ ۲۹ مسئلہ ۱]

اتساع کی صورت میں ثبوت طالب علم خود مہیا کرے۔

نوٹ۔ یہاں ایک بات قابل توجہ ہے کہ استدقاق کے لئے کسی سلسلہ کی جانچ کرنے میں اگر ہم ضرورت خیال کریں تو رقموں کی کسی محدود تعداد سے قطع نظر کر سکتے ہیں، ان رقموں کا اخراج صرف انتہا کی قیمت پر اثر رکھیگا لیکن انتہا کے وجود پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔

مثال ۱۔ سلسلہ $۱ + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} + \ldots$ کو موسیقی سلسلہ کہتے ہیں، ثابت کرو کہ یہ متسع ہے باوجود اس کے کہ $ع_ن = ۰$۔

تیسری رقم سے شروع ہو کر سلسلہ وار ۲ رقمیں، پھر ۴ یا ۲² رقمیں، پھر ۸ یا ۲³ رقمیں وغیرہ لو:۔

اب $\frac{1}{3} + \frac{1}{4} > \frac{1}{4} + \frac{1}{4}$ یا $\frac{1}{2}$

$\frac{1}{5} + \frac{1}{6} + \frac{1}{7} + \frac{1}{8} > \frac{4}{8}$ یا $\frac{1}{2}$

اور اسی طرح۔

پس ۲^م رقموں تک مجموعہ بڑا ہے ذیل کے سلسلہ سے

$(1 + \frac{1}{2}) + \frac{1}{2} + \frac{1}{2} + \ldots\ldots$ م رقموں تک

یعنی بڑا ہے $1 + \frac{م}{2}$ سے۔ اسلئے ن کو ہم اتنا بڑا لے سکتے ہیں کہ س ن کسی بڑے سے بڑے مفروضہ عدد سے بڑا ہو یعنی سلسلہ متسع ہے۔

مثال ۲۔ سلسلہ $1 + \frac{1}{عہ^2} + \frac{1}{عہ^3} + \frac{1}{عہ^4} + \ldots\ldots$ مستدق ہوگا اگر عہ > ۱ اور متسع ہوگا اگر عہ ≦ ۱

(۱) عہ > ۱ دوسری رقم سے شروع ہوکر رقموں کو اکھٹا کرو جیسے مثال ایں

$\frac{1}{عہ^2} + \frac{1}{عہ^3} < \frac{1}{عہ^2} + \frac{1}{عہ^2}$ یا $\frac{1}{2^{عہ-1}}$

$\frac{1}{عہ^4} + \frac{1}{عہ^5} + \frac{1}{عہ^6} + \frac{1}{عہ^7} < \frac{4}{عہ^4}$ یا $(\frac{1}{2^{عہ-1}})^2$

وغیرہ وغیرہ

پس مجوزہ سلسلہ ذیل کے سلسلہ سے کم ہے

$1 + \frac{1}{2^{عہ-1}} + (\frac{1}{2^{عہ-1}})^2 + (\frac{1}{2^{عہ-1}})^3 + \ldots\ldots$

جو ایک سلسلہ ہندسیہ ہے جسکی نسبت مشترک ایک سے کم ہے۔ اس لئے یہ مستدق ہے۔ مجوزہ سلسلہ بھی اس لئے مستدق ہے۔

(۲) عہ ≦ ۱، صورت عہ = ۱ پر مثال (۱) میں بحث کی گئی ہے۔

جب، عہ < ۱ تو سلسلہ کی رقمیں موسیقی سلسلہ کی متناظر رقموں سے بڑی ہوتی ہیں۔ اس لئے اس صورت میں سلسلہ متسع ہے۔

جانچ کی نسبت۔ فرض کرو کہ $ع_۱ + ع_۲ + ع_۳ + \ldots\ldots$ مثبت رقموں کا ایک سلسلہ ہے اور ن ← ∞ کے لئے $\frac{ع_{ن+۱}}{ع_ن}$ کی انتہا ک ہے یہ سلسلہ مستغرق ہوگا اگر ک < ۱ اور متسع ہوگا اگر ک > ۱، اگر ک = ۱ تو یہ جانچ استغراق پر کہنے میں کارگر نہیں ہوگی۔

(۱) ک < ۱ انتہا کی تعریف کے بموجب ہم ن کو اسقدر بڑا لے سکتے ہیں (مثلاً ن = م) کہ جب ن ≥ م تو نسبت $\frac{ع_{ن+۱}}{ع_ن}$ اور ک کا فرق اسقدر کم ہو جسقدر ہم چاہیں گویا یہ نسبت اس منزل کے بعد ایک کسر واجب ر سے کم ہو۔ اگر م کا اس طرح انتخاب کیا جائے کہ

تو $ع_{م+۱} < ع_م ر$، $ع_{م+۲} < ع_{م+۱} ر < ع_م ر^۲$، $ع_{م+۳} < ع_م ر^۳$ وغیرہ، اسلئے رقم $ع_م$ کے بعد سلسلہ کی ہر ایک رقم ذیل کے سلسلہ ہندسیہ کی متناظر رقم سے کم ہوگی

$$ع_م ر + ع_م ر^۲ + ع_م ر^۳ + \ldots\ldots\ldots\ldots$$

چونکہ ر < ۱، اس لئے مجوزہ سلسلہ مستغرق ہے۔

(۲) ک > ۱، حسب بالا ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ سلسلہ متسع ہوگا جبکہ ک > ۱

نتیجہ صریح ۔ دئے ہوئے سلسلہ کی باقی ب م کم ہے ذیل کے سلسلہ سے

$$ع_م ر + ع_م ر^۲ + \ldots\ldots \text{ یعنی } ع_م ر/(۱-ر) \text{ سے}$$

مثال ۳۔ $۱ + لا + \frac{لا^۲}{۲} + \frac{لا^۳}{۳} + \ldots\ldots\ldots$ (لا مثبت)

$$\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن} = \frac{لا^ن}{ن} \div \frac{لا^{ن-1}}{ن-1}$$

$$= \frac{ن-1}{ن} لا$$

$$ک = لا$$

اس لئے سلسلہ مستدق ہوگا اگر $لا < 1$ اور متسع ہوگا اگر $لا > 1$
اگر $لا = 1$ تو یہ موسیقی سلسلہ ہے اور متسع ہے۔

مثال ۴۔ $1 + لا + \frac{لا^2}{2} + \frac{لا^3}{3} + \dots\dots\dots$ (لا مثبت)

$$\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن} = \frac{لا}{ن} \quad ، \quad ک = 0$$

اس لئے یہ سلسلہ ($ع_ن$ قوت نمائی سلسلہ، دفعہ ۴۹ حصہ اول) لا کی ہر مثبت قیمت کے لئے مستدق ہے۔ ابھی ہم دیکھینگے کہ یہ لا کی ہر مثبت یا منفی قیمت کے لئے مستدق ہے۔

۴۱۔ استدقاق مطلق، قوتی سلسلے

مسئلہ ۱۔ اگر کسی سلسلہ میں ہر دو مثبت اور منفی رقمیں موجود ہوں اور یہ مستدق ہو جبکہ تمام منفی رقموں کی علامت بدل دیجائے تو یہ اپنی اصلی حالت میں بھی مستدق ہوگا۔

یہ ظاہر ہے کیونکہ منفی علامتوں کو بحال کرنے سے $|س_ن|$ اور $|ب_ن|$ دونوں مقدار میں کم ہونگے۔

تعریف ۱۔ اگر کسی سلسلہ میں مثبت، منفی رقمیں دونوں طرح کی موجود ہوں اور اس کی منفی رقموں کو مثبت بنانے سے جو سلسلہ بنے وہ مستدق ہو تو اصطلاحاً اسے یوں بیان کرتے ہیں کہ اصلی سلسلہ مطلق طور پر یا بلا قید مستدق ہے۔

یعنی $ع_1 + ع_2 + ع_3 + ع_4 + \dots$ مطلق طور پر مستدق ہوگا اگر $|ع_1| + |ع_2| + |ع_3| + \dots$

مستحق ہو۔ کسی اور طرح کے مستحق سلسلے کو نیم مستحق یا مستحق بالشرط کہینگے۔
مسئلہ ۱ کا عکس درست نہیں، سلسلہ $ع_1 + ع_2 + ع_3 + \ldots$ مستحق ہو سکتا ہے
اور $ع_1 + |ع_2| + ع_3 + |ع_4| + \ldots$ متسع (ملاحظہ ہو مثال ۱)

نتیجہ صریح۔ ایک سلسلہ مطلق طور پر مستحق ہوگا اگر $\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن}$ کی انتہا تعداداً ایک کسر واجب کے مساوی ہو۔

مطلق طور پر مستحق سلسلے خاص اہمیت رکھتے ہیں، رقموں کی ترتیب کے بدلنے سے مجموعہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مستحق بالشرط سلسلہ کی رقموں کو اسی طرح پر ترتیب دینا ممکن ہے کہ نیا سلسلہ جو پیدا ہو وہ مستحق ہو لیکن کسی اور انتہا کی طرف استحقاق کرے یا یہاں تک کہ متسع ہو جائے۔ الفاظ "بالشرط" اور "بلا شرط" کی یہی وجہ تسمیہ ہے۔ [ملاحظہ ہو جبر و مقابلہ کرسٹل حصہ دوم باب ۲۶، دفعہ ۱۳]

مسئلہ ۲۔ اگر مقادیر $ع_1$، $ع_2$، $ع_3$، ..... سب مثبت ہوں اور ان میں سے ہر ایک اپنی رقم ماقبل سے کم ہو (یا اس کے مساوی ہو)، نیز اگر $ع_ن$ کی انتہا صفر ہو تو سلسلہ

$$ع_1 - ع_2 + ع_3 - ع_4 + \ldots + (-1)^{ن-1} ع_ن + \ldots\ldots\ldots$$

مستحق ہوگا۔ اس سلسلہ کو متبادل سلسلہ کہا جا سکتا ہے۔
رقموں کی جفت تعداد کا مجموعہ ہم ذیل کی دو صورتوں میں لکھ سکتے ہیں۔

$$س_{2ن} = (ع_1 - ع_2) + (ع_3 - ع_4) + \ldots + (ع_{2ن-1} - ع_{2ن})$$

$$= ع_1 - (ع_2 - ع_3) - (ع_4 - ع_5) - \ldots - ع_{2ن}$$

پہلی صورت سے ظاہر ہے کہ $س_{2ن}$ مثبت ہے اور ن کے بڑھنے سے بڑھتا ہے
دوسری صورت سے ظاہر ہے کہ $س_{2ن}$، $ع_1$ سے کم ہے کیونکہ ہر فرق مثبت ہے،

اس لئے $س_{ن+۱}$ ایک انتہا (مثلاً س) کی طرف مستدق ہوتا ہے۔

نیز $س_{ن+۱} = س_ن + ع_{ن+۱}$، اب چونکہ نہا $ع_{ن+۱}$ صفر ہے،

اس لئے $س_{ن+۱}$ اور $س_ن$ کی ایک ہی انتہا ہے، اس لئے سلسلہ مستدق ہے۔

نتیجہ صریح | اب | کم ہے $ع_{ن+۱}$ سے۔

مثال ۱۔ $۱ - \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{۴} + \dots\dots$

سلسلہ تمام شرائط کو پورا کرتا ہے، اس لئے مستدق ہے جیسا کہ اس سے قبل (دفعہ ۳۹) میں بتایا گیا۔ لیکن سلسلہ

$۱ + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۴} + \dots\dots$ متسع ہے۔

مسئلہ ۳۔ اگر سلسلہ $ع_۱ + ع_۲ + \dots\dots$ مطلق طور پر مستدق ہو اور

$و_۱، و_۲، و_۳، \dots\dots$ میں سے ہر ایک مقدار ایک محدود مقدار ج سے کم

ہو تو سلسلہ $ع_۱ و_۱ + ع_۲ و_۲ + ع_۳ و_۳ + \dots\dots$ مطلق طور پر مستدق ہوگا۔

سلسلہ $|ع_۱ و_۱| + |ع_۲ و_۲| + \dots\dots$ کی رقمیں ذیل کے سلسلہ کی متناظر

رقموں سے کم ہیں

$$|ع_۱| ج + |ع_۲| ج + \dots\dots \text{ یا } ج \{|ع_۱| + |ع_۲| + \dots\}$$

اس لئے $|ع_۱ و_۱| + |ع_۲ و_۲| + \dots\dots$ مستدق ہے اور اسلئے $ع_۱ و_۱ + ع_۲ و_۲ + \dots\dots$

مطلق طور پر مستدق ہے۔

مثال ۲۔ $\frac{\text{جب } ۱ل}{۱} - \frac{\text{جب } ۲ل}{۲} + \frac{\text{جب } ۳ل}{۳} - \frac{\text{جب } ۴ل}{۴} + \dots\dots$

سلسلہ $\frac{۱}{۱} - \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{۴} + \dots\dots$ مطلق طور پر مستدق ہے اور

کوئی جیب ایک سے بڑی نہیں ہوسکتی۔ اس لئے لا کی سب قیمتوں کے لئے سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہے۔

تعریف ۲۔ لا کی صعودی صحیح قوتوں میں ذیل کی شکل کے سلسلہ کو

$$ا_۰ + ا_۱ لا + ا_۲ لا^۲ + \dots\dots + ا_ن لا^ن + \dots\dots \quad (ع)$$

جہاں سر مستقل ہیں ہم لا کا قوتی سلسلہ کہینگے زیادہ تر قوتی سلسلے ہی بحث میں آتے ہیں۔ ذیل کے مسائل ضروری ہیں۔

مسئلہ ۴۔ اگر $\frac{ا_{ن+۱}}{ا_ن}$ کی انتہا تعداداً $\frac{۱}{ر}$ ہو، تو قوتی سلسلہ (ع) مطلق طور پر مستدق ہوگا جبکہ لا تعداداً ر سے کم ہو اور متبع ہوگا جبکہ لا تعداداً ر سے بڑا ہو، نیز اس صورت میں جبکہ لا، ر کے مساوی ہو تو یہ جانچ کارگر نہیں ہوتی، سلسلہ مستدق ہوسکتا ہے یا متبع۔

پہلی رقم ا سے قطع نظر کرکے

$$\frac{ع_{ن+۱}}{ع_ن} = \frac{ا_{ن+۱}}{ا_ن} \text{ لا (تعداداً)}$$

$$\text{نہا } \frac{ع_{ن+۱}}{ع_ن} = \text{لا نہا } \frac{ا_{ن+۱}}{ا_ن} = \frac{\text{لا}}{ر}$$

مسئلہ ۱ کے نتیجہ ۳ کی رو سے مسئلہ ثابت ہوتا ہے۔

ذیل کا مسئلہ زیادہ عام ہے۔

مسئلہ ۵۔ اگر سلسلہ (ع) میں لا کی بجائے ر لکھا جائے اور اس طرح سے جو سلسلہ حاصل ہو اس کی کوئی رقم بھی ایک محدود مقدار ج سے بڑی نہ ہو تو سلسلہ (ع) مطلق طور پر مستدق ہوگا جب تک کہ لا تعداداً ر سے کم رہے۔

سلسلہ (ع) کو اس شکل میں

$$ا_۰ + ا_۱ ر (\frac{\text{لا}}{ر}) + ا_۲ ر^۲ (\frac{\text{لا}}{ر})^۲ + \dots\dots\dots\dots$$

میں لکھنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ اس کی رقمیں ذیل کے ہندسی سلسلہ کی متناظر رقموں سے بڑی ہیں

$$ج + ج\left(\frac{لا}{ر}\right) + ج\left(\frac{لا}{ر}\right)^{۲} + \ldots\ldots\ldots$$

اس لئے سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہے جبتک کہ $\frac{لا}{ر}$ تعداداً ایک سے کم ہو۔ اُس صورت میں جبکہ لا = ر سلسلہ مستدق ہو سکتا ہے یا متسع، لیکن اگر یہ مستدق ہو تو سلسلہ کی ہر ایک رقم جبکہ لا = ر محدود ہوگی اور سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہوگا جبکہ لا، ر سے تعداداً کم ہو۔

استدقاق کا وقفہ۔ جب ایک سلسلہ جسکی رقمیں لا کے تفاعل ہوں مستدق ہو جبکہ ا < لا < ب تو ہم اسے یوں بیان کر سکتے ہیں کہ سلسلہ وقفہ (ا، ب) کے اندر مستدق ہے، جب سلسلہ لا کی قیمتوں ا < لا < ب کے لئے مستدق ہو اور متسع ہو لا < ا اور لا > ب کے لئے تو (ا، ب) کو استدقاق کا وقفہ کہتے ہیں۔

مثال ۳۔ سلسلہ لا۔ $\frac{لا^{۲}}{۲} + \frac{لا^{۳}}{۳} - \frac{لا^{۴}}{۴} + \ldots\ldots\ldots$

مستدق ہے (شرطاً) جبکہ لا = ۱، اسلئے مطلق طور پر مستدق ہے جبکہ -۱ < لا < ۱، یہ متسع ہے جبکہ لا = -۱ اور جبکہ |لا| > ۱

مثال ۴۔ سلسلہ لا۔ $\frac{لا^{۲}}{۲^{۲}} + \frac{لا^{۳}}{۳^{۲}} - \frac{لا^{۴}}{۴^{۲}} + \ldots\ldots\ldots$

مطلق طور پر مستدق ہے جبکہ -۱ ≦ لا ≦ ۱، متسع ہے جبکہ |لا| > ۱۔ دونوں سلسلوں کے لئے (-۱، ۱) استدقاق کا وقفہ ہے۔

۴۲۔ یکساں استدقاق۔ جب ایک سلسلہ کی رقمیں لا کے تفاعل ہوں اور سلسلہ ایک وقفہ کے اندر مستدق ہو تو وقفہ میں کی کسی ایک معلومہ قیمت لا کے لئے ن کو اس طور پر منتخب کرنا ممکن ہوگا کہ باقی جب ایک دی ہوئی مقدار

کم ہو لیکن لا کی مختلف قیمتوں کے لئے بالعموم ن کی مختلف قیمتیں ہونگی جو باقی کو دی ہوئی مقدار سے کم بنائینگی۔ اسلئے

تعریف۔ ایک سلسلہ جسکی رقمیں لا کے تفاعل ہوں ایک وقفہ کے اندر یکساں طور پر مستدق کہلاتا ہے اگر ن کو اس طور پر منتخب کرنا ممکن ہو مثلاً = م کہ ن کی ہر ایسی قیمت کے لئے جو م کے مساوی یا اس سے بڑی ہو اور لا کی ہر ایسی قیمت کے لئے جو وقفہ مذکورہ کے اندر واقع ہو باقی ب ایک دی ہوئی مثبت مقدار صہ سے کم رہے۔

متغیر کو پیش نظر رکھنے کے لئے ہم یہ ترقیم اختیار کرینگے

ع (لا)، س (لا)، ب (لا)، س (لا)

مسئلہ ۱۔ اگر ایک سلسلہ ع (لا) + ع (لا) + ... یکساں طور پر مستدق ہو جبکہ ا ≧ لا ≧ ب اور اگر اسی وقفہ کے اندر سلسلہ کی ہر رقم لا کا مسلسل تفاعل ہو تو مجموعہ س (لا) بھی اس وقفہ میں مسلسل تفاعل ہوگا۔

فرض کرو کہ وسعت کے اندر متغیر کی دو قیمتیں لا اور لا ہیں، ہمیں ثابت کرنا ہے کہ اگر صہ مقرر کر لیا جائے تو لا کو لا کے اسقدر قریب لینا ممکن ہے کہ

| س (لا) - س (لا) | صہ سے کم ہو۔ معمولی ترقیم کے مطابق

س (لا) - س (لا) = س (لا) - س (لا) + ب (لا) ب (لا)

اور اسلئے | س (لا) - س (لا) | ≦ | س (لا) - س (لا) | + | ب (لا) ب (لا) |

اولاً چونکہ سلسلہ یکساں طور پر مستدق ہے ہم م کو اس طور پر منتخب کر سکتے ہیں کہ اس صورت میں جبکہ ن ≧ م، دونوں ب (لا) اور ب (لا)، صہ/۳ سے کم ہوں۔ فرض کرو کہ م کو اس طرح پر منتخب کر لیا گیا ہے۔

دوسرے س (لا) مسلسل تفاعلوں کی محدود تعداد کا مجموعہ ہے، اسلئے ہم

لا کو لا کے اتنا قریب لا سکتے ہیں کہ | س م (لا) - س م (لا) | صہ/۳ سے کم ہو۔
ان دو نتائج کو ملانے سے ہم دیکھتے ہیں کہ ہم لا کو لا کے اتنا قریب لا سکتے ہیں کہ
اس (لا) - س (لا) | صہ/۳ کے تین گنا یعنی صہ سے کم ہو۔
پس مسئلہ اُس صورت میں ثابت ہوا جبکہ لا وقفہ کے اندر واقع ہو۔ اگر لا = ا یا ب تو ثبوت میں تھوڑی ترمیم کی ضرورت ہوگی۔ اس کو طالب علم کے لئے چھوڑا گیا ہے۔
مسئلہ ۲۔ قوتی سلسلہ ا + ا لا + ا لا² + ... اپنے وقفہ استدقاق (-ر، ر) کے اندر ایک مسلسل تفاعل ہوتا ہے۔ لیکن ایسا ممکن ہے کہ وقفہ کے سرے پر یہ غیر مسلسل ہو جائے۔
ہم ثابت کرینگے کہ اگر - ر < ا ≦ لا ≦ ب < ر تو سلسلہ یکساں طور پر مستدق ہوگا، اسکے بعد نتیجہ مطلوبہ مسئلہ (۱) سے حاصل ہو جائیگا۔
عدد د ایسا لو جو ر سے کم ہو لیکن | ا | یا | ب | دونوں سے بڑا ہو، تب دفعہ ۱۴ مسئلہ ۵ کی رو سے سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہوگا جبکہ لا = د، نیز اگر
ا ≦ لا ≦ ب
| ا لا^ن | = | ا^ن د^ن (لا/د)^ن | < | ا^ن د^ن |
اس لئے جب (لا) < | ا^ن د^ن | + | ا^{ن+۱} د^{ن+۱} | + ...
لیکن سلسلہ ا + ا د + ا د² + ... مطلق طور پر مستدق ہے، ہم م کو اس طور پر منتخب کر سکتے ہیں کہ
جب، ن ≧ م تو باقی | ا^ن د^ن | + | ا^{ن+۱} د^{ن+۱} | + ...
صہ سے کم ہو یعنی اس م کے لئے باقی جب (لا)، صہ سے کم ہوگی، لیکن یہ یکساں استدقاق کے لئے شرط ہے۔

ثبوت کے لئے ضروری ہے کہ لا وقفہ کے اندر ہو، ذیل کے مسئلہ (ایبل کے مسئلہ) کے ثبوت کے لئے ملاحظہ ہو کرسٹل کا الجبرا، حصۂ دوم، باب ۲۶، دفعہ ۲۰، یعنی اگر ایک سلسلہ مستدق ہو جبکہ لا = ر (یا - ر) تو جو تفاعل سلسلہ سے تعبیر ہوتا ہے وہ مسلسل ہوگا قیمت ر (یا - ر) تک اور شمولیت خود ان قیمتوں کے، دوسرے الفاظ میں تفاعل کی قیمت جبکہ لا = ر وہی ہوگی جو کہ سلسلہ کی قیمت ہے جبکہ لا = ر - جس طریقہ سے قوی سلسلہ کا یکساں استدقاق قائم کیا گیا ہے اس کی بآسانی توسیع ہو سکتی ہے ذیل کے مسئلہ کے اثبات میں۔

مسئلہ ۳۔ اگر ایک سلسلہ کی رقمیں لا کے مسلسل تفاعل ہوں جبکہ ا ≧ لا ≧ ب اور یہ رقمیں، ایک مطلق طور پر مستدق سلسلہ کی متناظر رقموں سے جن میں لا شامل نہیں ہوتا تعداداً کم ہوں تو اول الذکر سلسلہ وقفہ مذکورہ کے اندر یکساں طور پر مستدق ہوگا۔

طالب علم یکساں اور مطلق استدقاق میں التباس نہ کرے سلسلے یکساں طور پر مستدق ہو سکتے ہیں حالانکہ وہ مطلق طور پر مستدق نہ ہوں، مگر ایسے سلسلے ہماری کتاب کی حدود سے باہر ہیں۔

ذیل کی مشق میں سوالات ۹، ۱۰، ۱۱ خاص طور پر قابل توجہ ہیں۔

مشق ۱۲

۱۔ ثابت کرو کہ ذیل کے سلسلے مستدق ہیں

(۱) $1 + 2^{-2} + 3^{-3} + 4^{-4} + \dots$ (۲) $لا + لا^{4} + لا^{9} + لا^{17} + \dots$ (۰ < لا < ۱)

(۳) $\frac{1}{(1+1)^{عا}} + \frac{1}{(1+2)^{عا}} + \frac{1}{(1+3)^{عا}} + \dots$ (۱ > ۰، عا > ۱)

۲۔ ثابت کرو کہ ذیل کے سلسلے متبع ہیں

(۱) $\frac{1}{2} + \frac{1}{4} + \frac{1}{6} + \dots$ (۲) $1 + \frac{1}{3} + \frac{1}{5} + \dots$

(۳) $\sum \frac{1}{(1+ن)}$ (۴) $\sum \frac{ن+1}{1+ن^2}$

(۵) $\sum \frac{ا ن+ب}{ج ن^2+د}$ $[ا \neq 0]$

۳- اگر $\frac{1}{1^2}+\frac{1}{2^2}+\frac{1}{3^2}+\dots\dots = ج$

تو ثابت کرو کہ (۱) $\frac{1}{2^2}+\frac{1}{4^2}+\frac{1}{6^2}+\dots = \frac{1}{4}ج$

(۲) $\frac{1}{1^2}+\frac{1}{3^2}+\frac{1}{5^2}+\dots = \frac{3}{4}ج$

ج کی قیمت $\frac{\pi^2}{6}$ ہے (مشق ۱۳ سوال ۲۲)

۴- ثابت کرو کہ ذیل کا سلسلہ (سلسلۂ ثنائی)

$1+م لا+\frac{م(م-1)}{1\times 2}لا^2+\frac{م(م-1)(م-2)}{1\times 2\times 3}لا^3+\dots\dots$

م کی ہر قیمت کے لئے مطلق طور پر مستدق ہے جبکہ $|لا|<1$، لیکن متسع ہے جبکہ $|لا|>1$

کیونکہ $\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن}=\frac{م-ن+1}{ن}لا=(\frac{م+1}{ن}-1)لا$ نہا $|\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن}|=|لا|$

۵- اگر ف (ن)، ن کا ایک منطق، صحیح تفاعل ہو تو سلسلہ $\sum$ ف (ن) $لا^ن$ مطلق طور پر مستدق ہوگا جبکہ $|لا|<1$ لیکن متسع ہوگا جبکہ $|لا|>1$

فرض کرو کہ ف (ن) $= ا ن^ک+ب ن^{ک-1}+\dots$ جہاں ف (ن) کا درجہ ک ہے، تب

$\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن} = \frac{ا_1(ن+1)^ر + \dots}{ا_1 ن^ر + \dots}$ لا ، نہا $\frac{ع_{ن+1}}{ع_ن} =$ لا

۶۔ اگر سلسلے $\sum$ ا ، $\sum$ ب مطلق طور پر مستدق ہوں تو ثابت کرو کہ سلسلے

(۱) ا$_0$ + ا$_1$ جم لا + ا$_2$ جم ۲لا + ا$_3$ جم ۳لا + ...

(۲) ب$_1$ جب لا + ب$_2$ جب ۲لا + ب$_3$ جب ۳لا + ...

لا کی ہر قیمت کے لئے مطلق طور پر مستدق ہیں اور لا کے مسلسل تفاعلوں کو تعبیر کرتے ہیں، اس سے حاصل ہوتا ہے کہ اگر (۱) [یا (۲)] ایک غیر مسلسل تفاعل کو تعبیر کرے تو $\sum$ ا (یا $\sum$ ب) مطلق طور پر مستدق نہیں ہو سکتا۔

۷۔ ثابت کرو کہ اگر لا < ۰ تو سلسلہ

قو^{لا} جم (لا − عا$_1$) + قو^{۲لا} جم (۲لا − عا$_2$) + قو^{۳لا} جم (۳لا − عا$_3$) + ...

ایک مسلسل تفاعل کو تعبیر کرتا ہے۔

۸۔ اگر لا ≧ ۰ اور اگر $\sum$ ا مطلق طور پر مستدق ہو تو سلسلہ

ا$_0$ قو^{لا} جم (لا − عا$_1$) + ا$_1$ قو^{۲لا} جم (۲لا − عا$_2$) + ا$_2$ قو^{۳لا} جم (۳لا − عا$_3$) + ...

ایک مسلسل تفاعل کو تعبیر کرتا ہے۔

۹۔ اگر وقفہ (−ر ، ر) کے اندر لا کی ہر قیمت کے لئے قوتی سلسلہ

ا$_0$ + ا$_1$ لا + ا$_2$ لا^۲ + ... صفر ہو تو ثابت کرو کہ سلسلہ کا ہر ایک سر صفر ہے

اگر لا = ۰ تو سلسلہ کی ایک ہی رقم ا$_0$ رہ جاتی ہے، اس لئے ا$_0$ = ۰

اب ۰ = ا$_0$ لا + ا$_1$ لا^۲ + ... = لا (ا$_1$ + ا$_2$ لا + ...) = لا ف$_1$ (لا) [فرض کرو]

پس لا = ۰ یا ف$_1$ (لا) = ۰، فرض کرو کہ لا ≠ ۰، اس لئے ف$_1$ (لا) = ۰

لیکن ف$_1$ (لا) ایک مسلسل تفاعل ہے، اسلئے ف$_1$ (لا) کی انتہا لا = ۰ کے لئے

وہی ہے جو ف (لا) کی قیمت ہے لا = ۰ کے لئے۔ اسلئے ا۰ = ۰، اسی طرح ا۱ = ۰، ا۲ = ۰ وغیرہ

۱۰۔ متطابق مساوی ہونے کا مسئلہ۔ اگر دو سلسلے

ا۰ + ا۱ لا + ا۲ لا² + ... اور ب۰ + ب۱ لا + ب۲ لا² + ... وقفہ (ـ س، س) کے اندر لا کی ہر قیمت کے لئے مساوی ہوں تو ثابت کرو کہ ا۰ = ب۰، ا۱ = ب۱، .....

اس صورت میں ۰ = (ا۰ - ب۰) + (ا۱ - ب۱) لا + (ا۲ - ب۲) لا² + ...

اور نتیجہ مثال ۹ سے ثابت ہوتا ہے۔

۱۱۔ سلسلوں کا باہم ضرب دینا۔ فرض کرو کہ دو سلسلے

س = ا۰ + ا۱ لا + ا۲ لا² + ...، ت = ب۰ + ب۱ لا + ب۲ لا² + ... ہیں، انکی سب رقمیں مثبت ہیں اور سلسلے مستدق ہیں جبکہ لا < ر،

فرض کہ ص ن = ا۰ ب۰ + (ا۰ ب۱ + ا۱ ب۰) لا + (ا۰ ب۲ + ا۱ ب۱ + ا۲ ب۰) لا² + ...

+ (ا۰ ب ن-۱ + ا۱ ب ن-۲ + ... + ا ن-۱ ب۰) لا ن-۱

جہاں ص ن کی رقمیں س ن اور ت ن کو باہم ضرب دینے سے مرتب کیجاتی ہیں اور ص ن میں (ن - ۱) ویں درجہ سے کوئی اعلیٰ درجہ کی رقم نہیں شریک کیجاتی، ثابت کرو کہ ص ن کی انتہا س ن ت ن ہے یعنی دو سلسلوں کا حاصل ضرب ہے۔ ذرا سا غور کرنے سے ظاہر ہوگا کہ

س ن ت ن > ص ن > س ن+۱ ت ن+۱

س ن ت ن = ص ن + صا ن

ان لاتساویوں سے ظاہر ہے کہ $ص_{ن+۲}$ (یا جو وہی بات ہے کہ) $ص_{ن}$ انتہا میں $س ت$ کی طرف مستدق ہوتا ہے۔

اس کے بعد فرض کرو کہ $س$ اور $ت$ میں ہر دو مثبت اور منفی رقمیں شریک ہوتی ہیں اور فرض کرو کہ یہ سلسلے مطلق طور پر مستدق ہیں جبکہ $|لا| \geqq ر$

فرض کرو کہ $صہا_{ن+۲}$ کی قیمت $صا_{ن+۲}$ ہے جبکہ تمام رقموں کو مثبت بنا دیا جائے۔

پہلے حصہ کی رو سے جو تمام رقموں کے مثبت ہونے کی صورت میں صادق آتا ہے $صہا_{ن+۲}$ کی انتہا صفر ہے، لیکن $صہا_{ن+۲}$، $صا_{ن+۲}$ سے بڑا نہیں ہے، اس لئے $صا_{ن+۲}$ کی انتہا صفر ہے۔ اس لئے $ص_{ن+۲}$ کی انتہا $س ت$ ہے۔

یہ قاعدہ ناکام رہ سکتا ہے اگر سلسلے صرف شرطاً مستدق ہوں۔

۱۲- $ب_۱$، $ب_۲$، $ب_۳$، ..... کی قیمتیں معلوم کرو جبکہ

$$\frac{جم طہ + لا}{۱ + ۲ لا جم طہ + لا^۲} = ب_۱ + ب_۲ لا + ب_۳ لا^۲ + ...$$

سلسلہ کو مستدق مان کر $۱ + ۲ لا جم طہ + لا^۲$ سے ضرب دو اور سروں کو مساوی رکھو، اس طرح

$جم طہ + لا = ب_۱ + (ب_۲ + ۲ ب_۱ جم طہ) لا + (ب_۳ + ۲ ب_۲ جم طہ + ب_۱) لا^۲ + ...$

اسلئے $جم طہ = ب_۱$، $۱ = ب_۲ + ۲ ب_۱ جم طہ$، $۰ = ب_۳ + ۲ ب_۲ جم طہ + ب_۱$، .....

مساواتوں کو حل کرنے سے

$ب_۱ = جم طہ$، $ب_۲ = -جم ۲ طہ$، $ب_۳ = جم ۳ طہ$، .... $ب_ن = (-۱)^ن جم (ن+۱) طہ$

اور سلسلہ بن جاتا ہے

$جم طہ - لا جم ۲ طہ + لا^۲ جم ۳ طہ - لا^۳ جم ۴ طہ + ...$

سلسلہ مستدق ہے جبکہ $|لا| < ۱$

اس لئے قوتی سلسلہ کو مستدق ماننا درست تھا۔

۱۳۔ مثال ۱۲ سے یا بلا واسطہ ثابت کرو کہ جب، $|\lambda| < 1$ تو

$$\frac{1-\lambda^2}{1+2\lambda \text{جم} \theta + \lambda^2} = 1 - 2\lambda \text{جم} \theta + 2\lambda^2 \text{جم} 2\theta - 2\lambda^3 \text{جم} 3\theta +$$

۱۴۔ ثابت کرو کہ اگر θ نہ صفر ہو اور نہ ہی یہ 2π کا ضعف ہو،

تو سلسلہ $\text{جم} \theta + \frac{1}{2}\text{جم} 2\theta + \frac{1}{3}\text{جم} 3\theta + \ldots\ldots$ مستدق ہے۔

$س_ن$ کو $2\text{جب}\frac{\theta}{2}$ کے ساتھ ضرب دو اور ہر حاصل ضرب کو جیبوں کے فرق کے طور پر بیان کرو۔ ترتیب بدلنے سے حاصل ہوگا

$$2 س_ن \text{جب}\frac{\theta}{2} = -\text{جب}\frac{\theta}{2} + \frac{1}{2}\text{جب}\frac{3\theta}{2} + \frac{1}{3\times 2}\text{جب}\frac{5\theta}{2} +$$

$$\ldots\ldots + \frac{1}{(ن-1)ن}\text{جب}\frac{2ن-1}{2}\theta + \frac{1}{ن}\text{جب}\frac{2ن+1}{2}\theta$$

اسلئے $2 س_ن \text{جب}\frac{\theta}{2} = -\text{جب}\frac{\theta}{2} + \frac{1}{ن}\text{جب}\frac{2ن+1}{2}\theta$

$$+\left\{\frac{1}{2}\text{جب}\frac{3\theta}{2} + \ldots\ldots + \frac{1}{(ن-1)ن}\text{جب}\frac{2ن+1}{2}\theta\right\}$$

لیکن خطوط وحدانی کے اندر جو جملہ ہے اسکی انتہا ن ← ∞ کے لئے محدود ہے کیونکہ لامتناہی سلسلہ $\frac{1}{2} + \frac{1}{3\times 2} + \frac{1}{4\times 3} + \ldots\ldots$ مستدق ہے۔

اسلئے $2 س_ن \text{جب}\frac{\theta}{2}$ کی انتہا محدود ہے یعنی $س_ن$ کی بشرطیکہ $\text{جب}\frac{\theta}{2}$ صفر نہ ہو۔

۱۵۔ سوال ۱۴ کی کسی قیود کے ماتحت ثابت کرو کہ جن سلسلوں کی ن ویں رقمیں

$$\frac{1}{ن}\text{جب} ن\theta,\ (-1)^{ن-1}\frac{1}{ن}\text{جم} ن\theta,\ (-1)^{ن-1}\frac{1}{ن}\text{جب} ن\theta$$

ہیں وہ مستدق ہیں۔

باب ششم

ٹیلر کا مسئلہ

۴۳۔ ٹیلر کا مسئلہ۔ دفعہ ۲۷ حصۂ اول میں ہم نے ذیل کی مساوات حاصل کی۔

$$ف(لا) = ف(ا) + (لا - ا) فَ(ا) + \frac{1}{2} (لا - ا)^2 فً(لم)$$

اور اگرچہ لم کے متعلق جو کچھ ہم جانتے ہیں وہ صرف اتنا کچھ ہے کہ یہ ا اور لا کے درمیان واقع ہوتا ہے تاہم جب، (لا - ا) چھوٹا ہو تو تفاعل ف (لا) یقینی طور پر ذیل کے درجہ دوم کے تفاعل سے تعبیر ہوتا ہے

$$ف(ا) + (لا - ا) فَ(ا) + \frac{1}{2} (لا - ا)^2 فً(ا)$$

جس میں مختلف حرف (لا)، فَ(لا)، فً(لا) کی قیمتوں پر منحصر ہیں جبکہ لا = ا یہ ایک عام مسئلہ کی خاص صورت ہے، اب ہم عام مسئلہ پر بحث کرینگے۔ پہلے ہم ف (لا) کے لئے ایک بند جملہ حاصل کرینگے جس میں لا جیسا ایک نامعلوم عدد شریک ہوگا، اس کے بعد تفاعل درجہ دوم کی بجائے ہم ایک قوتی سلسلہ حاصل کرینگے۔ دفعہ ۲۷ حصۂ اول میں جو طریقہ استعمال کیا گیا ہے اس کی ذرا سی ترمیم ضروری ہوگی تاکہ رول کا مسئلہ صرف ایک مرتبہ لگانا پڑے۔

فرض کرو کہ ف (لا) اور اس کے پہلے ن متحق لا = ا سے لا = ب تک مسلسل ہیں۔

ایک مقدار ق فرض کرو جسکی تعیین ذیل کی مساوات سے ہوتی ہے۔

$$ف(ب)-\{ف(ا)+(ب-ا)\,فَ(ا)+\tfrac{1}{2}(ب-ا)^{2}\,فَّ(ا)+\dots$$
$$\dots+\frac{(ب-ا)^{ن-1}}{ن-1}\,ف^{(ن-1)}(ا)\}=(ب-ا)^{ن}\,ق \quad\dots(۱)$$

رول کے مسئلہ کی مدد سے ہم ق کے لئے ایک اور جملہ حاصل کر سکتے ہیں جسکو (۱) میں مندرج کرنے سے مطلوبہ عام مسئلہ حاصل ہوگا۔

فرض کرو کہ فا(لا) ایک لا کا تفاعل ہے جس کی تعیین ذیل کی مساوات سے ہوتی ہے۔

$$فا(لا)=ف(ب)-\{ف(لا)+(ب-لا)\,فَ(لا)+\tfrac{1}{2}(ب-لا)^{2}\,فَّ(لا)$$
$$\dots\dots+\frac{(ب-لا)^{ن-1}}{ن-1}\,ف^{(ن-1)}(لا)\}-(ب-لا)^{ن}\,ق \quad\dots(۲)$$

مساوات (۱) کی رو سے فا(ا)=۰، نیز فا(ب)=۰ متطابقاً۔

نیز فا(لا) اور فَا(لا) دونوں مسلسل ہیں لا=ا سے لا=ب تک کیونکہ ف(لا) اور اس کے پہلے ن مشتق حسب مفروض مسلسل ہیں۔ اسلئے **رول** کے مسئلہ کی رو سے فَا(لا) صفر ہے لا کی کم از کم ایک قیمت لا کے لئے جو ا اور ب کے درمیان واقع ہوتی ہے، (۲) کو تفرق کرنے اور تحویل سے

$$فَا(لا)=-\frac{(ب-لا)^{ن-1}}{ن-1}\,ف^{ن}(لا)+ن(ب-لا)^{ن-1}\,ق \quad\dots(۳)$$

اور چونکہ (ب-لا) صفر نہیں ہے، اس لئے

$$ق=\frac{1}{ن}\,ف^{ن}(لا)=\frac{1}{ن}\,ف^{ن}\{ا+طہ(ب-ا)\}$$
$$\dots\dots(۴)$$

جہاں ۰<طہ<۱ کیونکہ ا اور ب کے درمیان کا کوئی عدد ا+طہ(ب-ا) سے تعبیر ہو سکتا ہے۔

(۴) سے ق کی جو قیمت حاصل ہوتی ہے اسکو (۱) میں مندرج کرو اور ارقام ف(ا)، (ب-ا) فَ(ا)، ..... کو مساوات کی دوسری

جانب لے جاؤ، اس طرح حاصل ہوگا

$$ف(ب) = ف(ا) + (ب-ا) ف'(ا) + \frac{(ب-ا)^2}{2} ف''(ا) + \ldots$$

$$\ldots\ldots + \frac{(ب-ا)^{ن-1}}{ن-1} ف^{(ن-1)}(ا) + \frac{(ب-ا)^{ن}}{ن} ف^{(ن)}\{ا + ط(ب-ا)\}$$

.....(۵)

اب ہم ب کی بجائے لا استعمال کر سکتے ہیں۔ (۱) میں ب کو ہم نے صرف اس لئے استعمال کیا ہے کہ اوسط قیمت کا مسئلہ لگانے میں التباس پیدا نہو۔

$$ف(لا) = ف(ا) + (لا-ا) ف'(ا) + \frac{(لا-ا)^2}{2} ف''(ا) + \frac{(لا-ا)^3}{3} ف'''(ا) +$$

$$\ldots\ldots + \frac{(لا-ا)^{ن-1}}{ن-1} ف^{(ن-1)}(ا) + \frac{(لا-ا)^{ن}}{ن} ف^{(ن)}\{ا + ط(لا-ا)\}$$

.....(۶)

مساوات (۶) کا مسئلہ **ٹیلر کے مسئلہ** سے موسوم ہوتا ہے، اسکی خاص صورت جبکہ ا = ۰ حسب ذیل ہے۔

$$ف(لا) = ف(۰) + لا ف'(۰) + \frac{لا^2}{2} ف''(۰) + \ldots\ldots$$

$$\ldots\ldots + \frac{لا^{ن-1}}{ن-1} ف^{(ن-1)}(۰) + \frac{لا^{ن}}{ن} ف^{(ن)}(ط لا)$$

.....(۷)

اسے **مکلارن کا مسئلہ** کہتے ہیں۔

جن شرائط کے ماتحت ٹیلر کا مسئلہ ثابت کیا گیا ہے وہ یہ ہیں، ف (لا) اور اس کے پہلے ن مشتق مسلسل (اور اس لئے محدود) ہیں لا = ا سے لا کی اس قیمت تک جس کے لئے ف (لا) کی قیمت محسوب کی جاتی ہے۔ عدد ط کے لئے صرف یہی کہا جا سکتا ہے کہ یہ ایک مثبت کسر واجب ہے۔

عام طور پر اسکی قیمت ن اور لا کی مختلف قیمتوں کے لئے مختلف ہوگی۔

ٹیلر کے مسئلہ میں باقی مساوات (۶) میں پہلی ن رقموں کے مجموعہ کو س ن (لا) سے تعبیر کرو اور آخری رقم کو ب ن (لا) سے۔ اس طرح

ف (لا) = س ن (لا) + ب ن (لا) اور

$$ب_ن (لا) = \frac{(لا - ا)^ن}{ن} \{ ف^ن (ا + ط (لا - ا)) \} \quad \ldots\ldots (۸)$$

اگر ہم ن کو لانتہا بڑھا دیں تو (۶) کے بائیں جانب کا مجموعہ ایک لامتناہی سلسلہ ہو جاتا ہے اور اگر ب ن (لا) صفر ہو تو یہ سلسلہ مستدق ہوتا ہے۔ ف (لا) اور اس کے پہلے ن مشتق حسب مفروض مسلسل ہیں اور ہر مشتق کو مسلسل رہنا چاہئے تاکہ ہم ن کو لانتہا فرض کر سکیں۔ اس لئے

مسئلہ۔ اگر ف (لا) اور اس کے سب مشتق سعت زیر بحث میں مسلسل ہوں اور اگر ب ن (لا) کی انتہا صفر ہو تو لامتناہی سلسلہ

$$ف (ا) + (لا - ا) ف' (ا) + \frac{(لا - ا)^۲}{۲} ف'' (ا) + \ldots\ldots (۹)$$

جو (۶) میں ن کو لامتناہی فرض کرنے سے حاصل ہوتا ہے مستدق ہوگا اور تفاعل ف (لا) کو تعبیر کرے گا یعنی یہ سلسلہ ف (لا) کی جانب مستدق ہوگا۔

[نوٹ ایسی صورتیں مرتب ہو سکتی ہیں جن میں (۹) مستدق ہو لیکن قیمت ف (لا) کی جانب مستدق نہ ہو، لیکن عام عملی حالات میں ایسی صورتیں واقع نہیں ہونگی]

سلسلہ (۹) کو ف (لا) کے لئے **ٹیلر کا سلسلہ** کہتے ہیں جب (۶) اور (۹) میں تمیز کرنا مقصود ہو تو (۶) کو ٹیلر کے ضابطہ سے ہم موسوم کرینگے، ظاہر ہے کہ اوپر جو کچھ ٹیلر کے سلسلہ کے متعلق ذکر کیا گیا ہے وہ سب کچھ اس کی خاص صورت مکلارن کے سلسلہ

$$ف (۰) + لا ف' (۰) + \frac{لا^۲}{۲} ف'' (۰) + \ldots\ldots (۱۰)$$

پر بھی صادق آتا ہے۔

(۸) میں جس (لا) کی جو قیمت درج ہے وہ ٹیلر کے سلسلہ میں لنگرانج کی صورت باقی کہلاتی ہے۔ باقی کی ایک اور مفید صورت مساوات (۱) میں (ب - ا)^{ن} ق کی بجائے (ب - ا) ق رکھنے سے حاصل ہو سکتی ہے۔ ایسا کرنے سے مساوات (۳) کی آخری رقم محض ق رہ جاتی ہے اور (ب - ا) ق کی بجائے

$$\frac{(ب-ا)(ب-لا)^{ن-1}}{ن-1} ف^{(ن)}(لا) \text{ یعنی } \frac{(ب-ا)^{ن}(1-طا)^{ن-1}}{ن-1} ف^{(ن)}\{ا+طا(ب-ا)\}$$

حاصل ہوتا ہے۔

اسلئے $ب_{ن}(لا) = \frac{(لا-ا)^{ن}(1-طا)^{ن-1}}{ن-1} ف^{(ن)}\{ا+طا(لا-ا)\}$ ...(۱۱)

یہ کوشی کی صورت باقی ہے۔

اگر ہم (۱) میں (ب - ا)^{ن} ق کی بجائے (ب - ا)^{ع} ق رکھیں تو

$$ب_{ن}(لا) = \frac{(لا-ا)^{ن}(1-طا)^{ن-ع}}{ن-1 \quad ع} ف^{(ن)}\{ا+طا(لا-ا)\} \quad \ldots\ldots(۱۲)$$

یہ شلوملش روش کی صورت باقی ہے، اس میں ع = ن رکھنے سے لنگرانج کی اور ع = ا رکھنے سے کوشی کی صورت باقی حاصل ہوتی ہے۔

(۵) میں ا کی بجائے لا اور ب کی بجائے لا + ھ رکھنے سے حاصل ہوتا ہے

$$ف(لا+ھ) = ف(لا) + ھ ف'(لا) + \frac{ھ^{۲}}{۲} ف''(لا) + \ldots$$

$$\ldots + \frac{ھ^{ن}}{ن} ف^{(ن)}(لا+طا ھ) \quad \ldots\ldots(۱۳)$$

ف (لا + ھ) کی یہ قیمت اکثر استعمال ہوتی ہے۔

اب ہم ان مسائل کو تفاعلوں کے پھیلانے میں استعمال کرینگے، بالعموم مکلارن کے

مسئلہ سے کام لینا پڑیگا اور باقی کی دو ذیل کی صورتیں استعمال میں آئینگی۔

$$ب_ن(لا) = \frac{لا^ن}{ن} ف_ن(طه لا)\ ،\ ب_ن(لا) = \frac{لا^ن (۱-طه^{ن-۱})}{ن-۱} ف_ن(طه لا)$$

پہلی لنگرانج کی شکل ہے اور دوسری کوشی کی۔

۴۴ - (۱) جب لا

$ف(لا) = جب لا\ ،\ ف'(لا) = جم لا\ ،\ ف''(لا) = - جب لا\ ،\ ف'''(لا) = - جم لا$

$ف^{(۴)}(لا) = جب لا\ ،\ ف_ن(لا) = جب(لا + \frac{ن ۲۱}{۲})$

اسلئے $ف(۰) = ۰\ ،\ ف'(۰) = ۱\ ،\ ف''(۰) = ۰\ ،\ ف'''(۰) = -۱$

$ف^{(۴)}(۰) = ۰\ ،\ ف_ن(۰) = جب \frac{ن ۲۱}{۲}\ ،\ ف_ن(طه لا) = جب(طه لا + \frac{ن ۲۱}{۲})$

چونکہ جب $(\frac{ن ۲۱}{۲})$ صفر ہے یا ± ۱ بموجب اسکے کہ ن جفت ہے یا طاق۔ اس لئے لا کی جفت قوتوں کے سر صفر ہونگے اور پھیلاؤ میں صرف لا کی طاق قوتیں شریک ہونگی اور رقمیں متبادلاً مثبت اور منفی ہونگی۔ پس

$$جب لا = لا - \frac{لا^۳}{۳} + \frac{لا^۵}{۵} - \frac{لا^۷}{۷} + \dots + \frac{لا^ن}{ن} جب(طه لا + \frac{ن ۲۱}{۲})$$

نیز $\frac{لا^ن}{ن} جب(طه لا + \frac{ن ۲۱}{۲})$ جو تعداداً $\frac{لا^ن}{ن}$ سے بڑا نہیں ہے اور $\frac{لا^ن}{ن}$ کی انتہا صفر ہے۔ پس ہمیں ذیل کا سلسلہ حاصل ہوتا ہے

$$جب لا = لا - \frac{لا^۳}{۳} + \frac{لا^۵}{۵} - \frac{لا^۷}{۷} + \dots\dots\dots$$

جو لا کی ہر محدود قیمت کے لئے مطلق طور پر مستدق ہے۔

(۲) جم لا - اسی طرح سے

$$\text{جم}\,لا = ۱ - \frac{لا^۲}{۲} + \frac{لا^۴}{۴} - \frac{لا^۶}{۶} + \dots\dots\dots$$

اور سلسلہ لا کی ہر محدود قیمت کے لئے مطلق طور پر مستدق ہے۔

(۳) $قو_{لا} - ف(لا) = قو_{لا}$ ، $ف^{(ن)}(لا) = قو_{لا}$

$ف(۰) = ۱$ ، $ف^{(ن)}(۰) = ۱$ ، ن کی ہر قیمت کے لئے

$$\text{اسلئے } قو_{لا} = ۱ + لا + \frac{لا^۲}{۲} + \frac{لا^۳}{۳} + \dots\dots\dots$$

اور سلسلہ لا کی ہر محدود قیمت کے لئے مطلق طور پر مستدق ہے۔

(۴) $(۱ + لا)^{م}$

$ف(لا) = (۱+لا)^{م}$ ، $ف^{(ن)}(لا) = م(م-۱)(م-۲)\dots(م-ن+۱)(۱+لا)^{م-ن}$

$ف(۰) = ۱$ ، $ف^{(ن)}(۰) = م(م-۱)\dots\dots(م-ن+۱)$

$ف^{(ن)}(ط لا) = م(م-۱)\dots\dots(م-ن+۱)(۱+ط لا)^{م-ن}$

$$\text{اسلئے } (۱+لا)^{م} = ۱ + م لا + \frac{م(م-۱)}{۲\times۱} لا^۲ + \dots + \frac{م(م-۱)\dots(م-ن+۲)}{ن-۱} لا^{ن-۱}$$

$$+ جب_{ن}(لا)$$

م مثبت صحیح عدد ہو تو سلسلہ (م + ۱) ویں رقم پر ختم ہو جاتا ہے کیونکہ $ف^{(ن)}(لا) = ۰$ جبکہ $ن > م$ ، اگر م مثبت صحیح عدد نہ ہو تو ہمیں $جب_{ن}(لا)$ پر غور کرنا ہوگا۔ ہم کوشی کی شکل لینگے

$$جب_{ن}(لا) = \frac{م(م-۱)\dots(م-ن+۱)}{ن-۱} لا^{ن}(۱-ط)^{ن-۱}(۱+ط لا)^{م-ن}$$

لامتناہی سلسلہ $۱ + م لا + \frac{م(م-۱)}{۲\times۱} لا^۲ + \dots\dots\dots$

مطلق طور پر مستدق ہوتا ہے اگر $|لا| < ۱$ اور متسع ہوتا ہے اگر $|لا| > ۱$

(مشق ۱۲ سوال ۴) اسلئے ہم لا کی صرف ان قیمتوں پر غور کرینگے جن کے لئے
$|لا| \leq 1$
(۱) $|لا| < 1$، $(ب)_ن$ (لا) کو تین اجزائے ضربی کے حاصل ضرب کے مساوی لکھو
$م(م-1)...(م-ن+1)$ لا^ن / ن! ، $(1-طہ)^{م-ن}$ ، $(1+طہ لا)^{م-1}$
پہلا جزو ضربی ن کی ہر قیمت کے لئے محدود ہے کیونکہ $(1+طہ لا)^{م-1}$، 1 اور $(1+لا)^{م-1}$ کے درمیان واقع ہوتا ہے، دوسرا جزو ضربی ایک سے متجاوز نہیں ہو سکتا، تیسرے جزو ضربی کی انتہا صفر ہے کیونکہ یہ مستدق سلسلہ

$$1+(م-1)لا+\frac{(م-1)(م-2)}{2\times 1}لا^2+\ldots\ldots\ldots\ldots$$

کی ن ویں رقم ہے۔ اسلئے $(ب)_ن$ (لا) صفر ہے اور م کی تمام قیمتوں کے لئے جبتک کہ $-1 < لا < 1$ یہ لامتناہی سلسلہ $(1+لا)^م$ کی طرف مستدق ہوتا ہے۔

$(ب)_ن$ لا $= \pm 1$، یہ صورتیں ایسی ضروری نہیں اور $(ب)_ن$ (لا) کی تحقیق طولانی ہے، اس جگہ صرف ہم نتائج کا حوالہ دینگے، ثبوت کے لئے ملاحظہ ہو کرسٹل کا الجبرا، حصۂ دوم، باب ۲۶ دفعہ ۶۔

لا $= +1$، سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہے اگر م > -1۔ اور مستدق بالشرط ہے اگر $0 > م > -1$، سلسلہ اہتزازی ہے اگر م $= -1$ اور متسع اگر م < -1

لا $= -1$، سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہوتا ہے اگر م > 0۔ اور متسع ہوتا ہے اگر م $<$

اگر ا $\neq$ ب تو جملہ ثنائی $(ا+ب)^م$ کو لکھو ایسے $ا^م(1+\frac{ب}{ا})^م$ یا $ب^م(1+\frac{ا}{ب})^م$ اور پھر $\frac{ب}{ا}$ کی بجائے لا لکھو اگر ب کم ہو تعداداً ا سے یا $\frac{ا}{ب}$ کی بجائے لا لکھو اگر ا کم ہو

ب سے۔

(۵) لوگ (۱+لا) ۔ لوگ لا کو مکلارن کے مسئلہ کے ذریعہ پھیلانا ممکن نہیں کیونکہ لوگ لا لامتناہی ہو جاتا ہے جبکہ لا = ۰، لیکن ہم لوگ لا کو ٹیلر کے مسئلہ کی مدد سے (لا - ۱) کی قوتوں میں پھیلا سکتے ہیں اگر لا مثبت ہو۔ لوگ (۱+لا) کو پھیلانا آسان ہے۔

$$ف(لا) = \text{لوگ}(۱+لا)،\ ف'(لا) = \frac{۱}{۱+لا}،\ ف^{(ن)}(لا) = \frac{(-۱)^{ن-۱}\ |ن-۱}{(۱+لا)^{ن}}$$

$$ف(۰) = ۰،\ ف'ن = ۱،\ ف^{(ن)}(۰) = (-۱)^{ن-۱}\ |ن-۱$$

$$\text{لوگ}(۱+لا) = لا - \frac{لا^{۲}}{۲} + \frac{لا^{۳}}{۳} - \frac{لا^{۴}}{۴} + \ldots + ب_{ن}(لا)$$

لامتناہی سلسلہ متبع ہے اگر |لا| < ۱ اور اگر لا = -۱

اسلئے ہم باقی پر اس صورت میں غور کرتے ہیں جبکہ -۱ < لا ≤ ۱ اگر لا مثبت ہو تو لگرانج کی صورت باقی یہ ہے

$$ب_{ن}(لا) = (-۱)^{ن-۱}\ \frac{۱}{ن}\ \left(\frac{لا}{۱+\text{ط}لا}\right)^{ن}$$

اسکی انتہا صفر ہے کیونکہ $\left(\frac{لا}{۱+\text{ط}لا}\right)^{ن}$ کبھی ایک سے بڑا نہیں ہو سکتا اور $\frac{۱}{ن}$ کی انتہا صفر ہے۔ اگر لا منفی ہو تو کوشی کی صورت

$$ب_{ن}(لا) = (-۱)^{ن-۱}\ لا^{ن} \times \frac{۱}{۱+\text{ط}لا}\ \left(\frac{۱-\text{ط}}{۱+\text{ط}لا}\right)^{ن-۱}$$

جس سے ظاہر ہے کہ اگر |لا| < ۱ تو انتہا صفر ہو گی کیونکہ $لا^{ن}$ کی انتہا صفر ہے اور ن کی ہر قیمت کے لئے دوسرے اجزائے ضربی محدود ہیں۔

اس لئے لوک $(۱+لا) = لا - \frac{لا^۲}{۲} + \frac{لا^۳}{۳} - \frac{لا^۴}{۴} + \dots\dots$

جہاں $-۱ < لا \geqq ۱$، یہ سلسلہ بالشرط مستدق ہے جبکہ $لا = ۱$ واضح ہو کہ $لا = ۱$ رکھنے سے

لوک $۲ = ۱ - \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} - \frac{۱}{۴} + \dots\dots$

(۶) لوکارتم محسوب کرنا۔ اوپر جو سلسلہ معلوم کیا گیا ہے وہ سرعت سے مستدق نہیں ہوتا اس لئے حسابات کی غرض سے چنداں موزوں نہیں۔

لوک $(۱+لا) = لا - \frac{لا^۲}{۲} + \frac{لا^۳}{۳} - \frac{لا^۴}{۴} + \dots\dots$ (۱)

لا کی بجائے۔ لا لکھنے سے

لوک $(۱-لا) = -لا - \frac{لا^۲}{۲} - \frac{لا^۳}{۳} - \frac{لا^۴}{۴} - \dots\dots$ (۲)

چونکہ لوک $(۱+لا) -$ لوک $(۱-لا) =$ لوک $\frac{۱+لا}{۱-لا}$

اس لئے تفریق سے

لوک $\frac{۱+لا}{۱-لا} = ۲\{لا + \frac{لا^۳}{۳} + \frac{لا^۵}{۵} + \dots + \frac{لا^{۲ن-۱}}{۲ن-۱} + \dots\}$ (۳)

فرض کرو کہ لا مثبت ہے اور $\frac{۱+لا}{۱-لا} = \frac{ما+۱}{ما}$ جس سے $لا = \frac{۱}{۲ما+۱} < ۱$

مساوات (۳) ہو جاتی ہے

لوک $(ما+۱) =$ لوک $ما + ۲\{\frac{۱}{۲ما+۱} + \frac{۱}{۳}(\frac{۱}{۲ما+۱})^۳ + \frac{۱}{۵}(\frac{۱}{۲ما+۱})^۵ + \dots\}$

..... (۴)

اس سے لوک $(ما+۱)$ معلوم ہو سکتا ہے اگر لوک $ما$ معلوم ہو۔ یاد رہے کہ (۴)، ما میں ایک قوتی سلسلہ نہیں ہے۔

صفر و اعداد ۲، ۳، ۵، ۷، ... کے لوکار تم بآسانی معلوم ہو سکتے ہیں مثلاً

$$\text{ما} = ۱،\ \text{لوک } ۲ = ۲\left\{\frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۳\times ۳^{۲}} + \frac{۱}{۵\times ۳^{۵}} + \dots\right\}$$

$$\text{ما} = ۲،\ \text{لوک } ۳ = \text{لوک } ۲ + ۲\left\{\frac{۱}{۵} + \frac{۱}{۵\times ۳^{۲}} + \frac{۱}{۵\times ۵^{۵}} + \dots\right\}$$

اب لوک ۴ = ۲ لوک ۲، لوک ۵، ما کی بجائے ۴ لکھنے سے حاصل ہوگا اور لوک ۶ = لوک ۲ + لوک ۳ وغیرہ۔ سلسلہ (۴) سرعت سے مستدق ہوتا ہے ما = ۲ کی صورت میں بھی۔ خاص اعداد کے لئے خاص ترکیبیں استعمال ہو سکتی ہیں۔ مثلاً اگر ما = ۴۹ تو مساوات (۴) سے لوک ۷ معلوم ہوگا لوک ۲ اور لوک ۵ کی رقوم میں اور سلسلہ بڑی سرعت سے مستدق ہوگا۔

طالب علم مزید معلومات اور حوالہ کی غرض سے کرسٹل کا جبر و مقابلہ حصۂ دوم، باب ۲۸، دفعہ ۱۱ دیکھے۔

(۷) دائرہ کی قوس کے طول کے متعلق ہائی گن کا قاعدہ۔

اگر کل قوس کے وتر کا طول ل ہو اور نصف قوس کا وتر ب ہو تو قوس کا طول

$$(\text{ل}) \text{ تقریباً } \frac{۸\text{ب} - \text{ل}}{۳} \text{ ہوگا۔}$$

فرض کرو کہ قوس کے سامنے دائرہ کے مرکز پر زاویہ طہ نیم قطری بنتا ہے اور دائرہ کا نصف قطر ر ہے۔ تب ل = ر طہ اور

$$\text{ا} = ۲\text{ر جب}\frac{\text{طہ}}{۲} = ۲\text{ر}\left\{\frac{\text{طہ}}{۲} - \frac{۱}{۶}\left(\frac{\text{طہ}}{۲}\right)^{۳} + \frac{۱}{۱۲۰}\left(\frac{۱}{۲}\text{طہ}\right)^{۵} - \dots\right\}$$

..... (۱)

$$\text{ب} = ۲\text{ر جب}\frac{\text{طہ}}{۴} = ۲\text{ر}\left\{\frac{\text{طہ}}{۴} - \frac{۱}{۶}\left(\frac{\text{طہ}}{۴}\right)^{۳} + \frac{۱}{۱۲۰}\left(\frac{\text{طہ}}{۴}\right)^{۵} - \dots\right\}$$

..... (۲)

(۲) کو ۸ سے ضرب دو اور (۱) کو تفریق کرو، اس طرح طہ^{۳} والی رقم ساقط

ہو جائے گی۔

$$\text{اس لئے } ۸ب - ل = ۲ر\left\{\frac{۳}{۲}طہ - \frac{۳ طہ^{۵}}{۲\times ۱۲۰} + \dots\right\}$$

$$= ۳ ل \left\{۱ - \frac{طہ^{۴}}{۷۶۸۰} + \dots\right\}$$

اس لئے $طہ^{۴}$ اور اس سے اعلےٰ قوتوں کو نظر انداز کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$ل = \frac{۸ب - ل}{۳}$$

یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ ۳۰° کے زاویہ کی صورت میں اضافی غلطی $\frac{۱}{۱۰۰۰۰}$ سے کم ہے

اور ۴۵° " " " $\frac{۱}{۲۰۰۰۰}$ " "

اور ۶۰° " " " $\frac{۱}{۶۰۰۰}$ " "

۴۵۔ ن ویں مشتق کا محسوب کرنا۔

مکلارن کے سلسلہ کی مدد سے کسی تفاعل کے لئے قوتی سلسلہ معلوم کرنے میں جو عملی مشکل پیش آتی ہے وہ $ف^{(ن)}(لا)$ کا نکالنا ہے۔ مذکورہ بالا صورتوں کے علاوہ بہت کم صورتیں ایسی ہیں جن میں ن، واں مشتق زیادہ بے قابو شکل اختیار نہیں کرتا۔ باقی $ب_{ن}(لا)$ کی بحث ناممکن ہے جب تک کہ $ف^{(ن)}(لا)$ معلوم نہ ہو جائے۔ بعض خاص صورتوں میں $ف^{(ن)}(۰)$ معلوم ہو سکتا ہے اور مکلارن کا لامتناہی سلسلہ اگر یہ مستدق ہو تو (بالعموم) وقفہ استدقاق کے اندر $ف(لا)$ کو تعبیر کرتا ہے۔

اس تعلق میں لیب نیز کا مسئلہ (دفعہ ۶۸ حصۂ اول) نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔

بطور مثال کے $ف(لا) = جب(ا جب^{-۱} لا)$ پر غور کرو۔

اس صورت میں $ف^{(ن)}(لا)$ کو بلا واسطہ معلوم کرنا مشکل ہوگا اسلئے ہم

پہلے ف (لا) اور ف' (لا) معلوم کر کے ایک تفرقی مساوات بناتے ہیں جس پر لیب نیز کا مسئلہ لگ سکیگا اس طرح ف$_{ن}$ (۰) کی قیمت معلوم ہو جائیگی۔

ف (لا) = جب (ا جب$^{-۱}$ لا)

$$ف' (لا) = ا جم (ا جب^{-۱} لا) \times \frac{۱}{\sqrt{۱ - لا^۲}} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

$$ف'' (لا) = - ا^۲ جب (ا جب^{-۱} لا) \times \frac{۱}{(۱ - لا^۲)} + ا جم (ا جب^{-۱} لا) \frac{لا}{(۱ - لا^۲)^{\frac{۳}{۲}}}$$

$$= - ا^۲ ف (لا) \frac{۱}{(۱ - لا^۲)} + \frac{لا\, ف' (لا)}{۱ - لا^۲} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

اس لئے (۱ - لا^۲) ف'' (لا) - لا ف' (لا) + ا^۲ ف (لا) = ۰ ..... (۳)

ف (لا)، ف' (لا)، ف'' (لا) میں لا کو صفر بنانے سے ہم دیکھتے ہیں کہ

ف (۰) = ۰، ف' (۰) = ا، ف'' (۰) = ۰

(۳) کی رو سے دائیں جانب کا تفاعل ہمیشہ صفر ہوتا ہے، اس لئے اس کا ن، واں مشتق بھی صفر ہوگا۔ یہ تفاعل حاصل ضربوں کا مجموعہ ہے، اسلئے اسکی ہر رقم لیب نیز کا مسئلہ لگانے سے ن دفعہ تفرق ہو سکتی ہے۔

پہلی رقم کے لئے فرض کرو کہ

ف'' (لا) = ع، (۱ - لا^۲) = و، دوسرے سے اعلیٰ و کا ہر مشتق صفر ہے، ف'' (لا) کا ن، واں مشتق ف$_{ن+۲}$ (لا) ہے، (ن - ۱)، واں ف$_{ن+۱}$ (لا) وغیرہ، پس

$$عف_{ن} \{(۱ - لا^۲) ف'' (لا)\} = (۱ - لا^۲) ف_{(ن+۱)} (لا) + ج_{۱}^{ن} (- ۲ لا) ف_{(ن+۱)} (لا)$$

$$+ ج_{۲}^{ن} (- ۲) ف_{ن} (لا)$$

اسی طرح عف$_{ن}$ {لا ف' (لا)} = لا ف$_{(ن+۱)}$ (لا) + ن ف$_{(ن)}$ (لا)

نیز۔ عف^{ن} {ا^{۲} ف (لا)} = ا^{۲} ف$^{(ن)}$ (لا)
جمع کرنے سے تھوڑی تحویل کے بعد حاصل ہوگا

(۱-لا^{۲}) ف$^{(ن+۲)}$ (لا) - (۲ن+۱) لا ف$^{(ن+۱)}$ (لا) - (ن^{۲} - ا^{۲}) ف$^{(ن)}$ (لا) = ۰ ..... (۴)

اس لئے جب، لا = ۰ تو

ف$^{(ن+۲)}$ (۰) = (ن^{۲} - ا^{۲}) ف$^{(ن)}$ (۰) ..... (۵)

مساوات (۵) سے سب مشتق دوسرے سے اعلےٰ رتبہ کے لا = ۰ کے لئے معلوم ہو سکتے ہیں کیونکہ پہلے دو معلوم ہیں

ف$^{(۴)}$ (۰) = (۲^{۲} - ا^{۲}) ف^{گ} (۰) = ۰

ف$^{(۶)}$ (۰) = (۴^{۲} - ا^{۲}) ف$^{(۴)}$ (۰) = ۰ وغیرہ، پس ہر جفت مشتق صفر ہے۔ نیز

ف$^{(۳)}$ (۰) = (۱^{۲} - ا^{۲}) ف^{ک} (۰) = (۱^{۲} - ا^{۲}) ا

ف^{۵} (۰) = (۳^{۲} - ا^{۲}) ف$^{(۳)}$ (۰) = (۳^{۲} - ا^{۲}) (۱^{۲} - ا^{۲}) ا

اور اسی طرح سے عام قیمت یہ ہے

ف$^{(۲ن-۱)}$ (۰) = ا (۱^{۲} - ا^{۲}) (۳^{۲} - ا^{۲}) ..... {(۲ن-۳)^{۲} - ا^{۲}} اسلئے

جب (ا جب$^{-۱}$ لا) = ا لا + $\frac{ا (۱^{۲} - ا^{۲})}{۳}$ لا^{۳} + $\frac{ا (۱^{۲} - ا^{۲}) (۳^{۲} - ا^{۲})}{۵}$ لا^{۵} + ... (۶)

یہ سلسلہ متناہی ہوگا اگر ا طاق عدد ہو، باقی سب صورتوں میں یہ لامتناہی ہوگا

لا$^{۲ن+۱}$ والی رقم کی نسبت رقم ماقبل کے ساتھ $\frac{(۲ن-۱)^{۲} - ا^{۲}}{۲ن (۲ن+۱)}$ لا^{۲} ہے اور چونکہ اس نسبت کی انتہا لا^{۲} ہے، اسلئے سلسلہ (۶) مطلق طور پر مستدق ہے

جب تک کہ $-1 < \text{لا} < +1$

بعض مقاصد کے لحاظ سے پھیلاؤ کی چند رقمیں معلوم کرنا کافی ہوتا ہے اور تھوڑی بہت محنت کے ساتھ چند مشتقوں کا نکال لینا دشوار نہیں ہوتا۔ مثلاً لوک $(1+\text{جب لا})$ کے پہلے تین چار مشتق بآسانی محسوب ہو سکتے ہیں اور پھیلاؤ کی پہلی تین رقمیں حاصل ہوتی ہیں $\text{لا} - \frac{\text{لا}^2}{2} + \frac{\text{لا}^3}{6}$

لیکن ایسی صورتوں میں اس طرح کا عمل زیادہ سہولت بخش ہوتا ہے۔ فرض کرو کہ

$$\text{ما} = \text{ا}_1 \text{لا} + \text{ا}_2 \text{لا}^2 + \dots \quad ، \quad \text{ف}(\text{ما}) = \text{ب} + \text{ب}_1 \text{ما} + \text{ب}_2 \text{ما}^2 + \dots$$

سلسلہ $\text{ب} + \text{ب}_1 \text{ما} + \text{ب}_2 \text{ما}^2 + \dots$ میں ما کی بجائے پہلا سلسلہ مندرج کرو اور لا کی قوتوں میں اسے ترتیب دو۔ لا کی کافی طور پر چھوٹی قیمتوں کے لئے سلسلہ محصلہ مستدق ہوگا۔ مثلاً

$$\text{ما} = \text{جب لا} = \text{لا} - \frac{\text{لا}^3}{6} + \dots$$

$$\text{لوک}(1+\text{ما}) = \text{ما} - \frac{\text{ما}^2}{2} + \frac{\text{ما}^3}{3} + \dots \quad \text{اس لئے}$$

$$\text{لوک}(1+\text{جب لا}) = (\text{لا} - \frac{\text{لا}^3}{6} + \dots) - \frac{1}{2}(\text{لا} - \frac{\text{لا}^3}{6} + \dots)^2 + \frac{1}{3}(\text{لا} - \frac{\text{لا}^3}{6} + \dots)^3 \dots$$

$$= \text{لا} - \frac{1}{2}\text{لا}^2 + \frac{1}{6}\text{لا}^3 - \dots$$

اس طریقہ کا ثبوت یہاں نہیں دیا جا سکتا۔

۴۶۔ **سلسلوں کا تفرق اور تکمل**۔ بعض اوقات کسی تفاعل کی خاصیتیں اس لامتناہی سلسلہ کو استعمال کرنے سے جو تفاعل کو تعبیر کرتا ہے،

بآسانی تحقیق ہو سکتی ہیں، اس لئے ہمیں دیکھنا چاہئے کہ کن شرائط کے ماتحت ایک لامتناہی سلسلہ رقم بر قم تفرق یا تکمل ہو سکتا ہے۔ ہمیں یاد ہے کہ کسی مجموعہ کو تفرق یا تکمل کرنے کے قواعد صرف اُس صورت میں ثابت کئے گئے تھے جبکہ رقموں کی تعداد محدود ہو، لامتناہی سلسلوں کی صورت میں اسکی توسیع کا جواز مزید تصدیق کا محتاج ہے۔

تکمل سے متعلق ایک مسئلہ سے ہم شروع کرینگے، حسب معمول صمہ سے ایک چھوٹی اختیاری مثبت مقدار مراد ہے۔

مسئلہ ۱۔ اگر سلسلہ ع۱ (لا) + ع۲ (لا) +... لا = ا سے لا = ب تک یکساں طور پر مستدق ہو اور ف (لا) کی جانب استدقاق کرے تو سلسلہ

$$\sum_{\text{لا ج}} ع_1 (\text{لا}) \cdot \text{فرلا} + \sum_{\text{لا ج}} ع_2 (\text{لا}) \cdot \text{فرلا} + \dots\dots$$

جہاں ا ≧ ج ≧ لا ≧ ب بھی مستدق ہوگا اور قیمت

$$\sum_{\text{لا ج}} \text{ف} (\text{لا}) \cdot \text{فرلا}$$

کی طرف مائل ہوگا۔

فرض کرو کہ ف (لا) = س ن (لا) + ب ن (لا) اور فرض کرو کہ

$$\text{لین} (\text{لا}) = \sum_{\text{لا ج}} \text{س ن} (\text{لا}) \cdot \text{فرلا}, \quad \text{مین} (\text{لا}) = \sum_{\text{لا ج}} \text{ب ن} (\text{لا}) \cdot \text{فرلا}$$

$$\text{تب لین} (\text{لا}) = \sum_{\text{لا ج}} ع_1 (\text{لا}) \cdot \text{فرلا} + \sum_{\text{لا ج}} ع_2 (\text{لا}) \cdot \text{فرلا} + \dots + \sum_{\text{لا ج}} ع_n (\text{لا}) \cdot \text{فرلا}$$

اور

$$\sum_{\text{لا ج}} \text{ف} (\text{لا}) \cdot \text{فرلا} = \text{لین} (\text{لا}) + \text{مین} (\text{لا})$$

اب چونکہ سلسلہ یکساں طور پر مستدق ہے ہم م کی قیمت ایسی منتخب کر سکتے ہیں کہ

جب ن ≧ م تو باقی جب (لا) ا اور ب کے درمیان لا کی ہر قیمت کے لئے صہ سے کم ہو، اس لئے اگر م کی یہ قیمت منتخب کر لی جائے تو ن ≧ م کے لئے مقدار ممیں (لا) تعداد اً کم ہوگی $\int_{ج}^{لا}$ صہ فرلا سے یعنی صہ (لا - ج) سے، اسلئے اگر ن ≧ م تو فرق

$$\int_{ج}^{لا} ف (لا) فرلا - لمن (لا)$$

تعداد اً کم ہوگا صہ (لا - ج) سے اور اس فرق کی انتہا ن ← ∞ کے لئے صفر ہے۔

اسلئے $\int_{ج}^{لا} ف (لا) فرلا = لمن (لا) = \int_{ج}^{لا} ع_1 (لا) فرلا + \int_{ج}^{لا} ع_2 (لا) فرلا + \dots$

مسئلہ ۲ - اگر سلسلہ ع۱ (لا) + ع۲ (لا) + ... مستدق ہو اور ف (لا) کی طرف مائل ہو جبکہ ا ≧ لا ≧ ب تو ف (لا) کا مشتق اوپر کے سلسلہ کو رقم بر قم تفرق کرنے سے حاصل ہوتا ہے یعنی

ف' (لا) = ع'۱ (لا) + ع'۲ (لا) + ...

بشرطیکہ سلسلہ ع'۱ (لا) + ع'۲ (لا) + ...، لا = ا سے لا = ب تک یکساں طور پر مستدق ہو۔

فرض کرو کہ ف (لا) = ع'۱ (لا) + ع'۲ (لا) + ع'۳ (لا) + ...

تب چونکہ ع'۱ (لا) + ع'۲ (لا) + ع'۳ (لا) + ... یکساں طور پر مستدق ہے،

اس لئے مسئلہ (۱) کی رو سے

$$\int_{ج}^{لا} ف'(لا)\,مرلا = \int_{ج}^{لا} ع_۱'(لا)\,مرلا + \int_{ج}^{لا} ع_۲'(لا)\,مرلا + \dots\dots$$

$$= \{ع_۱(لا) - ع_۱(ج)\} + \{ع_۲(لا) - ع_۲(ج)\} + \dots\dots$$

$$= ع_۱(لا) + ع_۲(لا) + \dots\dots - \{ع_۱(ج) + ع_۲(ج) + \dots\dots\}$$

$$= ف(لا) - مستقل$$

اس لئے $\frac{مر}{مرلا} \int_{ج}^{لا} ف'(لا)\,مرلا = ف'(لا)$ یعنی $ف'(لا) = ف'(لا)$

دفعہ ۴۲ مسئلہ ۲ کی رُو سے ہم دیکھتے ہیں کہ ایک قوتی سلسلہ کو رقم بر رقم تکمل کیا جا سکتا ہے اگر لا دفعہ استدقاق کے اندر واقع ہو۔

اب ہم ثابت کرینگے کہ جو سلسلہ قوتی سلسلہ کو تفرق کرنے سے حاصل ہوتا ہے وہ یکساں طور پر مستدق ہوتا ہے جبکہ دفعہ ۴۲ مسئلہ ۲ کی ترقیم کے مطابق $ر < ا \geqq لا \geqq ب < ر'$ اور اس سلسلے کا مشتق اس لئے اسکو رقم بر رقم تفرق کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ سلسلہ $\sum_{ن=۱}^{\infty} ا_ن د^ن$ مطلق طور پر مستدق ہے اور اسلئے $|ا_ن د^ن|$ ہر ن کے لئے محدود ہے یعنی (فرض کرو کہ) ج سے کم ہے۔

سلسلہ کے تفرق سے یہ سلسلہ حاصل ہوگا

$$ا_۱ + ۲ ا_۲ لا + ۳ ا_۳ لا^۲ + \dots + ن ا_ن لا^{ن-۱} + \dots\dots\dots$$

اگر صرف عددی قیمتوں کو ملحوظ رکھا جائے تو

$$\text{ن}\,\text{ل}_{\text{ن}}\,\text{لا}^{\text{ن}-1} = \text{ن}\,\text{ل}_{\text{ن}}\,\text{د}^{\text{ن}-1}\left(\frac{\text{لا}}{\text{د}}\right)^{\text{ن}-1} < \text{ن}\,\frac{\text{ج}}{\text{د}}\left(\frac{\text{لا}}{\text{د}}\right)^{\text{ن}-1}$$

اس لئے مشتقوں کے سلسلہ کی رقمیں ذیل کے سلسلہ کی متناظر رقموں سے تعداداً کم ہیں

$$\frac{\text{ج}}{\text{د}}\left\{1+2\left(\frac{\text{لا}}{\text{د}}\right)+3\left(\frac{\text{لا}}{\text{د}}\right)^{2}+\dots\dots\right\}$$

لیکن یہ سلسلہ مطلق طور پر مستدق ہے کیونکہ جانچ کی نسبت $\frac{\text{لا}}{\text{د}}$ ہے جو تعداداً ایک سے کم ہے۔ اسلئے مشتقوں کا سلسلہ یکساں طور پر مستدق ہے جبکہ لا دقفہ (ا، ب) کے اندر کوئی عدد ہو جہاں ا عداد ا اور ب ایسے ہیں کہ

$$-\text{ر} < \text{ا} < \text{ب} < \text{ر} \quad \text{(دفعہ ۴۲، مسئلہ ۲)}$$

مثال لوک $(1+\text{لا}) = \text{لا} - \frac{1}{2}\text{لا}^{2} + \frac{1}{3}\text{لا}^{3} - \dots\dots$ $(-1 < \text{لا} \leqq 1)$

تفرق کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{1}{1+\text{لا}} = 1 - \text{لا} + \text{لا}^{2} - \dots\dots\dots$$

یہ مساوات درست ہے اگر $-1 < \text{لا} < 1$ لیکن یہ درست نہیں رہتی اگر لا $= 1$

۴۷۔ مثالیں۔ اس جگہ ہم دو مثالیں حل کرینگے جن میں معلومہ سلسلہ کو تکمل کرنے سے ایک تفاعل کو بطور ایک سلسلہ کے پھیلایا جائیگا۔

(۱) مسئلہ

اگر $-1 < \text{لا} < 1$ تو

$$\frac{1}{1+\text{لا}^{2}} = 1 - \text{لا}^{2} + \text{لا}^{4} - \text{لا}^{6} + \dots\dots + (-1)^{\text{ن}}\,\text{لا}^{2\text{ن}} + \dots\dots \quad (1)$$

اس لئے صفر سے لا تک تکمل کرنے سے

$$\text{مس}^{-1} لا = لا - \frac{لا^3}{3} + \frac{لا^5}{5} - \frac{لا^7}{7} + \ldots + (-1)^{ن} \frac{لا^{2ن+1}}{2ن+1} + \ldots \quad (ا)$$

تفصیل (ا) صرف اس صورت میں ثابت کی گئی ہے جبکہ $|لا| < 1$، سلسلہ (ا) اہتزازی ہے جبکہ $لا = \pm 1$ لیکن (ا)، $لا = \pm 1$ کے لئے مستدق ہے، اسلئے ہم **ایبل** کا مسئلہ (صفحہ ۱۹۲) لگا سکتے ہیں اور یہ حاصل کر سکتے ہیں کہ (ا) اس صورت میں بھی درست رہتا ہے جبکہ $لا = \pm 1$۔

اگر $لا = 1$ تو حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\pi}{4} = 1 - \frac{1}{3} + \frac{1}{5} - \frac{1}{7} + \ldots \quad (ا)$$

سلسلہ (ا) کو π کے لئے **گریگوری** کا (بعض اوقات **لیب نیز** کا) سلسلہ کہتے ہیں، لیکن یہ سرعت سے مستدق نہیں ہوتا، اس لئے حساب لگانے کی غرض سے موزوں نہیں۔ **میچن** کا ضابطہ استعمال کرنے سے بہتر سلسلہ حاصل ہوتا ہے۔

$$\frac{\pi}{4} = 4 \text{ مس}^{-1}\left(\frac{1}{5}\right) - \text{مس}^{-1}\left(\frac{1}{239}\right)$$

اس ضابطہ کو استعمال کر کے پھیلاؤ (ا) کی مدد سے π کا محسوب کرنا طالب علم کے لئے اچھی مشق ہوگی۔ $\text{مس}^{-1}\left(\frac{1}{5}\right)$ اور $\text{مس}^{-1}\left(\frac{1}{239}\right)$ کے سلسلے بڑی سرعت سے مستدق ہوتے ہیں، ان سے π کی قیمت اعشاریہ کے پانچویں یا چھٹے مقام تک بآسانی حاصل ہوتی ہے۔

(۲) $\text{جب}^{-1} لا$۔ اگر $-1 < لا < 1$ تو ثنائی پھیلاؤ کی رو سے

$$\frac{1}{\sqrt{1-لا^2}} = (1-لا^2)^{-\frac{1}{2}} = 1 + \frac{1}{2} لا^2 + \frac{3 \times 1}{4 \times 2} لا^4 + \frac{5 \times 3 \times 1}{6 \times 4 \times 2} لا^6 + \ldots$$

اس لئے صفر سے لا تک تکمل کرنے سے

جب لا = لا + $\frac{1}{2}\frac{لا^3}{3} + \frac{3\times1}{4\times2}\frac{لا^5}{5} + \frac{5\times3\times1}{6\times4\times2}\frac{لا^7}{7}$ + ...

ذیل کی مثال میں ہم دیکھینگے کہ ایک سلسلہ کے ذریعہ ایک تکملہ کی تقریبی قیمت کس طرح حاصل ہو سکتی ہے۔

(۳) اگر ایک سادہ رقاص کا طول ل ہو اور یہ خط انتصابی کے دونوں جانب زاویہ عہ میں سے اہتزاز کرے تو اس کے پورے اہتزاز کا وقت

$= ۴ ك \sqrt{\frac{ل}{ج}}$ جہاں

$ك = \int_0^{\frac{\pi}{2}} \frac{فہ}{\sqrt{۱ - ک^2 جب^2 فہ}}$ (ک = جب $\frac{عہ}{2}$) ك کے لئے ایک سلسلہ مطلوب ہے۔

$(۱ - ک^2 جب^2 فہ)^{-\frac{1}{2}}$ کو مسئلہ ثنائی کی رو سے پھیلاؤ اور پھر رقم بر قم تکمل کرو۔ اس طرح

$\frac{۱}{\sqrt{۱ - ک^2 جب^2 فہ}} = ۱ + \frac{1}{2}ک^2 جب^2 فہ + \frac{۱\times۳}{۴\times۲}ک^4 جب^4 فہ + ...$

جب^2 فہ، جب^4 فہ، ..... کے تکملے اس سے قبل دفعہ ۱۰ میں معلوم کئے گئے ہیں، اسلئے

$ك = \frac{\pi}{2}\left\{۱ + \left(\frac{1}{2}\right)^2 ک^2 + \left(\frac{۳\times۱}{۴\times۲}\right)^2 ک^4 + \left(\frac{۵\times۳\times۱}{۶\times۴\times۲}\right)^2 ک^6 + ...\right\}$

اگر عہ چھوٹا ہو تو ک^2، ک^4، ..... کو نظر انداز کر سکتے ہیں، اس صورت میں

$ك = \frac{\pi}{2}$ اور پورے اہتزاز کی مدت $= \pi ۲ \sqrt{\frac{ل}{ج}}$

(۴) $\int_0^{\pi} \frac{جم ر لا \, در لا}{\sqrt{۱ - ۲ر جم لا + ر^2}}$ (ر مثبت صحیح ہے)

اگر $|ر| < 1$ تو مشق ۱۲ سوال ۱۳ کی رُو سے

$$\frac{1}{1-2ر\,جم\,لا+ر^2} = \frac{1}{1-ر^2}\{1+2ر\,جم\,لا+2ر^2\,جم\,2لا+2ر^3\,جم\,3لا+.....\}$$

نیز $\int_0^{2\pi} جم\,ن\,لا\,جم\,رلا\,درلا = 0$ اگر $ن \neq ر$

$= \frac{\pi}{2}$ اگر $ن = ر$

اس لئے اگر سلسلہ کو جم رلا کے ساتھ ضرب دیکر تکمیل کیا جائے تو ہر رقم صفر ہو جائے گی سوائے $2ر\,جم\,رلا\,جم\,رلا$ کے، اس طرح حاصل ہوگا

$$\int_0^{2\pi} \frac{جم\,رلا\,درلا}{1-2ر\,جم\,لا+ر^2} = \frac{2\pi ر^r}{1-ر^2} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (1)$$

اگر $|ر| > 1$ تو

$$\frac{1}{1-2ر\,جم\,لا+ر^2} = \frac{1}{ر^2}\,\frac{1}{1-2\times\frac{1}{ر}\,جم\,لا+\frac{1}{ر^2}}$$

اسے $\frac{1}{ر}$ کی قوتوں میں پھیلایا جا سکتا ہے۔ یا (۱) میں ر کی بجائے $\frac{1}{ر}$ لکھکر ہم $\frac{1}{ر^2}$ سے ضرب دے سکتے ہیں۔ تکملہ کی قیمت ہوگی $\frac{2\pi ر^r}{ر^2-1}$

مشق ۱۳

۱۔ ثابت کرو کہ ذیل کے پھیلاؤ لا کی ہر محدود قیمت کے لئے درست ہیں

(۱) $جب(لا+عا) = جب\,عا + لا\,جم\,عا - \frac{لا^2}{2}\,جب\,عا - \frac{لا^3}{3}\,جم\,عا + \ldots\ldots\ldots$

(۲) $لو\,جم\,لا = 1+لا - \frac{2لا^3}{3} - \frac{2^2لا^4}{4} - \ldots\ldots + 2^{\frac{ن}{2}}\,جم\,\frac{ن\pi}{4}\,\frac{لا^ن}{ن} + \ldots\ldots$

(۳) $\text{قوجب}^{\text{لا}} \text{لا} = \text{لا} + \frac{\text{لا}^{۲}}{۲} + \frac{۲\,\text{لا}^{۳}}{۳} - \frac{۲^{۲}\,\text{لا}^{۵}}{۵} - \dots + ۲^{\frac{\text{ن}}{۲}} \text{جب} \frac{\text{ن}\,\pi}{۴} \frac{\text{لا}^{\text{ن}}}{\text{ن}} + \dots$

(۴) $\text{قو}^{\text{لا جم عد}} \text{جم}(\text{لا جب عد}) = ۱ + \text{لا جم عد} + \frac{\text{لا}^{۲}}{۲} \text{جم}۲\text{عد} + \frac{\text{لا}^{۳}}{۳} \text{جم}۳\text{عد} + \dots\dots\dots$

ثابت کرو کہ $\text{عف}^{\text{ن}}\,\text{قو}^{\text{لا جم عد}} \text{جم}(\text{لا جب عد}) = \text{قو}^{\text{لا جم عد}} \text{جم}(\text{لا جب عد} + \text{ن عد})$

۲۔ سوال ۱، (۲)، (۳) سے جزلا جم لا، جزلا جب لا، جزلا جب لا، جزلا جم لا کے پھیلاؤ حاصل کرو۔

۳۔ ثابت کرو کہ اگر $|\text{لا}| < ۱$ تو

$$\text{لوک}(۱ + \text{لا} + \text{لا}^{۲}) = \text{لا} + \frac{\text{لا}^{۲}}{۲} - \frac{۲\,\text{لا}^{۳}}{۳} + \frac{\text{لا}^{۴}}{۴} + \dots\dots$$

۴۔ جہاں تک رقمیں پھیلاؤ میں دی گئی ہیں وہاں تک ثابت کرو کہ

(۱) $\text{قط لا} = ۱ + \frac{\text{لا}^{۲}}{۲} + \frac{۵\,\text{لا}^{۴}}{۲۴} + \frac{۶۱\,\text{لا}^{۶}}{۷۲۰}$

(۲) $\text{مس لا} = \text{لا} + \frac{\text{لا}^{۳}}{۳} + \frac{۲\,\text{لا}^{۵}}{۱۵} + \frac{۱۷\,\text{لا}^{۷}}{۳۱۵}$

(۳) $\text{لامم لا} = ۱ - \frac{\text{لا}^{۲}}{۳} - \frac{\text{لا}^{۴}}{۴۵} - \frac{۲\,\text{لا}^{۶}}{۹۴۵}$

جم لا اور جب لا کی بجائے ان کے مرادف سلسلے رکھنے اور تقسیم کرنے سے یہ پھیلاؤ حاصل ہو سکتے ہیں۔ کیا مم لا مکلارن کے مسئلہ سے پھیلایا جا سکتا ہے؟

یا۔ اگر لا اتنا چھوٹا ہو کہ اس کے مربعے اور اعلیٰ قوتیں نظر انداز کر دی جا سکیں تو ثابت کرو کہ

$$\left\{\sqrt{(۴ + \text{لا})} + \sqrt{(۱ + \text{لا})}\right\} \div \left\{\sqrt{۱ + ۴\,\text{لا}} + \sqrt{۱ - \text{لا}}\right\} = \frac{۳}{۲} - \frac{۳۷\,\text{لا}}{۱۲۰}$$

۶۔ اگر ف (لا) = $\frac{\text{لا}}{\text{قو}_{\text{لا}}-1}$ تو ثابت کرو کہ ف (لا) اور ف′ (لا) کی انتہائیں لا ← ۰ کے لئے بالترتیب ۱ اور $-\frac{1}{2}$ ہیں۔ نیز مساوات

$$\text{قو}_{\text{لا}}\, ف (لا) - ف (لا) - لا = ۰$$

کو ن بار تفرق کرنے سے ثابت کرو کہ

$$\text{قو}_{\text{لا}}\{ف^{(ن)}(لا) + {}_{ن}ج_{۱}\, ف^{(ن-۱)}(لا) + \dots + {}_{ن}ج_{ن}\, ف (لا) + ف (لا)\}$$
$$= ف^{(ن)}(لا)$$

اور اس لئے اگر ن > ۱ تو

$${}_{ن}ج_{۱}\, ف^{(ن-۱)}(۰) + {}_{ن}ج_{۲}\, ف^{(ن-۲)}(۰) + \dots + {}_{ن}ج_{ن}\, ف (۰) + ف (۰) =$$

جہاں لا ← ۰ کے لئے تفاعلوں کی جو انتہائیں ہیں انہیں لا = ۰ پر ان کی قیمتیں متصور کیا جائے۔

۷۔ $\frac{\text{لا}}{\text{قو}_{\text{لا}}-1} = ۱ - \frac{۱}{۲}\text{لا} + \frac{ب_{۱}}{[۲}\text{لا}^{۲} - \frac{ب_{۲}}{[۴}\text{لا}^{۴} + \frac{ب_{۳}}{[۶}\text{لا}^{۶} - \dots$

ثابت کرو کہ $ب_{۱} = \frac{۱}{۶}$، $ب_{۲} = \frac{۱}{۳۰}$، $ب_{۳} = \frac{۱}{۴۲}$، .....

$ب_{۱}, ب_{۲}, ب_{۳}, \dots$ برنولی کے اعداد ہیں (ملاحظہ ہو کرسٹل کا جبر و مقابلہ، حصہ دوم، باب ۲۸، دفعہ ۶)

۸۔ ثابت کرو کہ $\frac{\text{لا}}{\text{قو}_{\text{لا}}+1} = \frac{\text{لا}}{۲} - (۲^{۲}-۱)\frac{ب_{۱}}{[۲}\text{لا}^{۲} + (۲^{۴}-۱)\frac{ب_{۲}}{[۴}\text{لا}^{۴}$

$$- (۲^{۶}-۱)\frac{ب_{۳}}{[۶}\text{لا}^{۶} + \dots$$

۹۔ اگر ف (لا) = $\frac{\text{جب}^{-1} \text{لا}}{\sqrt{1-\text{لا}^2}}$ تو ثابت کرو کہ

(۱-لا^2) ف$'$ (لا) - لا ف (لا) = ۱

اور اگر |لا| < ۱ تو

$\frac{\text{جب}^{-1} \text{لا}}{\sqrt{1-\text{لا}^2}} = \text{لا} + \frac{2}{3}\text{لا}^3 + \frac{4\times2}{5\times3}\text{لا}^5 + \frac{6\times4\times2}{7\times5\times3}\text{لا}^7 + \ldots\ldots$

۱۰۔ سوال ۹ سے ثابت کرو کہ

(۱) طا = جب طا جم طا (۱ + $\frac{2}{3}$ جب^2 طا + $\frac{4\times2}{5\times3}$ جب^4 طا + ...)

(۲) مس$^{-1}$ ی = $\frac{\text{ی}}{\sqrt{1+\text{ی}^2}}\left\{1 + \frac{2}{3}\frac{\text{ی}^2}{1+\text{ی}^2} + \frac{4\times2}{5\times3}\left(\frac{\text{ی}^2}{1+\text{ی}^2}\right)^2 + \ldots\right\}$

رکھو لا = جب طا، مس طا = ی

۱۱۔ سوال ۹ سے بذریعہ عمل تکمل حاصل کرو کہ اگر |لا| < ۱ تو

$\frac{1}{2}[\text{جب}^{-1} \text{لا}]^2 = \frac{\text{لا}^2}{2} + \frac{2}{3}\frac{\text{لا}^4}{4} + \frac{4\times2}{5\times3}\frac{\text{لا}^6}{6} + \ldots\ldots$

۱۲۔ ثابت کرو کہ جم (ا جب$^{-1}$ لا) مساوات (۳) دفعہ ۴۵ کو پورا کرتی ہے اور ثابت کرو کہ

اگر |لا| < ۱ تو

جم (ا جب$^{-1}$ لا) = ۱ - $\frac{\text{ا}^2}{2}\text{لا}^2 - \frac{\text{ا}^2(2^2-\text{ا}^2)}{4}\text{لا}^4 - \frac{\text{ا}^2(2^2-\text{ا}^2)(4^2-\text{ا}^2)}{6}\text{لا}^6 - \ldots$

۱۳۔ جب (ا جب$^{-1}$ لا) اور جم (ا جب$^{-1}$ لا) کے سلسلہ سے ثابت کرو کہ

(۱) جب م طا = م جب طا - $\frac{\text{م}(\text{م}^2-\text{ا}^2)}{3}$ جب^3 طا

+ $\frac{\text{م}(\text{م}^2-\text{ا}^2)(4^2-3^2)}{5}$ جب^5 طا -

(۲) $\text{جم}\, م\, \text{طہ} = ۱ - \frac{م^۲}{|۲}\, \text{جب}^۲ \text{طہ} + \frac{م^۲(م^۲ - ۲^۲)}{|۴}\, \text{جب}^۴ \text{طہ} - \ldots$

$\frac{\text{جم}\, م\, \text{طہ}}{\text{جم}^م \text{طہ}}$ ، $\frac{\text{جب}\, م\, \text{طہ}}{\text{جم}^م \text{طہ}}$ کے لئے سلسلے جب (ا جب$^{-۱}$ لا) اور جم (ا جب$^{-۱}$ لا) کو تفرق کرنے سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

۱۴۔ اگر $|\text{لا}| < ۱$ تو ثابت کرو کہ

(۱) $\text{لوک}\{\text{لا} + \sqrt{۱ + \text{لا}^۲}\} = \text{لا} - \frac{۱}{۲}\frac{\text{لا}^۳}{۳} + \frac{۳\times۱}{۴\times۲}\frac{\text{لا}^۵}{۵}$

$- \frac{۵\times۳\times۱}{۶\times۴\times۲}\frac{\text{لا}^۷}{۷} + \ldots\ldots$

(۲) $\frac{۱}{۲}\{\text{لوک}(۱ + \text{لا})\}^۲ = \frac{\text{لا}^۲}{۲} - (۱ + \frac{۱}{۲})\frac{\text{لا}^۳}{۳} + (۱ + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳})\frac{\text{لا}^۴}{۴}$

$- (۱ + \frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۴})\frac{\text{لا}^۵}{۵} + \ldots\ldots$

۱۵۔ اگر $|\text{لا}| < ۱$ تو ثابت کرو کہ

(۱) $\text{لو}\, \text{کجب}^{-۱} \text{لا} = ۱ + \text{ک}\, \text{لا} + \frac{\text{ک}^۲}{|۲}\text{لا}^۲ + \frac{\text{ک}(\text{ک}^۲ + ۱^۲)}{|۳}\text{لا}^۳$

$+ \frac{\text{ک}^۲(\text{ک}^۲ + ۲^۲)}{|۴}\text{لا}^۴ + \ldots\ldots$

(۲) $\{\text{لا} + \sqrt{۱ + \text{لا}^۲}\}^{\text{ک}} = ۱ + \text{ک}\, \text{لا} + \frac{\text{ک}^۲}{|۲}\text{لا}^۲ + \frac{\text{ک}(\text{ک}^۲ - ۱^۲)}{|۳}\text{لا}^۳$

$+ \frac{\text{ک}^۲(\text{ک}^۲ - ۲^۲)}{|۴}\text{لا}^۴ + \ldots\ldots$

استدقاق ثابت کرنے کے لئے ملاحظہ ہو کہ ہر دو (۱) اور (۲) میں طاق رقموں کے

لینے سے جو سلسلے بنتے ہیں اور جفت رقموں کے لینے سے جو سلسلے بنتے ہیں وہ جداگانہ مستدق ہیں یا متسع بموجب اسکے کہ |لا| کم ہو یا بڑا ہو ایک سے

۱۶۔ معمولی ترقیم کے مطابق ثابت کرو کہ ناقص کا محیط

$$۴ \int_{0}^{\frac{\pi}{۲}} (۱ - ز^۲ جب^۲ فا)^{\frac{۱}{۲}} فرفا = ۲\pi \left\{ ۱ - \left(\frac{۱}{۲}\right)^۲ \frac{ز^۲}{۱} - \left(\frac{۳ \times ۱}{۴ \times ۲}\right)^۲ \frac{ز^۴}{۳} - \left(\frac{۵ \times ۳ \times ۱}{۶ \times ۴ \times ۲}\right)^۲ \frac{ز^۶}{۵} - \dots \right\}$$

۱۷۔ ثابت کرو کہ (۱) چھوٹے خروج المرکز زوائے ایک ناقص کا گھیرا مساوی رقبہ والے ایک دائرہ کے گھیرے سے تقریباً اس نسبت $۱ + \frac{۳ ز^۴}{۶۴}$ سے بڑا ہوتا ہے

(۲) ایک گردشی ناقص نما (خواہ یہ چپٹا ہو یا لمبوترا) جس کا خروج ز چھوٹا ہو اسکی سطح منحنی مساوی حجم والے ایک کرہ کی سطح منحنی سے بقدر اپنی کسر $\frac{۲ ز^۴}{۴۵}$ کے زیادہ ہوتی ہے۔

۱۸۔ $\frac{جم طا + لا}{۱ + ۲ لا جم طا + لا^۲}$ کو پہلے بلحاظ لا کے، پھر بلحاظ طا کے تکمل کرنے سے (ملاحظہ ہو مشق ۱۲، ۱۲) ثابت کرو کہ اگر |لا| < ۱ تو

(۱) $\frac{۱}{۲}$ لوک $(۱ + ۲ لا جم طا + لا^۲) = لا جم طا - \frac{لا^۲}{۲} جم ۲ طا + \frac{لا^۳}{۳} جم ۳ طا - \dots$

(۲) $مس^{-۱} \left(\frac{لا جب طا}{۱ + لا جم طا}\right) = لا جب طا - \frac{لا^۲}{۲} جب ۲ طا + \frac{لا^۳}{۳} جب ۳ طا - \dots$

۱۹۔ مثال ۱۸ سے لا ← ۱ کے لئے انتہا لینے سے ثابت کرو کہ اگر $-\pi < طا <$

تو (۱) جم طہ − ½ جم ۲طہ + ⅓ جم ۳طہ − ..... = لوک (۲ جم ½ طہ)

(۲) جب طہ − ½ جب ۲طہ + ⅓ جب ۳طہ − ..... = ½ طہ

ثابت کرو کہ سلسلہ (۲) تفاعل $\frac{\text{طہ}}{2}$ کو صرف اُسی حالت میں تعبیر کرتا ہے جبکہ − π < طہ < π اور سلسلہ کی قیمت جبکہ طہ = π صفر ہے لیکن طہ ← π کے لئے سلسلہ کی انتہا $\frac{\pi}{4}$ ہے۔

نیز ثابت کرو کہ اگرچہ اوپر کے دونوں سلسلے مستدق ہیں لیکن ان میں سے کوئی بھی رقم بہ رقم تفرق نہیں ہو سکتا (مشق ۱۲، ۱۵)

۲۰۔ مثال ۱۹ میں طہ مساوی π − لا رکھنے سے حاصل کرو کہ اگر ۰ < لا < ۲π

تو (۱) جم لا + ½ جم ۲لا + ⅓ جم ۳لا + ... = − لوک (۲ جب ½ لا)

(۲) جب لا + ½ جب ۲لا + ⅓ جب ۳لا + ... = $\frac{\pi}{2} - \frac{\text{لا}}{2}$

۲۱۔ سوال ۲۰ (۲) کو تکمل کرنے سے ثابت کرو کہ اگر ۰ ≦ لا ≦ ۲π تو

$$\frac{\text{لا}^2}{4} - \frac{\pi\,\text{لا}}{2} = \left(\frac{\text{جم لا}}{1^2} + \frac{\text{جم ۲لا}}{2^2} + \frac{\text{جم ۳لا}}{3^2} + \ldots\right) - \text{ج}$$

جہاں $\text{ج} = \frac{1}{1^2} + \frac{1}{2^2} + \frac{1}{3^2} + \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots$

سلسلہ لا کی ہر قیمت کے لئے یکساں طور پر مستدق ہے، اس لئے تکمل کے بعد ہم لا کو قیمتیں صفر اور ۲π دے سکتے ہیں، لیکن یہ دوری سلسلہ ہے اور وقفہ (۰، ۲π) کے باہر تفاعل $\frac{\text{لا}^2}{4} - \frac{\pi\,\text{لا}}{2}$ کو تعبیر نہیں کرتا۔

۲۲۔ سوال ۲۱ سے حاصل کرو کہ

(۱) $\frac{1}{1^2} + \frac{1}{3^2} + \frac{1}{5^2} + \ldots = \frac{\pi^2}{8}$ (۲) $\frac{1}{1^2} + \frac{1}{2^2} + \frac{1}{3^2} + \ldots = \frac{\pi^2}{6}$

(۳) $\frac{۱}{۱^۲} - \frac{۱}{۲^۲} + \frac{۱}{۳^۲} - \frac{۱}{۴^۲} + \ldots = \frac{\pi^۲}{۱۲}$

(۱) حاصل کرنے کے لئے سوال ۲۱ میں رکھو لا = π، (۲) اور (۳) بآسانی حاصل ہوتے ہیں (ملاحظہ ہو مشق ۱۲، سوال ۳)

۲۳۔ ثابت کرو کہ

(۱) $\int_{۰}^{\frac{۱}{۲}\text{لا}} \text{لوک}(۱+\text{لا})\,\text{فرلا} = \frac{۱}{۱^۲} - \frac{۱}{۲^۲} + \frac{۱}{۳^۲} - \ldots = \frac{\pi^۲}{۱۲}$

(۲) $\int_{۰}^{\frac{۱}{۲}\text{لا}} \text{لوک}(۱-\text{لا})\,\text{فرلا} = -\left(\frac{۱}{۱^۲} + \frac{۱}{۲^۲} + \frac{۱}{۳^۲} + \ldots\right) = -\frac{\pi^۲}{۶}$

(۳) $\int_{\frac{\pi}{۴}}^{\frac{\pi}{۲}} \text{مس طہ لوک}(\text{مم طہ})\,\text{فرطہ} = \frac{۱}{۴}\left(\frac{۱}{۱^۲} - \frac{۱}{۲^۲} + \frac{۱}{۳^۲} - \frac{۱}{۴^۲} + \ldots\right)$

$= \frac{\pi^۲}{۴۸}$

(۳) حاصل کرنے کے لئے رکھو مس طہ = لا اور یاد رہے کہ یہاں لا $\frac{\pi}{۲}$ سے $\frac{\pi}{۴}$ تک لا ۱ سے ۰ تک۔

(مشق ۷، سوال ۱۰، حصہ اول)

۲۴۔ ثابت کرو کہ

(۱) $\frac{\text{جم لا}}{۱^۲} - \frac{\text{جم ۲لا}}{۲^۲} + \frac{\text{جم ۳لا}}{۳^۲} - \frac{\text{جم ۴لا}}{۴^۲} + \ldots = \frac{\text{لا}^۲}{۴} - \frac{\pi^۲}{۱۲}$

(۲) $\frac{\text{جم لا}}{۱^۲} + \frac{\text{جم ۳لا}}{۳^۲} + \frac{\text{جم ۵لا}}{۵^۲} + \ldots = \frac{\text{لا}\pi}{۴} - \frac{\pi^۲}{۸}$

(۱) میں $-\pi \leqq \text{لا} \leqq \pi$، (۲) میں $۰ \leqq \text{لا} \leqq \pi$

۲۵۔ ثابت کرو کہ لا کی ہر محدود قیمت کے لئے

(۱) $\frac{۱}{\pi}\int_{۰}^{\pi} \text{جم}(\text{لا جم طہ})\,\text{فرطہ} = ۱ - \frac{\text{لا}^۲}{۲^۲} + \frac{\text{لا}^۴}{۲^۴ \times ۲^۲} - \frac{\text{لا}^۶}{۲^۶ \times ۴^۲ \times ۲^۲} + \ldots$

(۲) $\frac{1}{\pi}\int_0^{\pi} \text{جم}(\text{لا جم طہ})\, \text{جب}^{2\text{ر}} \text{طہ}\, \text{د طہ} = \frac{|(2\text{ر})}{(|\text{ر})^2}\left\{1 - \frac{\text{لا}^2}{2(2\text{ر}+2)} + \frac{\text{لا}^4}{2\times 4(2\text{ر}+2)(2\text{ر}+4)} - \cdots\right\}$

۲۶۔ اگر سوال ۲۵ (۱) میں حا سلسلہ (یا تکملہ) کو تعبیر کرے تو ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{د}^2 \text{حا}}{\text{د لا}^2} + \frac{1}{\text{لا}}\frac{\text{د حا}}{\text{د لا}} + \text{حا} = 0$$

۲۷۔ اگر سوال ۲۵ (۲) میں ع سلسلہ (یا تکملہ) کو تعبیر کرے اور اگر حا = لا^ر ع تو ثابت کرو کہ

$$\text{لا}^2 \frac{\text{د}^2 \text{حا}}{\text{د لا}^2} + \text{لا}\frac{\text{د حا}}{\text{د لا}} + (\text{لا}^2 - \text{ر}^2)\,\text{حا} = 0$$

حا، رتبہ ر کا بیسل کا تفاعل کہلاتا ہے اور (سوائے ایک عددی جزو ضربی کے) اسے ہم بالعموم جے (لا) سے تعبیر کرینگے۔ سوال ۲۶ کا تفاعل، جے (لا) ہے [ملاحظہ ہوں گرے اور میتھیو کے بیسلی تفاعل]

۲۸۔ اگر ن مثبت صحیح ہو تو ثابت کرو کہ

جب لا (۱ + ۲ جم ۲لا + ۲ جم ۴لا + ... + ۲ جم ۲ن لا) = جب (۲ن + ۱) لا

اور اس سے پھر ثابت کرو کہ

$$\int_0^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جب}(2\text{ن}+1)\text{لا}}{\text{جب لا}}\, \text{د لا} = \frac{\pi}{2}$$

۲۹۔ ذیل کے نتائج ثابت کرو، ر مثبت ہے اور ر مثبت صحیح ہے۔

(۱) $\int_0^{\pi} \text{لوک}(1 - 2\text{ر جم لا} + \text{ر}^2)\, \text{د لا} = 0$ اگر ر < ۱

$= 2\pi$ لوک ر اگر ر > ۱

(۲) $\int_0^{\pi} \frac{\text{لا جب لا}\, \text{د لا}}{1 - 2\text{ر جم لا} + \text{ر}^2} = \frac{\pi}{\text{ر}}$ لوک (۱ + ر) اگر ر < ۱

$= \frac{\pi}{د}$ لوک $(1+\frac{1}{د})$ اگر $د > 1$

(۳) $\int_{0}^{\pi}$ جم ر لا لوک $(1-2د$ جم لا $+د^2)$ فر لا $= \frac{-\pi د}{د}$ اگر $د < 1$

$= \frac{-\pi د}{د}$ اگر $د > 1$

(۴) $\int_{0}^{\pi} \frac{\text{جب لا جب ر لا فر لا}}{1-2د \text{ جم لا} + د^2} = \frac{\pi}{2} د^{ر-1}$ اگر $د < 1$

$= \frac{\pi}{2} د^{-(ر+1)}$ اگر $د > 1$

۳۰۔ ثابت کرو کہ (۱) $\int_{0}^{لا} \frac{\text{جب لا}}{لا}$ فر لا $= لا - \frac{لا^3}{3\lfloor 3} + \frac{لا^5}{5\lfloor 5} - \ldots$

(۲) $\int_{0}^{لا} \frac{1}{لا}$ فر لا $= 1 - \frac{1}{2^2} + \frac{1}{3^3} - \frac{1}{4^4} + \ldots$

(۲) حاصل کرنے کے لئے لا کو اس شکل $\frac{\text{لا لوک لا}}{\text{لا}}$ میں رکھو اور پھیلاؤ۔

(※)

باب ہفتم

ٹیلر کا مسئلہ دو یا زیادہ متغیروں کے تفاعلوں کی صورت میں۔ اس مسئلہ کا استعمال

۴۸۔ دو یا زیادہ متغیروں کے تفاعلوں کے لئے ٹیلر کا مسئلہ۔ ایک سے زیادہ متغیروں کی صورت میں اب ہم مختصر طور پر ایسے پھیلاؤ حاصل کرینگے جو ٹیلر کے مسئلہ کے جواب ہیں۔ باقیات کے لئے جملے پیچیدہ ہیں، انہیں نہیں لکھا جائیگا اگرچہ انکی شکل کا اندازہ سلک ثبوت سے بآسانی ہو سکیگا۔ اگر ہم باقیوں کی کوئی مناسب بحث اسجگہ اختیار کریں تو جیریہ صورتوں کے نظریہ میں بہت دور تک ہم چلے جائینگے۔ یہاں یہ تسلیم کر لیا جائے گا کہ تفاعل اور ان کے تمام مشتق جو باقی تک اور باقی میں شریک ہوتے ہیں وہ سب کے سب مسلسل ہیں۔

سب سے پہلے ہم ف (لا+ھ، ما+ک) کا پھیلاؤ ھ اور ک کی قوتوں میں حاصل کرینگے، یہ پھیلاؤ دفعہ ۴۳ کے ضابطہ (۱۳) کا جواب ہے۔

ف (لا+ھ، ما+ک) تفاعل ف (لا+ھ ت، ما+ک ت) کی قیمت ہے جبکہ ت = ۱،

اب اگر ف (لا+ھ ت، ما+ک ت) کو ت کا تفاعل خیال کیا جائے تو اسے ہم مکلارن کے مسئلہ سے پھیلا سکتے ہیں۔ اختصار کی خاطر

ف (لا+ھ ت، ما+ک ت) کو فا (ت) سے تعبیر کرو اور اسکے ت، مشتقوں کو زبروں سے بیان کرو۔ تب

$$فا(ت) = فا(۰) + ت فا'(۰) + \frac{ت^۲}{۲!} فا''(۰) + \dots + جب_{ن}(ت) + \dots (۱)$$

اب ہم یہ دیکھینگے کہ فا(ت) کے ت، مشتق لا ما کے لحاظ سے فا(ت) کے جزوی مشتقوں میں کس طرح بیان ہو سکتے ہیں۔

رکھو لا + ھ ت = عہ، ما + ک ت = یہ ..... (۲)

تب فا(ت) = $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف عہ}} \times \frac{\text{وعہ}}{\text{وت}} + \frac{\text{جف فا}}{\text{جف یہ}} \times \frac{\text{ویہ}}{\text{وت}} = \text{ھ} \frac{\text{جف فا}}{\text{جف عہ}}$

$+ \text{ک} \frac{\text{جف فا}}{\text{جف یہ}}$ ..... (۳)

لیکن $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف لا}} = \frac{\text{جف فا}}{\text{جف عہ}} \times \frac{\text{جف عہ}}{\text{جف لا}} = \frac{\text{جف فا}}{\text{جف عہ}}$ کیونکہ (۲) سے

$\frac{\text{جف عہ}}{\text{جف لا}} = ۱$ اور اسی طرح $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف ما}} = \frac{\text{جف فا}}{\text{جف یہ}}$

اس طرح رشتہ (۳) ہو جاتا ہے

فا(ت) = ھ $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف لا}}$ + ک $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف ما}}$ ..... (۴)

ربط (۴) کا مطلب شاید اچھی طرح سمجھ میں آئیگا اگر کسی خاص صورت پر غور کیا جائے

مثلاً فا(ت) = (لا + ھ ت)$^{\text{ن}}$ (ما + ک ت)$^{\text{ن}}$۔ اس جملہ کے ساتھ اوپر کا سلوک کرنے سے فا(ت) معلوم کیا جائے، اس طرح معلوم ہوگا کہ فا(ت) بھی لا + ھ ت اور ما + ک ت کا تفاعل ہے اور اس لئے فا(ت) حسب ذیل طریقہ سے معلوم ہو سکتا ہے۔

اب فا(ت) تفاعل فا(ت) کا ت مشتق ہے اور (۴) میں فا(ت) کی بجائے فا(ت) رکھنے سے حاصل ہو سکیگا۔ پس

فا(ت) = ھ $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف لا}}$ + ک $\frac{\text{جف فا}}{\text{جف ما}}$

$$= هـ\left\{هـ\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,لا^{2}} + ك\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,لا\,جف\,ما}\right\} + ك\left\{هـ\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,ما\,جف\,لا} + ك\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,ما^{2}}\right\}$$

$$= هـ^{2}\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,لا^{2}} + ٢\,هـ\,ك\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,لا\,جف\,ما} + ك^{2}\frac{جف^{2}\,فا}{جف\,ما^{2}} \quad \ldots\ldots (٥)$$

اسی طرح $فا''(ت) = هـ^{3}\frac{جف^{3}\,فا}{جف\,لا^{3}} + ٣\,هـ^{2}\,ك\frac{جف^{3}\,فا}{جف\,لا^{2}\,جف\,ما}$

$$+ ٣\,هـ\,ك^{2}\frac{جف^{3}\,فا}{جف\,لا\,جف\,ما^{2}} + ك^{3}\frac{جف^{3}\,فا}{جف\,ما^{3}} \quad \ldots\ldots (٦)$$

مشتق کی ترکیب کا قانون اب صاف ظاہر ہے، ابھی ہم دیکھینگے کہ $فا^{(ن)}(ت)$ کی قیمت کس طرح منضبط شکل میں لکھی جا سکتی ہے، مگر اس سے پہلے ہم $فا(٠)$، $فا'(٠)$، $فا''(٠)$ کی قیمتوں پر غور کرتے ہیں۔

$فا(٠) = ف(لا، ما)$ اور $فا'(٠)$، $فا''(٠)$، $فا^{(ن)}(٠)$ کی قیمتیں (۴)، (۵)، (۶) میں $فا(ت)$ کی بجائے محض $ف(لا، ما)$ رکھنے سے حاصل ہو سکتی ہیں۔ باقی کی لنگرانج کی شکل حاصل کرنے کے لئے ہمیں $فا^{(ن)}(ت)$ میں ت کی بجائے طہ ت رکھنا چاہئے جہاں طہ کسر واجب ہے، اگر ن = ۳ تو (۶) میں $فا(ت)$ کی بجائے ہمیں $ف(لا + هـ\,طہ\,ت، ما + ك\,طہ\,ت)$ رکھنا ہوگا۔

اس طرح ربط (۱) ہو جائیگا

$$ف(لا + هـ\,ت، ما + ك\,ت) = ف(لا، ما) + ت\left(هـ\frac{جف\,ف}{جف\,لا} + ك\frac{جف\,ف}{جف\,ما}\right)$$

$$+ \frac{ت^{2}}{\lfloor 2}\left(هـ^{2}\frac{جف^{2}\,ف}{جف\,لا^{2}} + ٢\,هـ\,ك\frac{جف^{2}\,ف}{جف\,لا\,جف\,ما} + ك^{2}\frac{جف^{2}\,ف}{جف\,ما^{2}}\right)$$

$$+ \ldots\ldots\ldots (٧)$$

ف (لا + ھ، ما + ک) کا پھیلاؤ حاصل کرنے کے لئے (۷) میں ت کی بجائے ایک رکھو

$$ف(لا+ھ، ما+ک) = ف(لا، ما) + ھ \frac{جف ف}{جف لا} + ک \frac{جف ف}{جف ما}$$

$$+ \frac{1}{2} \left(ھ^2 \frac{جف^2 ف}{جف لا^2} + 2 ھ ک \frac{جف^2 ف}{جف لا جف ما} + ک^2 \frac{جف^2 ف}{جف ما^2} \right)$$

$$+ \ldots\ldots\ldots\ldots (۸)$$

(۸) سے مطلوبہ پھیلاؤ حاصل ہوتا ہے، پھیلاؤ (۷) بھی نہایت کارآمد ہے۔

فا (ت)، فا (ت) کی جو قیمتیں (۵) اور (۶) میں لکھی گئی ہیں وہ رموز کے پیرایہ میں زیادہ منضبط شکل میں اس طرح لکھی جا سکتی ہیں

$$\left(ھ \frac{جف}{جف لا} + ک \frac{جف}{جف ما} \right)^2 فا \quad \left(ھ \frac{جف}{جف لا} + ک \frac{جف}{جف ما} \right)^3 فا \ldots (۹)$$

بشرطیکہ ان کا یہ مفہوم ہمارے پیش نظر رہے، مفہوم۔

جملہ نمائی کو پھیلایا جائے گویا $ھ \frac{جف}{جف لا}$ اور $ک \frac{جف}{جف ما}$ مفرد مقدار ہیں، پھیلاؤ کے بعد ہر رقم کے ساتھ آخر میں فا کو بطور جزو ضربی کے لکھا جائے

پھر اس طرح کی رقم $۳ \left(ھ \frac{جف}{جف لا} \right)^2 \left(ک \frac{جف}{جف ما} \right)$ فا کی بجائے

پہلے $۳ ھ^2 ک \frac{جف^3}{جف لا^2 جف ما} فا$ پھر $۳ ھ^2 ک \frac{جف^2 فا}{جف لا^2 جف ما}$ رکھا جائے۔

اس ترقیم کے موافق (۷) میں (۴ + ۱) ویں رقم ہوگی

$$\frac{ت^4}{[4]} \left(ھ \frac{جف}{جف لا} + ک \frac{جف}{جف ما} \right)^4 ف$$

$$= \frac{ت^{م}}{[م]} \left(ھ^{م-١} ک \frac{جف^{٢} ف}{جف لا^{م-١}} + م ھ^{م-٢} ک^{٢} \frac{جف^{٣} ف}{جف لا^{م-٢} جف ما} + \dots \right.$$

$$\left. \dots + ک^{م} \frac{جف^{م} ف}{جف ما^{م}} \right)$$

شکل (۸) میں لا کی بجائے ھ اور ما کی بجائے ک رکھنے سے
ف (لا + ھ، ما + ک) کا پھیلاؤ لا، ما کی قوتوں میں حاصل ہو سکتا ہے، لاحقوں والی ترقیم استعمال کرنے سے

$$ف (لا + ھ، ما + ک) = ف (ھ، ک) + لا ف_{ھ} + ما ف_{ک}$$

$$+ \frac{١}{[٢]} (لا^{٢} ف_{ھھ} + ٢ لا ما ف_{ھک} + ما^{٢} ف_{ککک}) + \dots \quad (١٠)$$

ف، ف_{ھھ} مرتب کرنے کے لئے ہمیں ف (لا، ما) کو بلحاظ لا اور ما کے تفرق کرنا چاہئے اور پھر لا کی بجائے ھ اور ما کی بجائے ک رکھنا چاہئے

(١٠) میں اگر ہم چاہیں تو رکھ سکتے ہیں ھ = ٠، ک = ٠، اس طرح ہمیں ف (لا، ما) کا پھیلاؤ سکلارن کے مسئلہ کے جواب میں ملیگا۔
اگر متغیر تین یا زیادہ ہوں تو پھیلاؤ اسی شکل کے ہونگے جو اوپر حاصل ہوئے، مثلاً تین متغیروں کی صورت میں

$$ف (لا + ھ، ما + ک، ی + ل) = ف (لا، ما، ی) + ھ \frac{جف ف}{جف لا}$$

$$+ ک \frac{جف ف}{جف ما} + ل \frac{جف ف}{جف ی} + \frac{١}{[٢]} \left(ھ \frac{جف}{جف لا} + ک \frac{جف}{جف ما} + ل \frac{جف}{جف ی} \right)^{٢} ف + \dots \quad (١١)$$

جہاں رموزی جملات کی تعبیر وہی ہے جو اوپر بیان ہوئی۔

۴۹۔ مثالیں (۱) سطح ف (لا، ما، ی) = ۰ کے نقطہ ن (ھ، ک، ل) پر مماسی مستوی سطح کی مساوات معلوم کرو۔
ن میں سے گذرنے والے کسی خط مستقیم کی مساواتیں جسکی جیوب التمام لہ، مہ، نہ ہوں یہ ہیں

$$\frac{\text{لا}-\text{ھ}}{\text{لہ}} = \frac{\text{ما}-\text{ک}}{\text{مہ}} = \frac{\text{ی}-\text{ل}}{\text{نہ}} = \text{ر} \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۱)$$

جہاں ر فاصلہ ہے (لا، ما، ی) کا (ھ، ک، ل) سے۔ فرض کرو کہ (لا، ما، ی) سطح پر کا نقطہ ق ہے۔ تب لا = ھ + لہ ر، ما = ک + مہ ر، ی = ل + نہ ر، ف (لا، ما، ی) = ۰
ف (لا، ما، ی) = ۰ میں لا، ما، ی کی بجائے اوپر کی قیمتیں مندرج کرنے اور ٹیلر کے مسئلہ سے پھیلانے سے

$$۰ = \text{ف}(\text{ھ}، \text{ک}، \text{ل}) + \text{ر}\left(\text{لہ}\,\text{ف}_{\text{ھ}} + \text{مہ}\,\text{ف}_{\text{ک}} + \text{نہ}\,\text{ف}_{\text{ل}}\right) + \text{ط}\,\text{ر}^{۲} + \ldots\ldots\ldots\ldots (۲)$$

لیکن ف (ھ، ک، ل) = ۰ کیونکہ ن سطح پر واقع ہے، اس لئے ر کی ایک قیمت جو (۲) سے حاصل ہوتی ہے صفر ہے، (۲) کی باقی اصلیں نقطہ ن سے ان فاصلوں کو تعبیر کرتی ہیں جہاں خط (۱) سطح سے ملتا ہے۔ فرض کرو کہ ر = ن ق تب چونکہ ر صفر نہیں ہے، اس لئے مساوات (۲) ہو جاتی ہے

$$۰ = \text{لہ}\,\text{ف}_{\text{ھ}} + \text{مہ}\,\text{ف}_{\text{ک}} + \text{نہ}\,\text{ف}_{\text{ل}} + \text{ط}\,\text{ر} + \ldots\ldots (۳)$$

جیسے ر صفر کی طرف مائل ہوتا ہے خط (۱) مماس کا محل اختیار کرتا ہے، لیکن (۳) سے ظاہر ہے کہ جیسے ر صفر ہوتا ہے لہ ف$_{ھ}$ + مہ ف$_{ک}$ + نہ ف$_{ل}$ بھی صفر ہوتا ہے۔

پس معلوم ہوا کہ خط (۱) مماسی خط ہوگا اگر لہ، مہ، نہ اس مساوات کو پورا کریں

$$\text{لہ}\, ف_{\text{ھ}} + \text{مہ}\, ف_{\text{ک}} + \text{نہ}\, ف_{\text{ل}} = 0 \quad \ldots\ldots\ldots (۴)$$

اگر ہم مساواتوں (۱) اور (۴) سے لہ، مہ، نہ کو ساقط کردیں تو ہمیں مساوات ملیگی جو ن میں سے گذرنے والے کسی مماسی خط کے کسی نقطہ کے محددوں کے لئے درست ہوگی، ان مقداروں کو ساقط کرنے سے حاصل ہوگا

$$(\text{لا} - \text{ھ})\, ف_{\text{ھ}} + (\text{ما} - \text{ک})\, ف_{\text{ک}} + (\text{ی} - \text{ل})\, ف_{\text{ل}} = 0$$

یہ وہی مساوات ہے جو دفعہ ۹۱ حصۂ اول میں معلوم کی گئی، صرف ترقیم کا فرق ہے۔

مثال ۲۔ متجانس تفاعلوں کے لئے آئلر کا مسئلہ۔

تعریف۔ اگر دو یا زیادہ متغیروں کا تفاعل ع ایسا ہو کہ متغیروں لا، ما، ..... کی بجائے بالترتیب لہ لا، لہ ما، ..... لکھنے سے تفاعل ع، لہ^ن ع ہوجائے خواہ مقدار لہ کچھ ہی ہو تو ع کو ن، ویں درجہ کا متجانس تفاعل کہتے ہیں۔

فرض کرو کہ ع = ف (لا، ما) دو متغیروں لا، ما میں ن، ویں درجہ کا متجانس تفاعل ہے، تب ہم ثابت کرینگے کہ

$$\text{لا}\, ع_{\text{لا}} + \text{ما}\, ع_{\text{ما}} = \text{ن}\, ع \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

$$\text{لا}^{۲} ع_{\text{لا لا}} + ۲\,\text{لا ما}\, ع_{\text{لا ما}} + \text{ما}^{۲} ع_{\text{ما ما}} = \text{ن}(\text{ن}-۱)\, ع \quad \ldots\ldots (۲)$$

لا، ما کی بجائے (۱+ت) لا، (۱+ت) ما یعنی لا+ت لا، ما+ت ما رکھو، اس طرح ہی ہوجائے گا (۱+ت)^ن ع، پس

$$ف\,(\text{لا}+\text{ت لا}، \text{ما}+\text{ت ما}) = (۱+\text{ت})^{\text{ن}}\, ع$$

دائیں جانب کے تفاعل کو ٹیلر کے مسئلہ سے اور بائیں جانب کے تفاعل کو مسئلہ ثنائی سے پھیلانے سے حاصل ہوگا

$$ف(لا+ما)+ت(لا ف_{لا}+ما ف_{ما})+\frac{ت^2}{2}(لا^2 ف_{لا لا}+2لا ما ف_{لا ما}+ما^2 ف_{ما ما})$$

$$+.....=ع+ن ت ع_1+\frac{ن(ن-1)}{2\times 1} ت^2 ع_2+.....$$

ت کی متماثل قوتوں کے سروں کو مساوی رکھنے سے مساواتیں (۱) اور (۲) حاصل ہوتی ہیں، یہ دیکھنا آسان ہے کہ

$$(لا \frac{جف}{جف_{لا}}+ما \frac{جف}{جف_{ما}})^م ع=ن(ن-1)(ن-2)....(ن-م+1) ع$$

اور انہی مسائل کی تین یا زیادہ متغیروں والے متجانس تفاعلوں کی صورت میں توسیع کی جا سکتی ہے۔

مثلاً $لا ع_{لا}+ما ع_{ما}+حی ع_{حی}=ن ع$ ..... (۳)

مثال۔ فرض کرو کہ $ع=مس^{-1}(\frac{ما}{لا})$ اس صورت میں ع صفر درجہ کا ہے

$$ع_{لا}=\frac{1}{1+\frac{ما^2}{لا^2}}\times\frac{-ما}{لا^2}=\frac{-ما}{لا^2+ما^2}\quad ،\quad ع_{ما}=\frac{لا}{لا^2+ما^2}$$

$$لا ع_{لا}+ما ع_{ما}=\frac{-لا ما}{لا^2+ما^2}+\frac{لا ما}{لا^2+ما^2}=0$$

۵۰۔ دو یا زیادہ متغیروں والے تفاعل کی اعظم یا اقل قیمتیں۔

تعریف ف(ا، ب) قیمت اعظم ہوگی ف(لا، ما) کی اگر ف(ا+ھ، ب+ک) کم ہو ف(ا، ب) سے ھ اور ک کی تمام مثبت یا منفی قیمتوں کے لئے جو صفر اور کسی معینہ محدود مقداروں کے درمیان واقع ہوں خواہ یہ مقداریں

کتنی ہی چھوٹی کیوں نہ ہوں۔ ف (ا، ب) قیمت اقل ہوگی ف (ا+ما) کی اگر ف (ا + ھ، ب + ک) بڑا ہو ف (ا، ب) سے ھ، ک کی تمام ایسی قیمتوں کے لئے۔

دو سے زیادہ متغیروں والے تفاعلوں کے لئے ایسی ہی تعبیر بفیس صادق آتی ہے۔ متغیر متبوع کی تمام زیر بحث قیمتوں کے لئے ہم مان لینگے کہ تفاعل اور ان کے مشتق مسلسل ہیں۔

ف (ا، ب) کے اعظم یا اقل ہونے کے لئے (یعنی ٹوپر کی قیمت ہونیکے لئے) ضروری ہے کہ دونو ف$_{ا}$ اور ف$_{ب}$ صفر ہوں جبکہ

لا = ا، ما = ب کیونکہ ف (ا، ب)، ف (لا، ما) کے موڑ کی قیمت نہیں ہوسکتی جب تک کہ یہ صرف لا کے تفاعل ف (لا، ب) کے موڑ کی قیمت نہ ہو جبکہ لا = ا اور نیز جب تک کہ یہ صرف ما کے تفاعل ف (ا، ما) کے موڑ کی قیمت نہ ہو جبکہ ما = ب۔ اس لئے ف$_{ا}$ (لا، ب) کو لازماً صفر ہونا چاہئے جبکہ لا = ا اور ف$_{ب}$ (ا، ما) کو صفر ہونا چاہئے جبکہ ما = ب۔

موڑ کی قیمت کے لئے اوپر کی شرط ضروری ہے۔ کافی شرائط معلوم کرنے کے لئے ف (ا + ھ، ب + ک) کو پھیلاؤ، اس طرح حاصل ہوگا

ف (ا + ھ، ب + ک) - ف (ا، ب)

$$= \frac{1}{2}(ھ^2 ف_{اا} + 2ھک ف_{اب} + ک^2 ف_{بب}) + ب$$

جہاں ھ ف$_{ا}$، ک ف$_{ب}$ کو حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ ف$_{ا}$ = ۰، ف$_{ب}$ = ۰ اگر ف (ا، ب) موڑ کی قیمت ہو۔ ..... (۱)

اگر ف (ا، ب) موڑ کی قیمت ہو تو (۱) کے بائیں جانب کے جملہ کو ھ اور ک کی تمام چھوٹی قیمتوں کے لئے وہی علامت قائم رکھنی چاہئے اگر ف (ا، ب) قیمت اعظم ہو تو یہ علامت منفی ہونی چاہئے اگر یہ اقل ہو تو مثبت۔

ب میں ھ اور ک کی تیسری قوتیں شریک ہوتی ہیں جبکہ ب کو ٹیلر کے مسئلہ کا باقی خیال کیا جائے، اس لئے ایک حد تک یہ عیاں معلوم ہوتا ہے کہ ھ اور ک کی کافی طور پر چھوٹی قیمتوں کے لئے بائیں جانب کے جملہ کی علامت ھ، ک کے دو درجی جملہ کی علامت سے متعین ہوگی۔ لیکن یہ مفروضہ پورے طور پر درست نہیں تسلیم کر لیا جا سکتا جیسا کہ ذیل کی مثال سے واضح ہوگا جسے پیانو نے وضع کیا۔

فرض کرو کہ ف (لا، ما) = ۸ لا³ - ۱۰ لا ما² + ما³

تب ا = ۰، ب = ۰، ف (ا، ب) = ۰ اور مساوات (۱) ہو جاتی ہے

ف (ھ، ک) = ۸ ھ³ + (-۶ ھ ک² + ک³) ..... (۲)

یہاں ٹیک ب = (-۶ ھ ک² + ک³)

درجہ دوم کی قیمیں ۸ ھ³ میں شمول ہو جاتی ہیں اور یہ مثبت ہے جب تک کہ ھ صفر نہ ہو، لیکن ھ، ک کی تمام چھوٹی قیمتوں کے لئے ف (ھ، ک) کی ایک ہی علامت نہیں ہے کیونکہ فرض کرو کہ ک = √۳ ھ، تب

ف (ھ، ک) = (لا - ۲)² (لا - ۴) ھ³

اسلئے ف (ھ، ک) منفی یا مثبت ہوگا بموجب اسکے کہ لا، ۲ اور ۴ کے درمیان واقع ہو یا نہ ہو۔ دوسرے الفاظ میں ف (۰، ۰) تفاعل ف (لا، ما) کی اقل قیمت نہیں ہو سکتی خواہ دوسرے درجہ کی قیمیں مثبت ہی کیوں نہ ہوں جبتک کہ ھ صفر نہ ہو۔

اوپر جو شکل پیدا ہوئی ہے اسکی تحقیق کے لئے ٹیلر کے مسئلہ میں باقی کے مزید معائنہ کی ضرورت ہوگی، یہ ہماری کتاب کے حدود سے باہر ہے، پس اس جگہ صرف اتنا بیان کر دینا کافی ہوگا کہ ف (ا، ب) موڑ کی قیمت ہوگی اگر

$$ف_{اا}\, ف_{بب} > (ف_{اب})^2$$

اور یہ قیمت، اعظم ہوگی اگر $ف_{(ا)}$ (یا $ف_{(ب)}$) منفی ہو اور اقل ہوگی اگر $ف_{(ا)}$ (یا $ف_{(ب)}$) مثبت ہو۔

ہم دیکھتے ہیں کہ اس امر کے لئے ضروری شرط کہ ف (ا، ب، ج) تفاعل ف (لا، ما، ی) کے موڑ کی قیمت ہو یہ ہے، $ف_{(ا)}$، $ف_{(ب)}$، $ف_{(ج)}$ میں سے ہر ایک کو صفر ہونا چاہئے جبکہ لا = ا، ما = ب، ی = ج

کئی صورتوں میں یہ پہلے سے معلوم ہوتا ہے کہ تفاعل کے موڑ کی قیمت کالازماً وجود ہے، اور بالعموم اسے بغیر مزید ثبوت کے مان لیا جاتا ہے کہ متغیروں کی وہ قیمتیں جو تفاعل کے پہلے مشتقوں کو صفر بنادیں ان سے تفاعل کے موڑ کی قیمت معلوم ہوتی ہے۔

۵۱۔ اس سلسلہ کی مشہور صورتیں وہ ہیں جن میں تفاعل جسکے موڑ کی قیمتیں مطلوب ہوں دو، تین یا زیادہ متغیروں کا تفاعل ہو اور متغیر خود ایک یا دو شرطی مساواتوں کے ذریعہ مربوط ہوں۔ ایسی صورتوں میں مناسب طرز عمل بالعموم یہ ہوگا۔ فرض کرو کہ تفاعل ؏ (مثلاً) چار متغیروں کا تفاعل ہے اور چار متغیروں میں دو شرطی ربط معلوم ہیں۔

؏ = ف (لا، ما، ی، ھ) ..... (۱)

فا (لا، ما، ی، ھ) = ... (۲) سا (لا، ما، ی، ھ) = ... (۳)

تھوڑی دیر کے لئے فرض کرو کہ ی اور ھ مساواتوں (۲) اور (۳) سے لا، ما کی رقوم میں معلوم کرلئے گئے ہیں اور ان قیمتوں کو ی، ھ کی بجائے (۱) میں مندرج کردیا گیا ہے، اس طرح ؏ دو متبوع متغیروں لا، ما کا تفاعل بن جاتا ہے۔ فرض کرو کہ $ع_{(لا)}$، $ع_{(ما)}$ ؏ تفاعل کے پہلے مشتق ہیں، اس مفروض کی بنا پر کہ اوپر کی قیمتیں مندرج کردی گئی ہیں موڑ کی قیمت کے لئے

عف لا ، عف ما دونوں صفر ہونگے ۔ اب

$$\text{عف}_{\text{لا}}' = \text{ف}_{\text{لا}} + \text{ف}_{\text{ی}} \frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}} + \text{ف}_{\text{ھ}} \frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}} \quad \ldots (۴)$$

اور $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}}$ ، $\frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}}$ مساواتوں (۲) اور (۳) سے تفرق کرنے سے حاصل ہوتے ہیں

$$\text{فیا}_{\text{لا}} + \text{فیا}_{\text{ی}} \frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}} + \text{فیا}_{\text{ھ}} \frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}} = \ldots\ldots\ldots (۵)$$

$$\text{سیا}_{\text{لا}} + \text{سیا}_{\text{ی}} \frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}} + \text{سیا}_{\text{ھ}} \frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}} = \ldots\ldots\ldots (۶)$$

(۵) اور (۶) کو $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}}$ ، $\frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}}$ کے لئے حل کرنے کی بجائے (۵) کو لہ سے (۶) کو مہ سے ضرب دو اور (۴) کے ساتھ جمع کرو، اس طرح حاصل ہوگا

$$\text{عف}_{\text{لا}}' = \text{ف}_{\text{لا}} + \text{لہ فیا}_{\text{لا}} + \text{مہ سیا}_{\text{لا}} + (\text{ف}_{\text{ی}} + \text{لہ فیا}_{\text{ی}} + \text{مہ سیا}_{\text{ی}}) \frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}}$$

$$+ (\text{ف}_{\text{ھ}} + \text{لہ فیا}_{\text{ھ}} + \text{مہ سیا}_{\text{ھ}}) \frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}} \quad \ldots (۷)$$

اسی طرح کے عمل سے حاصل ہوگا

$$\text{عف}_{\text{ما}}' = \text{ف}_{\text{ما}} + \text{لہ فیا}_{\text{ما}} + \text{مہ سیا}_{\text{ما}} + (\text{ف}_{\text{ی}} + \text{لہ فیا}_{\text{ی}} + \text{مہ سیا}_{\text{ی}}) \frac{\text{جف ی}}{\text{جف ما}}$$

$$+ (\text{ف}_{\text{ھ}} + \text{لہ فیا}_{\text{ھ}} + \text{مہ سیا}_{\text{ھ}}) \frac{\text{جف ھ}}{\text{جف ما}} \quad \ldots\ldots (۸)$$

اب (۷) میں $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف لا}}$، $\frac{\text{جف ھ}}{\text{جف لا}}$ کے سر (۸) میں $\frac{\text{جف ی}}{\text{جف ما}}$ اور $\frac{\text{جف ھ}}{\text{جف ما}}$ کے سروں کے بالترتیب مساوی ہیں، ہم لہ، مہ کی قیمتیں اس طرح منتخب کرتے ہیں کہ یہ سر صفر ہوں (اور یہ بالعموم ممکن ہوگا)۔ ایسا کرنے سے عف $_{\text{لا}}$ ک، عف $_{\text{ما}}$ ک کے لئے جو جملے ہیں ان میں صرف پہلی تین رقمیں رہ جاتی ہیں۔

ک کے موڑ کی قیمتوں کے لئے عف $_{\text{لا}}$ ک، عف $_{\text{ما}}$ ک صفر ہوں گے، اس لئے موڑ کی قیمتوں کے لئے ذیل کی چار مساواتیں درست ہونگی

$$\left.\begin{aligned} &\text{ف}_{\text{لا}} + \text{لہ فہ}_{\text{لا}} + \text{مہ سا}_{\text{لا}} = 0 \\ &\text{ف}_{\text{ما}} + \text{لہ فہ}_{\text{ما}} + \text{مہ سا}_{\text{ما}} = 0 \\ &\text{ف}_{\text{ی}} + \text{لہ فہ}_{\text{ی}} + \text{مہ سا}_{\text{ی}} = 0 \\ &\text{ف}_{\text{ھ}} + \text{لہ فہ}_{\text{ھ}} + \text{مہ سا}_{\text{ھ}} = 0 \end{aligned}\right\} \quad \ldots\ldots (۹)$$

یہ چار مساواتیں، (۲) اور (۳) کے ساتھ ملکر لہ اور مہ معلوم کرنے کے لئے نیز لا، ما، ی، ھ کی وہ قیمتیں معلوم کرنے کے لئے جن سے ک کے موڑ کی قیمتیں معلوم ہوتی ہیں عین کافی ہونگی۔

مساواتیں (۹)، لا، ما، ی، ھ میں متشاکل ہیں اور یہ طریقہ خاص طور پر موزوں ہوتا ہے جبکہ ف، فہ، سا متجانس ہوں، یہ غیر معین ضاربوں کا طریقہ کہلاتا ہے۔ اوپر ہم نے صرف چار متغیر اور دو شرطی مساواتیں لی ہیں ظاہر ہے کہ استدلال بالکل عام ہے۔ مساواتین (۹) بآسانی اس قاعدہ سے لکھی جا سکتی ہیں۔ مرتب کرد

فرف + لہ فرفہا + مہ فرسا اور فرلا، فرما، فری، فرھ کے سروں کو صفر کے مساوی لکھو۔

فرف سے مراد ف فرلا + ف فرما + ف فری + ف فرھ ہے،
لا ما ی ھ

ایسا ہی فرفہا اور فرسا کا مفہوم ہے۔

مثال ۱۔ ز = لا² + ما² + ی² (۱)، فہا = ا لا + ب ما + ج ی۔ ک = ۰ (۲)

صریحاً ز کی کم سے کم قیمت کا وجود ہے کیونکہ ز لازماً مثبت ہے اور (۲) کی بنا پر لا، ما، ی ایک ساتھ صفر نہیں ہو سکتے۔ اب

فز + لہ فرفہ = (۲ لا + لہ ا) فرلا + (۲ ما + لہ ب) فرما + (۲ ی + لہ ج) فری

فرلا، فرما، فری کے سر صفر کرنے سے لا، ما، ی کی وہ قیمتیں جن کے لئے ز اقل ہے ذیل کی مساواتوں سے حاصل ہوتی ہیں۔

$$\frac{\text{لا}}{\text{ا}} = \frac{\text{لہ}}{\text{۲}} = \frac{\text{ما}}{\text{ب}} = \frac{\text{ی}}{\text{ج}}$$

(۲) کی رو سے ان میں سے ہر کسر = $\frac{\text{ک}}{\text{ا}^۲ + \text{ب}^۲ + \text{ج}^۲}$

طالب علم اس مثال کو اس طرح سے بھی حل کر سکتا ہے کہ (۲) سے

جو ی کی قیمت $\frac{(\text{ک} - \text{ا لا} - \text{ب ما})}{\text{ج}}$ حاصل ہوتی ہے اسکو (۱) میں

پہلے درج کر لیا جائے، لیکن اس طریقہ سے جو ز کی قیمت معلوم ہوگی اسکو پہلے طریقہ کے ز کے ساتھ ملتبس نہ کیا جائے۔

مثال ۲۔ ز کے موڑ کی قیمتیں معلوم کرو

ز = ا² لا² + ب² ما² + ج² ی² ..... (۱)

$$\text{لا}^2 + \text{ما}^2 + \text{ی}^2 = 1 \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$\text{ل لا} + \text{م ما} + \text{ن ی} = 0 \quad \ldots\ldots\ldots (۳)$$

اس صورت میں ۱ صرف ایک متغیر کا تفاعل ہے، غیر معین ضاربوں کا قاعدہ لگ سکتا ہے۔ جزو ضربی ۲ کو نکالنے کے لئے ضارب لا اور ۲ مما لو، اس طرح حاصل ہوگا،

$$\text{ا}^2\text{لا} + \text{لا لا} + \text{مما ل} = 0 \text{، ب}^2\text{ما} + \text{لا ما} + \text{مما م} = 0 \text{، ج}^2\text{ی} + \text{لا ی}$$

$$+ \text{مما ن} = 0 \quad \ldots\ldots (۴)$$

مساواتوں (۴) میں سے پہلی کو لا سے، دوسری کو ما سے، تیسری کو ی سے ضرب دو اور جمع کرو۔

مساواتوں (۲) اور (۳) کی مدد سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{ا}^2\text{لا}^2 + \text{ب}^2\text{ما}^2 + \text{ج}^2\text{ی}^2 + \text{لا} = 0 \text{۔ یعنی لا} = -\text{ د}$$

جہاں د کی یہ قیمت سوڑ کی قیمت ہے کیونکہ لا، ما، ی کی قیمتیں جو (۴) سے ملتی ہیں ان سے د کی سوڑ کی قیمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

(۴) میں لا کے لئے ۔ د لکھو، اس طرح حاصل ہوگا

$$\text{لا} = \frac{\text{مما ل}}{\text{د} - \text{ا}^2}, \quad \text{ما} = \frac{\text{مما م}}{\text{د} - \text{ب}^2}, \quad \text{ی} = \frac{\text{مما ن}}{\text{د} - \text{ج}^2}$$

اب اگر لا، ما، ی کی یہ قیمتیں (۳) میں رکھی جائیں تو جزو ضربی مما نکل جائیگا اور د میں یہ مساوات درجہ دوم حاصل ہوگی

$$\frac{\text{ل}^2}{\text{د} - \text{ا}^2} + \frac{\text{م}^2}{\text{د} - \text{ب}^2} + \frac{\text{ن}^2}{\text{د} - \text{ج}^2} = 0 \quad \ldots\ldots\ldots (۵)$$

(۵) کی ایک اصل د کی قیمت اعظم ہوگی اور دوسری اقل۔

مشق ۱۴

۱۔ ذیل کے متجانس تفاعلوں کے متعلق آئلر کے مسئلہ کی تصدیق کرو (صرف پہلے مشقوں کے لئے)

(۱) $ا لا^۲ + ۲ ب لا ما + ج ما^۲$ (۲) $ا لا^۳ + ب ما^۳ + ج ی^۳$

(۳) $\sqrt{لا + ما} + \sqrt{ما + ی}$ (۴) $\frac{لا + ما}{لا^۲ + ما^۲}$

(۵) $\frac{لا + ما + ی}{لا^۲ + ما^۲ + ی^۲}$ (۶) مس$^{-۱}$ $(\frac{ر}{ی})$ جہاں ر $= \sqrt{لا^۲ + ما^۲ + ی^۲}$

(۷) $\frac{۱}{ر}$

۲۔ ز، ن ویں درجہ کا متجانس تفاعل ہے، ثابت کرو کہ

(۱) $لا \frac{ز}{لا لا} + ما \frac{ز}{لا ما} = (ن - ۱) \frac{ز}{لا}$

(۲) $لا \frac{ز}{لا ما} + ما \frac{ز}{ما ما} = (ن - ۱) \frac{ز}{ما}$

۳۔ اگر ا مثبت ہو تو ثابت کرو کہ ۳ ا لا ما ۔ لا^۳ ۔ ما^۳ اعظم ہے جبکہ لا = ا، ما = ا لیکن اگر لا = ۰، ما = ۰ تو نہ یہ اقل ہے نہ اعظم۔

۴۔ تفاعل لا^۳ ما^۲ (۶ ۔ لا ۔ ما) اعظم ہے جبکہ لا = ۳، ما = ۲ لیکن نہ یہ اقل ہے نہ اعظم جب، لا = ۰، ما = ۰۔

۵۔ اگر ا، ب، ج مثبت ہوں اور اگر $\frac{ا}{لا} + \frac{ب}{ما} + \frac{ج}{ی} = ۱$ تو ثابت کرو کہ حاصل جمع لا + ما + ی اقل ہوگا جبکہ

$$\frac{\text{لا}}{\text{ا}'} = \frac{\text{ما}}{\text{ب}'} = \frac{\text{ی}}{\text{ج}'} = \text{ا}'^2 + \text{ب}'^2 + \text{ج}'^2$$

نیز اگر ف، ق، ط مثبت ہوں تو حاصل ضرب $\text{لا}^{\text{ف}}\ \text{ما}^{\text{ق}}\ \text{ی}^{\text{ط}}$ اقل ہے جبکہ

$$\frac{\text{ف لا}}{\text{ا}'} = \frac{\text{ق ما}}{\text{ب}'} = \frac{\text{ط ی}}{\text{ج}'} = \text{ف} + \text{ق} + \text{ط}$$

۶۔ اگر ک = $\text{لا}^2 + \text{ما}^2$ اور اگر ا' $\text{لا}^2 + ۲$ ھ لا ما + ب ما^2 = ا تو ک کی اعظم اور اقل قیمتیں معلوم کرو اور نتیجہ کی ہندسی تعبیر بیان کرو۔

۷۔ اگر ک = $\text{لا}^2 + \text{ما}^2 + \text{ی}^2$ اور اگر $\frac{\text{لا}^2}{\text{ا}'^2} + \frac{\text{ما}^2}{\text{ب}'^2} + \frac{\text{ی}^2}{\text{ج}'^2}$ = ۱ اور ل لا + م ما + ن ی = ۰ تو ک کی اعظم اور اقل قیمتیں معلوم کرو اور نتیجہ کی ہندسی تعبیر بیان کرو۔

۸۔ اگر ک = $\text{لا}_1^2 + \text{لا}_2^2 + \text{لا}_3^2 + \ldots + \text{لا}_{\text{ن}}^2$ اور اگر ا$_1$ لا$_1$ + ا$_2$ لا$_2$ + ... + ا$_{\text{ن}}$ لا$_{\text{ن}}$ = ک تو ک کی کم سے کم قیمت ہے

$$\frac{\text{ک}^2}{\text{ا}_1^2 + \text{ا}_2^2 + \ldots + \text{ا}_{\text{ن}}^2}$$

۹۔ ایک مثلث کے اضلاع ا'، ب'، ج' ہیں اور رقبہ ر ہے، اگر کسی نقطہ ن سے اسکے اضلاع پر عمود لا، ما، ی ہوں تو ثابت کرو کہ $\text{لا}^2 + \text{ما}^2 + \text{ی}^2$ کی اقل قیمت $\frac{۴\text{ر}^2}{\text{ا}'^2 + \text{ب}'^2 + \text{ج}'^2}$ ہے۔

۱۰۔ ثابت کرو کہ (ا$_1$ لا + ب$_1$ ما + ج$_1$ ی)^2 + (ا$_2$ لا + ب$_2$ ما + ج$_2$ ی)^2 + ... + (ا$_{\text{ن}}$ لا + ب$_{\text{ن}}$ ما + ج$_{\text{ن}}$ ی)^2

کی اقل قیمت لا، ما کی اُن قیمتوں سے حاصل ہوتی ہے جو ذیل کی مساواتوں کو پورا کرتی ہیں

$$(\text{حح}\ ا_1^2)\ \text{لا} + (\text{حح}\ ا_1 ب_1)\ \text{ما} + (\text{حح}\ ا_1 ج_1) = .$$

$$(\text{حح}\ ا_1 ب_1)\ \text{لا} + (\text{حح}\ ب_1^2)\ \text{ما} + (\text{حح}\ ب_1 ج_1) = .$$

۱۱۔ ن نقاط معلومہ کا مرکز ہندسی وہ نقطہ ہے جس کے فاصلوں کے مربعوں کا مجموعہ ان نقاط سے کم سے کم ہو۔

۱۲۔ غیر معین ضاربوں کے قاعدہ سے قطع ناقص کے برنیچہ کی مساوات دریافت کرو جبکہ برنیچہ کو ناقص کے عمادوں کا لفاف تصور کیا جائے۔

عماد ہے $\frac{ا^2 \text{لا}}{\text{عہ}} - \frac{ب^2 \text{ما}}{\text{بہ}} = ا^2 - ب^2$

جہاں $\frac{\text{عہ}^2}{ا^2} + \frac{\text{بہ}^2}{ب^2} = 1$

اس لئے $\frac{ا^2 \text{لا}}{\text{عہ}^2} + \text{لہ}\ \frac{2\ \text{عہ}}{ا^2} = .$، $\frac{ب^2 \text{ما}}{\text{بہ}^2} + \text{لہ}\ \frac{2\ \text{بہ}}{ب^2} = .$

اسلئے $\text{لہ} = \frac{1}{2}(ا^2 - ب^2)$، $\text{عہ}^3 = \frac{ا^4 \text{لا}}{ا^2 - ب^2}$، وغیرہ۔

۱۳۔ ثابت کرو کہ $\text{لا}\ \text{عہ}^{\text{ن}} + \text{ما}\ \text{بہ}^{\text{ن}} = ا^{\text{ن}+1}$ کا لفاف جہاں $\text{عہ}^{\text{ن}} + \text{بہ}^{\text{ن}} = ب^{\text{ن}}$

$$\text{لا}^{\frac{\text{ن}}{\text{ن}-\text{م}}} + \text{ما}^{\frac{\text{ن}}{\text{ن}-\text{م}}} = \left(\frac{ا^{\text{ن}+1}}{ب^{\text{م}}}\right)^{\frac{\text{ن}}{\text{ن}-\text{م}}}$$ ہے۔

۵۲۔ غیر معیّن صورتیں۔ ممکن ہے کہ کوئی تفاعل ف (لا) جسکی تعیین وجد یا دلیل کی قیمتوں کی کسی سعت کے اندر عام طور پر بخوبی ہوتی ہو

وجہ کی کسی خاص قیمت ا کے لئے ایسی شکل اختیار کرے (جیسے $\frac{\text{صفر}}{\text{صفر}}$) جو بے معنی ہو۔ لیکن ایسا ہو سکتا ہے کہ جب، لا مائل بہ ا ہو تو ف(لا) کی ایک معین انتہا ل حاصل ہو۔ ف(لا) کی قیمت لا = ا کے لئے دراصل غیر معین ہے یعنی اس کی قیمت جبر و مقابلہ کے معمولی قاعدوں سے محسوب نہیں ہو سکتی تاہم یہ عام رواج ہو گیا ہے کہ ایسی حالت میں ف(ا) کو غیر معین صورت کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور تعریف کے طور پر انتہا ل کو ف(لا) کی قیمت خیال کرتے ہیں جبکہ لا = ا۔ تفاعل کی اس قیمت کو جو تعریف کی بنا پر اختیار کی گئی ہے ہم ف(لا) کی "اصلی قیمت" کہینگے جبکہ لا = ا۔

یاد رہے کہ یہ "اصلی قیمت" محض تعریف کی بنا پر لی گئی ہے اور اس لئے بالکل اختیاری ہے۔ لیکن اس طرز عمل میں ایک خاص فائدہ ہے، اسطرح ف(لا) جو عام طور پر قیمت ا تک مسلسل ہو بشمول قیمت ا کے مسلسل بن جاتا ہے۔

غیر معین صورتیں عام طور پر حسب ذیل ہیں:۔

$$\frac{\text{صفر}}{\text{صفر}}\ ،\ \frac{\infty}{\infty}\ ،\ \infty - \infty\ ،\ \infty \times 0\ ،\ \infty : \infty\ ،\ ^{\infty}1$$

ایسی صورتوں میں سے بعض پہلے آئی ہیں، خود ف(لا) کا مشتق بصورت $\frac{\text{صفر}}{\text{صفر}}$ ہے۔ لا لوک لا میں جبکہ لا = ۰ صورت ۰ × ∞ پائی جاتی ہے، اصلی قیمت صفر ہے۔

$^{\text{لا}}$ق$_{\text{لا}}$ یا $\frac{\text{لا}}{\text{ق}_{\text{لا}}}$ سے جبکہ لا = + ∞ ملتا ہے ۰ × ∞ یا $\frac{\infty}{\infty}$

اور انتہا صفر ہے [ملاحظہ ہو مشق ۷، سوالات ۸، ۹ حصۂ اوّل] یہ دیکھنا مشکل نہیں کہ نتیجہ درست رہتا ہے خواہ ف صحیح یا مکسور ہو۔

صورت $\frac{\infty}{\infty}$ پیدا ہوتی ہے جبکہ لا = ۰، $(1+\text{لا})^{\frac{1}{\text{لا}}}$ میں، انتہایا اصلی قیمت e ہے (دفعہ ۴۸ نتیجہ صریح، حصہ اول)

اکثر سوالوں میں یہ انتہائیں محض جبریہ استحالوں اور سلسلوں کے استعمال سے حاصل ہو سکتی ہیں، عام مسائل کا سرسری ذکر کرنے سے پہلے ہم اس طرح کی چند مثالیں حل کرینگے۔

مثال ۱۔ $\frac{\text{لا}^{\frac{3}{2}} - 1 + (\text{لا}-1)^{\frac{3}{2}}}{(\text{لا}^{\frac{1}{2}}-1)^{\frac{3}{2}} - \text{لا} + 1}$ جبکہ لا = ۱، صورت $\frac{\text{صفر}}{\text{صفر}}$

شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو $(\text{لا}^{\frac{1}{2}}-1)$ پر تقسیم کرو۔ ہم دیکھتے ہیں کہ انتہا $-\frac{3}{2}$ ہے، اسلئے کسر کی "اصلی قیمت" جبکہ لا = ۱، $-\frac{3}{2}$ ہے۔

مثال ۲۔ $\frac{(\text{جب}^{-1}\text{لا} - \text{لا})}{\text{لا}^3}$ جبکہ لا = ۰، صورت $\frac{\text{صفر}}{\text{صفر}}$

جب$^{-1}$ لا کو پھیلاؤ $(= \text{لا} + \frac{\text{لا}^3}{6} + \dots)$، شمار کنندہ سے لا خارج ہو جاتا ہے اور شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو لا^3 پر تقسیم کرنے سے انتہا $\frac{1}{6}$ حاصل ہوتی ہے۔

مثال ۳۔ $\frac{\text{قط لا}}{\text{قط ۳ لا}}$ جبکہ لا = $\frac{\pi}{2}$، صورت $\frac{\infty}{\infty}$

فرض کرو کہ لا = $\frac{\pi}{2} - \text{ے}$، تب

$$\text{نہا}_{\text{لا} \to \frac{\pi}{2}} \frac{\text{قط لا}}{\text{قط ۳ لا}} = \text{نہا}_{\text{ے} \to 0} \frac{-\text{جب ۳ ے}}{\text{جب ے}} = -3$$

مثال ۴۔ $\frac{1}{\text{لا}^2} - \text{مم}^2 \frac{1}{\text{لا}}$ جبکہ لا = ۰، شکل $\infty - \infty$

فرض کرو کہ لا = $\frac{\pi}{2}$ - ی، تب

$$\text{نہا}_{\text{لا} \to \frac{\pi}{2}} \frac{\text{قط لا}}{\text{قط ۳ لا}} = \text{نہا}_{\text{ی} \to ۰} \frac{-\text{جب ۳ ی}}{\text{جب ی}} = -۳$$

مثال ۴- $\frac{۱}{\text{لا}^۲} - \text{مم}^۲ \text{لا}$ جبکہ لا = ۰، شکل $\infty - \infty$

$$\frac{۱}{\text{لا}^۲} - \text{مم}^۲ \text{لا} = (۱ + \frac{\text{لا}}{\text{جب لا}} \text{جم لا}) (\frac{\text{لا}}{\text{جب لا}}) (\frac{\text{جب لا} - \text{لا جم لا}}{\text{لا}^۳})$$

پہلے جزو ضربی کی انتہا ۲ ہے اور دوسرے کی ۱، نیز

$$\text{جب لا} - \text{لا جم لا} = \text{لا} - \frac{\text{لا}^۳}{۶} + \dots - \text{لا} (۱ - \frac{\text{لا}^۲}{۲} + \dots)$$

$$= \frac{\text{لا}^۳}{۳} + \dots\dots\dots$$

یعنی تیسرے جزو ضربی کی انتہا $\frac{۱}{۳}$ ہے، پس مطلوبہ انتہا یا اصلی قیمت $\frac{۲}{۳}$ ہے

مثال ۵- $\text{لا}^{\text{لا}}$ جبکہ لا = ۰، صورت ۰

فرض کرو کہ ی = $\text{لا}^{\text{لا}}$، تب لوک ی = لا لوک لا

لا لوک لا یا لوک ی کی انتہا صفر ہے، پس ی یا $\text{لا}^{\text{لا}}$ کی انتہا ایک ہے۔

مثال ۶- $(\frac{۱}{\text{لا}})^{\text{مس لا}}$ جبکہ لا = ۰، صورت $\infty^۰$

تفاعل کا لوگارتم ہے مس لا لوک لا = $\frac{\text{مس لا}}{\frac{۱}{\text{لا}}} \times (\text{لا لوک لا})$

جس کی انتہا صفر ہے، اسلئے تفاعل کی انتہا ۱ ہے۔

۵۳- احصائی طریقہ - غیر معین صورتوں کی تحقیق کے متعلق

اب ہم عام مسئلہ بیان کرتے ہیں۔ ایسی نازک قیمتوں کے قرب میں ہم تفاعلوں کا

تسلسل تسلیم کر لینگے۔

مسئلہ۔ اگر فہ (لا) اور سہ (لا) دونوں صفر ہوں یا دونوں لاتناہی اور اگر $\frac{فہ(لا)}{سہ(لا)}$ ایک انتہا کی طرف مائل ہو جبکہ لا، ا کی طرف مائل ہو تو $\frac{فہ(لا)}{سہ(لا)}$ بھی اسی انتہا کی طرف مائل ہوگا۔

تکرار سے بچنے کے لئے ابتدا میں ہی ہم اس امر کا ذکر کر دیتے ہیں کہ اگر $\frac{فہ(لا)}{سہ(لا)}$ کی صورت غیر معیّن ہو جبکہ لا = ا تو مسئلہ بالا سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر $\frac{فہ(لا)}{سہ(لا)}$ ایک انتہا کی طرف مائل ہو جبکہ لا، ا کی طرف مائل ہو تو $\frac{فہ(لا)}{سہ(لا)}$ اور اسلئے $\frac{فہ(لا)}{سہ(لا)}$ بھی اسی انتہا کی طرف مائل ہوگا، وغیرہ وغیرہ۔

دفعہ ۲، حصہ اول، کے مسئلہ اوسط قیمت کی صورت ذیل کو ہم استعمال کرینگے یہ شکل اس مسئلہ کی توسیع ہے۔

اگر فہ (لا)، فہ (لا)، سہ (لا)، سہ (لا) مسلسل ہوں سعت ا ≦ لا ≦ ب کے لئے اور اگر سہ (لا) صفر نہ ہو جبکہ ا < لا < ب تو

$$\frac{فہ(ب) - فہ(ا)}{سہ(ب) - سہ(ا)} = \frac{فہ(لا)}{سہ(لا)} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

جہاں ا < لا < ب [اوسط قیمت کے مسئلہ کی تعمیم شدہ صورت]

اس کا ثبوت آسان ہے، فرض کرو کہ [ملاحظہ ہو دفعہ ۲، حصہ اول]

$$فا(لا) = \frac{فا(ب) - فا(ا)}{سا(ب) - سا(ا)} \{سا(لا) - سا(ا)\} + \{فا(لا) - فا(ا)\}$$

اب فا(ا) = ۰، فا(ب) = ۰ اس لئے فا(لا) = ۰، ہم سا(لا) پر تقسیم کر سکتے ہیں کیونکہ سا(لا) صفر نہیں ہے جب تک کہ لا، ا اور ب کے درمیان واقع ہوتا ہے۔

(۱) صورت $\frac{صفر}{صفر}$ - فرض کرو کہ فا(ا) = ۰، سا(ا) = ۰، (۱) میں رکھوب کی بجائے لا۔ تب

$$\frac{فا(لا)}{سا(لا)} = \frac{فا(لا_1)}{سا(لا_1)} \quad (ا < لا_1 < لا)$$

اور $\underset{لا \to ا}{نہا} \frac{فا(لا)}{سا(لا)} = \underset{لا_1 \to ا}{نہا} \frac{فا(لا_1)}{سا(لا_1)} = \underset{لا \to ا}{نہا} \frac{فا(لا)}{سا(لا)}$

اگر ا ← ∞ تو لا کی بجائے $\frac{1}{ی}$ رکھنے سے سوال بدلکر یہ ہو جائیگا کہ انتہا معلوم کی جائے جبکہ ی ← ۰، اس لئے اس صورت میں بھی مسئلہ درست رہتا ہے۔

(۲) صورت $\frac{\infty}{\infty}$ - (۱) پہلے فرض کرو کہ فا(لا)، سا(لا) دونوں مائل بہ لاتناہی ہوتے ہیں جبکہ لا مائل بہ لامتناہی ہو۔ فرض کرو کہ لا کی بہت بڑی مگر محدود قیمت ج ہے۔ (۱) میں ب کی بجائے لا اور ا کی بجائے ج رکھنے سے

$$\frac{فا(لا) - فا(ج)}{سا(لا) - سا(ج)} = \frac{فا(لا_1)}{سا(لا_1)} \quad (ج < لا_1 < لا) \quad \ldots\ldots (عہ)$$

نیز ہم لکھ سکتے ہیں $\frac{فا(لا) - فا(ج)}{سا(لا) - سا(ج)} = \frac{فا(لا)}{سا(لا)} \times \frac{1 - \frac{فا(ج)}{فا(لا)}}{1 - \frac{سا(ج)}{سا(لا)}}$

اس لئے (عہ) کی رُو سے

$$\frac{\text{فہ}(\text{لا})}{\text{سا}(\text{لا})} = \frac{\text{فہ}(\text{لا}_1)}{\text{سا}(\text{لا}_1)} \times \frac{1 - \frac{\text{سا}(\text{ج})}{\text{سا}(\text{لا})}}{1 - \frac{\text{فہ}(\text{ج})}{\text{فہ}(\text{لا})}}$$

اب ج کو اتنا بڑا لو کہ $\frac{\text{فہ}(\text{لا}_1)}{\text{سا}(\text{لا}_1)}$ اور اسکی انتہا ۱ کا فرق بہ نسبت صہ کے کم ہو۔ پھر ج کی یہ قیمت مقرر یا ثابت کر دو، اس طرح فہ(ج) اور سا(ج) اگرچہ بڑے ہیں مگر محدود ہیں۔ اس کے بعد لا کو اتنا بڑا لو (اور ایسا ممکن ہے۔ کیونکہ فہ (لا) اور سا (لا) دونوں مائل بہ لاانتہا ہوتے ہیں) کہ بائیں جانب کی دوسری کسر اور ۱ کا فرق مطلق صہ سے کم ہو۔

اب کسر $\frac{\text{فہ}(\text{لا})}{\text{سا}(\text{لا})}$ دو ایسے اجزائے ضربی کا حاصل ضرب ہے جن میں سے پہلے کا فرق ۱ سے کم ہے بہ نسبت صہ کے اور دوسرے کا فرق ۱ سے کم ہے بہ نسبت صہ کے اور صہ، صہ اتنے چھوٹے ہو سکتے ہیں جتنا ہم چاہیں۔

اسلئے $\frac{\text{فہ}(\text{لا})}{\text{سا}(\text{لا})}$ کی انتہا ۱ ہے یعنی

$$\text{نہا}_{\text{لا} \leftarrow \infty} \frac{\text{فہ}(\text{لا})}{\text{سا}(\text{لا})} = \text{نہا}_{\text{لا} \leftarrow \infty} \frac{\text{فہ}(\text{لا})}{\text{سا}(\text{لا})}$$

(ب) اسکے بعد فرض کرو کہ فہ (ل)، سا (ل) دونوں مائل بہ لاانتہا ہوتے ہیں اور ۱ محدود ہے۔ لا کی بجائے ۱ + $\frac{1}{\text{ی}}$ رکھنے سے مسئلہ بالا یہ رہ جاتا ہے کہ ی ← ∞ کے لئے انتہا معلوم کیجائے، پس اس صورت میں

بھی مسئلہ درست رہتا ہے۔
اوپر کا ثبوت (Gennochi-Peano) کے احصا سے اخذ کیا گیا ہے
(جرمن ترجمہ، لیپزگ، ٹیوبنر)

(۳) **دیگر صورتیں** اگر فہ (لا) = ۰، سا (لا) = ∞ تو ہم لکھ سکتے ہیں

$$\text{فہ}(\text{لا}) \times \text{سا}(\text{لا}) = \text{فہ}(\text{لا}) \div \frac{1}{\text{سا}(\text{لا})}$$

اس طرح یہ صورت صورت اول میں تبدیل ہو جاتی ہے۔
صورتیں : ۰، ∞ ، ۱^∞ لوکارتم لینے سے تحویل ہو جاتی ہیں ملاحظہ ہو دفعہ ۵۲ مثال ۵، ۶۔
صورت ∞ - ∞ کے لئے دفعہ ۵۲ مثال ۴ کی طرح عمل کیا جا سکتا ہے۔ یا سلسلوں میں پھیلانے سے مدد لی جا سکتی ہے۔ عمل تفرق کو سلسلوں میں پھیلانے کے عمل کے ساتھ ملایا جا سکتا ہے۔

مثال ۱۔ اگر ن مثبت ہو تو $\frac{\text{لوک لا}}{\text{لا}^{\text{ن}}}$ مائل بہ صفر ہوتا ہے جبکہ لا مائل بہ لا تناہی ہو۔

$$\text{نہا}_{\text{لا}\to\infty} \frac{\text{لوک لا}}{\text{لا}^{\text{ن}}} = \text{نہا}_{\text{لا}\to\infty} \frac{\frac{1}{\text{لا}}}{\text{ن لا}^{\text{ن}-1}} = \text{نہا}_{\text{لا}\to\infty} \frac{1}{\text{ن لا}^{\text{ن}}} = ۰$$

مثال ۲۔ دو متبوع متغیروں کے تفاضل $\frac{\text{لا} - \text{ما}}{\text{لا} + \text{ما}}$ کی انتہا لا ← ۰ اور ما ← ۰ کے لئے معلوم کرو۔

"اصل قیمت" کے متعلق جو تعریف ہم نے اوپر اختیار کی ہے اسکی اختیاری نوعیت کی اس مثال سے توضیح ہوتی ہے، نیز اس مثال سے واضح ہوگا کہ ایک متغیر کے تفاضل کی انتہاؤں اور دو متغیروں کے تفاضل کی انتہاؤں میں کسقدر فرق ہے

اوپر کا تفاعل کسی ایک قیمت کی طرف مائل کیا جا سکتا ہے،
رکھو ما = لہ لا اس طرح حاصل ہوگا

$$\text{نہا}\ \frac{\text{لا} - \text{ما}}{\text{لا} + \text{ما}} = \text{نہا}\ \frac{\text{لا} - \text{لہ لا}}{\text{لا} + \text{لہ لا}} = \frac{1 - \text{لہ}}{1 + \text{لہ}}$$

لہ کو مناسب قیمت دینے سے $\frac{1-\text{لہ}}{1+\text{لہ}}$ کسی عدد کے مساوی ہو سکتا ہے،
ہندسی نقطہ نظر سے، محور ے سطح ی (لا + ما) = لا - ما پر واقع ہوتا ہے
اور جیسے لا اور ما صفر کی طرف مائل ہوتے ہیں نقطہ (لا، ما، ی) محور
ے پر کے کسی نقطہ کے قریب لایا جا سکتا ہے۔

مشق ۱۵

سوالات ۱ تا ۱۵ میں وجہ کی معلومہ قیمتوں کے لئے تفاعلوں کی انتہائیں
("اصلی قیمتیں") دریافت کرو۔

۱۔ $\{\text{لا} - (\text{ن}+1)\text{لا}^{\text{ن}+1} + \text{ن لا}^{\text{ن}+2}\} \div (1 - \text{لا})^2$ جبکہ لا = ۱

۲۔ $\{1 - \sqrt{(1 - \text{لا}^2)}\} \div \text{لا}^2$ جبکہ لا = ۰

۳۔ $\text{لا} - \sqrt{(\text{لا}^2 - 2\text{لا})}$ جبکہ لا = ∞

۴۔ $\text{ن} - \sqrt{\{(\text{لا} + \text{ل}_1)(\text{لا} + \text{ل}_2)\ldots(\text{لا} + \text{ل}_\text{ن})\}} - \text{لا}$ جبکہ لا = ∞

رکھو لا = $\frac{1}{\text{ی}}$ اور مسئلہ ثنائی سے پھیلاؤ۔

۵۔ $(1 + \frac{1}{\text{لا}})^{\text{لا}^2}$ اور $(1 + \frac{1}{\text{لا}^2})^{\text{لا}}$ جبکہ لا = ∞

۶- $\frac{\text{لوک لا}}{\text{۱- لا}}$ اور $\frac{\text{۱- لا + لوک لا}}{\text{۱- ۲لا + لا}^{۲}}$ جبکہ لا = ۱

۷- $\frac{\text{مس لا - لا}}{\text{لا - جب لا}}$ اور $\frac{\text{مس ن لا - ن مس لا}}{\text{ن جب لا - جب ن لا}}$ جبکہ لا = ۰

۸- $(\frac{\pi}{۲} - \text{لا})$ مس لا اور لا مس لا - $\frac{\pi}{۲}$ قط لا جبکہ لا = $\frac{\pi}{۲}$

۹- لوک (۱+ ا لا) / لوک (۱+ ب لا) اور $\frac{(\text{قو}^{\text{ا لا}} - \text{قو}^{-\text{ا لا}})}{\text{لوک (۱+ ب لا)}}$ جبکہ لا = ۰

۱۰- $\frac{۱}{\text{لا}} - \frac{۱}{\text{لا}^{۲}}$ لوک (۱+ لا) جبکہ لا = ۰

۱۱- $(\text{ا}^{\text{لا}} - \text{ب}^{\text{لا}}) / (\text{ج}^{\text{لا}} - \text{گ}^{\text{لا}})$ جبکہ لا = ۰

۱۲- $\frac{\text{لوک مس ا لا}}{\text{لوک مس ب لا}}$ اور $\frac{\text{لوک مس ا لا - لوک مس ب لا}}{\text{لوک جب ا لا - لوک جب ب لا}}$ جبکہ لا = ۰

۱۳- $(\frac{\text{ا}_{۱}^{\text{لا}} + \text{ا}_{۲}^{\text{لا}} + \text{ا}_{۳}^{\text{لا}} + \ldots\ldots \text{ا}_{\text{ن}}^{\text{لا}}}{\text{ن}})^{\frac{۱}{\text{لا}}}$ جبکہ لا = ۰

۱۴- $\frac{\text{جبز لا - جب لا}}{\text{لا}^{۳}}$ اور $\frac{\text{جمز لا - جم لا}}{\text{لا}^{۲}}$ جبکہ لا = ۰

۱۵- $(\text{جم ا لا})^{\text{قم}^{۲}\text{ب لا}}$ اور $(\text{جم ا لا})^{\text{قم}^{۲}\text{ب لا}}$ جبکہ لا = ۰

۱۶- اگر ایک سخنی کی مساوات $\text{ک}_{۱} + \text{ک}_{۲}\text{ع} + \text{ک}_{۳}\text{ع}^{۲} + \ldots\ldots = ۰$ ہو جہاں $\text{ک}_{۱}$، $\text{ک}_{۲}$، $\text{ک}_{۳}$، $\ldots\ldots$ متجانس تفاعل ہیں کارٹیزی محدودوں میں درجہ

۲، ۳، ۴، ..... کے تو ثابت کرو کہ $\frac{ق}{ق_{ط}} = 0$. مبدأ پر کے مماسوں کی مساوات ہے جبکہ ق کے اجزائے ضربی حقیقی ہوں۔

رکھو لا = ر جتا طہ، ما = ر جب طہ اور فرض کرو کہ $ق_2$، $ق_3$، ..... ہو جاتے ہیں

$ر^2 و$، $ر^3 و$، .....، چونکہ $ر^2$ جزو ضربی ہے $ق_2 + ق_3 + ...$ کا اسلئے $ق_2$ کی دو قیمتیں صفر ہونگی۔ اب اگر طہ کی ایسی قیمت منتخب کی جائے کہ و = 0. تو $ق_2$ کی ایک اور قیمت صفر ہوگی۔ مساوات و = 0 بس طہ میں درجہ دوم کی مساوات ہے اس لئے جب اسکی اصلیں حقیقی اور مختلف ہوں تو دو ڈھال یا شمتیں ملیں گی جب حقیقی اور مساوی ہوں تو صرف ایک ڈھال ملیگا۔ جب اصلیں خیالی ہونگی تو مس طہ کی قسمتیں خیالی ہونگی اور مبدأ ایک اکیلا نقطہ ہوگا۔

تعریف ۔ منحنی کا ایسا نقطہ جس پر منحنی کے دو الگ مماس ہوں عقدہ کہلاتا ہے۔ عقدہ پر منحنی کی دو شاخیں ایک دوسرے کو عبور کرتی ہیں اور انکے قطع کرنے سے ایک محدود زاویہ بنتا ہے، شکل ۸ صفحہ ۷۶ اور شکل ۱۰ صفحہ ۷۸ میں مبدأ عقدہ ہے۔

۱۷۔ اگر $لا^4 + ۲لا^3 ما + ۵ لا^2 + لا ما^2 - ب^2 ما^2 = 0$. تو $\frac{ما}{لا}$ کی قیمت معلوم کرو جبکہ لا = 0، ما = 0.

۱۸۔ جب، لا مائل بہ لاتناہی ہو تو فہ (لا) مائل بہ صفر ہوتا ہے، ثابت کرو کہ اگر لا کے مائل بہ لاتناہی ہونے سے فہ (لا) کسی ایک محدود انتہا کی طرف مائل ہو تو یہ انتہا لازماً صفر ہوگی۔

فرض کرو کہ فہ (لا) کی انتہا ل ہے جو صفر سے مختلف ہے، مساوات

فہ (لا) = فہ (ج) + (لا - ج) فہ' (لا) [ج < لا < لا]

سے ظاہر ہے کہ لا کے بہت بڑا ہونے سے فہ (لا) لازماً مائل بہ لاتناہی

ہوتا ہے کیونکہ (لا - ج) فہ (لا) مائل بہ (لا - ج) یعنی مائل بہ لاتناہی ہوتا ہے لیکن مفروض کی بنا پر فہ (لا) مائل بہ صفر ہوتا ہے پس اگر محدود ہے تو اسکو لازماً صفر ہونا چاہیئے۔

۱۹۔ ثابت کرو کہ سلسلہ $\frac{1}{(\text{لوک } ۲)^{\text{عہا}}} + \frac{1}{(\text{لوک } ۳)^{\text{عہا}}} + \frac{1}{(\text{لوک } ۴)^{\text{عہا}}} + \dots$ متسع ہے عہا کی تمام مثبت قیمتوں کے لئے۔

$\frac{1}{۲} + \frac{1}{۳} + \frac{1}{۴} + \dots$ کے ساتھ مقابلہ کرو۔

ن ← ∞ کے لئے $\frac{1}{(\text{لوک ن})^{\text{عہا}}} \div \frac{1}{\text{ن}}$ یعنی $(\text{ن}^{\frac{1}{\text{عہا}}} / \text{لوک ن})^{\text{عہا}}$ مائل بہ لاتناہی ہوتا ہے [دفعہ ۱۳ مثال ۱] اس لئے سلسلہ معلومہ متسع ہے چونکہ موسیقی سلسلہ متسع ہے۔ جب عہا منفی ہو تو ظاہر ہے کہ سلسلہ متسع ہے۔

باب ہشتم

تفرقی مساواتیں

۵۴۔ اس باب میں ہم چند تفرقی مساواتوں پر بحث کرینگے جو ابتدائی اعمال ریاضی میں استعمال ہوتی ہیں، اس جگہ ان کا محض مختصر سا خاکہ پیش کیا جائے گا تفصیلی بحث طالب علم کو فو (ساتھ) کی تفرقی مساواتوں (مکمل) یا مرّے کی تفرقی مساواتوں (لونگ مین) میں ملیگی۔

معمولی تفرقی مساوات وہ مساواتی رشتہ ہے جو ایک متغیر متبوع اور ایک متغیر تابع اور تابع متغیر کے ایک یا زیادہ مشتقوں کے درمیان ہو۔

جزوی تفرقی مساوات وہ مساواتی رشتہ ہے جو دو یا زیادہ متبوع متغیروں ایک متغیر تابع اور تابع متغیر کے جزوی مشتقوں کے درمیان ہو۔

ہم یہاں صرف معمولی تفرقی مساواتوں سے بحث کرینگے۔

تفرقی مساوات کا رتبہ اس میں کے سب سے اعلےٰ مشتق کے رتبہ سے متعین ہوتا ہے، اور تفرقی مساوات کا درجہ اعلےٰ سے اعلےٰ مشتق کا درجہ ہے جبکہ مساوات کو کسروں سے صاف کردیا جائے اور مشتقوں کی قوتیں مثبت صحیح عدد ہوں۔

مثال $لا^{2} ما' + لا ما + (لا^{2} - ر^{2}) ما = .$ دوسرے رتبہ کی اور درجہ اول کی تفرقی مساوات ہے۔

$لا ما'' - ما ما + ا = .$ رتبہ اول اور درجہ دوم کی تفرقی مساوات ہے۔

استقاط کے نظریہ سے ہم جانتے ہیں کہ ایک مقدار کو دو مساواتوں سے

دو مقداروں کو تین مساواتوں سے، ن مقداروں کو (ن+۱) مساواتوں سے ساقط کر سکتے ہیں۔ پس اگر ایک ایسی مساوات کو جس میں لا، ما اور مستقل شریک ہوتے ہیں ایک دفعہ تفرق کیا جائے تو نئی مساوات میں لا، ما، ما، اور مستقل شریک ہوں گے، ان دو مساواتوں سے ایک مستقل ساقط ہو سکیگا۔ اس طرح اسقاط کے بعد جو مساوات حاصل ہوگی وہ رتبہ اول کی تفرقی مساوات ہوگی جس میں مفروضہ مساوات کی نسبت مستقلات کی مقدار بقدر **ایک** کے کم ہوگی۔

اسی طرح اگر دی ہوئی مساوات کو دو دفعہ تفرق کیا جائے تو کل تین مساواتیں حاصل ہونگی جن سے دو مستقل ساقط ہو سکینگے اور اسقاط کے بعد مساوات محصلہ **دوسرے** رتبہ کی تفرقی مساوات ہوگی جس میں مستقلات کی تعداد بہ نسبت اصلی مساوات کے بقدر **دو** کے کم ہوگی۔ وغیرہ وغیرہ۔

ہر صورت میں دی ہوئی مساوات کو محصلہ تفرقی مساوات کا کامل ابتدائی کہتے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ کامل ابتدائی میں ایک، دو، ..... مستقل شریک ہوتے ہیں جو متناظر تفرقی مساوات میں نہیں ہوتے جبکہ سوخر الذکر بالترتیب رتبہ اول، دوم، ..... کی تفرقی مساوات ہو۔ اسقاط کے عمل میں مستقل کی قیمت خواہ یہ کچھ ہی ہو بحث میں نہیں آتی، ان مستقلوں کو ہم **اختیاری** مستقل کہینگے۔

مثال ۱۔ فرض کرو کہ دی ہوئی مساوات

ما = ا لا + ب ..... (۱)

ہے، دو بار تفرق کرنے سے

عف ما = ۲ ا لا ..... (۲)

عف ما = ۲ ا ..... (۳)

پہلے تفرق سے ب ساقط ہو جاتا ہے، (۲) اور (۳) سے ا ساقط ہو سکتا ہے اور یہ تفرقی مساوات ملتی ہے

لا عف ما ـ عف ما = ۰ ..... (۴)

ب کی قیمت خواہ کچھ ہی ہو (۱) سے قطع مکافی تعبیر ہوتا ہے جس کا وتر خاص $\frac{۱}{۱}$ ہے اور جس کا محور، محور ما پر منطبق ہوتا ہے۔ پس (۲) ایسے تمام مکافیوں کی تفرقی مساوات ہے، نیز (۴) ان تمام مکافیوں کی تفرقی مساوات ہے جن کے محور، محور ما پر واقع ہوتے ہیں۔

مثال ۲۔ فرض کرو کہ دی ہوئی مساوات $(لا-ا)^۲ + (ما-ب)^۲ = ج^۲$ ... (۱) ہے۔ دو دفعہ تفرق کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$(لا-ا) + (ما-ب)\, عف\, ما = ۰$ ..... (۲)

$۱ + (عف\, ما)^۲ + (ما-ب)\, عف^۲ ما = ۰$ ..... (۳)

مساواتوں (۱)، (۲)، (۳) سے ا، ب ساقط کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$ج^۲ (عف^۲ ما)^۲ = \{۱ + (عف\, ما)^۲\}^۳$ ..... (۴)

مساوات (۴) ان سب دائروں کی تفرقی مساوات ہے جن کا نصف قطر ج ہے، مساوات (۲) ان دائروں کی تفرقی مساوات ہے جن کا مرکز (ا، ب) ہے، مساوات (۳) ان دائروں کی تفرقی مساوات ہے جن کے مرکز خط ما = ب پر واقع ہوتے ہیں۔

۵۵۔ پورا تکملہ۔ اگر دفعہ گذشتہ کی پہلی مثال میں ہم فرض کریں کہ مساوات (۴) دی گئی ہے اور اس تفرقی مساوات سے شروع ہو کر تکمل کے عمل سے ہم (۱) حاصل کرتے ہیں تو ایسے عمل کو ہم مساوات کا تکمل کرنا یا حل کرنا کہینگے

اس نقطہ نظر سے (۱) کو (۴) کا کامل تکملہ (یا پورا تکملہ) کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ ایسی صورت میں ا، ب کو ہم تکمل کے اختیاری مستقل کہینگے۔

مساوات (۴) دوسرے رتبہ کی ہے اور (۱) میں دو اختیاری مستقل ہیں، تفرقی مساواتوں کی مستند کتابوں میں عام تفرقی مساوات کے پورے تکملے کے وجود کے متعلق مسائل ثابت کئے جاتے ہیں اور یہ دکھایا جاتا ہے کہ جب مساوات ن، ویں رتبہ کی ہو تو اسکے پورے تکملہ میں ن اختیاری مستقل شریک ہوتے ہیں۔

خاص تکملہ وہ ہے جو پورے تکملہ میں ایک یا زیادہ مستقلوں کو کوئی خاص قیمت دینے سے حاصل ہو، مثلاً دفعہ گذشتہ مثال (۱) میں مساوات (۴) کے خاص تکملے ما = لا۲ - ۱، ما = ۲ لا۲ ہو سکتے ہیں۔

تفرقی مساوات کے تکمل پر غور کرنے کا ایک اور نقطہ نظر بھی ہے اور وہ یہ ہے۔

تفاعل ما معلوم کرو جو (۱) مساوات لا عف۲ ما - عف ما = ۰ کو پورا کرے (۲) جو ب کے مساوی ہو جبکہ لا = ۱ (۳) جس کا پہلا مشتق ج ہو جبکہ لا = ۱

چونکہ پورا تکملہ ما = ا لا۲ + ب ہے جس میں دو اختیاری مستقل ا، ب شریک ہوتے ہیں، ہم ان کی ایسی قیمتیں معلوم کر سکتے ہیں جو شرائط (۲) اور (۳) کو پورا کریں۔ ان شرائط سے حاصل ہوتا ہے

$$ب = ا\,ا^{۲} + ب،\quad ج = ۲ ا\,ا$$

$$\text{پس}\quad ا = \frac{ج}{۲\,ا}،\quad ب = ب - \frac{۱}{۲}\,ا\,ج$$

تفاعل مطلوب ہے $ما = \frac{ج}{۲\,ا}\,لا^{۲} + \frac{۲ب - ا ج}{۲}$ جو شرائط (۱)، (۲)، (۳) کو پورا کرتا ہے۔

اسی طرح کی ایک اور مثال کے لئے ملاحظہ ہو دفعہ ۶۹ حصۂ اول مثالیں ۱ اور ۲۔

طالب علم کو چاہئے کہ ذیل کی مشقیں حل کرے۔ ان میں سے کئی تفرقی مساواتیں طبیعیات

میں کثرت سے استعمال ہوتی ہیں ہر صورت میں اگر ابتدائی کو تفرقی مساوات کا تکملہ خیال کیا جائے تو یہ مساوات کا پورا تکملہ ہے۔ یہ دیکھنے میں آئیگا (ملاحظہ ہوں مثالیں ۷، ۸) کہ مختلف ابتدائیوں سے جن میں مستقل مختلف شکلوں میں واقع ہوتے ہیں ایک ہی تفرقی مساوات پیدا ہو سکتی ہے۔

مشق ۱۶

۱۔ اگر $ما = ا لا + ب$ تو $عف^{۲} ما = ۰$، مساواتوں $عف ما = ا$، $عف^{۲} ما = ۰$ کی ہندسی تعبیریں بیان کرو۔

۲۔ اگر $ما = ا لا^{ن-۱} + ب لا^{ن-۲} + \dots + ک لا + ل$ منطق صحیح تفاعل ہو $(ن - ۱)$ ویں درجہ کا تو ثابت کرو کہ $عف^{ن} ما = ۰$۔

۳۔ اگر $ما = ا لا^{۲} + ب لا + ج$ تو $عف^{۳} ما = ۰$ کی ہندسی تعبیر بیان کرو۔

۴۔ اگر $ما = ا لا^{۳} + ب لا^{۲} + ح لا$ تو

$$عف^{۳}\left(\frac{ما}{لا}\right) = ۰ \text{ یا } لا^{۲} عف^{۳} ما - ۳ لا عف^{۲} ما + ۶ عف ما - ۶ ما = ۰$$

۵۔ اگر $ما = \frac{ا}{لا} + ب$ تو $لا عف ما = - ا عف^{۲} ما + \frac{۲}{لا} عف ما = ۰$۔

۶۔ اگر $ما = ا لوک لا + ب$ تو $لا عف ما = ا عف^{۲} ما + \frac{۱}{لا} عف ما = ۰$۔

۷۔ اگر $ما = ا جم ن لا + ب جب ن لا$ یا اگر $ما = ج جم (ن لا - ع)$ تو $عف^{۲} ما + ن^{۲} ما = ۰$۔

۸۔ اگر $ما = ا ق^{ن لا} + ب ق^{-ن لا}$ یا اگر $ما = ج جم ن لا + د جب ن لا$ تو $عف^{۲} ما - ن^{۲} ما = ۰$۔

۹۔ اگر $ما = \frac{ا}{لا} + ب + لا$ تو $عف^{۲} ما + \frac{۲}{لا} عف ما = ۶$

۱۰۔ اگر ما = ا جم ن لا + ب جب ن لا + ع جم ف لا + ق جب ف لا
جہاں ا، ب اختیاری ہیں اور ن اور ف ناسادی ہیں تو ثابت کرو کہ
عف² ما + ن² ما = (ن² - ف²) ع جم ف لا + (ن² - ف²) ق جب ف لا

۱۱۔ اگر ما = تو^{ک/۲ لا} (ا جم ن لا + ب جب ن لا) تو عف² ما + ک عف ما
+ (ن² + ¼ ک²) ما = ۰

۱۲۔ اگر ما = تو^{ک/۲ لا} (ا تو^{ن لا} + ب تو^{-ن لا}) تو عف² ما + ک عف ما
- (ن² - ¼ ک²) ما = ۰

۱۳۔ اگر ما = ا تو^{م لا} + ب تو^{ن لا} تو عف² ما - (م + ن) عف ما + م ن ما = ۰

۱۴۔ اگر ما = (ا + ب لا) تو^{ن لا} تو عف² ما - ۲ن عف ما + ن² ما = ۰
[مقابلہ کرو سوالات ۱۳ اور ۱۴ کا]

۱۵۔ اگر ما = (ا + ب لا) جم ن لا + (ج + د لا) جب ن لا تو
عف⁴ ما + ۲ن² عف² ما + ن⁴ ما = ۰

۱۶۔ اگر ما = (ا جم ن لا + ب جب ن لا) / لا تو
عف² (لا ما) + ن² لا ما = ۰ یا عف² ما + ۲/لا عف ما + ن² ما = ۰

۱۷۔ اگر ما = (ا تو^{ن لا} + ب تو^{-ن لا}) / لا تو
عف² ما + ۲/لا عف ما - ن² ما = ۰

۱۸۔ اگر ما = م لا + ا/م جہاں م اختیاری مستقل ہے تو
لا (عف ما)² - ما عف ما + ا = ۰

۱۹- اگر $\frac{لا^۲}{ا^۲+ک} + \frac{ما^۲}{ب^۲+ک} = ۱$ جہاں ک اختیاری مستقل ہے تو

$$لا\,ما\,(عف\,ما)^۲ + (لا^۲ - ما^۲ - ا^۲ + ب^۲)\,عف\,ما - لا\,ما = ۰$$

ابتدائی مرکز دار مخروطیوں کے ایک قبیل کو تعبیر کرتا ہے جن سب کے ماسکے وہی ہیں [مرکز دار ہم ماسکے]

۲۰- ثابت کرو کہ دفعہ ۴۵ کی مساوات (۳) کا پورا تکملہ ہے

$$ف(لا) = ا\,جب(ا\,جب^{-۱}لا) + ب\,جم(ا\,جب^{-۱}لا)$$

جہاں ا، ب اختیاری مستقل ہیں۔

۵۶- رتبۂ اول اور درجۂ اول کی مساواتیں۔ اب ہم مساواتوں کے ایک دو نمونے ایسے بیان کرینگے جن کا تکمل بآسانی عمل میں آسکتا ہے، بہرکیف انکا تکمل معمولی تکملوں کی قیمت دریافت کرنے کے عمل پر آکے منحصر ہوسکتا ہے۔ جہاں تک تفرقی مساواتوں کے نظریہ سے تعلق ہے اگر کسی مساوات کو ذیل کی کسی ایک صورت میں تحویل کردیا جائے

$$\frac{فرما}{فرلا} = ف(لا)، \quad \frac{فرما}{فرلا} = فا(ما)$$

تو ہم مساوات کو حل شدہ قرار دینگے کیونکہ ان مساواتوں کے تکملے ہیں

$$ما = \int ف(لا)\,فرلا + م(مستقل)، \quad لا = \int \frac{فرما}{فا(ما)} + م(مستقل)$$

اور اسکے بعد معمولی عمل تکمل ہے۔

نمونہ ۱- متغیر جدائی پذیر۔ متغیر جدائی پذیر خیال کئے جاتے ہیں جبکہ مساوات کو اس طرح لکھنا ممکن ہو۔

$$ف(لا)\,فرلا + فا(ما)\,فرما = ۰$$

جہاں ف(لا) صرف لا کا تفاعل ہے اور فا(ما) صرف ما کا، مساوات کا حل اس صورت میں ہے $\int ف(لا)\,فرلا + \int فا(ما)\,فرما = م$

مثال ۱۔ $ن(لا+ا)\,عف\,ما + ۴(ما+ب) = ۰$

یعنی $\frac{ن\,فما}{ما+ب} + \frac{۴\,فلا}{لا+ا} = ۰$

اس لئے $ن$ لوک $(ما+ب) + ۴$ لوک $(لا+ا) =$ مستقل

یا لوک $[(ما+ب)^{ن}(لا+ا)^{۴}] =$ مستقل

یا $(ما+ب)^{ن}(لا+ا)^{۴} = م$

اوپر کی تین مساواتوں میں سے کوئی ایک تفرقی مساوات کا حل خیال کیا جا سکتی ہے لیکن آخری مساوات جبریہ شکل میں ہونے کی وجہ سے زیادہ موزوں ہے۔

نمونہ ۲۔ **متجانس مساواتیں**۔ تفرقی مساوات متجانس کہلاتی ہے اگر وہ اس شکل کی ہو

$$عف\,ما = \frac{ف(لا، ما)}{فا(لا، ما)}$$

جہاں $ف(لا، ما)$، $فا(لا، ما)$ دونوں میں ایک ہی درجہ کے متجانس تفاعل ہیں۔

اوپر کی مساوات کو حل کرنے کے لئے متغیر تابع کی بجائے رکھو $ما = ولا$ مساوات ہو جاتی ہے $لا\,عف\,و + و = \frac{ف(۱، و)}{فا(۱، و)} = فه(و)$

اب متغیر جدا ہو سکتے ہیں۔

مثال ۲۔ $۲لا\,ما\,عف\,ما = لا^{۲} + ما^{۲}$

رکھو $ما = ولا$، اس طرح حاصل ہوتا ہے $۲ولا^{۲}(لا\,عف\,و+و) = لا^{۲}(۱+و^{۲})$

جس سے $\frac{فلا}{لا} - \frac{۲وفو}{۱-و^{۲}} = ۰$

اس لئے لوک {لا(۱-و)} = مستقل = لوک م

یا لا^و - ما^و = م لا ، م اختیاری مستقل ہے۔

مساوات (ا لا + ب ما + ج) عف ما = ا لا + ب ما + ج کو اس طرح متجانس بنا سکتے ہیں۔ رکھو ضما = ا لا + ب ما + ج } بشرطیکہ
عا = ا لا + ب ما + ج ،}
ا ب - ا ب صفر نہ ہو [دیکھو مشق ۱۷ سوال ۶]

نمونہ ۳۔ خطی مساواتیں۔ تفرقی مساوات خطی کہلاتی ہے جبکہ متغیر تابع اور اسکے مشتقات جو اس میں شریک ہوں سب درجہ اول کے ہوں۔ پس رتبہ اول کی خطی مساوات اس شکل کی ہوگی

عف ما + ف ما = ق

جہاں ف اور ق صرف لا کے تفاعل (یا مستقل) ہیں۔

فرض کرو کہ ف = ∫ ف دلا ، مساوات کو فو^ف سے ضرب دو

اب چونکہ عف فو^ف = فو^ف عف ف = فو^ف × ف

اس لئے حاصل ہوتا ہے فو^ف عف ما + فو^ف ف ما = عف (فو^ف ما)

اسلئے عف (فو^ف ما) = فو^ف ق

اسلئے فو^ف ما = ∫ فو^ف ق دلا + م

نتیجہ صریح۔ مساوات عف ما + ف ما = ق ما^ن خطی مساوات کی صورت میں لائی جا سکتی ہے اگر ہم رکھیں و = ما^ن+۱ اور و کو متغیر تابع

فرض کریں۔

مثال ۳۔ $(۱-لا^۲)$ عف ما + لا ما = ا لا

یہاں عف ما + $\frac{لا}{۱-لا^۲}$ ما = $\frac{ا\ لا}{۱-لا^۲}$

اور ف = $\int \frac{لا\ ولا}{۱-لا^۲} = -\frac{۱}{۲}$ لوک $(۱-لا^۲)$ = لوک $\frac{۱}{\sqrt{۱-لا^۲}}$

و ف = $\frac{۱}{\sqrt{۱-لا^۲}}$

اسلئے $\frac{۱}{\sqrt{۱-لا^۲}} \times$ ما = $\int \frac{ا\ لا\ ولا}{(۱-لا^۲)^{\frac{۳}{۲}}} + م = \frac{ا}{\sqrt{۱-لا^۲}} + م$

پس ما = ا + م $\sqrt{۱-لا^۲}$

مثال ۴۔ قوت لا کی ایک برقی رو ایک ایسے دورہ میں بہ رہی ہے جسکی امالیت ل ہے اور مزاحمت ز برقی رو پر بیرونی قوت محرکہ برق م عمل کرتی ہے، رو کی مساوات وقت ت پر ہوگی

ل $\frac{لا}{ت}$ + ز لا = م

پہلے فرض کرو کہ م مستقل ہے اور مساوی ہے م ۱ کے، نیز ل اور ز مستقل ہیں

$\frac{لا}{ت} + \frac{ز}{ل}$ لا = $\frac{م ۱}{ل}$

اسلئے و $\frac{زت}{ل}$ لا = $\frac{م ۱}{ل} \int$ و $\frac{زت}{ل}$ ولت + م = $\frac{م ۱}{ز}$ و $\frac{زت}{ل}$ + م

اور لا = $\frac{م ۱}{ز}$ + م و $-\frac{زت}{ل}$

جب ت = ۰، لا = ۰ اور اس لئے م = $-\frac{م^۲}{ز}$

اسلئے $لا = \frac{م^۲}{ز}(۱ - و^{\frac{-زت}{ل}})$

اس میں $\frac{م^۲}{ز} و^{\frac{-زت}{ل}}$ زائد یا امالہ شدہ (Induced) رو ہے جو معدوم ہو جاتی ہے جیسے کل رو اپنی قائم قیمت $\frac{م^۲}{ز}$ حاصل کر لیتی ہے۔
اسکے بعد فرض کرو کہ م = م۱ جم (ف ت - عہ)

اب چونکہ $\int و^{\frac{زت}{ل}} جم(ف ت - عہ)\, فرت = \frac{ل و^{\frac{زت}{ل}}}{ز^۲ + ف^۲ ل^۲}[ز جم(ف ت - عہ) + ف ل جب(ف ت - عہ)]$

ہمیں حاصل ہوتا ہے $لا = م و^{\frac{-زت}{ل}} + \frac{م۱}{ز^۲ + ف^۲ ل^۲}[ز جم(ف ت - عہ) + ف ل جب(ف ت - عہ)]$

جیسے ت بڑھتا ہے رقم $م و^{\frac{-زت}{ل}}$ کے قابل لحاظ ہونے کی اہمیت کم ہوتی جاتی ہے اور دوسری رقم سے قائم اہتزاز حاصل ہوتا ہے، قائم اہتزاز کو اس شکل میں بھی لکھ سکتے ہیں

$لا = \frac{م۱}{\sqrt{ز^۲ + ف^۲ ل^۲}} جم(ف ت - عہ - عہ۱)$

جہاں مس عہ۱ = $\frac{ف ل}{ز}$، مقدار $\sqrt{ز^۲ + ف^۲ ل^۲}$ کو حلقہ کی مقاومت (Impendance) کہتے ہیں۔

نمونہ ۴ ۔ حاضر مساواتیں ۔ مساوات

م + ن عف ما = ۰ یا م فرلا + ن فرما = ۰

کو حاضر یا ٹھیک مساوات کہینگے جبکہ م، ن، لا اور ما کے تفاعل ہوں اور م فرلا + ن فرما = ۰ ۔ پورا تفرقہ ہو یعنی $\frac{\text{جف م}}{\text{جف ما}} = \frac{\text{جف ن}}{\text{جف لا}}$ (دفعہ ۹۴ حصہ اول) ایسی صورت میں ایک تفاعل ع ایسا موجود ہے کہ فرع = م فرلا + ن فرما اور مساوات کا تکملہ ہے ع = مستقل ۔

مثال ۵ ۔ ۲لا ما ۔ ما^{۲} + ۲لا + (لا^{۲} ۔ ۲لا ما + ۲ ما) عف ما = ۰

یہاں م = ۲لا ما ۔ ما^{۲} + ۲لا ، ن = لا^{۲} ۔ ۲لا ما + ۲ ما

اور $\frac{\text{جف م}}{\text{جف ما}} = ۲\text{لا} - ۲\text{ما} = \frac{\text{جف ن}}{\text{جف لا}}$

پس معلوم ہوا کہ یہ مساوات حاضر یا تیار مساوات ہے ۔ اسلئے ہم مساوات کو کامل تفرقوں کے مجموعہ کے طور پر ترتیب دے سکتے ہیں ۔

یعنی (۲لا ما فرلا + لا^{۲} فرما) ۔ (ما^{۲} فرلا + ۲لا ما فرما) + ۲لا فرلا + ۲ ما فرما

یعنی فر(لا^{۲} ما) ۔ فر(لا ما^{۲}) + فر(لا^{۲}) + فر(ما^{۲})

پس ع = لا^{۲} ما ۔ لا ما^{۲} + لا^{۲} + ما^{۲}

اور تکملہ ہے لا^{۲} ما ۔ لا ما^{۲} + لا^{۲} + ما^{۲} = ق (مستقل)

مثال ۶ ۔ لا^{۳} ۔ ۲ ما^{۲} + ۲لا ما عف ما = ۰

یہ حاضر مساوات نہیں ہے لیکن اگر اسے $\frac{۱}{\text{لا}^{۲}}$ سے ضرب دیدیا جائے تو یہ حاضر مساوات ہو جائے گی ،

$$\frac{\text{لا}^{۳} - ۲\text{ما}^{۲}}{\text{لا}^{۳}} + \frac{۲\text{ما}}{\text{لا}^{۲}} \text{عف ما} = \text{عف}\left(\frac{\text{لا}^{۳} + \text{ما}^{۲}}{\text{لا}^{۲}}\right)$$

تکملہ ہے $\frac{لا^{۳} + ما^{۲}}{لا^{۲}} = ق$ یا $لا^{۳} + ما^{۲} = ق\ لا^{۲}$ جہاں ق مستقل ہے

جزو ضربی $\frac{۱}{لا^{۳}}$ کو جسکے ساتھ ضرب دینے سے مساوات حاضر بن جاتی ہے

متکمل جزو ضربی کہتے ہیں۔ جب کوئی مساوات "حاضر" نہ ہو تو کوئی ایسا متکمل جزو ضربی بھانپ لینے سے مساوات حاضر بن جاتی ہے اور تکمل ہو سکتی ہے۔

۵۷۔ مساواتیں جو رتبہ اول کی ہیں لیکن درجہ اول کی نہیں۔ عف ما کو ع سے تعبیر کرو، اگر مساوات ن، ویں درجہ کی ہو تو یہ اس کی شکل ہوگی

$ا\ ع^{ن} + ب\ ع^{ن-۱} + \ldots\ldots + ط\ ع + ل = ۰ \ldots\ldots (۱)$

جہاں ا، ب، ..... لا، ما کے تفاعل ہیں یا مستقل ہیں۔

اگر ممکن ہو تو ع کے لئے حل کرو، عام طور پر ع کی ن قیمتیں ہونگی

$ع = ع_{۱}$، $ع = ع_{۲}$، .....

اور ان میں سے ہر ایک مساوات کو تکمل کرنے سے جو رشتہ حاصل ہوگا وہ (۱) کو پورا کریگا۔

مثال ۱۔ $لا\ ما\ ع^{۲} - (لا^{۲} + ما^{۲})\ ع + لا\ ما = ۰$

اسلئے $ع = \frac{ما}{لا}$ یا $ع = \frac{لا}{ما}$

اور ان مساواتوں کے تکملے ہیں $ما = ص\ لا$، $ما^{۲} - لا^{۲} = س$ جہاں ص اور س مستقل ہیں۔

مثال ۲۔ کلیروی مساوات $ما = لا\ ع + ف(ع) \ldots\ldots (۱)$

یہ خاص صورت کی مساوات ہے، اس کو اس طرح تکمل کرتے ہیں۔

(۱) کو بلحاظ لا کے تفرق کرو، حاصل ہوگا

$$ع = ع + لا \frac{فرع}{فرلا} + فَ(ع) \frac{فرع}{فرلا}$$

$$\text{یا } \{لا + فَ(ع)\} \frac{فرع}{فرلا} = \ldots\ldots\ldots (۲)$$

$$\text{پس } \frac{فرع}{فرلا} = ۰ \text{ یعنی } ع = \text{مستقل} = ج$$

$$لا + فَ(ع) = ۰ \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

(۱) ع کے لئے مندرج کرنے سے پورا تکملہ حاصل ہوتا ہے

$$ما = ج لا + ف(ج) \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

علاوہ اسکے اگر (۱) اور (۳) سے ع ساقط کر دیا جائے تو لا اور ما میں رشتہ حاصل ہوگا جو (۱) کو پورا کریگا، یہ رشتہ (۴) میں ج کو کوئی خاص قیمت دینے سے حاصل نہیں ہو سکتا اسکو ہم مساوات کا نادر حل کہینگے۔

دراصل نادر حل خطوط کے قبیل (۴) کا لفاف ہے، کیونکہ اگر ہم (۴) اور

$$لا + فَ(ج) = ۰ \text{ سے ج کو ساقط کریں تو صریحاً لا، ما میں وہی}$$

رشتہ حاصل ہوگا جسے نادر حل کہتے ہیں (صرف ج اور ع کا تبادلہ کر دیا گیا ہے) اور دفعہ ۳۶ میں ہم نے دیکھا ہے کہ لفاف کا ڈھال وہی ہوتا ہے جو کہ قبیل (۴) کے منحنیوں کا ان کے انتہائی نقاط تقاطع پر۔

مثال کے طور پر $ما = لا ع + \frac{ا}{ع}$ کا پورا تکملہ

$$ما = ج لا + \frac{ا}{ج} \text{ ہے}$$

اور نادر حل $ما = ۴ ا لا$

۵۸۔ رتبہ دوم کی مساواتیں۔

نمونہ ۱۔ $عف'^۲ ما = فَ(لا)$ جو صرف لا کا تفاعل ہے۔

بلحاظ لا کے دوبار تکمل کرو، دو اختیاری مستقل شریک ہونگے۔

نمونہ ۲۔ عف' ما = ف (ما) صرف ما کا تفاعل۔

عف' ما کے ساتھ ضرب دو، تب چونکہ عف ما عف' ما = عف [½ (عف ما)']

½ (عف ما)' = ∫ ف (ما) عف' ما دلا + م (مستقل) = ∫ ف (ما) دما + م

اب یہ رتبۂ اول کی مساوات ہے، ممکن ہے کہ یہ آگے تکمل ہو سکے۔

مثال ۱۔ طول ل کے سادہ رقاص کی حرکت کی مساوات ہے

ل طا'' = − ج جب طا، تکمل کرنے کی غرض سے طا' کے ساتھ ضرب دو، حاصل ہوگا

½ ل (طا')' = ج جم طا + م جہاں م مستقل ہے۔

جب ت = ۰ تو فرض کرو کہ طا = عا اور طا' = ۰

اس طرح م = − ج جم عا

اور طا' = − √[۲ ج/ل] √[جم طا − جم عا] = − ۲ √[ج/ل] √[جب² عا/۲ − جب² طا/۲]

علامت جذر کے پہلے منفی علامت لی گئی ہے کیونکہ ت کے بڑھنے سے طا گھٹتا ہے

اب رکھو جب طا/۲ = جب عا/۲ جب فا، تحویل کے بعد

ت/دفا = − √[ل/ج] × ۱ / √[۱ − جب² عا/۲ جب² فا]

ابتدائی تفاعلوں کے واسطہ سے یہ تکمل عمل میں نہیں آسکتا، لیکن ت کو ایک لامتناہی سلسلہ کی رقوم میں بیان کر سکتے ہیں۔ ت کی قیمت جو تھائی دور ان کے لئے ہے ک √[ل/ج] [دفعہ ۴، مثال ۳] عام طور پر

$$ت = \frac{ل}{ج} \int_{\text{فہ}}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{فرفہ}}{\sqrt{1 - \text{جب}^2 \frac{\text{عف}}{2} \text{جب}^2 \text{فہ}}}$$

نمونہ ۳ - عف^2 ما = ف (عف ما) جو صرف عف ما کا تفاعل ہے۔ فرض کرو کہ عف ما = و، حاصل ہوگا عف و = ف (و)، اس سے و معلوم کرنا ممکن ہے، اسکے بعد ما معلوم ہو سکتا ہے۔

مثال ۲ - مساوات ج عف^2 ما = $\{1 + (\text{عف ما})^2\}^{\frac{3}{2}}$ سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{لا} = \frac{\text{ج و}}{\sqrt{1 + \text{و}^2}} + \text{ا (مستقل)}$$

$$\text{عف ما} = \text{و} = \pm \frac{(\text{لا} - \text{ا})}{\sqrt{\{\text{ج}^2 - (\text{لا} - \text{ا})^2\}}}$$

$$\text{ما} = \mp \sqrt{\{\text{ج}^2 - (\text{لا} - \text{ا})^2\}} + \text{ب (مستقل)}$$

یا $(\text{لا} - \text{ا})^2 + (\text{ما} - \text{ب})^2 = \text{ج}^2$

۵۹ - خطی مساواتیں - رتبۂ دوم کے نمونہ کی خطی مساوات یہ ہے

عف^2 ما + ط عف ما + ق ما = ر .....(۱)

جہاں ط، ق، ر صرف لا کے تفاعل ہیں (یا مستقل ہیں)

تمام خطی مساواتوں کا پورا تکملہ دو تفاعلوں کا حاصل جمع ہوتا ہے

(۱) متمم تفاعل (م، ف) جو اوپر کی مساوات (۱) کا پورا تکملہ ہو جبکہ ر (یا عام طور پر وہ رقم جو ما اور اسکے مشتقوں پر منحصر نہ ہو) صفر ہو۔ اس تفاعل میں دو (اور ن، دیں رتبہ کی مساوات میں ن) اختیاری مستقل ہونگے۔

(۲) خاص تکملہ (خ، ت) جو پوری مساوات (۱) کا حل ہو جیسے یہ اوپر مندرج ہے یعنی جبکہ اسکے دائیں بائیں جانب کے رکن دونوں برقرار رکھے جائیں۔ اس تفاعل

میں اختیاری مستقل نہیں واقع ہونگے۔
ہم ذیل کا مسئلہ صرف رتبہ دوم کی مساواتوں کے لئے ثابت کرتے ہیں، لیکن استدلال عام ہے۔ ن، ویں رتبہ کی مساوات کے لئے ع، و کی طرح کے ن تفاعل ہونگے اور حل میں ن اختیاری مستقل شریک ہونگے۔
اگر ما = ع اور ما = و مساوات ذیل کو پورا کریں
عف² ما + ط عف ما + ق ما = ... (۲)
تو ا ع + ب و بھی پورا کریگا، ا، ب اختیاری مستقل ہیں۔
کیونکہ اگر عف² ع + ط عف ع + ق ع = ۰ اور عف² و + ط عف و + ق و = ۰
تو عف² (ا، ع + ب و) + ط عف (ا، ع + ب و) + ق (ا، ع + ب و) = ۰
یعنی ا، ع + ب و مساوات (۲) کو پورا کرتا ہے۔
اب اگر ما = ھ خاص تکملہ ہو یعنی اگر ھ مساوات (۱) کو پورا کرے اور ا، ع + ب و متمم تفاعل ہو تو ا، ع + ب و + ھ مساوات (۱) کو پورا کریگا
کیونکہ اگر ما = ا، ع + ب و + ھ تو
عف² ما + ط عف ما + ق ما = عف² (ا، ع + ب و) + ط عف (ا، ع + ب و)
+ ق (ا، ع + ب و) + عف² ھ + ط عف ھ + ق ھ
= صفر + ر [کیونکہ بائیں جانب کا پہلا حصہ صفر کے مساوی ہے اور ھ مساوات (۱) کو پورا کرتا ہے اسلئے دوسری سطر ر ہے]
پس ما کی یہ قیمت (۱) کو پورا کرتی ہے اور چونکہ اس میں دو مستقل ہیں یہ جملہ مساوات (۱) کا پورا تکملہ ہے۔
اس جگہ ہم صرف اُن مساواتوں پر غور کرینگے جن میں ط اور ق محض مستقل ہیں

۶۰۔ متمم تفاعل ۔ ذیل کی مساوات کو تکمل کرتا ہے

$$ع ف^{۲} ما + ا ع ف ما + ب ما = ۰ \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

(۱) فرض کرو کہ $ما = ق^{لہ لا}$ ($لہ$ مستقل)، تب

$$(لہ^{۲} + ا\ لہ + ب)\ ق^{لہ لا} = ۰$$

پس اگر $لہ$ ذیل کی معاون مساوات کی اصل ہو تو

$$لہ^{۲} + ا\ لہ + ب = ۰ \quad \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

تو $ق^{لہ لا}$ مساوات (۳) کو پورا کریگا۔ (۴) کی دو اصلیں $لہ_۱$، $لہ_۲$ ہیں

$$لہ_۱ = -\frac{ا}{۲} + \sqrt{\frac{۱}{۴} ا^{۲} - ب}\ ، \quad لہ_۲ = -\frac{ا}{۲} - \sqrt{\frac{۱}{۴} ا^{۲} - ب}$$

اور $ق^{لہ_۱ لا}$، $ق^{لہ_۲ لا}$ مساوات (۳) کے دو حل ہیں۔

پس (۳) کا پورا تکملہ ہے

$$ما = (ق^{لہ_۱ لا} + ب\ ق^{لہ_۲ لا}) = ق^{-\frac{ا}{۲} لا} (ق^{ن لا} + ب\ ق^{-ن لا})$$

جہاں $ن = \sqrt{\frac{۱}{۴} ا^{۲} - ب}$ ..... (۵)

اب ہم خاص صورتوں پر غور کرتے ہیں۔

(۲) اگر $ا^{۲} = ۴ ب$ تو مساوات (۴) کی دونوں مساوی اصلیں ہونگی یعنی $لہ_۱ = لہ_۲ = -\frac{ا}{۲}$ ایسی حالت میں مساوات (۵) ہو جائیگی

$$ما = (ا + ب)\ ق^{-\frac{ا}{۲} لا}$$

اور اس میں اختیاری مستقل صرف ایک ہے کیونکہ $ا + ب$ کی بجائے ہم ج لکھ سکتے ہیں۔ جب، $ا^{۲} = ۴ ب$ تو فرض کرو کہ $ما = ق^{-\frac{ا}{۲} لا}$ ع اور مساوات (۳) ہو جاتی ہے جزو ضربی $ق^{-\frac{ا}{۲} لا}$ کو نظر انداز کرنے سے

$عف^{۲} ع = ۰$، جس کا پورا تکملہ $ع = ا + ب لا$

پس (۳) کا پورا تکملہ اس صورت میں جبکہ معاون مساوات کی اصلیں مساوی ہوں، ہر ایک $= -\frac{ا}{۲}$ یہ ہے

$ما = (ا + ب لا)\ قو^{-\frac{ا}{۲} لا}$ ..... (۶)

(۳) اگر $ا^{۲} < ۴ ب$ تو (۴) کی اصلیں خیالی ہیں۔ پھر فرض کرو کہ

$ما = قو^{\frac{۱}{۲} لا}\ ع$ اور مساوات (۳) ہو جاتی ہے

$عف^{۲} ع + م^{۲} ع = ۰$ ..... (۷)

جہاں $\frac{۱}{۴} ا^{۲} - ب = -م^{۲}$ اور م حقیقی ہے۔

اب $ع = جم م لا$، $ع = جب م لا$ دونوں (۷) کو پورا کرتے ہیں، پس اسکا پورا تکملہ ہے

$ع = ا جم م لا + ب جب م لا$

اور (۳) کا پورا تکملہ جبکہ $ا^{۲} < ۴ ب$ یہ ہے

$ما = -قو^{-\frac{ا}{۲} لا}\ ع = قو^{-\frac{ا}{۲} لا}\ (ا جم م لا + ب جب م لا)$ ... (۸)

اب ہم دیکھینگے کہ (۵) اور (۸) کس طرح لکھے جا سکتے ہیں جبکہ (۴) کی اصلیں معلوم ہوں، فرض کرو کہ خ حسب معمول $ا - آ$ کو تعبیر کرتا ہے، (۴) کی اصلیں جب حقیقی ہوں تو رکھو $\frac{ا^{۲}}{۴} - ب = ن^{۲}$، اصلیں اس حالت میں ہونگی۔

$-\frac{ا}{۲} + ن$، $-\frac{ا}{۲} - ن$

اور حل ہے $ما = قو^{-\frac{ا}{۲} لا}\ (ا\ قو^{ن لا} + ب\ قو^{-ن لا})$

اگر (۴) کی اصلیں خیالی ہوں تو رکھو $\frac{ا^{۲}}{۴} - ب = -ن^{۲}$

اور اصلیں ہیں $-\frac{1}{2}+ن خ$، $-\frac{1}{2}-ن خ$

اور حل ہے $ما = قو^{\frac{1}{2}لا} (ا جم ن لا + ب جب ن لا)$

گویا $قو^{خ ن لا}$، $قو^{خ ن لا}$ کی بجائے ہم رکھتے ہیں جم ن لا، جب ن لا۔
یہ قابل توجہ ہے کہ معاون مساوات عف کی بجائے لہ رکھنے اور ما کو نکال دینے سے حاصل ہوتی ہے۔

مثال ۱۔ $عف^{۲} ما + ۷ عف ما - ۸ ما = ۰$

معاون مساوات $لہ^{۲} + ۷ لہ - ۸ = ۰$، $لہ_{۱} = ۱$، $لہ_{۲} = -۸$

حل $ما = ا قو^{لا} + ب قو^{-۸لا}$

مثال ۲۔ $عف^{۲} ما + ۲ عف ما + ۱۰ ما = ۰$

معاون مساوات $لہ^{۲} + ۲ لہ + ۱۰ = ۰$، $لہ_{۱} = -۱ + ۳ خ$، $لہ_{۲} = -۱ - ۳ خ$

حل $ما = قو^{-لا} (ا جم ۳ لا + ب جب ۳ لا)$

مثال ۳۔ $عف^{۴} ما - ۲ عف^{۳} ما + ۵ عف^{۲} ما - ۸ عف ما + ۴ ما = ۰$

معاون مساوات $لہ^{۴} - ۲ لہ^{۳} + ۵ لہ^{۲} - ۸ لہ + ۴ = ۰$

$لہ_{۱} = ۱ = لہ_{۲}$، $لہ_{۳} = ۲ خ$، $لہ_{۴} = -۲ خ$

مساوی اصلوں $لہ_{۱}$، $لہ_{۲}$ سے ملتا ہے $(ا + ب لا) قو^{لا}$، خیالی اصلوں $۲ خ$، $-۲ خ$ سے $ج جم ۲ لا + د جب ۲ لا$، پس

$ما = (ا + ب لا) قو^{لا} + ج جم ۲ لا + د جب ۲ لا$

۶۱۔ **خاص تکملہ**۔ نہایت مشہور عملی طور پر کارآمد صورتیں وہ ہیں جن میں ر اس طرح کی رقموں $ل قو^{عدلا}$، $ل جب عدلا$، $ل جم عدلا$ کا

مجموعہ ہو۔ خاص تکملہ معلوم کرنے کا آسان طریقہ ابدال کا ہے۔ مساوات (۱) اب ہے

$$\text{عف}^{2}\,\text{ما} + ا\,\text{عف}\,\text{ما} + \text{ب}\,\text{ما} = ر \quad \ldots\ldots\ldots\ldots (۹)$$

صورت اول - $ر = ل\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا}$ فرض کرو کہ $\text{ما} = ج\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا}$ ہم ج کی ایسی قیمت معلوم کرتے ہیں کہ مساوات (۹) پوری ہو جائے۔ درج کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$ج\,(\text{عا}^{2} + ا\,\text{عا} + \text{ب})\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا} = ل\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا}$$

$$\text{پس } ج\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا} \text{ مساوات کو پورا کریگا اگر } ج = \frac{ل}{\text{عا}^{2} + ا\,\text{عا} + \text{ب}}$$

لیکن اسکی مستثنےٰ صورتیں ہیں

صورت اول (۱) اگر عا معاون مساوات (۴) کی اصل ہو تو

$$\text{عا}^{2} + ا\,\text{عا} + \text{ب} = ۰$$

اور ج کی قیمت لامتناہی ہوگی، اس حالت میں $ج\,لا\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا}$ مندرج کرکے دیکھو اگر عا معاون مساوات کی اکہری اصل ہو اور $ج\,لا^{2}\,\text{فو}^{\text{عا}\,لا}$ کرکے دیکھو اگر عا دوہری اصل ہو۔

مثال ۱۔ $\text{عف}^{2}\,\text{ما} - ۲\,\text{عف}\,\text{ما} + \text{ما} = \text{فو} + \text{فو}^{لا}$

معاون مساوات $\text{لا}^{2} - ۲\,\text{لا} + ا = ۰$ $\quad \text{لا} = ا$، دو دفعہ

خاص تکملہ معلوم کرنے کے لئے فو، $\text{فو}^{لا}$ کے ساتھ الگ الگ عمل کرکے دیکھو۔ چونکہ ا معاون مساوات کی دوہری اصل ہے، اس لئے فو کے جواب میں خاص تکملہ معلوم کرنے کے لئے آزمایشی حل

$ج\,لا^{2}\,\text{فو}^{لا}$ لو اور $\text{فو}^{لا}$ کے لئے $ک\,\text{فو}^{لا}$۔ پس رکھو $\text{ما} = ج\,لا^{2}\,\text{فو}^{لا} + ک\,\text{فو}^{لا}$

مساوات ہو جاتی ہے $۲\,ج\,\text{فو}^{لا} + ک\,\text{فو}^{لا} = \text{فو} + \text{فو}^{لا}$

جس سے ج = $\frac{1}{2}$، ک = ۱، اسلئے

خاص تکملہ = $\frac{1}{2}$ لا^{۲} $ق^{لا}$ + $ق^{۲لا}$

$ق^{۲لا}$ کے جواب میں خاص تکملہ کا جو حصہ ہے وہ صورت اول کے بلا واسطہ استعمال سے حاصل ہو سکتا ہے پورا تکملہ ہے متمم تفاعل + خاص تکملہ

= (ا + ب لا) $ق^{لا}$ + $\frac{1}{2}$ لا^{۲} $ق^{لا}$ + $ق^{۲لا}$

صورت دوم - ر = ل جب عہ لا + م جم عہ لا

آزمائشی حل اس صورت میں لو

ما = ک جب عہ لا + ف جم عہ لا

مندرج کرنے سے حاصل ہوتا ہے

(- عہ^{۲} ک - ا عہ ف + ب ک) جب عہ لا + (- عہ^{۲} ف + ا عہ ک + ب ف) جم عہ لا

= ل جب عہ لا + م جم عہ لا

اور مساوات پوری ہو گی اگر

(ب - عہ^{۲}) ک - ا عہ ف = ل، ا عہ ک + (ب - عہ^{۲}) ف = م

یا ک = $\frac{(ب - عہ^{۲}) ل + ا عہ م}{(ب - عہ^{۲})^{۲} + ا^{۲} عہ^{۲}}$، ف = $\frac{- ا عہ ل + (ب - عہ^{۲}) م}{(ب - عہ^{۲})^{۲} + ا^{۲} عہ^{۲}}$

اگر ا = ۰ تو حاصل ہوتا ہے ک = $\frac{ل}{ب - عہ^{۲}}$، ف = $\frac{م}{ب - عہ^{۲}}$

لیکن یہ حل ناکام رہتا ہے اگر عہ^{۲} = ب یعنی جب متمم تفاعل

ا ل جم عہ لا + ب جب عہ لا ہو۔ ایسی حالت میں

صورت دوم (ا) اگر ا = ۰ اور عہ^{۲} = ب تو آزمائش سے معلوم ہو گا کہ

خاص تکملہ = - $\frac{ل}{۲ عہ}$ لا جم عہ لا + $\frac{م}{۲ عہ}$ لا جب عہ لا

جہاں ر = ل جب عہ لا + م جم عہ لا

مثال ۲۔ مساوات لاَ + ک لا + مہ لا = ر جم (ن ت - عہ) ..... (۱)

حرکی اور برقی نظریہ میں نمونہ کی مساوات ہے۔

متمم تفاعل معلوم کرنا آسان ہے۔ خاص تکملہ معلوم کرنے کے لئے آزمائش کے طور پر رکھو

لا = د جم (ن ت - عہ) + ف جب (ن ت - عہ) ..... (۲)

(۱) میں رکھنے سے حاصل ہوتا ہے

(- ن² د + ک ن ف + مہ د) جم (ن ت - عہ)

+ (- ن² ف - ک ن د + مہ ف) جب (ن ت - عہ)

= ر جم (ن ت - عہ)

پس (۱) پوری ہوگی اگر

(مہ - ن²) د + ک ن ف = ر ، - ک ن د + (مہ - ن²) ف = ۰

اسلئے د = $\frac{(مہ - ن^۲) ر}{(مہ - ن^۲)^۲ + ک^۲ ن^۲}$ ، ف = $\frac{ک ن ر}{(مہ - ن^۲)^۲ + ک^۲ ن^۲}$

اس لئے خاص تکملہ = $\frac{ر \{(مہ - ن^۲) جم (ن ت - عہ) + ک ن جب (ن ت - عہ)\}}{\{(مہ - ن^۲)^۲ + ک^۲ ن^۲\}}$

= $\frac{ر جم (ن ت - عہ - عہ_۱)}{\sqrt{(مہ - ن^۲)^۲ + ک^۲ ن^۲}}$ جہاں مس عہ_۱ = $\frac{ک ن}{مہ - ن^۲}$

اگر ک = ۰ اور ن² = مہ تو صورت دوم (ر) پیدا ہوتی ہے، اس حالت میں

خاص تکملہ = $\frac{ر}{۲ ن}$ ت جب (ن ت - عہ)

صورت سوم۔ اگر س، لا کا منطق صحیح تفاعل ہو تو امتحان کے طور پر حاکے لئے ایک منطق صحیح تفاعل رکھ کر دیکھو سروں کی قیمتیں ایسی ہونی چاہئیں کہ تفاعل مساوات کو پورا کرے۔

۶۲۔ ہمزاد مساواتیں۔ اب ہم چند مثالیں حل کرینگے جن سے معمولی

تفرقی ہمزاد مساواتوں کے تکمل کرنے کی توضیح ہوگی، واضح ہو کہ مساواتوں کی تعداد وہی ہونی چاہیئے جو تابع متغیروں کی تعداد ہو۔ ہم ت کو متغیر متبوع فرض کرینگے اور صرف دو تابع متغیروں لاً، ماً کے لئے بحث کو محدود رکھینگے۔

مثال ۱۔ لاَ = ۔ سہ ماَ ..... (۱)

ماَ = سہ لاَ ..... (۲)

(۱) کو تفرق کرو اور (۲) سے ماَ کی قیمت سہ لا مندرج کرو، اس طرح ایک معمولی تفرقی مساوات ایک تابع متغیر کی رقوم میں حاصل ہوگی، وہ یہ ہے

لاَ + سہ لا = ۰ جس کا حل ہے

لا = ا جم سہت + ب جب سہت یا لا = ج جم (سہت - ک) ... (۳)

ماَ کی قیمت اب (۲) سے حاصل ہو سکتی ہے یعنی

ما = ا جب سہت ۔ ب جم سہت یا ما = ج جب (سہت - ک) ... (۴)

یہ امر توجہ کے قابل ہے کہ اگرچہ ا، ب بالکل اختیاری مستقل ہیں لیکن ما میں کے مستقل معین ہو جاتے ہیں جبکہ لا کے مستقلات کو معین کر دیا جائے، اگر (۱) میں صرف لا شریک ہوتا اور (۲) میں صرف ما تو لا میں کے مستقلات سے ما کے مستقل معین نہ ہوتے۔ مثلاً مساواتوں

لاَ + سہ لا = ۰، ماَ + سہ ما = ۰

سے حاصل ہوتا ہے لا = ا جم سہت + ب جب سہت، ما = ک جم سہت + ف جب سہت اور مستقلوں ا، ب، ک، ف میں کوئی رشتہ نہیں۔

مثال ۲۔ لاَ + ۵ لا - ۳ ما = ۰ ..... (۱) ماَ + ۵ لا - ۷ ما = ۰ ..... (۲)

(۱) کو تفرق کرو لاً + ۵ لاَ - ۳ ماَ = ۰ ..... (۳)

(۱)، (۲)، (۳) سے ماَ، ما ساقط کرنے سے حاصل ہوتا ہے

لاَ - ۲ لاَ + ۱۰ لا = ۰ ..... (۴)

جس کا تکملہ ہے لا = وت (ا جم ۳ت + ب جب ۳ت) ..... (۵)

اب مساوات (۱) سے ما معلوم ہو سکتا ہے

ما = قوت {(۲ ا + ب) جم ۳ ت + (۲ ب - ا) جب ۳ ت} ..... (۶)

اگر (۱) اور (۲) دونوں میں لاَ، ماَ شامل ہوتے تو ہم دونوں مساواتوں (۱) اور (۲) کو تفرق کرتے اور چار مساواتوں (۱)، (۲)، (۳)، (۴) سے ہم ماَ، ماَ، ماَ ساقط کر سکتے۔

مثال ۳۔ جیسا مثال بالا میں ذکر ہوا ہم ذیل کی مساواتوں پر غور کرینگے جو دو باہم اثر انداز برقی حلقوں کو منسلک کرتی ہیں۔

ل لاَ + م ماَ + ز لا = پ ..... (۱)

م لاَ + ن ماَ + س ما = ق ..... (۲)

لا، ما برقی رویں ہیں، ل، ن ذاتی امالیتیں ہیں اور م ان کی باہمی امالیت ہے، ز اور س مزاحمتیں ہیں اور پ اور ق خارجی محرکہ برق قوتیں ہیں۔ حاصل ضرب ل ن بڑھا ہے م۲ سے۔

مثال ۲ کے موافق (۱) اور (۲) کو تفرق کرنے سے ہم ماَ، ماَ، ماَ ساقط کر سکتے ہیں لیکن اس جگہ ایک اور طریقہ کی ہم تشریح کرتے ہیں۔ متمم تفاعل اور خاص میں کا اصول صریحاً ہمزاد خطی مساواتوں کی صورت میں بھی درست ہے۔ پ اور ق یا تو مستقل ہیں یا ت کے تفاعل ہیں اور ہم اصول مذکورہ کو (۱) اور (۲) پر استعمال کر سکتے ہیں۔

متمم تفاعل ذیل کی مساواتوں سے حاصل ہوتا ہے

ل لاَ + م ماَ + ز لا = ۰ ..... (۳)

م لاَ + ن ماَ + س ما = ۰ ..... (۴)

فرض کرو کہ لا = ا قوت لت، ما = ب قوت لت جہاں ا اور ب مستقل ہیں، (۳) اور (۴) میں مندرج کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

(ل لہ + ز) ا + م لہ ب = ۰ ..... (۵)

م لہ ا + (ن لہ + س) ب = ۰ ..... (۶)

اگر ہم (۵) اور (۶) سے نسبت ل : ب ساقط کریں تو اس امر کے لئے شرط حاصل ہوگی کہ (۵) اور (۶) دونوں ایک ساتھ پوری ہوتی ہیں، شرط یہ ہے

$$(ل لا + ز)(ن لا + س) - م^2 لا = 0$$

یا $(ل ن - م^2) لا^2 + (ل س + ن ز) لا + ز س = 0$ ..... (۷)

(۷) کی اصلیں حقیقی ہیں، کیونکہ

$(ل س + ن ز)^2 - 4(ل ن - م^2) ز س = (ل س - ن ز)^2 + 4 م^2 ز س$

یعنی (۷) کا ممیز مثبت ہے۔ نیز چونکہ $ل ن > م^2$ (۷) کی اصلوں کی ایک ہی علامت ہے، دونوں منفی ہیں۔ اگر انہیں $- لا_1$، $- لا_2$ کہا جائے اور یہ مستقل $ا_1$، $ا_2$ اور $ب_1$، $ب_2$ لئے جائیں تو (۳) اور (۴) کے حل حسب ذیل حاصل ہونگے

$$لا = ا_1 ق^{-لا_1 ت} + ا_2 ق^{-لا_2 ت}، \quad ما = ب_1 ق^{-لا_1 ت} + ب_2 ق^{-لا_2 ت} \quad ..... (۸)$$

$ب_1$، $ا_1$ سے اور $ب_2$، $ا_2$ سے مربوط ہے مساواتوں (۵) اور (۶) کے ذریعہ یعنی

$$ب_1 = \frac{ا_1 (ز - ل لا_1)}{م}، \quad ب_2 = \frac{ا_2 (ز - ل لا_2)}{م}$$

اگر پ اور ق مستقل ہوں تو خاص تکملے ہیں

$$لا = \frac{پ}{ز}، \quad ما = \frac{ق}{س}$$

اور (۸) میں ان کو جمع کرنے سے (۱) اور (۲) کے پورے تکملے حاصل ہوتے ہیں۔ دوسری مشہور صورت صرف وہ ہے جس میں $پ = ع$ جم $(ن ت - عہ)$ اور $ق = 0$۔ اور خاص تکملہ ذیل کی قیمتوں کو آزمائشی حل فرض کرنے اور اس طرح ع، ف، گ، ھ کی قیمتیں دریافت کرنے سے حاصل ہوگا۔

$$لا = ع جم (ن ت - عہ) + ف جب (ن ت - عہ)$$

$$ما = گ جم (ن ت - عہ) + ھ جب (ن ت - عہ)$$

یہ مساواتیں لاً + ک ما + ج لا = ۰، ماً - ک لاً + ج ما = ۰
گردشی رقاص کے لنگر کی چھوٹی حرکتوں کو تعبیر کرتی ہیں (گردش نما کا محور تعلیق کی سمت میں ہے)، نیز یہ زیمین اثر (Zeeman effect) کے نظریہ میں مقناطیسی میدان کے اندر برقیہ کی حرکت کی ابتدائی مساواتیں ہیں [ملاحظہ ہو گریے کی کتاب مقناطیسیت اور برقیات حصہ اول دفعہ ۵۶۵۔ اس کتاب کے دسویں باب میں کئی علم آموز مثالیں ملینگی]

مشق ۱۷

(۱-۱۶) تک کی مساواتوں کو تکمل کرو۔

۱- (۱+لا²) عف ما = ۱+ ما²

۲- √(۱-لا²) عف ما = √(۱- ما²) ۳- ما - لا عف ما = م (ما² + عف ما)

۴- (لا ما + لا²) عف ما + ما² = ۰ ۵- لا عف ما - ما = √(لا² + ما²)

۶- (۲ لا² + ۱۸ ما - ۱۴) عف ما = ۶ لا + ۵ ما - ۷

۷- (√لا + ب ما + ج) عف ما = م (√لا + ب ما) + گ
ابدال عا = √لا + ب ما کے ذریعہ ما کو بدلو۔

۸- (√لا + ب ما + ج) عف ما = ف لا - √ما + گ

۹- عف ما + ما = قو لا ۱۰- لا عف ما + ما = لا

۱۱- (۱-لا²) عف ما - لا ما = ۱ ۱۲- (۱+لا²) عف ما + ۲ لا ما = لا²

۱۳- عف ما + √ما = جم (ب لا + ج) ۱۴- لا عف ما + ما = لا³ ما²

۱۵- لا² عف ما + ما² = لا ما

۱۶- ما (لا² - ما² - ب²) عف ما + لا (لا² + ما² - √²) = ۰

مساواتوں ۱۷ تا ۱۹ تک پورے تکملے اور نادر حل (جہاں موجود ہوں) معلوم کرو۔

۱۷- $(ما - ع لا)^2 = ر^2 ع^2 + ب^2$ ۱۸- $ما = ع لا + ع^3$

۱۹- $لا^2 (ما - ع لا) = ما ع^2$

مساواتوں (۲۰ تا ۲۷) کو حل کرو

۲۰- $عف^2 ما - (ر+ب) عف ما + ر ب ما = .$

۲۱- $عف^3 ما - ۵ عف^2 ما + ۶ عف ما = .$

۲۲- $عف^2 ما - ۶ عف ما + ۱۰ ما = جب ۲ لا$

۲۳- $عف^2 ما - ۳ عف ما + ۲ ما = قو^{ن}$

۲۴- $عف^2 ما + ن^2 ما = ر جم ن لا + ب جب ن لا$

۲۵- $عف^2 ما - ن^2 ما = ر قو^{ن لا} + ب قو^{-ن لا}$

۲۶- $عف^2 ما - ۶ عف ما + ۱۳ ما = لا^2$

۲۷- $عف^2 ما + ۲ عف^2 ما + ما = .$

۲۸ تا ۳۱ تک کی ہمزاد مساواتوں کو تکمل کرو [$لا = \frac{ر}{ق - ت}$]

۲۸- $لا'' - ۷ لا' + ما = .$، $ما'' - ۲ لا' - ۵ ما = .$

۲۹- $لا'' + ما' + ۲ لا' + ما = .$، $ما'' + ۵ لا' + ۳ ما = .$

۳۰- $لا'' + ۲ لا' - ۳ ما = ت$، $ما'' - ۳ لا' + ۲ ما = قو^{۲ن}$

۳۱- $لا'' - ۳ لا' - ۴ ما = .$، $ما'' + لا' + ما = .$

۳۲- مساواتوں $لا'' = .$، $ما'' = - ج$ کو تکمل کرو اور مستقلات کو معلوم کرو کہ یہ شرائط پورے ہوں $لا = .$، $ما = .$، $لا' = وجم عہ$، $ما' = وجب عہ$ جبکہ $عہ = .$

۳۳- مساواتوں $لا'' = - مہ لا'$، $ما'' = - مہ ما$ کو تکمل کرو اور مستقلات معلوم کرو کہ یہ شرائط پورے ہوں $لا = ر$، $ما = .$، $لا' = .$، $ما = ب$ جبکہ $مہ = .$

۳۴- مساوات $لا'' = - \frac{مہ}{لا^2}$ کو تکمل کرو اور ایسے مستقلات منتخب کرو کہ

لا = ر، لا' = ۰ جبکہ ت = ۰

۳۵۔ مساوات ج ب عف' ما = و شہتیروں کی خمیدگی کے نظریہ میں واقع ہوتی ہے، ج خمیدگی کی استواری ہے اور و وزن ہے اکائی طول کا۔ ذیل کے شرائط کے ماتحت مساوات کو تکمل کرو

(۱) ما = ۰، عف' ما = ۰ جبکہ لا = ۰ اور جبکہ لا = ل

(۲) ما = ۰، عف ما = ۰ جبکہ لا = ۰ اور جبکہ لا = ل

(۳) ما = ۰، عف ما = ۰ جبکہ لا = ۰، اور عف' ما = ۰، عف' ما = ۰ جبکہ لا = ل

۳۶۔ ایک برق سے بھرے ہوئے مکثف کی گنجائش ج ہے اس کی تختیوں کو تار کے ذریعہ جس کی ذاتی امالیت ل ہے اور مزاحمت ز باہم ملا دیا گیا ہے، اگر وقت ت پر تختیوں کے درمیان قوہ کا فرق ق ہو تو ق مساوات ذیل کو پورا کریگا

ج ل ق'' + ز ج ق' + ق = ۰

اور برقی رو جا ہے۔ ج ق'، ثابت کرو کہ ان بھرن اہتزازی ہوگا اگر ج ز' < ۴ ل اور مدت دوران ت

$$ت = ۴ \pi ل \Big/ \sqrt{\frac{۴ل}{ج} - ز'}$$

اور قوہ کا لوکارتمی گھٹاؤ ہے $\frac{ز ت}{۴ ل}$۔

۳۷۔ مساوات عف' ما + $\frac{۲}{لا}$ عف ما + ن' ما = ۰۔ کو تکمل کرو متغیر متبوع ما کو ع میں بدلنے سے جہاں ع = لا ما

پورا تکملہ معلوم کرو نیز وہ تکملہ معلوم کرو جو محدود رہتا ہے جبکہ لا مائل بہ صفر ہو۔

۳۸۔ ثابت کرو کہ لا' عف' ما + ر لا عف ما + ب ما = ۰ کا پورا تکملہ ہے

ما = ا لا$_{ل}^{ن}$ + ب لا$_{ل}^{ن}$ جہاں لہ$_{۱}$، لہ$_{۲}$ مساوات

لہ (لہ - ۱) + ا لہ + ب = ۰ کی اصلیں ہیں۔

آزمائشی حل ما = لا$_{ل}^{ن}$ اختیار کرو اور حسب دفعہ ۶۰ عمل کرو۔

۳۹۔ اِن مساواتوں کو تکمل کرو

(۱) لا عف^{۲} ما + ۲ عف ما = ۶ لا

(۲) لا^{۳} عف^{۳} ما - ۳ لا^{۲} عف^{۲} ما + ۶ لا عف ما - ۶ ما = لا^{۲}

(۳) لا^{۲} عف^{۲} ما - ۲ ما = لا

۴۰۔ متغیر متبوع لا کو طہ میں بدلنے سے جہاں لا = قوطہ مساوات ذیل کو تکمل کرو

لا^{۲} عف^{۲} ما + لا عف ما + ن^{۲} ما = ۰

مثال ۳۸ کی مساوات کے جواب میں لہ کے لئے جو مساوات حاصل ہوتی ہے اسکی اصلیں خیالی ہیں۔

۴۱۔ تکمل کرو $\frac{\text{ف}_{ر}}{\text{ف}_{ر}}\left(\frac{\text{ف}_{ر}\text{ما}}{\text{ف}_{ر}} + ۲\frac{\text{ما}}{ر}\right) = ۰$ کو

۴۲۔ اِس مساوات کو تکمل کرو $\frac{\text{ف}^{۲}_{ر}\text{و}}{\text{ف}^{۲}_{ر}} + \frac{۱}{ر}\frac{\text{ف}_{ر}\text{و}}{\text{ف}_{ر}} = ۰$

۴۳۔ اِس مساوات سے عف ما معلوم کرو

ا لا^{۲} عف^{۲} ما = ما $\{۱ + (\text{عف ما})^{۲}\}^{\frac{۳}{۲}}$

۴۴۔ اگر ما = ع و جہاں ع، و دونوں لا کے تفاعل ہیں تو دکھاؤ کہ خطی مساوات عف^{۲} ما + ف عف ما + ق ما = ر ..... (۱)

ہو جاتی ہے وع + (۲ وَ + ف و) ع + (وَ + ف وَ + ق و) ع = ر ..... (۲)

جہاں زبریں لا، مشتقوں کو تعبیر کرتی ہیں۔

اگر و مساوات (۱) کا حل ہو جبکہ س صفر ہو تو ع کی قیمت (اور اسلئے ما کی قیمت) دریافت ہو سکتی ہے کیونکہ اس حالت میں ع کا سر صفر ہے اور (۲) خطی مساوات ہے رتبہ اول کی جبکہ ع کو متغیر متبوع مانا جائے۔

۴۵۔ اس مساوات لا^{2}عف^{2} ما + لا عف ما۔ ما = لا^{3} کو تکمل کرو۔

رکھو ما = لا ع

باب نہم

محدود تکملے۔ علامت تکمل کے اندر اعمال

۶۳۔ تکملہ کا تسلسل۔ تکملہ کی تعریف سے کہ یہ ایک رقبہ کا ناپ ہے (دفعات ۸۲ حصہ اول، ۱، ۲۲ حصۂ دوم) یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جب متکمل فا (لا)، لا کی تمام زیر بحث قیمتوں کے لئے مسلسل ہو تو تکملہ

$$ی = \int_{لا}^{لا} فا(لا)\,فرلا = \int_{لا}^{لا} فا(ع)\,فرع \ldots\ldots\ldots (۱)$$

اپنی اوپر کی حد لا کا مسلسل تفاعل ہوتا ہے اور اس کا مشتق فا (لا) ہے۔

محدود تکملہ $ھ = \int_{ا}^{ب} فا(لا)\,فرلا = - \int_{ب}^{ا} فا(لا)\,فرلا \ldots\ldots\ldots (۲)$

اپنے حدود ا، ب کا تفاعل ہے اور ھ کے مشتق بلحاظ ب اور لا کے تکملہ کی تعریف کی رو سے، بالترتیب یہ ہیں

$$\frac{فرھ}{فرب} = فا(ب)، \quad \frac{فرھ}{فرا} = - فا(ا) \ldots\ldots\ldots (۳)$$

لیکن جیسا کہ طبیعی سوالات میں اکثر ہوتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۴ اور دفعہ ۶۹ مثال ۶ حصۂ اول) کہ متکمل میں کوئی محدود عدم تسلسل اس نمونہ کا جو شکل ۳۴ میں دکھایا گیا ہے لا کی قیمت مثلاً و ع = ج کے لئے ہوتو

تکملہ جبکہ لا = و م > و ع > و ا = ر
ذیل کی مساوات سے متعین ہوتا ہے

$$ی = \int_{ر}^{لا} فا(لا)\,فرلا = \int_{ر}^{ج} فا(لا)\,فرلا + \int_{ج}^{لا} فا(لا)\,فرلا$$

تکملہ ی اب بھی لا کا مسلسل تفاعل ہے لیکن $\frac{فری}{فرلا}$ غیر مسلسل ہے لا = ج کے لئے۔ دفعہ ۴۴ حصۂ اول میں جو ترقیم دی گئی ہے اسکے مطابق

$$\left[\frac{فری}{فرلا}\right]_{لا=ج-.} = فا(ج-.) = ع گ, \quad \left[\frac{فری}{فرلا}\right]_{لا=ج+.} = فا(ج+.) = ع ص$$

عدم تسلسل کو فا(ج + سہ) - فا(ج - سہ) کی انتہا سے ناپا جائیگا جبکہ سہ اور سہ دونوں بلا واسطہ صفر کی طرف مائل ہوں، اس صورت میں انتہا گ ص ہے، اور عدم تسلسل کو محدود کہا گیا ہے کیونکہ گ ص محدود ہے۔

اس طرح کے عدم تسلسل جیسے $\frac{ا}{لا-ج}$ کو جبکہ لا > ج لامتناہی کہا جائیگا کیونکہ فرق $\frac{ا}{سہ} - \frac{ا}{(ا-سہ)}$ کی انتہا لامتناہی ہے۔



شکل ۴۴

دفعہ ۱۷ میں تکملہ کی تعریف کو وسعت دیکر ایسی صورتوں کو اسکی تعریف میں شامل کرلیا گیا ہے جہاں متکمل میں لاانتہا عدم تسلسل ہو اور اس تعریف کی رو سے تکملہ مسلسل رہتا ہے۔ جب متکمل میں لاانتہا عدم تسلسل ہو یا جب تکملہ کی ایک یا دونوں حدود لامتناہی ہوں تو تکملہ کو ہم غیر واجب یا لامتناہی تکملہ کہینگے، اس باب کے خاص مضمون کی بحث شروع کرنے سے پہلے ہم غیر واجب تکملہ پر مختصر غور کرینگے، اس بحث میں باب پنجم کے تخیلات اور مصطلحات اکثر طور پر استعمال میں آئینگے۔

۶۴۔ لامتناہی حدود۔ جب، لا ≧ ا اور لا کی ایسی قیمتوں کے لئے فا(لا) مسلسل ہو تو تعریف (دفعہ ۱۷) کی رو سے

$$\int_{\text{ا}}^{\text{لا}} \text{فا(لا)}\,\text{فلا} = \lim_{\text{لا} \to \infty} \int_{\text{ا}}^{\text{لا}} \text{فا(لا)}\,\text{فلا} = \lim_{\text{لا} \to \infty} \text{ف(لا)} \quad \ldots\ldots (۱)$$

بشرطیکہ لا ← ∞ کے لئے یہ انتہا محدود ہو۔

اب دفعہ ۳۹ مسئلہ (۳) کی رو سے اس امر کے لئے ضروری اور کافی شرط کہ ف (لا) ایک معین انتہا کی طرف مائل ہو جبکہ لا مائل بہ لامتناہی ہو یہ ہے کہ فرق ف (ج) - ف (ب) مائل بہ صفر ہو جبکہ ب اور ج کسی طرح سے بھی مائل بہ لامتناہی ہوں۔ ایسی حالت میں

$$\text{ف(ج)} - \text{ف(ب)} = \int_{\text{ب}}^{\text{ج}} \text{فا(لا)}\,\text{فلا} = \int_{\text{ا}}^{\text{ج}} \text{فا(لا)}\,\text{فلا} - \int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \text{فا(لا)}\,\text{فلا} \quad \ldots\ldots (۲)$$

پس تکملہ (۱) کا وجود ہوگا اگر (۲) کے موخرالذکر تکملہ کی انتہا کا وجود ہو جبکہ ب اور ج کسی طرح سے بھی مائل بہ لامتناہی ہوں۔ جب اس انتہا کا وجود ہو تو تکملہ (۱) کو مستدق کہتے ہیں۔

اسی طرح اگر فا(لا) مسلسل ہو جبکہ لا ≦ ا تو تکملہ

$$\int_{\infty}^{ج} فا(لا)\, فرلا \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۳)$$

مستدق ہوگا بشرطیکہ تکملہ

$$+\int_{ج}^{ب} فا(لا)\, فرلا \ldots\ldots\ldots\ldots\ldots\ldots (۴)$$

کی انتہا صفر ہو جبکہ مثبت عدد ب، ج کسی طریقہ سے بھی مائل بہ لاتناہی ہوں۔ جب تکملہ کے حدود $-\infty$ اور $+\infty$ ہوں تو تکملہ مستدق ہوتا ہے بشرطیکہ ذیل کے ہر ایک تکملہ

$$\int_{ب}^{ج} فا(لا)\, فرلا \quad اور \quad \int_{ج}^{ب} فا(لا)\, فرلا \ldots\ldots (۵)$$

کی انتہا صفر ہو جبکہ مثبت اعداد ب، ج، ب، ج کسی طریقہ سے بھی مائل بہ لاتناہی ہوں۔

ظاہر ہے کہ تکملہ (۱) کا استدقاق فا(لا) کے رویہ پر منحصر ہے جبکہ لا کو بہت بڑی قیمتیں دی جائیں (مقابلہ کرو نوٹ دفعہ ۴۰ کے ساتھ) جب کسی صورت میں نامحدود تکملہ حاصل ہو سکے تو استدقاق کے متعلق بآسانی فیصلہ ہو سکتا ہے، ذیل کا مسئلہ کارآمد ثابت ہوگا جبکہ محدود تکملہ حاصل نہ ہو سکے۔

مسئلہ۔ فرض کرو کہ لا کی بڑی قیمتوں کے لئے مثلاً جبکہ لا > ع تفاعل فا(لا) اس شکل میں رکھا جا سکتا ہے $\frac{ف(لا)}{ک لا^{ا}}$۔ اگر لا کی ہر ایسی قیمت کے لئے جو مثلاً ع سے بڑی ہو ف(لا) تعداداً کم ہو ایک محدود عدد ا سے تو تکملہ (۱) مستدق ہوگا بشرطیکہ ک > ا، لیکن اگر لا کی ہر ایسی

قیمت کے لئے جو ع سے بڑی ہو فہ (لا) ایک مثبت عدد ب سے ہمیشہ بڑا رہے یا ہمیشہ ایک منفی عدد۔ ج سے کم رہے (ب اور ج صفر نہیں ہیں) تو تکملہ (۱) مستدق نہیں ہوگا جبکہ ک ≧ ۱

ثبوت بآسانی دفعہ ۱۵ مسئلہ ۷ سے حاصل ہوتا ہے۔ اگر صرف عددی قیمتوں کو ملحوظ رکھا جائے اور فا(لا) < $\frac{۱}{لا^{ک}}$ جبکہ لا > ع تو

$\int_{ب}^{ج}$ فا(لا) درلا < $\int_{لا^{ک}}^{ج}$ درلا = $\frac{۱}{ک-۱}\left(\frac{۱}{ب^{ک-۱}} - \frac{۱}{ج^{ک-۱}}\right)$

جب ب اور ج مائل بہ لاانتہا ہوں تو یہ انتہا صفر ہوتی ہے اگر ک > ۱ انتساع کی صورت بھی اسی طرح ثابت ہوتی ہے۔

لامتناہی حدود کی اور صورتوں کے لئے بھی اسی طرح کا مسئلہ صادق آئیگا۔

مطلق اور مشروط استدقاق۔ کسی تکملہ کو مطلق طور پر مستدق کہا جائیگا اگر یہ اُس صورت میں بھی مستدق رہے جبکہ متکمل فا(لا) کی بجائے اسکی عددی قیمت | فا(لا) | رکھدی جائے۔ اگر کوئی مستدق تکملہ متکمل فا(لا) کی بجائے اسکی عددی قیمت | فا(لا) | رکھنے سے مستدق نہ رہے تو اسکو مستدق بالشرط کہینگے۔

مثال ۱۔ تکملہ $\int_{ع}^{ب} \frac{جب\ لا\ درلا}{لا}$ کا استدقاق مشروط ہے۔

مسئلہ بالا اس صورت میں سیدھا نہیں لگ سکتا (اگرچہ تکمل بالحصص کے بعد ممکن ہے لگ سکے) لیکن مثال ۲۳ مشق ۵ کی رو سے اگر

ن π ≧ ب < (ن+۱) π تو

$\int_{ع}^{ب} \frac{جب\ لا\ درلا}{لا} = ع - \frac{ع^{۳}}{۳!} + \ldots + (-۱)^{ک} \frac{ع^{۲ک+۱}}{(۲ک+۱)!} + \ldots + (-۱)^{ن-۱} \frac{ع^{۲ن-۱}}{(۲ن-۱)!} + (-۱)^{ن} \int_{ع}^{ب} \frac{جب\ لا\ درلا}{لا^{۲ن}}$

جہاں $ع_ک = \int_{ب}^{ب+ک\pi} \frac{جب\, ع\, فرع}{ع}$ $(ک = ۰، ۱، \ldots ن-۱)$ $ع_ن = \int_{ب}^{ب+ن\pi} \frac{جب\, ع\, فرع}{ع}$

$ع_ک$ کا متکمل کبھی منفی نہیں ہوتا اور چونکہ $ع + ک\pi$ کم ہے $ع + (ک+۱)\pi$ سے اس لئے $ع_ک$ بڑا ہے $ع_{ک+۱}$ سے اس لئے مثال صفحہ ۱۸۰ یا مسئلہ

(۲) دفعہ ۱۴۱ کے موافق تکملہ مستدق ہے، لیکن یہ مشروط استدقاق ہے۔

کیونکہ $\int_{ب}^{} \left| \frac{جب\, لا}{لا} \right| فرلا = ع + ع_۱ + \ldots + ع_{ن-۱} + ع_ن$

اور $ع_ک > \int_{ب}^{} \frac{جب\, ع\, فرع}{ع + ک\pi}$ یعنی $ع_ک > \frac{۲}{(ک+۱)\pi}$

یعنی تکملہ بڑا ہے $\frac{۲}{\pi}\left(\frac{۱}{۱} + \frac{۱}{۲} + \ldots + \frac{۱}{ن}\right)$ سے اور اسلئے مائل بہ لاتناہی ہوتا ہے جبکہ ب مائل بہ لاتناہی ہو۔

مثال ۲۔ اگر $ا > ۰$۔ تو تکملہ $\int_{ا}^{\infty} \frac{جم\, لا\, فرلا}{لا}$ مستدق بالشرط ہے

مثال ۳۔ اگر $ا > ۰$ اور $ر > ۱$ تو ذیل کا ہر ایک تکملہ

$$\int_{ا}^{\infty} \frac{جب\, لا\, فرلا}{لا^ر}\,،\quad \int_{ا}^{\infty} \frac{جم\, لا\, فرلا}{لا^ر}$$

مطلق طور پر مستدق ہے۔ مثال ۲ مثال ۱ کی طرح ثابت ہوتی ہے، مثال ۳ کے سوال اوپر جو مسئلہ ثابت کیا گیا ہے اس کی مدد سے حل ہونگے کیونکہ $|جب\, لا|$، $|جم\, لا|$ دونوں کبھی ایک سے نہیں بڑھتے۔

۶۵۔ لامتناہی متکمل۔ اگر فا(لا) مسلسل ہو لا = ا + صہ (صہ ← ۰) سے لا = ب تک لیکن فا(ا + صہ) کی انتہا لامتناہی ہو جبکہ صہ مائل بہ صفر ہو تو (دفعہ ۱۷) کی رُو سے

$$\int_{ا}^{ب} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فلا} = \text{نہا}_{\text{صہ}\leftarrow 0} \int_{ا+\text{صہ}}^{ب} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فلا} = \text{نہا}_{\text{لا}\leftarrow ا}\, \text{ف}(\text{لا}) \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

بشرطیکہ یہ انتہا ایک معیّن مقدار ہو۔

اب ف(لا) کی انتہا معیّن مقدار ہو گی اگر ف(ا + صہ) - ف(ا + صہ) صفر کی طرف مائل ہو جبکہ مثبت مقداریں صہ، صہ کسی طریقہ سے بھی مائل بہ صفر ہوں۔ پس تکملہ (۱) مستدق ہو گا اگر تکملہ

$$\int_{ا+\text{صہ}}^{ب} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فلا} = \int_{ا+\text{صہ}}^{ب} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فلا} - \int_{ا+\text{صہ}}^{ب} \text{فا}(\text{لا})\,\text{فلا} \ldots\ldots (۲)$$

مائل بہ صفر ہو جبکہ صہ، صہ کسی طریقہ سے بھی صفر کی طرف مائل ہوں۔ اسی طرح سے تکملہ کے معنی اُس صورت میں متعین ہو سکتے ہیں جبکہ فا(لا) مائل بہ لامتناہی ہو جبکہ لا، ب کی طرف مستدق ہو یا قیمت ج کی طرف مستدق ہو جہاں ج، ا اور ب کے درمیان واقع ہے۔ (دیکھو دفعہ ۱۷، نیز صفحہ ۲۹۴ کی مثال ۳)

مسئلہ۔ اگر لا = ا سے لا = ب تک متکمل فا(لا) اس شکل کا $\frac{\text{فا}(\text{لا})}{(\text{لا}-ا)^{\text{ک}}}$ کا ہو جہاں فا(لا) مسلسل ہے لا = ا سے لا = ب تک تو تکملہ (۱) مستدق ہو گا بشرطیکہ ک < ۱ لیکن جب، فا(ا) صفر نہ ہو تکملہ مستدق نہیں ہو گا اگر ک ≥ ۱۔

عدم تسلسل کی اور صورتوں کے لئے اسی طرح کا مسئلہ درست ہوگا ثبوت فوراً مسئلہ ۷ دفعہ ۱۵ سے حاصل ہوتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۰ کا آخری حصہ)

مثال ۱۔ تکملہ $\int_{\text{لا}}^{\text{ب}} \frac{\text{جب لا}}{\text{لا}^{\text{ر}}}$ جس میں ب > ۰ مستدق ہے اگر ر < ۲،

ہم لکھ سکتے ہیں فہ (لا) = $\frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$، متکمل اس صورت میں ہوگا

$\frac{\text{فہ (لا)}}{\text{لا}^{(ر-۱)}}$ پس تکملہ مستدق ہوگا اگر ر - ۱ < ۱ یا ر < ۲، اگر ہم لیں فہ (لا) = جب (لا) تو یہ قید کہ فہ (۰) کو صفر نہیں ہونا چاہیئے عائد ہوتی ہے۔

مثال ۲۔ تکملہ $\int_{\text{لا}}^{\text{ب}} \frac{\text{جم لا}}{\text{لا}^{\text{ر}}}$ جس میں ب > ۰ مستدق ہوگا اگر ر < ۱

اس صورت میں فہ (لا) = جم لا۔

دوہرے، غیر واجب تکملوں کی بحث فی الزیادہ مشکل ہے۔ جب متکمل لامتناہی ہوتا ہو ایک یا زیادہ الگ الگ نقطوں پر یا کسی ایک سخنی کے ہر ایک نقطہ پر جو تکمل کے رقبہ کے اندر یا اسکے حدود پر واقع ہو تو رقبہ کو ذرا سا سکیڑ لینا چاہیئے کہ ایسے نقطے رقبہ سے خارج ہو جائیں۔ اب چونکہ متکمل اس نئے رقبہ پر مسلسل ہے اسلئے تکمل کی قیمت اس پر محدود حاصل ہوگی اور یہ ممکن ہے کہ جب اس سکڑے ہوئے رقبہ کو توسیع دیکر اصلی رقبہ پر انتہا میں منطبق کیا جائے تو اس محدود قیمت والے تکملوں کی انتہا ایک معین مقدار ہو اگر ایسا ہو تو اس انتہا کو ہم اصلی تکملہ کی قیمت تسلیم کرینگے۔ ذیل میں ہم دو مثالیں درج کرتے ہیں، ایسے تکملوں کی مفصل بحث اس کتاب کے حدود سے باہر ہے۔

مثال ۳۔ $\int_{\text{لا}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرما}}{\text{لا}^{\text{ن}}(\text{پ لا}+\text{ق ما})}$، ب، پ، ق سب مثبت ہیں

لا = ۰، ما = ۰ پر متکمل لامتناہی ہے، لیکن رقبۂ تکمل کے کسی اور نقطہ پر لامتناہی نہیں ہے پس مبدأ کے پاس ایک چھوٹا مستطیل بنانے سے جسکے ضلعے صہ، صہ

ہیں ہم مبدا کو رقبۂ تکمل سے خارج کر دیتے ہیں۔ اس نئے رقبہ پر تکمل کی قیمت حسب ذیل ہے (شکل ۳۵)



شکل ۳۵

$$\int_{\text{صہ}}^{\text{ب}} \frac{\text{فرلا}}{(\text{پ لا}+\text{ق ما})^{\text{ن}}} + \int_{\text{صہ}}^{\text{ب}} \frac{\text{ورلا}}{(\text{پ لا}+\text{ق ما})^{\text{ن}}}$$

$$= \frac{1}{(1-\text{ن})(2-\text{ن})\text{پ ق}} \{(\text{پ ا}+\text{ق ب})^{2-\text{ن}} - (\text{پ ا})^{2-\text{ن}} - (\text{ق ب})^{2-\text{ن}}$$

$$+ (\text{پ صہ})^{2-\text{ن}} + (\text{ق صہ})^{2-\text{ن}} - (\text{پ صہ}+\text{ق صہ})^{2-\text{ن}}\}$$

اگر ن < ۲ تو یہ جملہ ایک معین انتہائی طرف مستدق ہوتا ہے جبکہ صہ، صہ کسی طور سے بھی صفر کی طرف مائل ہوں۔ اگر ن = ۲ تو تکملہ میں لوگارتم شریک ہوتے ہیں جو معین انتہا کی طرف مائل نہیں ہوتے۔ اگر ن > ۲ تو یہ جملہ لامتناہی ہو جاتا ہے۔

پس دیا ہوا تکملہ مستدق ہے اگر ن < ۲۔ یہ ظاہر ہے کہ اگر متکمل $\frac{\text{فہ(لا، ما)}}{(\text{پ لا}+\text{ق ما})^{\text{ن}}}$ ہوتا جہاں فہ(لا، ما) مسلسل ہے تو بھی یہ تکملہ مستدق ہوتا۔

مثال ۴۔ $\int_{\text{ا}}^{\text{لا}} \frac{\text{ورما}}{(\text{لا}-\text{ما})^{\text{ن}}}$ جہاں ن > ۰۔

تکمل کا رقبہ مثلث متساوی الساقین ق ا ب (شکل ۳۶) ہے

ق ا = ا ب۔ متکمل لامتناہی ہے خط ق ب کے ہر ایک نقطہ پر، اس لئے ہم ق ب کے متوازی اور ق ا پر عمود دار نقطہ دار خط کھینچنے سے خط ق ب کو خارج کر دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ق ب کے متوازی خط پر معین لا۔ صہ ہے اور ق ج = ما



شکل ۳۶

اس سکڑے ہوئے رقبہ پر تکملہ کی قیمت ہے

$$\frac{\text{فرلا}^{\text{ن}}}{\text{عا}^{\text{ن}}}\left[\frac{\text{لا}^{\text{ن}}-\text{صہ}}{(\text{لا}-\text{ما})^{\text{ن}}}=\frac{\text{ا}^{\text{ن}-\text{ن}}-\text{عا}^{\text{ن}-\text{ن}}}{(\text{ا}-\text{ن})(\text{ن}-\text{ن})}-\frac{\text{ا صہ}^{\text{ن}}-\text{عا صہ}^{\text{ن}-\text{ن}}}{\text{ا}-\text{ن}}\right.$$

اگر ن < ۱ اور صرف اُسی صورت میں جبکہ ن < ۱، اس جملہ کی انتہا ایک معین مقدار ہوگی جبکہ صہ، عا بلا واسطہ صفر کی طرف مائل ہوں۔ پس دیا ہوا تکملہ اور اسی طرح سے تکملہ $\frac{\text{فہ}(\text{لا}،\text{ما})}{(\text{لا}-\text{ما})^{\text{ن}}}$ جہاں فہ(لا، ما) تمام رقبہ و ا ب کے اندر مسلسل ہو ستدق ہوگا اگر ن < ۱۔

۶۶۔ **دو مشہور تکملے**۔ ذیل میں $\frac{\text{ا}}{\text{جب لا}}$ کے جو جملہ دیا گیا ہے اس کے ثبوت کے لئے طالب علم دیکھے کرسٹل کا جبر و مقابلہ، حصہ دوم، تیسواں باب، دفعہ ۱۰ یا ھابسن کی کتاب علم مثلث دفعہ ۲۹۵۔ لا کوئی قیمت اختیار کر سکتا ہے سوائے صفر اور ن π کے جہاں ن مثبت صحیح عدد ہے۔

$$\frac{\text{ا}}{\text{جب لا}}=\frac{\text{ا}}{\text{لا}}+\sum_{\text{ن}=\text{ا}}^{\infty}(-\text{ا})^{\text{ن}}\left(\frac{\text{ا}}{\text{لا}-\text{ن}\,\pi}+\frac{\text{ا}}{\text{لا}+\text{ن}\,\pi}\right)$$

$$\sum_{\text{ن}=\text{ا}}^{\infty}(-\text{ا})^{\text{ن}}\left(\frac{\text{ا}}{\text{ن}\,\pi+\text{لا}}+\frac{\text{ا}}{(\text{ن}+\text{ا})\pi-\text{لا}}\right)\ldots\ldots(\text{ا})$$

(ا) میں فرض کرو کہ لا = ع π جہاں ع کسر واجب ہے۔ تو حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\pi}{\text{جب ع}\,\pi}=\sum_{\text{ن}=\text{ا}}^{\infty}(-\text{ا})^{\text{ن}}\left(\frac{\text{ا}}{\text{ن}+\text{ع}}+\frac{\text{ا}}{\text{ن}+\text{ا}-\text{ع}}\right)\ldots\ldots\ldots(\text{ب})$$

(ا ل) $\int_{0}^{\infty} \frac{\text{جب لا}}{\text{لا}}$ فرلا $= \frac{\pi}{2}$

دفعہ ۶۴ کی مثال ۱ میں رکھو ب $= (\text{ن}+1)\pi$، ایسا انتخاب جائز ہے کیونکہ ب کسی طور سے بھی مائل بہ لاانتہا ہی ہو سکتا ہے۔ اسلئے

$$\int_{0}^{\infty} \frac{\text{جب لا}}{\text{لا}} \text{فرلا} = \underset{\text{ن}\to\infty}{\text{نہا}} \left\{ ع - ع_{1} + ع_{2} - \dots + (-1)^{\text{ن}} ع_{\text{ن}} \right\}$$

$$\text{اب } ع_{\text{ک}} = \int_{0}^{\pi} \frac{\text{جب ۶ فر ۶}}{۶ + \text{ک}\,\pi} = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جب ۶ فر ۶}}{۶ + \text{ک}\,\pi} + \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جب ۶ فر ۶}}{۶ - (\text{ک}+1)\pi}$$

کیونکہ اندراج ۶ $= \pi - \text{و}$ کے ذریعہ $\int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جب ۶ فر ۶}}{۶ + \text{ک}\,\pi} = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{\text{جب و فر و}}{\text{و} - (\text{ک}+1)\pi}$

$$\text{اسلئے } \int_{0}^{\infty} \frac{\text{جب لا}}{\text{لا}} \text{فرلا} = \underset{\text{ن}\to\infty}{\text{نہا}} \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \left\{ \sum_{\text{ک}=0}^{\text{ک}=\text{ن}} (-1)^{\text{ک}} \left(\frac{1}{۶ + \text{ک}\,\pi} + \frac{1}{(\text{ک}+1)\pi - ۶} \right) \text{جب ۶ فر ۶} \right\}$$

$$= \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \frac{1}{\text{جب ۶}} \text{جب ۶ فر ۶} = \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \text{فر ۶} = \frac{\pi}{2}$$

اوپر ہم نے یہ تسلیم کر لیا ہے کہ $\underset{\text{ن}\to\infty}{\text{نہا}} \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \left\{ \sum_{\text{ک}=0}^{\text{ک}=\text{ن}} (-1)^{\text{ک}} \left(\frac{1}{۶ + \text{ک}\,\pi} + \frac{1}{(\text{ک}+1)\pi - ۶} \right) \text{جب ۶ فر ۶} \right\}$

$$= \int_{0}^{\frac{\pi}{2}} \left\{ \lim_{n \to \infty} \sum_{k=0}^{k=n} (-1)^k \binom{n}{k} \left(\frac{1}{ع + k\pi} + \frac{1}{(k+1)\pi - ع} \right) \right\} \text{جب} ع \, \text{فر} ع$$

یہ مفروضہ جائز ہے، کیونکہ یہ آسانی سے ثابت ہو سکتا ہے کہ موخر الذکر متکمل یکساں طور پر مستدق سلسلہ ہے۔

نتیجہ صریح $\int_{0}^{\infty} \frac{\text{جب} \, ا لا}{لا} \, \text{فر} لا = \frac{\pi}{2}$ اگر $ا > 0$

$= -\frac{\pi}{2}$ اگر $ا < 0$

$= 0$ اگر $ا = 0$

اگر $ا > 0$۔ تو ابدال $ا لا = ما$ کے ذریعہ تکملہ وہی ہو جاتا ہے جو اوپر حاصل کیا گیا۔

اگر $ا < 0$۔ تو تکملہ مساوی ہے

$$-\int_{0}^{\infty} \frac{\text{جب} \, ا لا}{لا} \, \text{فر} لا = -\frac{\pi}{2}$$

جہاں $ا = -ا$ = مثبت مقدار۔ اگر $ا = 0$۔ تو متکمل کا ہر جزو صفر ہو گا اسلئے تکملہ صفر ہے۔ اس لئے تکملہ ا کا غیر مسلسل تفاعل ہے۔

(ب) $\int_{0}^{\infty} \frac{لا^{ع-1} \, \text{فر} لا}{1 + لا} = \frac{\pi}{\text{جب} \, ع\pi}$ اگر $0 < ع < 1$

متکمل کو ان شکلوں میں لکھا جا سکتا ہے

$لا = 0$ کے نزدیک $\frac{1}{1+لا} \times \frac{1}{لا^{1-ع}}$، $لا = \infty$ کے نزدیک $\frac{1}{1+\frac{1}{لا}} \times \frac{1}{لا^{2-ع}}$

اسلئے استدقاق کے لئے ضروری ہے کہ $0 < ع < 1$

تکملہ کو اگر ت سے تعبیر کریں تو

$$ت = \int_0^1 \frac{لا^{ع-1} د لا}{1+لا} + \int_1^\infty \frac{لا^{ع-1} د لا}{1+لا}$$

دوسرے تکملہ میں رکھو $لا = \frac{1}{ع}$ تو حاصل ہوگا

$$\int_1^\infty \frac{لا^{ع-1} د لا}{1+لا} = \int_0^1 \frac{ع^{-ع} د ع}{1+ع} = \int_0^1 \frac{لا^{-ع} د لا}{1+لا}$$

$$پس\ ت = \int_0^1 \frac{لا^{ع-1} + لا^{-ع}}{1+لا} د لا$$

$$اب\ \frac{1}{1+لا} = \sum_{ک=0}^{ک=ن} (-1)^ک لا^ک + (-1)^{ن+1} \frac{لا^{ن+1}}{1+لا}$$

$$لیکن \int_0^1 (لا^{ع-1} + لا^{-ع}) لا^ک د لا = \frac{1}{ک+ع} + \frac{1}{ک+1-ع}$$

$$پس\ ت = \sum_{ک=0}^{ک=ن} (-1)^ک \left(\frac{1}{ک+ع} + \frac{1}{ک+1-ع}\right) + (-1)^{ن+1} \int_0^1 \frac{(لا^{ع-1} + لا^{-ع}) لا^{ن+1}}{1+لا} د لا$$

جیسے ن لاتناہی کی طرف مائل ہوتا ہے موخرالذکر تکملہ صفر کی طرف متدق ہوتا ہے کیونکہ یہ کم ہے ذیل کے تکملہ سے

$$\int_0^1 (لا^{ع-1} + لا^{-ع}) لا^{ن+1} د لا = \frac{1}{ن+ع+1} + \frac{1}{ن-ع+2}$$

$$اسلئے\ ت = \sum_{ک=0}^{ک=\infty} (-1)^ک \left(\frac{1}{ک+ع} + \frac{1}{ک+1-ع}\right) = \frac{π}{جب\ عπ}$$

۶۷۔ گاما تفاعل ۔ مشق ۹ حصہ دوم صفحات ۱۳۳ تا ۱۳۵ پر گاما اور بیٹا تفاعلوں کے چند سادہ خواص بیان کئے گئے ہیں ۔ اب ہم دو ضروری نتائج درج کرتے ہیں ۔

ا ۔ اگر $۰ < ع < ۱$ تو $\text{جا}(ع)\,\text{جا}(۱-ع) = \frac{\pi}{\text{جب}\, ع\pi}$

امثلہ ۲۰، ۲۱ مشق ۹ صفحہ ۱۳۴ میں فرض کرو کہ $ن = ع$، $م = ۱-ع$ اس طرح $\text{جا}(م+ن) = \text{جا}(۱) = ۱$، تب

$$\text{جا}(ع)\,\text{جا}(۱-ع) = \text{با}(ع، ۱-ع) = \int_{۰}^{\infty} \frac{لا^{ع-۱}\, د لا}{۱+لا} = \frac{\pi}{\text{جب}\, ع\pi}$$

دفعہ بالا، نتیجہ (ب) کی رُو سے ۔

(ب) $\text{جا}(ع)\,\text{جا}(ع+\frac{۱}{۲}) = \frac{\sqrt{\pi}}{۲^{ع-۱}}\,\text{جا}(۲ع)$

$\text{با}(ع، ع)$ پر غور کرو ۔

$$\text{با}(ع، ع) = \int_{۰}^{۱} لا^{ع-۱}(۱-لا)^{ع-۱}\, د لا = \int_{۰}^{۱} \left\{\frac{۱}{۴} - (\frac{۱}{۲}-لا)^{۲}\right\}^{ع-۱} د لا$$

یہ آسانی سے دیکھا جا سکتا ہے کہ دوسرا تکملہ (مقابلہ کرو دفعہ ۱۶ مسئلہ ۳ کے ساتھ) مساوی ہے اس تکملہ کے

$$۲\int_{۰}^{\frac{۱}{۲}} \left\{\frac{۱}{۴} - (\frac{۱}{۲}-لا)^{۲}\right\}^{ع-۱} د لا$$

جس سے ابدال $\frac{۱}{۲} - لا = \frac{۱}{۲}\sqrt{غ}$ کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے

$$\text{با}(ع، ع) = \frac{۱}{۲^{۲ع-۱}} \int_{۰}^{۱} غ^{\frac{۱}{۲}}(۱-غ)^{ع-۱}\, د غ = \frac{۱}{۲^{۲ع-۱}}\,\text{با}(\tfrac{۱}{۲}، ع)$$

پلٹا تفاعلوں کو گا فا تفاعلوں کی رقوم میں بیان کرنے سے اور یہ ملحوظ رکھنے سے کہ جا $(\frac{1}{2}) = \sqrt{\pi}$ ہمیں مساوات ب حاصل ہوتی ہے۔

۶۸ ۔ اوسط قیمت کا دوسرا مسئلہ۔ مشق ۵، امثلہ ۳۰، ۳۱

میں اس مسئلہ کا حوالہ دیا گیا ہے۔ چونکہ محدود تکملوں کی بحث میں یہ اساسی اہمیت رکھتا ہے، اس لئے اب ہم اسے ثابت کرینگے۔ یہاں پر چند الفاظ ایسے تفاعل کے متعلق بیان کر دینا مناسب ہوگا جو اپنی وجہ یا دلیل کے بڑھنے سے یا تو کبھی نہیں گھٹتا یا کبھی نہیں بڑھتا۔ ایسے تفاعل کو ہم یکرنگ (Monotonic) کہینگے

اس مسئلہ کا ثبوت ذیل کے سادہ سے تمہیدیہ پر منحصر ہے جسے ایبل کی لاتساوی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

تمہیدیہ اگر ر کی تمام قیمتوں کے لئے جو ن کے مساوی ہوں یا اس سے کم ہوں جہاں ن کوئی صحیح عدد ہے

$$ا_1 > ع_1 + ع_2 + ع_3 + \ldots\ldots + ع_ر > ب$$

جہاں $ع_1$، $ع_2$، ...... $ع_ن$ کوئی حقیقی مقداریں ہیں اور اگر $ا_1$، $ا_2$، ..... $ا_ن$ شبہت مقادیر کا نہ بڑھنے والا نواتر ہو تو

$$ا_1 > ا_1 ع_1 + ا_2 ع_2 + \ldots\ldots + ا_ن ع_ن > ا_ن ب$$

اعداد $ا_1$، $ا_2$، ..... $ا_ن$ ایک نہ بڑھنے والا نواتر بنائینگے اگر اس کا ہر ایک عدد اپنے بعد کے عدد سے بڑا ہو یا اس کے مساوی ہو۔ اسی طرح نہ گھٹنے والا نواتر وہ ہوگا جس میں کا ہر ایک عدد اپنے بعد کے عدد کی نسبت کم ہو یا اسکے مساوی ہو۔ اس تمہیدیہ کو ثابت کرنے کے لئے فرض کرو کہ

$$س_ر = ع_1 + ع_2 + \ldots\ldots + ع_ر، \text{ تب}$$

$$ع_1 = س_1، ع_2 = س_2 - س_1، ع_3 = س_3 - س_2، \ldots\ldots ع_ن = س_ن - س_{ن-1}$$

$ا_۱ع_۱ + ا_۲ع_۲ + ا_۳ع_۳ + \dots + ا_ن ع_ن$ کو س سے تعبیر کرو اور $ع_۱، ع_۲، \dots$ کی قیمتیں $س_۱، س_۲، \dots$ کی رقوم میں درج کرو۔ اس طرح حاصل ہوگا

$$س = ا_۱س_۱ + ا_۲(س_۲ - س_۱) + ا_۳(س_۳ - س_۲) + \dots + ا_ن(س_ن - س_{ن-۱})$$

$$= (ا_۱ - ا_۲)س_۱ + (ا_۲ - ا_۳)س_۲ + \dots + (ا_{ن-۱} - ا_ن)س_{ن-۱} + ا_ن س_ن$$

فرق $ا_۱ - ا_۲، ا_۲ - ا_۳، \dots$ یا تو سب مثبت ہیں یا صفر ہیں اور ہر ایک مقدار $س_۱، س_۲، \dots$ کم ہے ا سے اور بڑی ہے ب سے۔ اسلئے

$$س < \{(ا_۱ - ا_۲) + (ا_۲ - ا_۳) + \dots + (ا_{ن-۱} - ا_ن) + ا_ن\} ا$$

لیکن $> \{(ا_۱ - ا_۲) + (ا_۲ - ا_۳) + \dots + (ا_{ن-۱} - ا_ن) + ا_ن\} ب$

یعنی $ا_۱ ا > س > ا_۱ ب$

اگر ا اور ب کے درمیان ط ایک اوسط قیمت ہو تو

$$س = ا_۱ ط$$

مسئلہ ۱۔ اگر تمام وقفہ لا ≧ لا ≧ ب میں تفاعل فہ(لا) مسلسل مثبت اور نہ بڑھنے والا ہو اور اگر سا(لا) اس وقفہ میں مسلسل ہو تو

$$\int_ب^ا فہ(لا) سا(لا) فلا = فہ(ا) \int_ضا^ا سا(لا) فلا$$

جہاں ا ≧ ضا ≧ ب۔

وقفہ (ا، ب) کو ن حصوں (ا، لا۱)، (لا۱، لا۲)، \dots (لا۱-ن، ب) میں تقسیم کرو

اور تشاکل کی خاطر فرض کرو کہ ا = لا، ب = لا، تب

$$\int_{ا}^{ب} فہ(لا)\, سا(لا)\, درلا = \sum_{ر=۱}^{ر=ن} \int_{لا_{ر-۱}}^{لا_ر} فہ(لا)\, سا(لا)\, درلا \quad ....(۱)$$

وقفہ $(لا_{ر-۱}, لا_ر)$ میں فہ(لا) کی بجائے $فہ(لا_{ر-۱}) + \{فہ(لا_ر) - فہ(لا_{ر-۱})\}$ رکھو اور $لا_{ر-۱}$ سے $لا_ر$ تک کے اس تکملہ کو بطور دو تکملوں کے فرق کے مساوی لکھو۔ اس طرح

$$\int_{ا}^{ب} فہ(لا)\, سا(لا)\, درلا = \sum_{ر=۱}^{ر=ن} فہ(لا_{ر-۱}) \int_{لا_{ر-۱}}^{لا_ر} سا(لا)\, درلا - ب \quad ....(۲)$$

جہاں $ب = \sum_{ر=۱}^{ر=ن} \int_{لا_{ر-۱}}^{لا_ر} [فہ(لا_ر) - فہ(لا)]\, سا(لا)\, درلا \quad ....(۳)$

تمہیدیہ میں فرض کرو کہ $ع_ر = فہ(لا_{ر-۱})$ اور

$$ع_ر = \int_{لا_{ر-۱}}^{لا_ر} سا(لا)\, درلا \text{، پس } س_ر = \int_{ا}^{لا_ر} سا(لا)\, درلا$$

تکملہ $\int_{لا_{ر-۱}}^{لا_ر} سا(لا)\, درلا$، $لا_{ر-۱}$ سے $لا_ر$ = ب تک مسلسل تفاعل ہے، اس لئے اس صورت میں تمہیدیہ کی اوسط قیمت ط وقفہ (ا، ب) کے اندر لا کی کسی قیمت (یا قیمتوں) کے جواب میں اس تکملہ کی ایک قیمت ہے۔ فرض کرو کہ لا کی ایسی ایک قیمت ضا ہے جہاں $ا \leqq ضا \leqq ب$، تب (۲) کے بائیں جانب کے رکن میں پہلا

مجموعہ اس شکل کا ہوگا

$$\int_{\text{ضا}}^{\text{لا}} \text{سا}(\text{لا})\,\text{مرلا}$$

اب ہم ثابت کرینگے کہ ب صفر کی طرف مائل ہوتا ہے جبکہ ن لاانتہا کی طرف مائل ہو، ایسی حالت میں وقفہ $(\text{لا}_{ر-1}, \text{لا}_ر)$ بھی ساتھ ہی صفر کی طرف مائل ہوتا ہے۔ وقفہ $(\text{لا}_{ر-1}, \text{لا}_ر)$ کے اندر فرق $\text{فہ}(\text{لا}_{ر-1}) - \text{فہ}(\text{لا}_ر)$ یا مثبت ہوگا یا صفر اور (دفعہ ۱۵ مسائل ۶، ۷)

$$\text{ب} \leqq \sum_{ر=1}^{ن} \left\{ \int_{\text{لا}_{ر-1}}^{\text{لا}_ر} \{\text{فہ}(\text{لا}_{ر-1}) - \text{فہ}(\text{لا}_ر)\} \right\} |\text{سا}(\text{لا})|\,\text{مرلا}$$

$$< \sum_{ر=1}^{ن} \{\text{فہ}(\text{لا}_{ر-1}) - \text{فہ}(\text{لا}_ر)\} \int_{\text{لا}_{ر-1}}^{\text{لا}_ر} |\text{سا}(\text{لا})|\,\text{مرلا}$$

اب ہم ن کو اتنا بڑا منتخب کرسکتے ہیں (اور ہر وقفہ کو اتنا چھوٹا) کہ ر کی ہر قیمت کے لئے تکملہ

$$\int_{\text{لا}_{ر-1}}^{\text{لا}_ر} |\text{سا}(\text{لا})|\,\text{مرلا}$$

کسی معینہ، اختیاری طور پر چھوٹے مثبت عدد صہ سے کم ہو۔ ایسا کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{ب} < \text{صہ} \sum_{ر=1}^{ن} \{\text{فہ}(\text{لا}_{ر-1}) - \text{فہ}(\text{لا}_ر)\} = \text{صہ}\{\text{فہ}(\text{ا}) - \text{فہ}(\text{ب})\}$$

پس معلوم ہوا کہ ب کی انتہا صفر ہے اور مسئلہ اثابت ہوا۔

یہ دیکھنا مشکل نہیں کہ اوپر کا ثبوت برقرار رہتا ہے خواہ فہ (لا) اور سا (لا) کے ایسے عدم تسلسلوں کی محدود تعداد وقفہ کے اندر ہو جن کا دفعات ۶۳ تا ۶۵ میں ذکر کیا گیا ہے بشرطیکہ فہ (لا) کے عدم تسلسل محدود ہوں۔

مسئلہ ۲۔ اگر تمام وقفہ ا ≦ لا ≦ ب میں تفاعل فہ (لا) مسلسل اور یکرنگ ہو اور تفاعل سا (لا) مسلسل ہو تو

$$\int_{ا}^{ب} \text{فہ}(\text{لا})\,\text{سا}(\text{لا})\,\text{مرلا} = \text{فہ}(ا)\int_{ا}^{\text{ضہا}} \text{سا}(\text{لا})\,\text{مرلا} + \text{فہ}(ب)\int_{\text{ضہا}}^{ب} \text{سا}(\text{لا})\,\text{مرلا}$$

..... (۲، ا)

$$= \text{فہ}(ا)\int_{ا}^{ب} \text{سا}(\text{لا})\,\text{مرلا} + \{\text{فہ}(ب) - \text{فہ}(ا)\}\int_{\text{ضہا}}^{ب} \text{سا}(\text{لا})\,\text{مرلا}$$

..... (۲، ب)

جہاں ا ≦ ضہا ≦ ب

مسئلہ (۱) سے یہ مسئلہ فوراً حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ اگر فہ (لا) بڑھتا نہ ہو لیکن یہ مثبت ہو یا منفی تو فہ (لا) - فہ (ب) نہیں بڑھیگا اور مثبت ہوگا اسی طرح اگر فہ (لا) گھٹتا نہ ہو تو فہ (ب) - فہ (لا) نہیں بڑھیگا اور مثبت ہوگا۔ مسئلہ (۱) میں فہ (لا) کی بجائے فہ (لا) - فہ (ب) یا فہ (ب) - فہ (لا) رکھنے سے تھوڑے سے استحالہ کے بعد مساوات (۲، ا) حاصل ہوگی۔ مساوات (۲، ب) صرف ایک اور شکل ہے (۲، ا) کی جو بعض اوقات مفید ثابت ہوتی ہے۔

مثال ۱۔ اگر ع = $\int_{ا}^{ب} \frac{\text{جم}(\text{لا}\,\text{مرلا})}{\text{لا}^{\text{ر}}}$ ، و = $\int_{ا}^{ب} \frac{\text{جب}(\text{لا}\,\text{مرلا})}{\text{لا}^{\text{ر}}}$

تو ثابت کرو کہ ع مستدق ہے اگر ۰ < ر < ۱ اور و مستدق ہے اگر ۰ < ر < ۲ (ا ≦ ۰)

مسئلہ دفعہ ۶۵ کی رو سے دونوں تکملے نچلی حد پر مستدق ہیں، جب، لا > ۰۔ تو تفاعل $\frac{۱}{\text{لا}^{\text{ر}}}$ دونوں صورتوں میں گھٹنے والا تفاعل ہوتا ہے اسلئے

$$\int_{\text{ھ}}^{\text{ک}} \frac{\text{جم}\,\text{ر}\,\text{لا}}{\text{لا}^{\text{ر}}}\,\text{مرلا} = \frac{1}{\text{ھ}^{\text{ر}}}\int_{\text{ھ}}^{\text{ضا}} \text{جم}\,\text{ر}\,\text{لا}\,\text{مرلا} + \frac{1}{\text{ک}^{\text{ر}}}\int_{\text{ضا}}^{\text{ک}} \text{جم}\,\text{ر}\,\text{لا}\,\text{مرلا}$$

$$= \frac{\text{جب}\,\text{ر}\,\text{ضا} - \text{جب}\,\text{ر}\,\text{ھ}}{\text{ر}\,\text{ھ}^{\text{ر}}} + \frac{\text{جب}\,\text{ر}\,\text{ک} - \text{جب}\,\text{ر}\,\text{ضا}}{\text{ر}\,\text{ک}^{\text{ر}}}$$

اسلئے یہ تعداداً کم ہے $\frac{\text{۲}}{\text{ر}\,\text{ھ}^{\text{ر}}} + \frac{\text{۲}}{\text{ر}\,\text{ک}^{\text{ر}}}$ سے۔ پس اگر ر < ۰ تو ھ اور ک کے لامتناہی کی طرف مائل ہونے سے یہ انتہا صفر ہوتی ہے۔ اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ و مستدق ہے۔

مثال ۲۔ مشق ۱۲ سوالات ۱۴، ۱۵ کو ثابت کرنے کے لئے ایبل کی لاتساوی استعمال کرو۔

سوال ۱۴ کو لو۔ فرض کرو کہ

$$\text{ع}_{\text{ر}\,\text{ن}} = \frac{1}{\text{ن}+1}\,\text{جم}(\text{ن}+1)\,\text{ط} + \frac{1}{\text{ن}+2}\,\text{جم}(\text{ن}+2)\,\text{ط} + \ldots + \frac{1}{\text{ن}+\text{ع}}\,\text{جم}(\text{ن}+\text{ع})\,\text{ط}$$

ایبل کی لاتساوی میں فرض کرو کہ $\text{ل}_{\text{ر}} = \frac{1}{\text{ن}+\text{ر}}$، $\text{ع}_{\text{ر}} = \text{جم}(\text{ن}+\text{ر})\,\text{ط}$

تب $\text{س}_{\text{ر}} = \text{جب}\,\frac{\text{ر}\,\text{ط}}{\text{۲}}\,\text{جم}\,(\text{ن} + \frac{\text{ر}+1}{\text{۲}}\,\text{ط}) \div \text{جب}\,\frac{\text{ط}}{\text{۲}}$

